اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

ت می
۲۱۷

مقاماتِ حضرت

مقاماتِ ارشادیہ و مناقبِ عنائیہ

مُرتّب و مؤلّف

خاکپائے اہل اللہ مقصود احمد عمری نقشبندی مجددی

۸۷

سنہ ۱۳۷۴ھ
۱۹۵۵ء

قیمت :- ۸ روپے فی جلد

Marfat.com


30
31
32
Caragnetta
Caragna
Campo del Bove
Bric Croce
C. del Benso
Farodi
Segh.a Martinetto
C. Oddone
Casanova
C. del Santo
C. Battistino
C. del Re
C. Gambettina
Bc. Roncaccio
C. Luolo
Bc. della Stigia
A. Supparo
C. Pian di Bincia
Bassa della Croce
Bc. Cavaliere
1882
Bc. Pianpalleri
Bc. Ratino
C. del Siondo
Bc. della Torre
C. Mezzana
Toni
Bc. Lanzerotolo
Sori
M. Rotondo
Vallegiaro
Campolungo
Bandita
Strada Provinciale
Strada Comunale
Strada Vicinale
Ferrovia
Torrente
Fiume
Scale 1.25.000
1000 500 0
1000 500 0
HEIGHTS IN METERS
TRANSVERSE MERCATOR PROJECTION
GRID ZONE DESIGNATION
32T
100 000 M SQUARE IDENTIFICATION
MQ
IGNORE the SMALLER figures of any grid number these are for finding the full coordinates Use ONLY the LARGER figures of the grid number example
4901000
TO GIVE A STANAG REFERENCE ON THIS SHEET TO NEAREST 100 METER
SAMPLE POINT GRASSI
1 Locate first VERTICAL grid line to LEFT of point and read LARGE figures labeling the line either in the top or bottom margin or on the line itself 30
Estimate tenths from grid line to point 8
2 Locate first HORIZONTAL grid line BELOW point and read LARGE figures labeling the line either in the left or right margin or on the line itself 07
Estimate tenths from grid line to point 2
SAMPLE REFERENCE 308072
If reporting beyond 100 000 meters or if sheet bears an overlapping grid prefix 100 000 Meter Square Identification as MQ308072
If reporting beyond 18° in any direction prefix Grid Zone Designation as 32TMQ308072
DESIGNAZIONE DELLA FETTA DELLA ZONA
32T
100 000 METRI QUADRATI IDENTIFICAZIONE
MQ
4901000m

Marfat.com

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ

ت می
۲۱۷

مقاماتِ معصومیہ

مقاماتِ ارشادیہ و مناقبِ عنائیہ

مُرتّب و مؤلّف

خاکپائے اہل اللہ مقصود احمد عُمری نقشبندی مجدّدی

۸۷

قیمت :- ۸ روپے فی جلد

۱۳۷۴ھ
۱۹۵۵ء

Marfat.com

Marfat.com

531



Marfat.com

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ○

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○

نقشبندیہ عجب قافلہ سالار انند — می برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

از دلِ سالکِ رہ جاذبۂ صحبتِ شاں — می برد وسوسۂ خلوت و فکرِ چلہ را

○



مجموعہ

مقاماتِ ارشادیہ و مناقبِ عنائیہ

○

قاصرے گر کند ایں طائفہ را طعن قصور — حاش للہ کہ برآرم بزباں ایں گلہ را

ہمہ شیرانِ جہاں بستۂ ایں سلسلہ اند — روبہ از حیلہ چساں بگسلد ایں سلسلہ را

مرتّب و مؤلّف

خاکپائے اہل اللہ مقصود احمد عمری نقشبندی مجدّدی رامپوری عفی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

53150

میر صلاح الدین نے دین محمدی پریس لاہور سے چھپوا کر
یونائیٹڈ پینٹ ہاؤس انارکلی لاہور سے شائع کیا۔

Marfat.com

شمارۂ مضامین کتاب

۱	سرورق	۱
۲	عرض حال و تشکر	۳
۳	مقدمۂ کتاب	۵
۴	نعت شریف	۹۶
۵	بلاک گنبد خضرا	۹۸
۶	بعض اعمال روز و شب حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ و بلاک روضۂ مقدسہ	۱۰۳
۷	درۃ المضیہ	۱۲۱
۸	سرورق مقامات ارشادیہ و بلاک گنبد شریف حضرت قطب ارشاد رض	۱۳۱
۹	فہرست مقامات ارشادیہ فارسی	۱۳۳
۱۰	مقامات ارشادیہ فارسی	۱۳۵
۱۱	سرورق معارف عنائیہ ترجمۂ مقامات ارشادیہ	۲۱۵
۱۲	فہرست معارف عنائیہ	۲۱۷
۱۳	معارف عنائیہ ترجمہ مقامات ارشادیہ	۲۱۹

Marfat.com

۱۴	سرورق انوار احمدیہ یعنی مناقب عنائتیہ	۳۲۵
۱۵	فہرست انوار احمدیہ	۳۲۷
۱۶	بلاک گنبد شریف حضرت ایشان ما و خانقاہ شریف	۳۲۸
۱۷	انوار احمدیہ، مناقب عنائتیہ	۳۲۹
۱۸	بعض از اعمال و حرزہائے معمول بہ خاندان فیض نشان بجہت امراض وغیرہ مع حزب البحر و کلید الشفا	۴۲۸
۱۹	شجرہ ہائے ہر چہار سلسلۂ کبار	۴۵۵
۲۰	شجرۂ نقشبندیہ مجددیہ منظوم و مناجات منظوم	۴۶۷
۲۱	قصائد نعتیہ	۴۷۸
۲۲	خاتمۂ کتاب	۴۹۳

Marfat.com

عرضِ حال و تشکّر

یہ کتاب حسب فرمائش جناب صاحبزادہ صاحب والا مناقب مخدومی و مکرمی قطب زمانؒ حضرت مولٰنا حافظ محمد حمایت اللہ خانؒ صاحب مجدّدی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ فرزند و جانشین حضرت جناب پیر دستگیر قدس سرہ لکھی گئی۔ خود فقیر کاتب الحروف کو سالہا سال شب و روز کے اکثر اوقات حاضر خدمت اقدس رہ کر جو حالات معلوم تھے وہ لکھے گئے۔ اور زیادہ تر حالات و واقعات صاحبزادۂ عالی مرتبت مخدومی جناب حضرت محمد وحید اللہ خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے بعد تحقیق و تفتیش جمع کر کے حقیر کو دیے۔ اصل کتاب حضرت کے وصال کے بعد فارسی اُردو میں طبع کرائی گئی تھی، اور اب تقریباً ۳۱ سال بعد دوبارہ بعد نظر ثانی حصۂ فارسی خارج کر کے مع مقامات ارشادیہ و ترجمۂ مقامات ارشادیہ وغیرہ حتی الامکان اہتمام بلیغ کے ساتھ طبع کرائی گئی ہے۔

پہلے بار کی طباعت کا بار بھائی حاجی ظہور الحسن صاحب ساکن بسی سرہند حال مقیم لائل پور پاکستان نے اپنے ذمہ لیا تھا، اور اس مرتبہ کی طباعت کا بار جبکہ کثیر رقم صرف کرنی پڑی، زیادہ تر میر صلاح الدین صاحب امرتسری حال مقیم لاہور خادم بارگاہ عنائتیہ اور کچھ حافظ عبد الغنی صاحب (ملتان) وغیرہم نے برداشت کیا، جزاہم اللہ تعالیٰ خیر الجزاء۔ اور میر صلاح الدین صاحب امرت سری، میاں خدا بخش صاحب امرتسری، صوفی محمد اسماعیل صاحب کاتب امرت سری طباعت وغیرہ کے مہتمم رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو مشکور فرمائے۔ آمین +

Marfat.com

Marfat.com

مقدّمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ، وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اَجْمَعِیْنَ ۵

اُس ذات احدیّت نے جب چاہا کہ اپنے مرتبۂ واحدیت کو ظاہر کر کے اپنی صمدیّت جتائے اور اپنی خدائی کو ظاہر فرمائے تو ایک لفظ کُنْ سے وہ سب کچھ پیدا فرما دیا جو ابتدائے تکوین سے اس وقت تک پردۂ عدم سے باہر آ کر موجود ہے۔ یعنی وہ خالق خیر و شر عالم کو وجود میں لایا۔ مخلوقات کی خلقت اور کائنات کی تکوین سے پہلے اسی حیّ القیوم جلّت عظمتہٗ کی ذات اقدس جو صرف خود بخود موجود تھی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ اگرچہ اس بارگاہ لامکانی و سرا پردۂ عظمت و جلال لاتعینی میں لفظ وجوب و وجود کی بھی گنجائش نہیں کیونکہ وہ ذات بے مثال تمام امکانات و تعینات سے وراء الوراء ثم وراء الوراء ہے۔

ظاہر ہے کہ جو ذات جل سلطانہٗ خالق جمیع امکانات و تعینات ہو وہ انہی میں کیونکر سما سکتی ہے؟ مخلوق میں خالق کا وجود اور ممکن میں واجب کا حلول و اتحاد محال ہے، اور یہ محال ہونا بھی عقل میں نہیں آ سکتا۔ عقل و فکر، وہم و خیال کا وہاں گزر ہی نہیں جب عقل کا گزر نہیں تو بیچاری عقل کیا کام دے سکتی ہے۔ البتہ جس حد تک عقل کام دے سکتی ہے اُس مرتبے تک محال عقلی ضرور کہہ سکتے ہیں، لیکن عقل

Marfat.com

جبکہ ظلال اسماء وصفات ہی میں پہنچ کر منہمک و سرگرداں ہو جاتی ہے تو اصل اسماء وصفات، شیونات وذات کا کیا پتہ دے سکتی ہے۔ اس لیے کہ عقل حجت بالغہ نہیں ہے۔ بعثت انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات حجت بالغہ اور رحمت ہے۔ غرض سب کی خالق ایک فاعل حقیقی کی ایسی ذات پاک ہے جو نہ بعید ہے نہ قریب۔ یعنی قریب تو ضرور ہے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ نص قطعی ہے۔ مگر نہ وہ قرب کہ کوئی اس کو پا سکے۔ نہ خارج عالم ہے نہ داخل عالم۔ نہ عالم سے جدا ہے نہ متصل عالم۔ نہ محیط اشیا ہے نہ غیر محیط۔ یعنی محیط ضرور ہے، اِنَّہٗ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ مگر نہ وہ احاطہ کہ کوئی اس کو محسوس کر سکے۔ غرض عجب تقیض در نقیض اور تضاد در تضاد معاملہ ہے۔ انسان بیچارہ لاکھ تگ و دو کرے مگر کیا ممکن کہ ذات واجب الوجود تعالیٰ کی کنہ کو پا سکے۔ اور پائے بھی تو کیونکر، اس لیے کہ اس کی دوڑ زیادہ سے زیادہ خود گم ہو جانا ہے، اور جو خود ہی کھو گیا ہو وہ دوسرے کو کیا پائے؟ ؎

کَیْفَ الْوُصُوْلُ اِلٰی سُعَادَ وَدُوْنَہَا ۔۔۔ قُلَلُ الْجِبَالِ وَدُوْنَہُنَّ خُیُوْفُ

قصہ مختصر جب اس ذات مطلق کا فاعل حقیقی ہونا ٹھیرا تو فاعل کے لیے سبب فعل ضروری ہے اور وہ سبب فعل حب صرف ہے۔ بعد مرتبہ ذات کے اول تعین یہی حب صرف ہے۔ یہی حب صرف فاعل حقیقی کے تمام ممکنات وخلقت مخلوقات کے پیدا کرنے کے فعل کا سبب ٹھیرا ہے، کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ اسی پر دلالت کرتا ہے۔ اب اس سبب فعل کی علت غائی کیا تھی؟ وہ یہ تھی کہ اپنے محبوب ذاتی حضرت جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وازواجہ افضل الصلوات واکمل التحیات کو بکمال علو مرتبت وابدیت وبغایت رعنائی وزیبائی پیدا فرمایا۔ اور اپنی محبوبی اور دونوں عالم کی شاہنشاہی کا خلعت پہنا کر تاج رسالت ونبوت، رحمت

Marfat.com

قبّة الخضراء (بالمدينة المنورة)



Marfat.com

Marfat.com

وشفاعت فرق مبارک پر رکھ دیا۔ فرمان لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاكَ اور یَا مُحَمَّدُ اَنَا وَاَنْتَ وَمَا سِوَاكَ خَلَقْتُ لِاَجْلِكَ کو لَوْلَاكَ لَمَا اَظْهَرْتُ الرُّبُوْبِيَّةَ کی مُہر سے مزیّن فرما کر عطا فرما دیا پس مرکز حب صرف ذات محمدی ٹھیری۔ سُبحان اللہ! اس مرکز ذات محمدی میں کس قدر عظیم الشان رمز ہے جو نہ بیان ہو سکتا ہے نہ بیان کیا جا سکتا ہے۔ یہ مرکز حُبّ صرف ہی درحقیقت حقیقتِ احمدی ہے۔ یہاں تل اوٹ پہاڑ ہے اَلْعَاقِلُ تَكْفِيْهِ الْاِشَارَةُ۔ لہٰذا ذات محمدی و حقیقت احمدی کا مرکز حب صرف ہونا ہی اس کا سبب ہے کہ كُنْتُ نَبِيًّا وَّاٰدَمُ بَيْنَ الْمَآءِ وَالطِّيْنِ۔ اسی لیے تو محمد سیّد الاولین والآخرین قرار پائے، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وبارک وسلم۔ عجب معاملہ ہے! اس اوّلین والآخرین کے درمیانی سلسلہ کو ملائیے اور پھر بغور و دقّتِ نظر سے خیال کیجیے تو شاید قدرے قلیل مرتبۂ ذات شاہانہ محمدی سمجھ میں آئے۔ کیونکہ یہ مجال نہیں کہ کوئی اس مرتبۂ عالی کو درک کر سکے:

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

سیّد الاوّلین کے عروج اور سیّد الآخرین (علیہ الصلوٰۃ والسّلام اوّلاً و آخراً) کے نزول پہ نظر کون کر سکتا ہے ؎

ہزار نکتۂ باریک تر ز مو اینجاست

مگر صرف اس قدر سمجھنا چاہیے کہ ذات محمدی سے لے کر حقیقت احمدی یعنی نزول سے لے کر عروج تک ایک ہی طویل و عریض نسبت عالی ہے۔ درمیان میں جو کچھ بھی ہے ضمناً شامل ہے اور ایسا ہی ہونا بھی چاہیے، اس لیے کہ دائرہ مرکز کے اجمال کی تفصیل ہے۔ فافہم۔ پھر محبوب خدا کا مرتبہ علیہ الصلوٰۃ والسّلام اسی حد تک منتہی نہیں ہوتا۔ اگر اُدھر مرکزیت میں تل اوٹ پہاڑ ہے تو اِدھر نزول محمدی نے

Marfat.com

عبدیت کی صورت اختیار کی ہے۔ یہ مرتبۂ عبدیت تمام مراتب سے عالی ہے۔ معبودِ حقیقی کو اپنے محبوب کی یہ عبدیت ایسی بھائی کہ معبود نے عبد کو اپنی طرف کھینچ بلایا: سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی اور بلانے کے بعد کیا معاملہ فرمایا؟ اس کو خود ہی اپنے کلام پاک میں بیان فرما دیا کہ ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی، فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ؎

قلم اینجا رسید و سر بشکست

کس کی مجال ہے کہ حمد باری و نعت محمدی لکھ سکے۔ عاجز آ کر یہ کہنا پڑتا ہے کہ ؎

خدا در انتظار حمد ما نیست — محمدؐ چشم بر راہ ثنا نیست

خدا مدح آفرین مصطفیٰ بس — محمدؐ حامد حمد خدا بس

مناجاتے اگر باید بیاں کرد! — بہ بیتے ہم قناعت می تواں کرد

محمدؐ، از تو می خواہم خدا را

خدایا، از تو حب مصطفیٰ را

حبیب خدا ہی رحمۃ للعالمین ہیں اور وہی شفیع المذنبین ہیں۔ تمام کائنات کا قیام ان کی ہی ذات پاک پر ہے۔ عالم کا ذرّہ ذرّہ بغیر ان کے وسیلے کے حرکت نہیں کر سکتا۔ جو اُن کے متبع اور شیدائی ہیں بُشْرٰی لَھُمْ وَ طُوْبٰی لَھُمْ اور جن کو ثمہ برابر نعوذ باللہ من ذٰلک ان سے قولاً و فعلاً و عقیدۃً و ادباً، علماً و عملاً انحراف ہے فَوَیْلٌ لَّھُمْ ؎

محمد عربی کابروئے ہر دو سراست — کسیکہ خاک درش نیست خاک بر سر او

یہ بھی آپ ہی کا ارشاد ہے کہ اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّھِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ (حدیث شریف) پھر

Marfat.com

ان اصحاب کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین میں بھی حضرات خلفاء الراشدین المہدیین رضی اللہ عنہم اجمعین مخصوص ہیں ان کی تعریف وتوصیف سے بھی ہم عاجز ہیں اور ان کا اتباع لازم ہے۔ بالخصوص افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق سیدنا حضرت ابوبکر بن الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ بعد الانبیاء افضل بنی نوع انسانی ہیں طریقہ نقشبندی مجددی نے ان کی نسبت شریف سے منسوب ہو کر یہ شرف وفضیلت پائی کہ دیگر طرق سے افضل واعلیٰ وارفع واقرب واسہل ٹھیرا۔ نیز یہ بھی حضور سرور کونین علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام کا ہی ارشاد ہے کہ خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ (حدیث شریف) بس اسی سے حضرات تابعین عظام وتبع تابعین کرام رضی اللہ عنہم کا مرتبہ معلوم کرنا چاہیے۔ ان کی پیروی بھی سب پر ضروری ہے۔ اب دور صحابہ، تابعین وتبع تابعین کے بعد حق تعالیٰ کے اولیاء کا دور شروع ہوتا ہے۔ ان میں وہ حضرات اولیائے کرام جو نسبت صدیقی کے حامل ہیں قدس اللہ سرہم مخصوص ہیں۔ اس سلسلہ کی نسبت حضرت خواجہ جہاں جناب خواجہ عبدالخالق غجدوانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بطریق اویسیت اور نیز پانچ واسطوں سے خواجۂ مشکل کشا امام الطریقہ غوث الخلق والخلیفہ محمد بہاؤ الدین نقشبند بخاری رضی اللہ عنہ تک پہنچ کر از سر نو تازگی اختیار کرتی ہے اور لقب نقشبندی حاصل کر کے عالم میں پھیل جاتی ہے۔ ہوتے ہوتے دور الف اول ختم ہوتا ہے اور ضرورت داعی ہوتی ہے کہ ہزار سال گزر جانے کے بعد حسب قرون ماسبق وضابطہ الٰہیہ کوئی نبی اولوالعزم مبعوث ہو، مگر خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہو نہیں سکتا تو عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ كَاَنْبِيَاءِ بَنِيْ اِسْرَآءِيْل سے نبی اولوالعزم کا کام لیا جاتا ہے۔ اور حضرت جناب امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ اس دولت سے سرفراز کیے جاتے ہیں۔ وہ نسبت نقشبندی رضی الملۃ والدین فانی فی اللہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ نقشبندی احراری رضی اللہ عنہ کے ذریعہ سے حضرت کو

Marfat.com

پہنچتی ہے اور اس نسبت کا پورا ظہور آپ کی ذات مبارک میں ہوتا ہے۔ یہ نسبت عجب علو و عروج حاصل کرتی ہے اور بعد ولایت کبریٰ کے جو ولایت انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہے اور انتہائے نسبت نقشبندی ہے۔ حضرت پر دیگر مقامات مثلاً ولایت علیا یعنی ولایت ملائکہ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور کمالات نبوت و رسالت و اولوا العزم، حقیقت ابراہیمی، حقیقت موسوی و حقیقت عیسوی، حقیقت محمدی و حقیقت احمدی و حقیقت کعبہ، حقیقت قرآن و حقیقت صلوٰۃ، معبودیت صرفہ و حبّ صرف و لانعین منکشف ہوتے ہیں آپ کی ذات مبارک سے از سر نو تجدید شریعت محمدی ہوتی ہے۔ آپ نے طریقت و حقیقت کو خادمان شریعت ثابت کیا۔ وجودیوں کو شاہراہ شہود دکھائی اور ملاحت و صباحت پر بعد دریافت آپ ہی نے سب سے پہلے قلم اٹھایا اور اہل معرفت کو اس رنگ میں رنگ دیا۔ وہ وہ معارف حقیقت اور نکات شریعت بیان ہوتے ہیں جو اس سے پہلے کسی نے بیان نہیں فرمائے۔ آپ کو منصب خلافت و امامت و قیومیت عطا ہوتا ہے اور آپ من جانب اللہ تعالیٰ ملہم ہوتے ہیں کہ آپ مجدد الف ثانی ہیں۔ چنانچہ مجدد الف ثانی کے لقب سے عالم میں مشہور ہو جاتے ہیں۔ آپ وہ ہیں جن کی بشارت ہزار سال پیشتر حضرت جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے بایں الفاظ مبارک دی تھی کہ یَکُوْنُ رَجُلٌ فِیْ اُمَّتِیْ یُقَالُ لَہٗ صِلَۃٌ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ بِشَفَاعَتِہٖ کَذَا وَکَذَا[1] و نیز قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَبْعَثُ اللّٰہُ رَجُلًا عَلٰی رَأْسِ اَحَدٍ عَشَرَ مِائَۃِ سَنَۃٍ ھُوَ نُوْرٌ عَظِیْمٌ اِسْمُہٗ اِسْمِیْ بَیْنَ سُلْطَانَیْنِ جَائِرَیْنِ وَیَدْخُلُ الْجَنَّۃَ بِشَفَاعَتِہِ الْجَمَّ الْغَفِیْرَ رِجَالُ الْوُدِّ[2] الخ غرض آپ کی تعریف و توصیف حد بیان سے باہر ہے۔ جس نے آپ کو وسیلہ

[1] جمع الجوامع للعلامہ جلال الدین سیوطی و بشر النبی صلی اللہ علیہ وسلم بوجودہ الشریف ایضاً کما ذکر فی جامع الدرر۔

[2] ماخوذ از درۃ المضیہ فی المناقب الاحمدیہ مؤلفہ حضرت جناب قطب الارشاد مولنا محمد ارشاد حسین عمری مجددی نقشبندی رامپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

ٹھیرایا نجات پائی، اس لیے کہ آپ کو الہام الٰہی ہوا ہے کہ غَفَرْتُ لَكَ وَلِمَنْ تَوَسَّلَ بِكَ بِوَاسِطَةٍ اَوْ بِغَيْرِ وَاسِطَةٍ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔ نیز بحیثیت امام وقیوم اور مجدد الف ہونے کے بھی بغیر آپ کے توسل کے دین ودنیا کا کام چل نہیں سکتا، کوئی جانے یا نہ جانے ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم! چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

اور جس نے آپ سے روگردانی کی وہ خطر در خطر ہے۔ یہ کمالات آپ کی ذات مستجمع صفات میں موافق حدیث نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے ہیں یعنی مَثَلُ اُمَّتِیْ كَمَثَلِ مَطَرٍ لَا يُدْرٰى اَوَّلُهٗ خَيْرٌ اَمْ اٰخِرُهٗ۔ لہٰذا آپ کی پیروی موجب نجات وحسنات دارین ہے۔ پھر آپ کی اولاد امجاد وخلفائے عظام قدس اللہ سرہم آپ کے بعد سے اب تک بڑے صاحب مرتبہ گزرے ہیں اور قیامت تک اس سلسلہ کا فیض جاری رہے گا۔

چونکہ ایسے اکابر دین کے حالات کا مطالعہ نہایت ہی ضروری ہے، بنا بریں راقم الحروف عرض کرتا ہے کہ ہمیشہ سے اکابر کے حالات ومقامات اسی لیے لکھے جاتے رہے ہیں کہ خلف، سلف کے واقعات اور حالات کے مطالعہ سے بہرہ اندوز ہوں اور ان کے قدم بقدم چلنے کی کوشش کریں کیونکہ دارین کی فلاح وبہبود ان کے اتباع پر موقوف ہے۔

پہلے لوگوں میں اس قسم کا شوق بہت غالب تھا اور ہمیشہ اکثر اشخاص اپنے اسلاف کے کارناموں اور حالات زندگی معلوم کرنے کے خواہشمند رہتے تھے مگر افسوس صد افسوس کہ جیسے جیسے دنیا کے واقعات بدلتے گئے اہل دنیا کے احوال میں بھی تغیر آتا گیا۔

کچھ تو اسلامی سلطنتوں کے زوال کے باعث اور کچھ ہر سمت کفار وظلمتِ کفر پھیل جانے کے

Marfat.com

سبب سے خیالات میں بڑا تغیر واقع ہوگیا۔ نیز مسلمانوں نے بسبب بعد زمانۂ نبوت و کمی تعلیم دینی بفحوائے اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ اطوار نصاریٰ اختیار کر لیے اور اپنے مذہب حقۂ اسلام، کتاب و سنت اور تعلیم سلف صالحین سے گویا بالکل بے بہرہ ہو گئے۔ بعض فرقے جس طریق کو صراط مستقیم سمجھے ہوئے ہیں وہ حقیقتاً اصلیت سے بالکل ناآشنا ہیں۔

علم دین کی کمی اور تعلیم انگریزی کی زیادتی نے ایک عام خلاف شریعت حریت و آزادی پھیلا دی اور علماء نے بھی علیحدہ اپنا رنگ بدل دیا۔ چونکہ مدار دین اسی طبقے سے مربوط و مشروط ہے فَاِذَا فَاتَ الشَّرْطُ فَاتَ الْمَشْرُوْطُ۔ جب یہ صحیح راستے سے بہکے تو تمام عالم گمراہی و ضلالت میں مبتلا ہو گیا۔

ان حالات کے تحت ذہنیتیں اور خیالات بالکل متغیر ہو گئے اور اب خود مسلمانوں کی نظروں میں اپنے بزرگان دین کے حالات مضحکہ خیز ہیں۔ یہاں تک کہ وہ لوگ جن کے آباؤ اجداد سے اشاعتِ شریعت و طریقت ہوئی وہ بھی شریعت کی پابندی کو امر زائد اور تعلیم باطنی و سیر و سلوک کو فعل عبث خیال کرتے ہیں۔ اگرچہ اس امر خاص میں دنیا ساز پیروں اور مولویوں نے اہل حق اور اکابر دین کو بدنام اور لوگوں کو بدگمان کر دیا ہے مگر دنیا بندگان خدا سے نہ کبھی خالی رہی ہے نہ رہے گی۔ البتہ ان کی شناخت مشکل ہے خصوصاً اس آخر زمانہ میں جبکہ حق و باطل دونوں مخلوط ہو چکے ہیں اور تمیز فی مابین مشکل ہو گئی ہے۔ بالخصوص اکابر طریقہ نقشبندیہ مجددیہ کے ظاہر احوال سے ظاہر بین کم فہم اشخاص بمشکل ان کی شناخت کر سکتے ہیں۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ ان اکابر کا طریقہ اتباعاً بعینہٖ طریقۂ حضرات اصحاب کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ اکابر علاوہ امور دینی کے تمام و کمال معاملات دنیوی بھی کہ لوازم

Marfat.com

شری سے ہیں انجام دیتے ہیں مگر قدم دائرۂ شریعت سے باہر نہیں دھرتے۔ مگر ظاہر بیں ان امور کو
غبتِ دنیا پر محمول کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ نہیں دیکھتے کہ کفار بھی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق یہی کہا
رتے تھے کہ مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ۔ غایت اتباع کی وجہ سے ان
حضرات کا بھی یہی حال ہے۔ حقیقتاً اس کے مصداق ہیں کہ ؎

اُدھر اللہ سے واصل اِدھر مخلوق کے شامل

درحقیقت ان بزرگوں کی صحبت و محبت سرمایۂ سعادت دارین ہے لِاَنَّهُمْ جُلَسَآءُ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ
هُمْ قَوْمٌ لَّا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ۔ لیکن چونکہ یہ عالم دار ابتلاء ہے، ان حضرات کے احوال ظاہر سے ظاہر
ں بدظن ہو جاتے ہیں اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ۔ لہٰذا بوجہ اس سوءِ ظن کے ان کی توجہات شریفہ سے محروم
ہ جاتے ہیں چنانچہ قطبِ دوران غوثِ زماں قیم طریقہ نقشبندیہ مجددیہ جناب شمس الدین محمد حبیب اللہ
حضرت مرزا مظہر جان جاناں شہید علوی مجددی دہلوی قدس سرہ العزیز تحریر فرماتے ہیں کہ:

"اگر پرسند در کامل مکمل گاہ ہست کہ رغبت دنیا مفہوم می گردد و کراہیت کہ ضد رضا است یافتہ می شود، وجہ آن
چہ باشد؟ در جواب گوئیم کہ حصول ایں مقامات مخصوص بہ قلب و روح است و نسبت باخص خواص ایں مقامات
در مطمئنہ نیز حصول می یابد۔ اما قالب ازیں معنی خالی و بے نصیب است۔ ہر چند از سورت و شدت باز می ماند۔
شخصے از شبلی پرسید کہ تو دعوئ محبت می کنی و ایں فریہی تو منافی محبت است در جواب او ایں شعر خواند ؎

اَحِبُّ قَلْبِيْ وَمَا دَرٰى بَدَنِيْ وَلَوْ دَرٰى مَا دَرٰى مَا دَفِي الثَّمَنِ

پس منافی ایں مقامات اگر در قالب کاملے ظہور کند ضرر ندارد۔ و اکثر مردم را از کمالات ایں بزرگواراں محروم
داشتہ و در بقائے ایں چیزہا۔ در اولیائے خود حکمت است نا محض در آں علم امتیاز حق است از باطل کہ

Marfat.com

از لوازم این دار است کہ محل ابتلا است و حکمت دیگر در بقائے این اشیاء۔ اگر از اولیا بالکل مرفوع شود راہ ترقی مسدود می گردد در رنگ محبوس می ماند۔" ثَمَّ کَلَامُہُ الشَّرِیْف

پس ان مذکورہ بالا حالات پر نظر کر کے یہ فقیر اپنے کو معذور و مقصر جانتا تھا کہ حضرت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین، قطب دوران غوث زماں شیخنا و امامنا و وسیلتنا فی الدارین، شریعت پناہ، طریقت و حقیقت آگاہ جناب مولٰنا مولوی حاجی حافظ محمد عنایت اللہ خاں نقشبندی مجددی رائپوری قدس اللہ سرہ العزیز کے حالات لکھے مگر ایک مخدوم زادے صاحب عالی قدر کے اصرار و پاس خاطر سے بعد استخارہ مسنونہ اس امر اہم کی ہمت کی۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ وَبِہٖ نَسْتَعِیْنُ اٰمِیْن بِجَاہِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ حَبِیْبِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ اَجْمَعِیْنَ۔

Marfat.com

تذییل مقدّمہ

ناظرین کتاب کی خدمت میں التماس ہے کہ تقریباً ۳۲ سال پہلے کتاب انوار احمدیہ فی مناقب عنائتیہ فقیر نے لکھی اور اب دوبارہ یہ کتاب مع مقامات ارشادیہ و بعض زوائد ضروریہ یک جائی طور پر پیش کی جارہی ہے اس لیے تذییل و تتمۂ مقدمۂ کتاب کی ضرورت داعی ہوئی۔ اس تذییل مقدمہ میں بر سبیل تذکرۂ تصوّف ضمناً ایک لایعنی مبحث اور ایک اُٹھتے ہوئے جدید و عظیم فتنہ پر فقیر کو بھی مختصر تنقیدی شان اختیار کرنی پڑی اور فقیر اس کو ایک شرعی ذمہ داری سمجھتا ہے، بالخصوص جبکہ شریعت، طریقت، حقیقت، تصوّف اور علماء و صوفیائے کرام کا مضحکہ اُڑایا جائے، اور مسلمانوں کے پورے کے پورے سواد اعظم نیز تمام گناہ گار امت مرحومۂ محمدیہ کو جاہل و مشرک قرار دے دیا جائے تو بقول مبارک حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ "رگِ فاروقیم در حرکت می آید"۔ ورنہ اس زمانۂ پرفتن میں اپنی خاموش زندگی اور بعض ضروری مشاغل سے نہ اتنی فرصت، نہ تردیدات، بحث مباحثہ، مناظرہ، رسالہ بازی، اپنے اکابر کا طریقہ، نہ اس سے کوئی فائدہ۔ اس لیے کہ مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ۔ زمانہ قرب قیامت ہے اور فتنوں کا سدِّ باب ایک وقت معلوم تک ناممکن ——— آمدم بر سر مطلب:

ایک قول کے موافق ایک قرن ۲۵ سال کا بھی ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے پہلی مرتبہ کتاب کو لکھے ہوئے ایک قرن اور ۶ سال گزر چکے۔ اس عرصہ میں تمام عالم بالخصوص ملت اسلامیہ میں ——— اللہ اکبر ——— کس قدر عظیم تغیرات گزر چکے اور گزر رہے ہیں۔

Marfat.com

بے دینی، لا مذہبیت، ترک شریعت وسنت، مشرکین ونصاریٰ کا کمال اتباع، علوم دینیہ سے قطعاً بے پرواہی، بے حیائی، فحاشی، غرض صحیح معنی میں دینِ حق اور اسلام سے اجنبیت اور بے غرضی بالخصوص تقسیم ہند کے بعد تو ملت اسلامیہ جس تباہی میں مبتلا ہے دینی اور دنیوی اعتبار سے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ ہندوستان کے ۴ کروڑ مسلمان مجبوری، بے کسی، اقتصادی، معاشی، دینی اور مذہبی مصائب میں مبتلا ہیں تو پاکستانی مسلمان اقتدار حکومت واختیار ملنے کے باوجود خدا ورسول کو چھوڑ بیٹھے۔ عام طور پر پاکستانی مسلمان خلاف شریعت ہر بُرے سے بُرے افعال میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ حکومت پاکستان کے کرتا دھرتا، سربراہوں، وزراء، امراء پر نظر ڈالی جائے تو وہ اسلام اور دین سے بالکل متنفر، حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر لینے معصیت وطغیان وسرکشی کی کوئی شق ایسی نہیں ہے جو انہوں نے چھوڑی ہو، زبانی جمع خرچ بہت کچھ ہے، اسلام، اسلامی تعلیم، قرآن پر عمل، اسلامی جمہوریت کی رٹ لگاتے رہتے ہیں اور کام سب خلاف احکام خدا ورسول۔ پھر آپس کی نا اتفاقیاں، جتھا اور فرقہ بندی عام طور پر اور خواص میں بھی خاص طور پر۔ رہے علماء، تو ان کا بنیادی کام اجراء شریعت وسنت اور مخلوق کو راہِ راست پر لانے کا تھا، بجائے اس کے اختلافی مسائل میں ایک دوسرے سے دست وگریباں، ان کے لڑائی جھگڑوں، تشتت وافتراق نے ملتِ اسلامیہ اور دین محمدیؐ کو مختلف بڑی چھوٹی جماعتوں میں منقسم کر ڈالا اور ان میں ہر ایک حق کا دعوے دار ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ عوام اس سے بہت متاثر ہوئے اور اس طرح عام مسلمانوں میں جتھا بندی ہو گئی اور ایک دوسرے کو کفر وکافری کی حد تک پہنچانے لگا۔ گالی گلوچ، ٹھم پٹھا، سر پھٹول روزمرہ کا طریقہ ہو گیا۔ یہ سب کچھ تو ہو ہی رہا تھا کہ بعض ایسے اقتدار پسند لوگ بھی تاک میں لگے ہوئے تھے جنہوں نے علوم عربیہ میں کچھ دسترس حاصل کر کے بطرزِ جدید تحریر وتقریر کا کچھ ملکہ بہم پہنچا لیا۔ ان کے

Marfat.com

نفس میں بھی یہ ایک اُمنگ اُٹھی اور ان کے سر میں بھی یہ سودا سمایا کہ "ہمیں بھی اب کچھ بن جانا چاہیے" وقت اچھا ہے۔ چاروں طرف نظر دوڑائی، قادیانیت پروان چڑھ چکی تھی۔ احراری جماعت اپنا میدان مار چکی تھی، مشرقی کی خاکسار جماعت دندنا رہی تھی، دیوبندیت اور بریلویت کے اکھاڑوں کے مولوی پہلوان علیحدہ زور آزمائی، داؤں پیچ، کشتم کشتا میں پھنسے ہوئے تھے۔ نیز کچھ اسلامی اور سیاسی نام سے ملی جلی کچھ خالص سیاسی مختلف جماعتیں بن چکی تھیں اور یہ اپنے اندرونی جھروکوں میں سے جھانک رہے تھے اور کوئی موقع تاک رہے تھے کہ خوش قسمتی سے پاکستان بن گیا۔ نام پاکستان مسلمانوں میں نیا نیا جوش، اسلام اور اسلامی حکومت کے ہر طرف نعرے۔ بس پھر کیا تھا، زمین ہموار ملی۔ ان کے نفس نے اپنے ہمقرین کے مشورہ کے بعد تجدید دین متین اور احیائے شرع مبین کا فیصلہ کر لیا۔ پھر تو ہر طرف سے حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاجُوْجُ وَمَاجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ط والا معاملہ ہو گیا۔

فقیر پہلے عرض کر چکا ہے کہ اس تتمۂ مقدمۂ کتاب میں ضمناً ایک لایعنی مبحث اور ایک اُٹھتے ہوئے جدید و عظیم فتنہ پر مختصر تنقیدی شان اختیار کرنی پڑی ہے۔ فقیر سلسلہ وار مختصر تنقیدی گزارشات پیش کرتا ہے اور وہ یہ ہیں کہ جب "ہمیں بھی کچھ بن جانا چاہیے" کے اس خواہش مند اور بزعم خود مصلح اعظم و مجدد کل شخصیت نے موقع مناسب دیکھا اور زمین ہموار پائی تو تجدید و احیائے دینِ متین کے پردہ میں جدت و وسعتِ نظر سے کام لے کر ہر طرف نظر ڈالی۔ بس پھر کیا تھا۔ پہلی ہی نظر میں حضرت حق سبحانہٗ و تعالیٰ کے کُلّی اختیارات و اقتدارِ اعلیٰ میں ایک سلبی استثنیٰ نظر آیا۔ چنانچہ اس کٹر اور اکھنڈ توحید کے دعوے دار نے اپنی من گھڑت "دستوری سفارشات کی تنقید" کے صفحہ ۲۶ پر لکھ مارا کہ: ۱۷

"اور تو اور، خود اللہ تعالیٰ نے اپنے لیے یہ حق نہیں رکھا کہ وہ کسی شخص کو اپنے ذاتی علم کی بنا پر جہنم کی سزا دے۔"

Marfat.com

العیاذ باللہ! ان محترم ناقد کا یہ پہلا وار ہے۔ اور مذکورہ عبارت کی تشریح یہی تو ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات سے خود اپنے لیے ایک حق سلب فرما کر اپنی ذات کو (تعالیٰ) ایک قانون کا پابند بنا لیا اور اپنی ذات اقدس کے لیے ایک شے کو لازم قرار دے لیا۔ حالانکہ حضرت حق سبحانہ کی ذات اقدس اس سے مبرّا و منزّہ ہے کہ وہ کسی حیثیت سے بھی کسی قانون کی پابند ہو۔ نیز مذکورہ عبارت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اپنے ذاتی علم کی بناء پر کسی کو سزا دینے کا حق نہیں، العیاذ باللہ۔ حالانکہ وہ مالک علی الاطلاق ہے۔ اپنی ملک میں جس طرح چاہتا ہے تصرف فرماتا ہے اور کسی کی یہ مجال نہیں کہ اس سے پوچھ سکے لَا یُسْئَلُ عَمَّا یَفْعَلُ وَھُمْ یُسْئَلُوْنَ ۔ یہ پہلی وہ نظر تھی جو دائرۂ الوہیت پر پڑی۔

(۲) اس کے بعد لگے ہاتھوں عالم بالا پر بھی نظر ڈالی گئی اور بزعم خود ابھی "تو کار زمیں را نکو ساختی" کا مصداق پورا بھی نہ ہوا تھا کہ "با آسماں نیز پرداختی" کی طرف توجہ فرمائی گئی اور اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں لکھ دیا گیا کہ:

"اسلامی اصطلاح میں جس کو فرشتہ کہتے ہیں وہ تقریباً وہی چیز ہے جس کو یونان و ہندوستان وغیرہ ممالک کے مشرکین نے دیوی یا دیوتا قرار دیا ہے"۔

ملاحظہ فرمایا آپ نے، محترم ناقد کا نظریہ جدید ملائکۂ کرام کے متعلق گویا بالفاظ دیگر فرشتوں کے متعلق اسلامی اصطلاح ایک من گھڑت قصہ ہے اور جس طرح ہندوستان، یونان کے مشرکین نے ان کے متعلق عملاً نظریہ قائم کیا ہے۔ ملت اسلامیہ کے سواد اعظم مشرکین نے بھی وہی نظریہ اختیار کیا ہے۔ یعنی ملائکہ کو دیوی اور دیوتا قرار دے لیا ہے بلکہ اسلام نے بھی جس نے یہ اصطلاح گھڑ کے ہمارے سامنے پیش کی ہے = سمجھ قاصر ہے

Marfat.com

کہ حضرت حق سبحانہٗ کے متعلق عقیدۂ سلبِ اختیار اور ملائکہ کے متعلق اس مذکورہ نظریہ اور تنقید کے بعد ایمان و اسلام کا کیا معیار باقی رہ جاتا ہے۔ کیا یہی عقیدہ ایک مسلمان کا ہونا چاہیے؟ اور کیا تجدید دین کے مدعی مسلمانوں کو اسی قسم کی بے دینی میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں بلکہ کر رہے ہیں۔ کیا اس قسم کے فاسد اور باطل عقائد سے اسلام پر تو زد نہیں پڑتی؟ آخر اس تنقید کا مطلب کیا ہے؟ اگر حقیقتاً ملائکہ کا انکار ہے تو حقیقتاً کتاب و سنت سے انکار ہے۔ وحی الٰہی جو حضرت جبریل علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ نازل ہوتی تھی وہ بھی ایک افسانہ بن جاتی ہے، اور کتاب اللہ کی بھی حیثیت محض ایک من گھڑت قصہ کی سی رہ جاتی ہے۔ اور اگر ملائکہ کا اقرار ہے تو عالم اسباب میں حق سبحانہٗ نے مہماتِ امور ان کے سپرد کر رکھے ہیں جن کو وہ بحکم الٰہی انجام دیتے ہیں اور دیتے رہیں گے۔ پھر یہ کہنا کہ "اسلامی اصطلاح میں فرشتہ کی حیثیت ہندوستان اور یونان کے دیوی اور دیوتا کی سی ہے" محض ایک لغو اور اسلام کے اصولی نظریات کے خلاف ہو جاتا ہے۔

(۳۳) اور اسی پر بس نہیں ہے، اس کے بعد ہی محترم ناقد نے دائرۂ بشریت پر ایک نظر ڈالی اور فرمایا "تحریک اسلامی کی اخلاقی بنیادیں" صفحہ ۱۷ میں کہ:

"نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو عرب میں جو زبردست کامیابی حاصل ہوئی اور جس کے اثرات تھوڑی ہی مدت گزرنے کے بعد دریائے سندھ سے لے کر اٹلانٹک کے ساحل تک دنیا کے ایک بڑے حصہ نے محسوس کر لیے اس کی وجہ یہی تو تھی کہ آپ کو عرب میں بہترین انسانی مواد مل گیا تھا جس کے اندر کیرکٹر کی زبردست طاقت موجود تھی۔ اگر خدانخواستہ آپ کو بودے، کم ہمت، ضعیف الارادہ اور ناقابل اعتماد لوگوں کی بھیڑ مل جاتی تو کیا پھر بھی وہ نتائج نکل سکتے تھے"؟

Marfat.com

اقتدار و اختیار الوہیت پر وار اور تنقید کے بعد یہ دوسرا وار نبوت پر ہے۔ حضرت جناب ختم المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی العیاذ باللہ توہین نہیں ہے تو کیا ہے؟ تمام قرآن مجید حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت و رسالت، جامعیت و اتمیت، تبلیغ نور ایمان، ہدایت و ارشاد بخشنے، گمراہ مخلوق کو راہ راست پر لانے۔ آپ کی کاملیت، تصرفات ظاہری و باطنی سے بھرا پڑا ہے، مگر محترم ناقد اسے تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں اور اندیشہ ظاہر کرتے ہیں لفظ "خدانا خواستہ" کے ساتھ۔ کہ اگر آپ کو بودے، کم ہمت، ضعیف الارادہ اور ناقابل اعتماد لوگوں کی بھیڑ مل جاتی تو کیا پھر بھی وہ نتائج نکل سکتے تھے"۔ گویا آپ باوجود سید المرسلین خاتم النبیین ہونے کے اپنے تبلیغی سلسلہ میں پھر تو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہتے۔ وہ تو خیریت گزری کہ آپ کو عرب میں بہترین انسانی مواد مل گیا جس کے اندر کیرکٹر کی زبردست طاقت موجود تھی نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ھٰذَا الْخُرَافَاتِ۔ رونے کا مقام ہے۔ اس سے بڑھ کر کونسی توہین ہو سکتی ہے جبکہ حضرت سرور دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہادی و مبلغ ہونا اور اُن انتہائی صفات کاملہ سے متصف ہونا جن سے حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ نے دوسرے انبیاے اولوالعزم کو بھی اس طرح متصف نہیں فرمایا تھا عرب کے چند قبائل کے مضبوط کیرکٹر پر منحصر تھا۔ خاکم بدہن، نقل کفر کفر نباشد۔ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا۔ محترم ناقد سید کہلاتے ہیں۔ وہ صالحیت اور جماعت صالحین کا پرچار کر رہے ہیں، اور فی الحقیقت صالحیت ملیامیٹ ہو رہی ہے ؎

چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی!

جناب حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ نے بشیر و نذیر فرمایا ہے:

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۝ — اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم نے آپ کو دنیا میں حق کی

53150

Marfat.com

بشارت دینے والا اور حق سے ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔

یعنی آپ اللہ تعالیٰ کے بندوں کو عذاب آخرت (دوزخ) سے ڈرا کر کفر و شرک اور تمام بداعمالیوں سے بچاتے تھے اور ایمان و اسلام اور اچھے اعمال کی دولت سے مالا مال فرما کر لقائے الٰہی اور آخرت کی ابدی نعمتوں کی بشارت دیتے تھے۔ گویا اس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ قابلیت عطا فرمائی تھی کہ اللہ کے تمام بندوں کے کیرکٹر کو درست فرمائیں۔ (بالکل جدید طرز کے لیڈر محترم ناقد، کیرکٹر وغیرہ اس قسم کے انگریزی زبان کے الفاظ خاص مواقع پر اپنی تحریروں میں ضرور استعمال فرماتے ہیں۔ محض اس لیے کہ نئی پود اور ترقی و جدت پسند مغربی تعلیم یافتہ گروہ کو اپنی طرف متوجہ فرمائیں اور وہ لوگ یہ نہ سمجھ بیٹھیں کہ ہمارا ہادی اور مصلح اعظم محض پرانی قسم کا مُلّا ہے بلکہ ہر فن مولیٰ ہے۔ ہاں تو مطلب یہ ہے کیرکٹر کے معنی اخلاق کے لیے جا سکتے ہیں۔ اس لیے ہم سیدھا سادہ لفظ اخلاق کا ہی کیرکٹر جیسے بھاری بھرکم لفظ کے بجائے استعمال کریں گے)۔ خیر، تو ہم یہ عرض کر رہے تھے کہ جو بشیر و نذیر من جانب اللہ تعالیٰ ہو، محض اپنے منہ میاں مٹھو نہ ہو، اس بشیر و نذیر کا کام ہی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں کے اخلاق کو درست کرے۔ جب مجموعی طور پر مطلقاً اخلاق درست ہوں گے تو تمام صفات مذمومہ صفات محمودہ سے بدل جائیں گی اور اس میں کوئی خصوصیت عرب کے رہنے والوں کی ہی نہ تھی بلکہ عام طور پر تمام عالم والوں کے لیے کافۃً بشیر و نذیر تھے اور اب بھی ہیں، اور قیامت تک رہیں گے۔ ایسا بشیر و نذیر (بشارت دینے والا اور ڈرانے والا) بالذات اس کی قابلیت رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جن بندوں میں صالحیت اور اخلاق حسنہ کی صلاحیت و قابلیت نہ ہو ان میں صلاحیت و قابلیت پیدا فرما دے ؎

دادِ حق را قابلیت شرط نیست بلکہ شرط قابلیت داد اوست

Marfat.com

وہ کسی کی استعداد قابلیت کا محتاج نہیں ہوتا ہے۔

نیز جناب حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام وروحی فداہ "نور" تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: لَقَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ ۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو "نور" فرمایا اور خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰهُ نُوْرِیْ — اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا

لہٰذا جب یہ ثابت ہو چکا کہ آپ نور تھے، تو نور کا کام روشنی پھیلانا اور ظلمت و تاریکی دور کرنا ہے۔ تو جو ذات اقدس مجسم نور بنا کر اس عالم میں بھیجی گئی، اور جو ذات اقدس ہمہ تن نور بن کر اس ظلمت کدۂ دہر میں جلوہ فگن ہوئی اس کا یہی کام ہے کہ کفر و شرک کی تاریکیوں اور ظلمتوں کو ایمان و اسلام کی روشنیوں میں مبدّل فرما دے۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہی فرمایا۔ تو جب کفر و شرک کی ظلمتوں کو ایمان و اسلام کی روشنیوں میں بدل دیا تو اچھے اخلاق یا بقول محترم ناقد مضبوط کیرکٹر قوت ارادی، عزم و استقلال، جرأت و شجاعت غرض تمام صفات محمودہ خود بخود ہی پیدا ہو گئیں۔

نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ۝ (پ ۲۲۔ ع ۳)

اے نبی! ہم نے تم کو گواہ بھیجا اور بشارت دینے والا (لقائے الٰہی اور نعمائے نامتناہی آخرت کی) اور ڈرانے والا (عذاب آخرت و دوزخ سے) اور اللہ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور سراج منیر یعنی روشن چراغ۔

اس آیت کریمہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سراج منیر یعنی روشن چراغ فرمایا۔ اس میں بڑا بلیغ نکتہ ہے وہ یہ کہ آپ کو روشن چراغ فرمایا۔ چراغ خود بھی روشن ہوتا ہے اور اپنی روشنی پھیلاتا بھی ہے یعنی آپ

Marfat.com

نور بھی تھے اور نور بخش رسول بھی۔ آپ کی ذات اقدس جو بمنزلہ سراج منیر (روشن چراغ) کے تھی، اپنے نور رسالت سے عالم کو روشن کر رہی تھی اور اب بھی کر رہی ہے اور قیامت تک کرتی رہے گی۔ اس لیے کہ چونکہ منصب نبوت ختم ہو چکا لہٰذا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا دور قیامت تک رہے گا۔ اور پھر یہ کہ اس روشن چراغ سے لاتعد و لاتحصیٰ، بے شمار اور ان گنت چراغ قیامت تک روشن ہوتے رہیں گے۔ اور اس میں کوئی تخصیص خطۂ عرب اور دریائے سندھ سے لے کر ساحل اٹلانٹک تک کی نہیں ہے بلکہ آپ کی نبوت و رسالت کی روشنی عالم کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جہاں نہ پہنچی ہو۔ غرض کہاں تک تفصیلات بیان کی جائیں۔ آپ کا سید المرسلین و خاتم النبیین ہونا اور جو کتاب مبین (قرآن) آپ پر نازل ہوئی، اس کے لحاظ سے بھی یہ بات ثابت ہے کہ آپ کی ذات گرامی تمام اعلیٰ ترین کمالات، اوصاف اور تمام ہی قابلیتوں سے متصف تھی۔ نہ یہ کہ آپ قبائل عرب کی قابلیتوں کے نعوذ باللہ محتاج تھے۔

محترم ناقد نے اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ کے موافق اپنی بشریت پر نظر ڈال کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی نظر ڈالی۔ جس طرح کہ ایک فرقہ یہ کہتا ہی ہے کہ وہ بھی بشر تھے اور ہم بھی بشر ہیں۔ محترم ناقد نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذاتی قابلیت کے متعلق جو تنقید فرمائی ہے اس سے ایک پہلو یہ بھی نکلتا ہے کہ ہم بھی وہ سب کچھ کر سکتے ہیں جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کیا، مگر افسوس ہم کو بودے، کم ہمت، ضعیف الارادہ اور ناقابل اعتماد لوگوں کی بھیڑ بلی ہے۔ اللہ اللہ! دعویٰ مساوات کو ملاحظہ فرمائیے۔ ع

چہ نسبت خاک را با عالم پاک!

ایک حکایت یاد آئی۔ وہ یہ کہ ایک دنیا ساز پیر صاحب تھے، اور تھے بڑے کاٹیاں اور چلتے ہوئے۔ انہوں نے خیال کیا کہ اپنی زبان سے اگر میں ولی ہونے کا دعویٰ کروں تو نہ معلوم کیا گڑبڑ ہو جائے۔ کوئی یقین

Marfat.com

کرے گا کوئی نہ کرے گا۔ کوئی کہے گا یہ تو اپنے منہ میاں مٹھو بن گئے۔ کوئی کچھ کہے گا کوئی کچھ، اور اس طرح حلقۂ ارادت کے ٹوٹ جانے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا انہوں نے ایک تدبیر سوچی اور اپنے معتقدین کے سامنے وعظ و نصیحت کے طور پر ایک دن تقریر کرنے کھڑے ہوئے۔ دوران تقریر میں یہ بھی کہا کہ اس گر کو یاد رکھو کہ جو شخص ولی ہوتا ہے وہ سبز کپڑے پہنا کرتا ہے سبز کپڑے۔ اور اس کے بعد کچھ اور کہہ کر اور بیان کر کے اپنی تقریر ختم کر دی اور کچھ دنوں کا وقفہ دے کر آپ جو اپنے حجرہ سے برآمد ہوئے تو سبز کپڑے پہنے ہوئے۔ لوگوں کے ذہن میں تو وہی بات محفوظ تھی کہ ولی سبز کپڑے پہنا کرتا ہے۔ بس پھر کیا تھا سب نے بالاتفاق سمجھ لیا کہ ہمارے حضرت کو مرتبۂ ولایت عطا ہو گیا ہے! جبھی تو آپ نے سبز کپڑے پہنے ہیں۔ دیکھیے! زبان سے صراحتاً دعویٰ ولایت کا نہیں کیا، اور کس خوبصورتی سے اپنے کو ولی ثابت کر دیا۔

یہی حال ہمارے محترم ناقد کا ہے۔ زبان سے دیکھیے تو کوئی دعویٰ نہیں، مگر انداز تحریر اس قدر لطیف متین ہوتا ہے کہ آپ کی تحریر تمام دعاوی کی منہ بولتی تصویر ہوتی ہے۔ منہ سے دعویٰ کیا جائے یا نہ کیا جائے مگر جو حدیث البصراء اور نظر باز ہیں وہ آپ کے تمام دعاوی کو تاڑ لیتے ہیں ؎

بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش — من انداز قدت را می شناسم

مجتہد و کل ہونے کا دعویٰ، بالکل جدید طرز کی لیڈری کے لباس میں مہدی ہونے کا دعویٰ، اولوا الامر اور دینی اطاعت کی فرضیت کا دعویٰ، غرض یہ تمام دعاوی آپ کی تحریروں سے ٹپکے پڑتے ہیں جن کا بیان آگے آ رہا ہے۔

اس کے بعد اپنی کتاب تجدید دین میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"تمام انبیاء نے سیاسی انقلاب برپا کرنے کی کوشش کی بعض کی مساعی صرف زمین تیار کرنے کی حد تک رہیں،

Marfat.com

جیسے حضرت ابراہیم (علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام) بعض نے انقلابی تحریک عملاً شروع کر دی مگر حکومت الٰہیہ قائم کرنے سے پہلے ہی ان کا کام ختم ہو گیا، جیسے حضرت مسیح" (علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام)۔

مذکورہ بالا تنقید سے یہ ثابت ہو گیا کہ مذکورۂ بالا ہر دو اولوالعزم نبی علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام نعوذ باللہ کارِ نبوت و رسالت انجام دینے کے ناقابل ثابت ہوئے۔ آخر اس عبارت کے اور کیا معنی لیے جا سکتے ہیں؟ محترم ناقد پر حکومتِ الٰہیہ کا بھوت کچھ ایسا سوار ہوا ہے کہ کچھ کہا نہیں جا سکتا۔ آخر وہ حکومت الٰہیہ ہے کیا شے؟ اس کا کچھ پتہ بھی تو چلے۔ وہ کونسی ایسی حکومت الٰہیہ تھی کہ نہ کوئی نبی بنا سکا نہ کوئی بڑے سے بڑا مجدد؟ ہاں اگر اب حکومت الٰہیہ بنائی جا سکتی ہے تو وہ یہی مصلح اعظم محترم ناقد مجدد کل اور ان کی جماعت صالحین ہی بنا سکتی ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قرآن مجید میں امر فرماتا ہے کہ:

فَاتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا ط — اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ملت ابراہیمی کی پیروی کیجیے

مگر محترم ناقد فرماتے ہیں ملت و لت کیسی اور کیسی حکومت الٰہیہ، کہاں کا سیاسی انقلاب، کہاں کی عملی انقلابی تحریک، وہ تو صرف زمین ہی تیار کر سکے۔ اور یہ بھی تو ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے جب ان اولوالعزم انبیائے کرام کو مبعوث فرمایا تو آخر یہ بعثت کس کام آئی جب کہ وہ پورا کام ہی انجام نہ دے سکے۔ اس طرح تو العیاذ باللہ اللہ جل ثناۂ اور انبیائے کرام دونوں پر اعتراض واقع ہوتا ہے، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ اللہ تعالیٰ ہدایت عطا فرمائے ـــــ اور یہ جو محترم ناقد نے لکھا حضرت جناب عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق کہ "ان کا کام ختم ہو گیا"، یہ عجب گول مول جملہ ہے۔ یا تو یہ لکھنا تھا کہ اُن کا انتقال ہو گیا، یا یہ کہ وہ آسمان پر اُٹھا لیے گئے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ان پر موت طاری نہ ہوئی۔ صحیح یہی ہے کہ

Marfat.com

آسمان پر اُٹھا لئے گئے اور یہی لکھنا چاہیے تھا۔ مگر "ان کا کام ختم ہو گیا" کا گول مول جملہ لکھنے میں بھی غالباً کوئی مصلحت خاص ہے۔

ذاتِ اقدس حضرت حق سُبحانہ، عالم بالا میں ملائکۂ کرام، عالمِ بشریت میں جناب حضور پر نور اور ہر دو مذکورہ اولوا العزم نبیوں (علیہم الصلوٰۃ والسلام) پر تنقید فرمانے سے فراغت حاصل کر کے اب خلافت راشدہ اور اصحاب رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر تنقید از بس ضروری تھی، لہٰذا ایک تنقیدی نظر ڈال کر اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں تحریر فرمایا کہ:

"حضرت عثمان جن پر اس کارِ عظیم (خلافت راشدہ) کا بار رکھا گیا تھا ان خصوصیات کے حامل نہ تھے جو ان کے جلیل القدر پیش رووں کو عطا ہوئی تھیں، اس لیے جاہلیت (یعنی کفر و شرک) کو اسلامی نظام اجتماعی کے اندر گھس آنے کا راستہ مل گیا۔ حضرت عثمان نے اپنا سر دے کر اس خطرے کا راستہ روکنے کی کوشش کی مگر وہ نہ رکا"۔

یہ لیجیے، سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی بوجہ حامل خصوصیات خلافت راشدہ نہ ہونے کے اس کارِ عظیم یعنی خلافت راشدہ کا بار اٹھانے کے ناقابل ثابت ہوئے، اور اسی وجہ سے جاہلیت یعنی کفر و شرک کو اجتماعی نظام اسلامی میں گھس آنے کا موقع مل گیا یعنی ان کی نعوذ باللہ من ذٰلک اس عدم قابلیت کا اثر یہ ہوا کہ باوجود اپنا سر دے دینے کے وہ ناقابل رہے اور کفر و شرک نظامِ اسلامی میں گھس آیا۔ بالفاظ دیگر جب نظام اسلامی میں کفر و شرک گھس آیا تو نظامِ اسلامی کا قلع قمع ہو گیا۔ اور پھر ایسی خلافت کو خلافت راشدہ کس طرح کہا جا سکتا ہے؛ نتیجہ یہ نکلا کہ آپ کی خلافت، خلافت راشدہ نہ تھی، اور آپ خلفائے راشدین میں سے نہ تھے۔

ایک طرف ہم دیکھتے ہیں کہ محترم نا قد سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت راشدہ کے لیے نا اہل

Marfat.com

ثابت کرتے ہیں، اور ان کی ذات گرامی ہی نظام اجتماعی اسلامی میں جاہلیت (کفر و شرک) کے گھس آنے کا سبب بن جاتی ہے، دوسری طرف ہم حضرت ختمی مآب رسول الثقلین علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد گرامی دیکھتے ہیں کہ عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ خُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ۔ اور اس طرح ان کو حقیقی طور پر خلفاء راشدین کی ممتاز فہرست میں پاتے ہیں۔ اب فیصلہ کیجیے، ہم کو اور آپ کو ان دونوں شقوں میں سے کونسی شق اختیار کرنی چاہیے اور کس پر ایمان لانا چاہیے؟ بلکہ جس شق پر ہم تو کیا ۱۴ سو برس سے اجتماعی طور پر تمام اہل حق ایمان لا چکے ہیں، کیا اب بھی اُسی ایمان پر قائم رہنا چاہیے یا ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مذہب کے رکن ثالث اجماع کا منکر ہو جانا چاہیے؟ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ۔ کیونکہ ایک نوخیز نام نہاد جماعت صالحین کے مصلح اعظم کا نظریہ شق ثانی کے بالکل خلاف ہے۔

سیدنا حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو سابقین میں سے ہیں، عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، ذوالنورین ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد اور آپ کے جلیل القدر صحابی ہیں، حضرت سیدنا ابوبکر الصدیق اور حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بعد آپ ہی کا مرتبہ ہے، ان کے فضائل و مناقب میں بہت احادیث موجود ہیں، وہ خلفائے راشدین میں سے تیسرے نمبر پر خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ پھر یہ کیا ستم، بلکہ یہ کونسا ایمان و اسلام ہے کہ ہم ان کو خلافت راشدہ کے لیے نا اہل اور نظام اسلامی میں جاہلیت کفر و شرک کے گھس آنے کا سبب تسلیم کر لیں؟ — محترم ناقد مولانا نے اسی پر بس نہیں کیا ہے بلکہ اپنی دوسری تحریروں میں ان پر اقربا نوازی اور عصبیت کا الزام بھی لگایا ہے جس کا اعادہ باعث تطویل ہے۔

اب آئیے اسد اللہ الغالب مولیٰ سیدنا حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف۔ اور دیکھیے محترم ناقد نے یہاں کیا گل کھلائے ہیں یعنی آپ کو خلافت کے لیے حریص و لالچی ثابت کیا ہے۔

Marfat.com

اپنی کتاب "انتخابی جدوجہد" میں پہلے تو ایک ضابطہ قائم کیا، خواہ وہ ضابطہ قرآن واحادیث کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔ وہ ضابطہ یہ قائم کیا کہ منصب حکومت وخلافت اور اسی قسم کے ذمہ دار عہدے کی خواہش کسی کو بھی نہ کرنی چاہیے خواہ وہ کوئی ہو۔ کیونکہ یہ فعل حرص ولالچ پر مبنی ہے۔ یہ ایک ضابطہ قائم کرنے کے بعد اسی کتاب "انتخابی جدوجہد" میں آگے چل کر تحریر فرمایا کہ "آپ (حضرت سیدنا علی) اس کے (یعنی خلافت کے) خواہش مند تھے"۔ اور ساتھ ہی حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک مقولہ تحریر کیا ہے کہ "مَا يَمْنَعُنِي مِنْكَ يَا عَلِيُّ إِلَّا حِرْصُكَ عَلَيْهَا" "اے علی! مجھے تم کو خلافت کے سوچنے سے کوئی چیز نہیں روکتی ہے الا یہ کہ تم اس پر حریص ہو"۔

ملاحظہ فرمایا جائے، محترم ناقد نے پہلے ایک ضابطہ قائم کر ڈالا کہ حکومت خلافت اور کسی ذمہ دار عہدے کی خواہش نہ کرنی چاہیے خواہ وہ کوئی ہو۔ کیونکہ یہ فعل حرص ولالچ پر مبنی ہے۔ اور پھر اسی ضابطہ کے تحت حضرت جناب مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی نسبت لکھ دیا کہ وہ اس کے خواہش مند تھے لہٰذا یہ ثابت کر دیا کہ چونکہ وہ خواہش مند تھے، اور خواہش مند ہونا حرص ولالچ پر مبنی ہوتا ہے لہٰذا وہ نعوذ باللہ حریص لالچی تھے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ حرص ولالچ نہایت مذموم صفت ہے۔ نتیجۃً یہ مذموم صفت اسی ذات گرامی کے ساتھ چسپاں کی گئی جو مولائے کائنات ہے اور صحابۂ کرام میں اس قدر فضائل ومناقب غالباً کسی کے نہیں ہیں جتنے حضرت سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے ہیں۔ اور اپنے اس ضابطہ اور خواہش مند اور حریص ہونے کی صفت کو حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقولہ سے تقویت پہنچائی گئی۔ گویا اپنے آپ کو دکر الگ ہو گئے کہ یہ ہم ہی نہیں کہہ رہے ہیں۔ دیکھیے، ان کے متعلق سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول۔

Marfat.com

مجتہد ناقد مولٰنا مودودی صاحب کا یہ دستور رہے کہ مشہور اقوال اور صحیح احادیث کو پڑھنے اور سمجھنے کے باوجود نظر انداز کر جاتے ہیں، اور غیر مشہور کتابوں کے اقوال عوام کو دھوکہ دینے کے لیے ایراد کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ صحیح بخاری کی حدیث چھوڑ کر جو ہم نقل کر رہے ہیں سیدنا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقولہ ایک غیر مشہور کتاب "الامامۃ والسیاسۃ" لابن قتیبہ صفحہ ۲۲ سے نقل کر کے کس دلیری اور کس خوبی سے حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ممنوع الخلافت ثابت کر دیا۔ اسی طرح اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں "الامام المہدی" کے بیان میں تمام احادیث صحیحہ مشہورہ کو نظر انداز کر کے شاطبی کی کتاب "موافقات" اور مولوی اسماعیل صاحب کی کتاب "منصب امامت" کی روایت ترجیحاً نقل کر دی جس کا بیان آگے آئے گا۔ یہ غور نہ کیا کہ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس قول میں بہ تقدیر فرض صحت قول اپنی انتہائی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کی کس قدر احتیاط برتی گئی کہ ارشاد خاص ایک ذات سے فرمایا اور حکم عام تھا کہ آگے چل کر یہی خواہش مندی و حریص ہونے کی صفت ہر کس و ناکس کے لیے ایک معیاری کلیہ نہ ہو جائے۔ کیونکہ بعض مواقع پر ایسے اہم مناصب اور ذمہ داریوں کی خواہش محمود ہوا کرتی ہے اور بعض مواقع پر مذموم۔ اور حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسی شخصیتیں اس قسم کی خواہش اس غرض سے کیا کرتی ہیں تاکہ یہ ذمہ داریاں دوسرے نااہل اشخاص کے ہاتھوں میں نہ پڑ جائیں جن سے دین میں اور شرعی امور میں خرابیاں واقع ہو جائیں اور نظام اسلامی درہم برہم ہو جائے۔

حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان دونوں یعنی حضرت سیدنا عثمان غنی اور سیدنا مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو خلافت کا اہل ہونا اچھی طرح جانتے تھے۔ اور اگر حضرت سیدنا عثمان غنی اور حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما خلافت کے لیے نااہل ہوتے اور خلافت کا خواہش مند ہونا مبنی بر حرص دنیاوی اور

Marfat.com

ناجائز ہوتا تو بخاری شریف کی اس حدیث کے کیا معنی ہوتے ہیں کہ :

عَنْ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ مَا اَجِدُ اَحَقُّ بِھٰذَا الْاَمْرِ مِنْ ھٰؤُلَآءِ النَّفَرِ الَّذِیْنَ تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ عَنْھُمْ رَاضٍ فَسَمّٰی عَلِیًّا وَّ عُثْمَانَ وَالزُّبَیْرَ وَطَلْحَۃَ وَسَعْدًا وَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ. مشکوٰۃ صفحہ ۵۶۵

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے آخری وقت میں فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن لوگوں سے رضامند ہونے کی حالت میں وفات فرمائی ان سے زیادہ خلافت کا حق دار اور کون ہو سکتا ہے اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی، حضرت عثمان، حضرت زبیر، حضرت طلحہ، حضرت سعد اور حضرت عبدالرحمٰن کے نام لیے۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)۔

اس سے ثابت ہوا کہ سیدنا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پس و پیش ان دونوں حضرات کو منصب خلافت تفویض کرنے میں نہ اس بناء پر تھا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی قوم سے عصبیت اور محبت برتتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت کے خواہش مند تھے، بلکہ وہی صورت تھی جو ہم نے پہلے لکھی ہے کہ محض احتیاط برتی جا رہی تھی اس بات کی کہ دوسرے نفس پرست لوگ صلۂ رحمی جو قرآن سے ثابت ہے، اور خواہش خلافت کو آڑ بنا کر اپنی نفسانی خواہشات پوری نہ کرنے لگیں۔ اور اپنے اس ارشاد میں ایک خاص اور عام تعلیمی شان بھی تھی۔ اور حقیقتاً کسی ارادے اور کسی خواہش کا بالکلیہ انتفاء خلاف بداہت ہے۔ کوئی ارادہ، کوئی فعل کوئی خواہش بُری نہیں، ارادے اور خواہش کا متعلق سُوء برا ہوا کرتا ہے اور جب کسی خواہش کے متعلق سُوء کی نفی کر دی گئی تو وہ خواہش محمود ہو گی مذموم نہ ہو گی۔ حضرت سیدنا مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خواہش خلافت میں متعلق سُوء اغراض دنیاوی اور نفسانی نہ تھے جو یہ خواہش مذموم تسلیم

Marfat.com

کرلی جائے کیونکہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفوس قدسیہ مزکّٰی ہو چکے تھے امّارگی کا نام ونشان باقی نہ تھا کہ ان کی خواہشات کو دنیاوی ونفسانی اغراض پر محمول کیا جائے۔ وہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ کا تمغہ اور سند حاصل کیے ہوئے تھے۔ نیز صحیح بخاری کی صحیح حدیث کو جو ہم نے نقل کی ہے سامنے رکھا جائے اور اس غیر مشہور کتاب الامامۃ والسیاست کے اس قول کو سامنے رکھا جائے تو یہ امر درایت کے بھی بالکل خلاف معلوم ہوتا ہے کہ ایک جگہ حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت کے لیے جن حضرات کے نام لے رہے ہیں جیسا کہ حدیث بخاری سے ظاہر ہے ان میں سب سے پہلا نام حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہٗ کا ہے۔ اور پھر وہ قول بھی فرما رہے ہیں جو کہ ابن قتیبہ نے اپنی کتاب "الامامۃ والسیاست" میں نقل کیا تو حضرت سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس قدر مضطرب الاقوال ثابت کرنا کونسی درایت ہے؛ لہٰذا صحیح حدیث موجود ہوتے ہوئے ایسے دور از کار اقوال کا کیا اعتبار۔ ہم پہلے ہی یہ لکھ چکے ہیں کہ حضرت مجتہد زماں محترم ناقد مولٰنا مودودی صاحب کی یہ خصوصیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح احادیث کو نظر انداز کر کے ابن تیمیہ، ابن قتیبہ، مولوی اسمٰعیل صاحب وغیرہ کے اقوال کو ترجیح دیا کرتے ہیں۔

قرآن مجید میں حضرت سیدنا یوسف علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس خواہش کا مذکور ہے کہ:

اِجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ط

مجھے زمین کے خزانوں پر حاکم مقرر فرما دے میں حفاظت کرنے اور جاننے والا ہوں۔

اور حضرت سیدنا سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ خواہش کہ:

رَبِّ ھَبْ لِیْ مُلْکًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ۔

اے رب مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی اور کے لائق نہ ہو۔

Marfat.com

ثابت ہوا کہ ایسی محمود خواہشات مذموم نہیں بلکہ انبیائے کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہیں۔

ان دونوں حضرات رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر تنقید کرنے کے بعد رئیس الانصار حضرت سعد ابن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خبر لی گئی ہے اور اسی کتاب "انتخابی جدوجہد" میں تحریر فرمایا گیا کہ:

"اس پورے گروہ میں صرف حضرت سعد ابن عبادہ ایک ایسے شخص تھے جن کے اندر امیدواری کی بو پائی جاتی تھی، مگر سب کو معلوم ہے کہ صحابۂ کرام میں سے کسی نے ان کا ساتھ نہ دیا نہ ان کی روش کو پسند کیا اور مرتے دم تک وہ منفرد ہی رہے"۔

غرض کہاں تک یہ رونا رویا جائے۔ چھانٹ چھانٹ کر جلیل القدر اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تنقید کے تیروں کا نشانہ بنایا گیا۔

نیز اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں حضرت سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کمزوری دربارۂ منصب خلافت کو اس طرح ثابت کیا گیا ہے کہ:

"اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے بڑھے اور انہوں نے اسلام کے سیاسی اقتدار کو جاہلیت کے تسلط سے بچانے کی انتہائی کوشش کی، مگر ان کی جان کی قربانی بھی اس انقلاب معکوس کو روک نہ سکی۔ آخر کار خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کا دور ختم ہوا، ملک عضوض نے اس کی جگہ لے لی اور اس طرح حکومت، اساس اسلام کے بجائے پھر جاہلیت پر قائم ہو گئی"۔

محترم ناقد پر جاہلیت کا بھوت کچھ اس طرح سوار ہوا ہے کہ اس کے علاوہ ان کو کچھ اور نظر ہی نہیں آتا۔ شاید وہ اس حدیث کو بھی بھول گئے کہ خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ۔ آنسرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد گرامی ہے کہ سب سے بہتر قرن تمام قرون میں میرا ہے، اس کے بعد صحابہ کا اس کے

Marfat.com

بعد تابعین کا۔ کاش، زیادہ نہیں تو کم از کم دورِ صحابہ اور دورِ تابعین ہی کو اسلام کا زمانہ تسلیم کیا ہوتا۔ مگر ان کو تو دورِ صحابہ میں ہی جس کا شمار خیر القرون میں ہے اور سیّدنا عثمان غنی و سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور ہی میں اجتماعی نظامِ اسلامی اور ان دونوں حضرات کے زمانۂ خلافت راشدہ ہی میں جہالت (کفر و شرک) اور حکومت اساسِ اسلام کے بجائے جاہلیت پر قائم ہوتی نظر آئی۔ تابعین کا دور بھی جو حدیث کے مضمون کے موافق خیر القرون میں شمار ہوتا ہے بجائے خود رہا۔ محترم ناقد کو تو یہ دونوں حضرات بھی ناقابلِ خلافت، کمزور، حریص و لالچی ہی نظر آئے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ۔ اور اگر باوجود ان کمزوریوں، اس ناقابلیت، اس خواہش مندی اور لالچ کے ان دونوں حضرات کے دور کو دورِ خلافت راشدہ مان بھی لیا جائے تو بھی جاہلیت کے گھس آنے کا باعث یہی دونوں حضرات ہوئے۔ پھر اس کے بعد ملک عضوض تھا یا بالفاظ محترم ناقد اسلام کا دور قطعاً نہ تھا جاہلیت کا ہی دور تھا۔ خواہ اس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جلیل القدر صحابی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دور ہو یا اصحاب و تابعین کرام کا، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ اور اس وقت سے لے کر اب تک یہ دریائے جاہلیّت یا کفر و شرک اُمڈا چلا آرہا ہے یہاں تک کہ اس چودھویں صدی میں ایک ایسا مصلح اعظم مجدد کل، اولی الامر بالکل جدید طرز کا لیڈر مہدی ظاہر ہُوا ہے جو کہ اس وقت سے لے کر اب تک کے دورِ جاہلیّت کو دور کرے گا اور اس کی جماعت، جماعتِ صالحین حقیقی معنیٰ میں جماعت موحدین مسلمین ہے۔ باقی تمام گناہ گار امت محمدی کا سواد اعظم جاہل و مشرک ہے اور چونکہ اس مصلح اعظم نے اس مشرک سواد اعظم اور عظیم جماعت میں سے اپنی ایک ٹکڑی صالحین مسلمین موحدین کی الگ کرلی ہے لہٰذا اس پر من شذ عن الجماعۃ شذ فی النار کا اطلاق نہیں ہو سکتا ہے اور وہ زمانہ دور نہیں جبکہ عنقریب یہ مصلح اعظم حکومت الٰہیہ (جس کو دو اولوا العزم نبی حضرت سیّدنا

Marfat.com

ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت سیّدنا عیسٰی رُوح اللہ علیٰ نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام قائم نہ کر سکنے پائے تھے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو جلیل القدر صحابی حضرت عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی قائم نہ رکھ سکے تھے جیسا کہ ہم بحوالہ کتب محترم ناقد کے اقوال نقل کر چکے ہیں) اسلامی نظام اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم کرلے گا۔ ہمارے ناقص خیال میں کوڑی دور کی لائی گئی ہے خواہ وہ آگے چل کر شیخ چلی کی کہانی ہی کیوں نہ ثابت ہو۔ اگرچہ یہ ممکن ہے کہ آج کل کی پرفریب سیاسی چالوں اور مخلوق کو اپنی طرف موہ لینے والی سماجی و سیاسی ترکیبوں سے ادوار زمانہ کا کوئی دُور ایسا بھی آجائے کہ اس جماعت کو بھی اقتدار حاصل ہو جائے لیکن خلافت راشدہ اور حکومت الٰہیہ سے کیا تعلق۔ نظام اسلامی، خلافت راشدہ، حکومت الٰہیہ، یہ تینوں عنوان بھی حقیقتاً مخلوق کو اپنی طرف متوجہ کرنے والی ترکیبوں میں سے ایک ترکیب ہے۔

۵۔ اب مصلح اعظم مذکورہ مہتم بالشان تنقیدوں سے فارغ ہو کر اولیائے کرام کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ صوفیائے کرام، اولیائے عظام، مجدّدین میں سے کوئی بھی ایسا نہیں کہ اس میں کوئی نہ کوئی نقص نکالا نہ گیا ہو۔ تصوّف سے تو محترم ناقد کو خاص بیر ہے، اور اسی وجہ سے صوفیائے کرام ہدف ملامت بنے ہیں۔ سب سے پہلے ہم مجدّدین کو لیتے ہیں۔ محترم ناقد نے مجدّدین کی ایک فہرست پیش کر کے اپنی کتاب "تجدید و احیائے دین" میں ہر مجدّد کے کارناموں پر تنقیدی نظر ڈالی ہے اور پھر لکھ دیا ہے کہ کلّی مجدد کوئی بھی نہ تھا، سب جزوی مجدّد تھے۔

قبل اس کے کہ ہم جزوی مجدّد اور کلی مجدّد کی بحث پر قلم اُٹھائیں ہمیں عرض کرنا یہ ہے کہ "اگر کچھ بن جانے کے لیے"۔ تجدید دین کا سہرا سر میں سمایا، ہمیں تسلیم۔ کسی کو کوئی حق اعتراض کا نہیں، خصوصاً اس دورِ پرفتن اور حریت خالصہ کے زمانے میں لیکن بزعم خود ایک مجدّدِ دین، مصلح اعظم اور مبلغ شرع متین کے لیے

Marfat.com

اخلاقاً کیا یہی زیب دیتا ہے کہ اپنی تجدید و تبلیغ پیش کرنے کے ساتھ ہی دوسروں کا مذاق اُڑائے۔ ان کے معتقدات حقّہ اور ان کے مشارب صحیحہ کی حد درجہ تضحیک کرے؟ یہ چھچھوری حرکات علم، اخلاق، متانت، دیانت، تجدیدی اور تبلیغی شان کے کس قدر خلاف ہیں۔ فیصلہ کر لیا جائے جو دوسروں کو جاہل مشرک کا لقب دے کر خود کو خالص مومن مسلم اور اپنی جماعت کو خالص اسلامی جماعت صالحین ثابت کرتا ہو اس کو یہی کرنا چاہیے۔ اس قسم کا کوئی شخص بھی ہو کیا وہ مبلغ اور مجدد کہلانے کا مستحق ہو سکتا ہے؟ یہ تو محض پھکڑ بازی ہو گئی، تبلیغ و تجدید تو نہ ہوئی۔

مجدّدین میں حضرت امام غزالی، حضرت شاہ ولی اللہؒ صاحب محدّث دہلوی رحمہما اللہ تعالیٰ کی بڑی تعریف و توصیف کرنے کے بعد بعض نقائص ان میں بھی قائم کر کے کہہ دیا گیا کہ یہ بھی جزوی مجدد تھے۔ اپنا کام پورا نہ کر سکے۔ حضرت امام غزالی زیادہ قصور وار اس لیے ٹھیرے کہ بالآخر وہ بھی تصوف کی طرف مائل ہو گئے، اور تصوف ناقد مجدد کی "چڑ" ہے۔ غرض ہوتے ہوتے باری آئی حضرت امام ربّانی مجدد منور لالف ثانی جناب ابو البرکات، بدر الدین، شیخ احمد سرہندی فاروقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی۔ کچھ تعریف و توصیف آنجناب کی فرمائی گئی اور فرما دیا گیا کہ نہیں، یہ بھی جزوی مجدد تھے۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی بالآخر جزوی مجدد کیوں ٹھیرے؟ اور ان پر الزام کیا ہے؟ وہی ناقد مجدد کی چڑ، یعنی تصوّف۔

چنانچہ اپنی کتاب مستطاب "تجدید و احیائے دین" میں حضرت مجدد الف ثانی قدس اللہ سرہ العزیز کی نسبت تحریر فرماتے ہیں کہ:

"تصوف کے بارے میں مسلمانوں کی بیماری کا پورا اندازہ انہوں نے بھی نہیں لگایا اور ان کو انہوں نے بھی پھر وہی غذا دے دی جس سے مکمل پرہیز کرانے کی ضرورت تھی (یعنی تصوف) اور یہ کہ اسی لباس میں مسلمانوں کو افیون کا چسکا لگایا

Marfat.com

گیا ہے اور اس کے قریب جاتے ہی ان مزمن مریضوں کو پھر وہی چُنیا بیگم (یعنی تصوّف) یاد آجاتی ہیں جو صدیوں ان کو تھپک تھپک کر سلاتی رہی ہیں"۔

ٹھیک فرمایا گیا۔ بیشک یہ وہی چنیا بیگم ہے جس کی ہوا بھی ایسوں کو نہیں لگ سکتی اور جس کا ذائقہ ایسوں کے لیے حرام ہے جو قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ لَاشَرِیْکَ لَہٗ کے مصداق نہ ہو جائیں۔ یعنی بغیر فنا فی اللہ وبقا باللہ کے یہ مرتبۂ حقیقی حاصل نہیں ہو سکتا ؎

ہیچ کس را تا نہ گردد او فنا نیست ره در بارگاہِ کبریا

؎ ازاں افیوں کہ ساقی در می افگند حریفاں را نہ سر ماند نہ دستار

تعجب تو یہ ہے کہ محترم ناقد مجدد کل کی چڑ تو ہے "تصوف"۔ لیکن اقرار اس کا بھی ہے کہ تصوف میں کوئی سکر و سرور و نشہ ضرور ہے۔ جبھی تو محترم ناقد نے تصوف کو افیون سے تشبیہ دی۔ تشبیہ کے لیے کوئی وجہ شبہہ تو ہونی چاہیے اور جب تک یہ نفس الامری وجہ شبہہ محترم ناقد کے معہود ذہنی نہ تھی، پھر کس طرح یہ وجہ شبہہ قائم کی گئی؟ یا یہ کہ افیون جس طرح آدمی کو تمام کاموں سے بے تعلق و بے کار کر دیتی ہے اسی طرح طریقت و حقیقت بلکہ حقیقت شریعت یعنی تصوف کے مرتبہ عالیہ پر پہنچ کر انسان اسفل السافلین سے نکل کر اپنی حقیقی، احسن تقویم پر آجاتا ہے تو یہ تصوف دنیاوی ضروری مشروع حوائج و ضروری امور کے علاوہ تمام ہواؤ ہوس سے ایسے متصوف انسان کو بے تعلق کر دیتا ہے۔ صوفی اگر معاش و معیشت اختیار کرتا ہے تو خدا و رسول کے حکم کے موافق، نکاح کرتا ہے تو حکم شریعت و سنت نبوی کے تحت، کھاتا پیتا ہے تو محض اس لیے کہ طاعت و عبادت کر سکے اور حقوق اللہ و حقوق العباد ادا کر سکے۔ یہاں تک کہ ایسا متصوف رخصت و فضول مباحات سے بھی پرہیز کرتا ہے۔ اس کا ہر فعل سنت و عزیمت کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا ہے۔ وہ اگر جہاد بھی کرتا

Marfat.com

ہے تو اللہ تعالیٰ کے دین کو قائم کرنے اور پھیلانے کے لیے۔ وہ سیاسی انقلابات، ذاتی اقتدار یا اپنے نفس کے مطابق حکومت الٰہیہ اور عملی تحریکات کے خواب نہیں دیکھا کرتا ہے۔ اجرائے شریعت، جہاد، اللہ تعالیٰ کے دین کی اشاعت، سنت سنیۂ نبوی کی پیروی اور اس کا پرچار بس یہی اس کی حکومت الٰہیہ ہوتی ہے اور یہی اس کا سیاسی انقلاب اور یہی اس کی عملی تحریک۔ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا کے مضمون کے موافق اس کی سیاست صرف اس کے ماسوا اور کچھ نہیں ہوتی ہے۔ الغرض ایسے متصوف انسان کا مرنا، جینا، چلنا پھرنا، کھانا پینا، اس کی ہر حرکت وسکون، اس کا ہر ایک کام محض اللہ تعالیٰ کے واسطے ہوتا ہے۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے متابعت حضرت جناب سرور کائنات کے سات درجے قائم فرمائے۔ چنانچہ اسی ضمن میں (مکتوب شریف پنجاہ وچہارم بہ سید شاہ محمد صاحب) تحریر فرماتے ہیں:

"علماء ظواہر بدرجۂ اولیٰ خرسند اند کاش آں درجہ را ہم سرانجام بدہند۔ متابعت را مقصور بر صورت شریعت دانستہ اند و وراے آں امرے دیگر نہ انگاشتہ۔ طریقۂ صوفیہ را کہ وسیلۂ حصول درجات متابعت است بیکار تصور نمودہ اند واکثر شاں پیر ومقتدائے خود را غیر از ھدایہ وبزدوی ندانستہ اند ؎

چو آں کرمے کہ در سنگے نہاں است　　زمین وآسماں او ہماں است

(ترجمہ) علماء ظاہر پہلے ہی درجۂ (متابعت) پر خوش ہیں۔ کاش اس پہلے درجہ ہی کو پورا پورا انجام دے لیں (ناقد محترم غور فرمائیں) متابعت (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو انہوں نے صورت شریعت پر منحصر کر رکھا ہے اور اس کے علاوہ کسی اور طریقہ کو مقرر نہیں کیا ہے۔ طریقۂ صوفیہ کو کہ وسیلۂ حصول درجات

Marfat.com

متابعت ہے بیکار تصور کر بیٹھے ہیں، اور ان علمائے ظاہر میں سے اکثر نے اپنا پیر و مقتدا بجز کتاب "ہدایہ" و "بزدوی" کے ماسوا اور کسی کو نہ جانا ہے"۔

(ناقد مجدد کل کو اس مذکورہ عبارت سے بہت زیادہ تکلیف پہنچے گی۔ ہمیں معاف فرمائیں۔ البتہ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ناقد محترم کو حقیقی ہدایت فرما کر کم از کم اُن علمائے ظاہر میں سے ہی فرما دے جو متابعت کے درجۂ اُولیٰ ہی کو پورا پورا انجام دے سکتے ہوں، اور ناقد محترم کو تصوف کی چڑ سے پاک صاف فرما کر صوفی صافی بنا دے، وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ)۔ یہ تھی مختصر سی چنیا بیگم کی روداد۔

ناقد مجدد کا ایک خانہ ساز کمال یہ بھی ملاحظہ ہو کہ مجددین کی فہرست میں ان کو بھی دھر گھسیٹا جو نہ حقیقتاً مجدد تھے، نہ وہ اس خاص علم و معرفت ظاہری و باطنی کے فقدان کی وجہ سے جو ایک مجدد مائۃ کے لیے ضروری ہے مجدد ہونے کے مستحق تھے، نہ من جانب اللہ تعالیٰ ان کو منصب عالیہ مجدد مائۃ عطا ہوا تھا۔ یہ دوسری بات ہے کہ بعض کو بوجہ تبحر علم ظاہری، ورع و تقویٰ، وفور اتباع شریعت و سنت، کثرت افادیت دین و مذہب وغیرہ اپنی طرف سے مجدد کا مرتبہ دے دیا جائے۔ مثلاً علماء، محدثین، فقہاء، زہاد، متقین وغیرہ کو مجدد تسلیم کر لیا جائے جیسا کہ علامہ ملا علی قاری وغیرہ نے فرمایا ہے۔ لیکن وہ مجدد مائۃ جس کے متعلق احادیث میں ارشاد ہوا ہے وہ ایک منصب عالی ہے جو من جانب اللہ تعالیٰ عطا ہوا کرتا ہے۔ ایسا مجدد ظاہراً و باطناً عالم اور عالم والوں کو اپنے فیوض و برکات سے مالا مال فرما دیتا ہے۔ اور یہ مجدد سازی کی غلطی اس لیے ہوئی کہ بہ سبب لاعلمی اور بربناء تعصب اعتقادی یہ پتہ تو تھا ہی نہیں کہ مجدد مائۃ کون ہو سکتا ہے، اور مجدد کن ظاہری و باطنی اوصاف کا حامل ہوتا ہے۔ اور پھر دوسرا کمال یہ کہ خود ہی ان مجددین کا گھروندا بنایا بھی اور خود ہی توڑ پھوڑ بھی ڈالا کہ اونہوں، یہ سب بھی جزوی مجدد

Marfat.com

تھے، اپنے دل کو نہیں بھاتے۔ اس تمام پارٹ کے ادا کرنے سے ہمارے تو پیشِ نظر مطلب سعدی دیگر ست والا معاملہ ہے۔ یعنی ان سب مجددین نے کام پورا نہیں کیا، جزوی مجدد ہی جو ٹھیرے۔ اب آؤ، آؤ! اس چودھویں صدی میں میری طرف دیکھو اور جزو و کُل کا فیصلہ خود ہی کر لو۔ میں تو اپنے منہ سے کوئی دعویٰ کرتا نہیں ہوں، مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ میں تو بلا دعویٰ خدائے تعالیٰ کے روبرو پیش ہو جاؤں گا۔"

آئیے اب مجدّد مائۃ کی طرف۔ حدیث شریف ہے: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ یَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰی رَاْسِ کُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَهَا دِیْنَهَا (رواہ ابو داؤد۔ مشکوٰۃ) غور کا مقام ہے کہ ہر صدی پر ایک ایسے مجدد کی ضرورت ہے جو دین کی تجدید کرے۔ ایسا شخص وہی ہو سکتا ہے جو علماء ربانی اور عُلَمَآءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَآءِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ کا مصداق ہو، تام المعرفت ہو (یعنی علم باطن اور تصوف میں کامل دستگاہ رکھتا ہو) تمام علوم ظاہری کا پورا متبحر، مدقق، محقق ہو، اس کا علم علمِ لدنی ہو۔ تام المعرفت، علم لدُنی اور عُلَمَآءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَآءِ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ کی صفات سے اتصاف والا وہی ہو سکتا ہے جو علوم ظاہری کے علاوہ علوم باطنی، سلوک و معرفت، اور تصوف میں بھی منتہی الی اقصی الغایات والنہایات ہو اور اس طرح ظاہراً و باطناً کامل مکمل ہو کر مکمل متبع آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہو۔ ہر کس و ناکس اور علم ظاہر میں کچھ شُد بُد اور کچھ دسترس حاصل کر لینے والا یا جدید قسم کا لیڈر مجدد مائۃ نہیں ہو سکتا ہے بلکہ محض علم ظاہر میں تبحر رکھنے والا بھی بغیر دیگر مذکورہ حصُول کمالات کے مجدد نہیں ہو سکتا ؎

ہر گدائے مرد میداں کے شود　　پشۂ آخر سلیماں کے شود

Marfat.com

ایسے منصب والا یعنی قطب ارشاد اور مجدّد بلیشک صاحب علم ہوتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کو علم دیا جاتا ہے کہ تو مجدد مائۃ اور تو قطب ارشاد ہے۔ اندھیرے میں اندھے کی لاٹھی نہیں ہوا کرتا ہے۔ اس کو تجدید دین کا جو منصب عطا فرمایا جاتا ہے تو اُس کے متعلقات اور امور تجدید شریعت مطابق کتاب و سنت نیز اس کو الہامات الٰہیہ سے نوازا جاتا رہتا ہے اور اس طرح وہ اپنا تبلیغی فرض ادا کرتا ہے۔

اب غور فرمایا جائے حدیث شریف کے مبارک الفاظ پر اِنَّ اللہَ عَزَّ وَجَلَّ یَبْعَثُ یعنی تحقیق اللہ عزّ و جل مبعوث فرماتا ہے۔ لفظ اِنَّ تحقّق و تاکّد کے لیے آتا ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کے مبعوث فرمانے سے تحقیقی طور پر یہ بات ثابت ہو گئی کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی مجدّد کو مبعوث فرماتا ہے۔ کسی دوسرے کو نہ مجدّد بنانے کا حق پہنچتا ہے نہ کوئی دوسرا بنا سکتا ہے (جیسا کہ بہت سے مجددین ناقدِ محترم نے بیک گردش قلم بنا ڈالے) نہ کسی کو یہ حق ہے کہ وہ خود مجدّد بن بیٹھے (غور فرمائیں محترم ناقد) نیز یہ لفظِ "بعثت" انبیاء کرام کے ساتھ مخصوص ہے۔ ان کی نیابت کرنے والوں کے واسطے بھی استعمال فرمایا گیا۔ یہ قطعی ثبوت ہے اس بات کا کہ مجددین وغیرہ خاص نائب مناب ہوتے ہیں آں سرورِ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اور جس طرح بعثت انبیاء عالم والوں کے لیے رحمت ہوتی ہے، بہ تبعیت ان اولیاء کرام کی بعثت بھی رحمت ہوتی ہے، منکر مانے یا نہ مانے۔ اور چونکہ مجدد تجدید دین متین کرتا ہے لہٰذا اس کا کلی کام یہی ہے اور اس لحاظ سے وہ جزوی مجدّد نہیں ہوگا بلکہ اپنا کار مفوضہ پورا انجام دینے کی وجہ سے کلّی مجدّد ہوگا۔ یہ اصطلاحات یعنی جزوی اور کلی کی۔ جدید قسم کے لیڈر مجدّد کی عقلی منتزعات بمفاد خود ہیں، لہٰذا جزوی اور کلی کی بے معنی بحث کوئی معنی نہیں رکھتی۔

Marfat.com

واضح رہے کہ ہر مجدد مائۃ کی تجدید دین کا اثر سو برس تک رہتا ہے یہاں تک کہ دوسرا مجدد مائۃ برسر صدی مبعوث فرما دیا جائے۔ یہ تھی بحث مجدد مائۃ کی۔ اب مجدد الف کا مرتبہ اسی نسبت سے معلوم کرنا چاہیے یعنی جو فرق کہ مائۃ اور الف یعنی سو اور ہزار میں ہے وہی فرق مجدد مائۃ اور مجدد الف میں ہے۔ حضرت جناب شیخ احمد سرہندی قدس اللہ سرہ العزیز مجدد الف ثانی تھے اور اس کے متعلق یہ حدیث شریف ہے:

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَبْعَثُ اللّٰہُ رَجُلًا عَلٰی رَاْسِ اَحَدَ عَشَرَ مِائَۃِ سَنَۃٍ ھُوَ نُوْرٌ عَظِیْمٌ اِسْمُہٗ اِسْمِیْ بَیْنَ سُلْطَانَیْنِ جَائِرَیْنِ وَلَیَدْخُلُ خُلُ الْجَنَّۃَ بِشَفَاعَتِہٖ الْجَمُّ الْغَفِیْرُ رِجَالُ اُلُوْفٌ۔ الخ (کَمَا ذَکَرَنِیْ جَامِعُ الدُّرَرِ۔ ماخوذ از کتاب دُرَّۃُ الْمُضِیَّۃِ فِی الْمَنَاقِبِ الْاَحْمَدِیَّہ مؤلفہ حضرت جناب قطب ارشاد مولانا محمد ارشاد حسین عمری مجددی نقشبندی رام پوری)۔

نیز علامہ جلال الدین سیوطی نے کتاب جَمْعُ الْجَوَامِع میں یہ حدیث شریف نقل کی ہے کہ:

یَکُوْنُ رَجُلٌ فِیْ اُمَّتِیْ یُقَالُ لَہٗ صِلَۃٌ یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ بِشَفَاعَتِہٖ کَذَا وَکَذَا

افسوس یہ ہے کہ ہمارے ناقد محترم حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ مبارک میں نہ تھے جو یہ مشورہ دے سکتے کہ یہ آپ مزمن مریضوں کو پھر وہی غذا دینے لگے اور پھر اسی چنیا بیگم (تصوف) کا چسکا لگانے لگے جس نے صدیوں مسلمانوں کو تھپک تھپک کر سلایا۔ یہ آپ کرتے کیا ہیں؟ نیز ہمارے جدید لیڈر قسم کے ناقد مجدد کچھ ایسی عملی امداد بھی ضرور کرتے کہ وہ جزوی مجدد سے کلی مجدد میں تبدیل ہو جاتے۔ مگر وہ تو جو کچھ ہونا تھا ہو چکا، اب کیا ہو سکتا ہے ؎

خیال زلف بتاں میں نصیر پیٹا کر گیا ہے سانپ نکل، اب لکیر پیٹا کر

محترم ناقد کی تحریروں، تنقیدوں اور تبلیغ و عمل سے ظاہر ہے کہ تصوف و طریقت سے صرف بیزاری

Marfat.com

ہی نہیں ہے بلکہ اسلام اور دین کو بھی علامہ ابن تیمیہ اور عبدالوہاب نجدی وغیرہ کے دائرے میں محدود کر دیا ہے۔ قرآن و حدیث سے جن امور کا ثبوت موجود ہے اس سے بھی انکار ہے اور جمہور اہل حق کے خلاف ان کا استنباط اپنے ہوائے نفس اور منتزعات عقلی کے موافق کر کے باقی اسلام کے پورے سواد اعظم کو جاہلیت مشرکانہ کی بھٹی میں جھونک دیا گیا۔ اقطاب، اغواث، ابدال غرض تمام اولیاء اللہ کو تو اَرْبَابٌ مِنْ دُوْنِ اللہ قرار دے دیا یعنی جمہور ملت اسلامیہ نے ان حضرات کو چونکہ ارباب مِنْ دُوْنِ اللہ کا درجہ دے رکھا ہے لہٰذا ان سب کے جاہل مشرک ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے۔ پھر توسل و تقرب اِلی اللہ تعالیٰ، کرامات اولیاء، تصرفات، مجاہدات، ریاضات، مراقبات، مکاشفات، اعمال و وظائف، ذکر اذکار، مخالفت نفس امارہ، فاتحہ، درود، عرس وغیرہ وغیرہ سب بدعات اور رسوم جاہلیت مشرکانہ حضرت حق سبحانہ، انبیاء، اولیاء، مجددین، غرض سبھی پر تنقید کر ڈالی ؎ آفریں باد بریں ہمت مردانہ تو۔

غرض یہ ہے کہ اس قسم کی مذکورہ تنقیدوں اور اس قسم کے تمام معارف موحدانہ کی گل افشانیوں سے تو ایمان و اسلام پر کوئی زد نہیں پڑتی ہے، ہاں البتہ مذکورۂ بالا تصوف سے متعلق تمام امور کے اختیار کر لینے سے جمہور مسلمان مشرک ہو جاتے ہیں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو اُمت مرحومہ کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ کے لقب سے سرفراز ہوا اور جو اُمَّۃٌ مُّذْنِبَۃٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ کی بشارت سے مبشر اور جس کی فضیلت سے کتابوں کے ابواب و فصول بھرے پڑے ہیں اس کو تو کلیتہً جاہل مشرک قرار دے دیا جائے، اور ایک چھوٹی سی ٹکڑی کو سواد اعظم اہل حق سے تڑا کر اور فاسد عقیدوں میں مبتلا کر کے موحدین و صالحین کا لقب دے دیا جائے، اور ما بقی سب مشرکین و ضالین ؎

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

Marfat.com

اب تصوّف اوراس کے متعلقات کے متعلق بعض دلائل بیان کیے جاتے ہیں بحسن توفیقہٖ وعلیہ التکلان۔

تصوّف، بدعات میں سے کوئی بدعت نہیں ہے۔ اور تصوّف شرک جلی و شرک خفی میں سے کسی شرک کی بھی کوئی قسم نہیں ہے کہ جس کے اختیار کر لینے سے مسلمان جاہل مشرک قرار دے دیا جائے۔ اکابر رحمہم اللہ علیہم اجمعین نے تصوف کی بیسیوں تعریفیں فرمائی ہیں جن کا نقل کرنا موجب تطویل ہے۔ یوں سمجھ لینا چاہیے کہ شریعت حقہ کی پابندی اور طریقت وحقیقت اور سیر وسلوک باطنی کے مدارج طے کر لینے کے بعد جب انسان درجۂ عالیۂ حقیقت شریعت پر پہنچ کر تہذیب اخلاق کر کے متخلق باخلاق اللہ تعالےٰ اور متبع کامل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہو جاتا ہے اسی کا دوسرا اصطلاحی نام تصوف ہے اور ایسا انسان کامل صوفی کہلاتا ہے۔ دَرَجَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ۔

اس جامع مختصر تعریف سے وہ نام نہاد تارک شریعت عزا دنیا طلب لوگ خارج ہو گئے جو شیخ اور پیر بن بیٹھے ہیں اور اپنا لقب صوفی رکھ چھوڑا ہے اور جو تصوف وصوفیاء کرام کو بدنام کرتے ہیں۔ اب رہے حقیقتاً وہ صوفی صاحب احوال باطنی اور سالک سیر الی اللہ تعالیٰ جن کا مسلک وحدت وجود ہے اور جن کی آڑ پکڑ کر وہ لوگ جن کے قلوب مرض باطنی سے پاک نہیں ہیں، تصوف اور صوفیائے کرام پر معترض ہوتے ہیں اُن کے متعلق تشریح وتوضیح یہ کی جاتی ہے کہ ہر علم اور ہر راستہ کے کچھ مدارج ہوا کرتے ہیں اور دوران حصول علم وسیر راہ مختلف احوال پیش آتے ہیں۔ جب یہ طالبان خدائے عزّ وجل وسالکان راہ مولیٰ جلّ شانہٗ اس راہ باطنی میں قدم رکھتے ہیں اور مدارج قرب طے کرتے چلے جاتے ہیں تو بعض تجلیات ظلیہ کا ورود ان کو ایسا مغلوب الاحوال کر دیتا ہے کہ بجز اپنے مشہود کے ان کو کچھ نظر نہیں آتا۔ یہاں تک کہ

Marfat.com

اس غلبۂ حال میں ان کو اپنا وجود بھی نظر نہیں آتا، اور اس غلبۂ حال میں کلمات سکریہ ان سے سرزد ہو جاتے ہیں۔ اور چونکہ ان کی یہ دید اور ان کے یہ کلمات خلاف شریعت ہیں لہٰذا مورد طعن و ملامت ہو جاتے ہیں ؎

در عشق چنیں بوالعجبہا باشد

یہ ان کا حال ہم نے چند عام فہم الفاظ میں بیان کیا، ورنہ یہ مسئلہ وحدت وجود بڑا دقیق و وسیع مسئلہ ہے اور یہ ایک باطنی حال ہے جس کو صاحب باطن ہی "جس پہ گزرتی ہے وہی جانتا ہے" کے مصداق کے موافق سمجھ سکتا ہے۔ اور ایسا مغلوب الاحوال بزرگ معذور ہے۔ لِاَنَّ السُّکَارٰی مَعْذُوْرُوْنَ۔ ایسے مغلوب الاحوال اکابر اولیائے کرام رحمہم اللہ علیہم اجمعین کے متعلق طریق وسط و اعتدال یہ ہے کہ ان کے اقوال پر عمل نہ کیا جائے۔ اور چونکہ وہ خود مقبولان بارگاہِ الٰہی جل شانہٗ ہیں، اپنی نافہمی اور بے سمجھی سے ان کو ہدف تیر ملامت نہ بنایا جائے۔ ایسے قتیل تیغ محبت اور اللہ تعالیٰ کے عشق میں مغلوب و مدہوش بزرگوں پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی گرفت نہیں ہے، نہ انہوں نے خود اپنے اندر یہ حال پیدا کیا ہے، نہ دانستہ بہ قائمی ہوش و حواس ایسے کلمات سکریہ خلاف شریعت ان سے سرزد ہوئے ہیں۔ اور ایسے ایک دو، دس بیس، سو دو سو نہیں بلکہ صوفیہ کا ایک جم غفیر ہے اور ان میں بڑے بڑے اکابر گزرے ہیں۔ کیا کہا جائے گا حضرت محی الدین ابن عربی صاحب فصوص الحکم قدس اللہ سرہ العزیز کو جو ایک عظیم المرتبت وحدۃ الوجودی مقبولان بارگاہِ الٰہی میں سے تھے، اور حقیقتاً مسائل دقیقہ وحدت الوجود کی تدوین و ترتیب انہوں نے ہی کی ہے۔

حضرت سیدنا جناب موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانۂ مبارک میں ایک دل جلے، سوختہ جاں، عاشق مولیٰ جل شانہٗ نے حضرت سیدنا موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے فرطِ اشتیاق و محبت سے بے تاب ہو کر جب یہ کہا کہ "اے اللہ! اگر تو میرے پاس آجاتا تو میں تیرا منہ دھلاتا،

Marfat.com

تیرے بالوں میں کنگھی کرتا وغیرہ وغیرہ تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اِن کلمات کفریہ کے سننے کی تاب نہ رہی اور ان کو ڈانٹا۔ وہ ڈر گئے۔ حضرت کلیم اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت حق سبحانہ کی طرف سے خطاب فرمایا گیا جس کو حضرت مولانائے روم علیہ الرحمۃ نے اپنی مشہور مثنوی میں بڑے پر کیف الفاظ میں اس طرح ادا فرمایا ہے کہ ؎

وحی آمد سوئے موسیٰ از خدا — بندۂ ما را چرا کردی جدا

تو برائے وصل کردن آمدی — نہ برائے فصل کردن آمدی

موسیا آداب داناں دیگر اند! — سوختہ جان و روانان دیگر اند

الغرض یہ ایک حال ہے اور ایسے احوال والوں پر دو قسم کے لوگ ہی معترض ہوا کرتے ہیں۔ ایک وہ جو اپنی بے سمجھی، کم فہمی اور بے علمی کی وجہ سے، دوسرے وہ کہ جن کے دلوں میں مرض ہو اور جو سرے سے ہی تصوف کے منکر ہوں اور تصوّف کو اپنی چڑ بنا بیٹھے ہوں۔

حضرت شیخ فریدالدین عطار فرماتے ہیں ؎

کفر کافر را و دیں دیندار را — ذرّۂ دردے دلِ عطار را

سچ ہے ؎

ہم زہد و قناعت کے بھی منکر نہیں ناظم — پر قاعدۂ فقر و فنا اور ہی کچھ ہے

حقیقتاً غور کا مقام ہے، جبکہ عشق مجازی میں عاشق و معشوق میں اتحاد و یگانگت اس درجہ کو پہنچ سکتی ہو کہ ؎

عجیب عشق کا دونوں طرف اثر پھیلا — وہ کہہ رہی اَنَا القَیس وہ اَنَا لَیلیٰ

Marfat.com

تو عشق حقیقی میں انسان خلیفۃ الرحمٰن جس کی خلقت و فطرت ہی سرشت عشق سے ہو اگر اس قدر مغلوب الاحوال اور از خود رفتہ ہو جائے کہ بجز اپنے مشہود اور محبوب کے اور کچھ نظر نہ آئے تو اس میں کونسا استبعاد ہے؟ ہاں، جو مستقیم الاحوال اکابر اس مقام وحدۃ الوجود سے آگے مقام عالی کی طرف ترقی فرما جاتے ہیں ان سے ایسے کلمات سرزد نہیں ہوتے اور اس حال سے اور اس کے اظہار سے عامۂ مومنین کے اندر جو خرابی پیدا ہوتی ہے اس کا وہ دفعیہ فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو مکتوبات شریف حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ مختصر یہ کہ ہمارے مذکورہ بیان اور مذکورہ تعریف تصوف سے تصوف و صوفیائے کرام پر مذکورۂ بالا دو وجوہ سے نادان اور متعصب جو اعتراض کرتے تھے وہ مندفع ہوئے۔ اس کے بعد اختصار کے ساتھ عرض ہے کہ تصوّف، طریقت، حقیقت، سیر و سلوک، علم باطن، ان سب کی اصل قرآن و حدیث سے ثابت ہے، وَھُوَ ھٰذَا:

حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ

اللہ نے مومنوں پر البتہ تحقیق احسان فرمایا ہے کہ انہی میں سے ایک رسول کو مبعوث فرمایا (جو) اُن پر اس کی (اللہ تعالیٰ کی) آیتیں پڑھتا ہے اور ان کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اللہ (قرآن) اور کام کی بات سکھاتا ہے۔

نیز حق سبحانہٗ نے فرمایا:

كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا

جیسے ہم نے تم پر تمہیں میں سے رسول بھیجا کہ ہماری آیتیں

Marfat.com

عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ — تم پر پڑھتا ہے اور تم کو پاک کرتا ہے اور قرآن اور بھید کی باتیں

وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ — سکھاتا ہے اور جو تم نہیں جانتے وہ بتاتا ہے۔

اس آیت کریمہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چار خصوصیات مخصوص ہوئیں: (۱) تلاوت آیات قرآنی۔ (۲) تزکیۂ نفوس (۳) تعلیم کتاب (قرآن) (۴) تعلیم حکمت۔

غور کرنے کا مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اللہ نے مومنوں پر احسان فرمایا۔ تو مومن وہی ہوا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لے آیا۔ لہٰذا ایمان لانے کی حیثیت سے ایک انسان مومن تو ہو چکا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کی آیات بھی اس کو پڑھا دیں۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ ایمان ظاہری کی تکمیل ہو چکی۔ اب اس ظاہری ایمان کی تکمیل کے بعد انہی مومنین کا تزکیۂ نفس فرمایا جاتا ہے۔ یعنی نفس میں باطناً جو مشرکانہ امور مرکوز تھے ان کا تزکیہ۔ اور یہ ظاہر ہے کہ شرک کی دو قسمیں ہیں۔ ایک شرک جلی، دوسری قسم شرک خفی۔ ایمان باللہ کے ساتھ ہی شرک جلی زائل ہو گیا، اور یہ ہے تصفیہ قلب۔ اور شرک خفی سے تزکیہ کے بعد نجات ملی، یہ ہے تزکیۂ نفس۔ اور یہی تصفیۂ قلب اور یہی تزکیۂ نفس طریقت، حقیقت اور تصوف ہے۔ لہٰذا تصوف کا ثبوت قرآن سے ثابت ہوا۔ اور اولیائے کرام جو آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ظاہر شریعت اور باطن شریعت کے ساتھ کامل مکمل متبع ہوتے ہیں بہ تبعیت یہی تصفیۂ قلب اور یہی تزکیۂ نفس فرمایا کرتے ہیں۔ نیز آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام جو من جانب اللہ تعالیٰ مخلوق کے لیے سراپا ہدایت و رحمت، مبلغ اکمل اور ہادی اعظم تھے اور ہیں، ان کا کام مومنین کی تکمیل کے متعلق یہیں ختم نہیں ہو جاتا ہے بلکہ اس تصفیۂ قلب و تزکیۂ نفس کے ذریعہ ایک مومن کو اس قابل بنا دیا جاتا ہے کہ علم و حکمت کے اسرار غامضۂ الٰہیہ اور اشارات و رموز حقانیہ کو سیکھ سکے۔ قرآن وَيُزَكِّيهِمْ وَيُزَكِّيكُمْ

Marfat.com

کے مراتب حاصلہ کے بعد ہی ڈنکے کی چوٹ کہہ رہا ہے وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ اور وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ اور يُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ط لہٰذا مومن اس تصفیہ وتزکیہ کے بعد حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فیض صحبت مقدسہ، آپ کے وسیلہ، آپ کی امداد، آپ کی توجہ وتصرف قلبی سے حکمت اور بھید کی باتیں، باطنی رموز واسرار غامضۂ الٰہیہ، حقائق ودقائق قرآنی (جن کا منکرین انکار کرتے ہیں) سیکھ لیتا ہے۔ یہی امداد وتوجہ وتصرف ظاہری وباطنی ہے، اور ان حِکَم واسرار الٰہیہ اور مدارج قرب الٰہی پر تدریجاً وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ (ای الموت) تک فائز ہوتے رہنے کا نام عروجات ومدارج روحانی ہے، اور اسی کا نام سیر وسلوک اور مقامات ہے۔ لہٰذا منکرین کے ان تمام حقائق سے انکار کرنے کو کیا کہا جائے گا؟ انکار ہی نہیں بلکہ شرک کے لقب سے ملقب کرنے کو۔ مجدد، ابدال وغیرہ بحیثیت مجموعی اولیائے کرام کا اذکار سمجھ سے بالاتر ہے جبکہ اولیاء کا ثبوت قرآن مجید دے رہا ہے کہ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ اور حدیث قدسی اَوْلِيَائِيْ تَحْتَ قَبَائِيْ الخ نیز اور دیگر احادیث اس پر ناطق ہیں۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے مکتوبات میں ارشاد فرماتے ہیں:

"وجود اہل اللہ کرامتے است از کرامات ودعوت ایشاں مر خلق را بحق جل سلطانہٗ رحمتے است از رحمتہائے حق جل سلطانہٗ واحیائے قلوب اموات آیتے است از آیتہائے عظمیٰ۔ ایشاں امان اہل ارض اند وغنیمت روزگار اند بہم یمطرون وبہم یرزقون در شان شان است۔ کلام شاں دوا است ونظر شاں شفا۔ هُمْ جُلَسَآءُ اللّٰهِ وَهُمْ قَوْمٌ لَا يَشْقٰى جَلِيْسُهُمْ وَلَا يَخِيْبُ اَنِيْسُهُمْ"

یعنی اہل اللہ کا وجود کرامتوں میں سے ایک کرامت ہے اور مخلوق کو حق سبحانہٗ کی طرف ان کی دعوت (بلانا)

Marfat.com

حق جل سلطانہٗ کی رحمتوں میں سے ایک رحمت ہے اور ان کا مردہ دلوں کو زندہ کر دینا بڑی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔ وہ زمین والوں کے لیے امان ہیں اور غنیمت روزگار ہیں۔ ان کے ذریعہ سے بارش برسائی جاتی ہے اور ان کے ذریعہ سے مخلوق کو رزق پہنچایا جاتا ہے۔ یہ ان کی شان ہے۔ ان کا کلام دوا ہے اور ان کی نظر شفا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے جلیس ہیں اور یہ اہل اللہ وہ جماعت ہے کہ ان کا جلیس بدبخت نہ ہوگا اور ان کا انیس گھاٹے میں نہیں رہے گا۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان احادیث کی طرف اپنے ارشاد میں اشارہ فرمایا ہے:

(۱) قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِکُمْ (رواہ البخاری)

(۲) وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِکُمْ (رواہ ابوداؤد)

(۳) وَکَانَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِیْكِ الْمُھَاجِرِیْنَ (رواہ فی شرح السنۃ)

اور حدیث قدسی ہے:

(۴) اَنَا جَلِیْسُ مَنْ ذَکَرَنِیْ وَاَنَا مَعَ عَبْدِیْ مَا ذَکَرَنِیْ وَتَحَرَّکَتْ شَفَتَاہُ۔

مگر یہاں اولیاء اللہ، صوفیائے کرام، تصوف وغیرہ کا مذاق اڑایا جا رہا ہے۔ اگر اس خصوص میں تفصیل سے بیان کیا جائے تو ایک مستقل کتاب تیار ہو جائے۔ اور حالانکہ کتابیں بھری پڑی ہیں، جو دیکھتے ہیں وہ دیکھتے ہیں اور سمجھتے ہیں۔ اور جو باوجود دیکھنے کے سمجھنا تو درکنار انکار کر بیٹھتے ہیں ان کا کوئی علاج ہی نہیں ــــ منکر را غیر از انکار چارۂ کار نیست

اب رہے مدارج اولیاء، تو بعض مدارج کا ذکر حدیث شریف سے ثابت ہے جیسا کہ مجددین کے

Marfat.com

بیان میں حدیث نقل کی جا چکی ہے لہٰذا مجدد کا ثبوت حدیث سے ہے۔ اب رہے ابدال، تو یہ لیجیے:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْاَبْدَالُ یَکُوْنُوْنَ بِالشَّامِ وَھُمْ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا کُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ رَجُلًا یَّسْقِیْ بِھِمُ الْغَیْثَ وَیَنْصُرُ بِھِمْ عَلَی الْاَعْدَآءِ وَیَصْرِفُ عَنْ اَھْلِ الشَّامِ بِھِمُ الْعَذَابَ ط

حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ شام کی تخصیص بجہت قرب ہے ورنہ ان کی برکت و نصرت تمام عالم کو شامل ہے خصوصاً جو کوئی ان سے مدد و استعانت کا طالب ہو۔

وجود ابدال کا ذکر حضرت سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے دیگر احادیث میں بھی ہے (مشکوٰۃ)۔

مذکورہ مختصر احادیث سے اولیاء اللہ تعالیٰ کی برکات و تصرفات کا بھی ثبوت ظاہر ہے، جن کا مذاق اُڑایا گیا ہے۔

اب لیجیے مراقبات کی اصل کو ——— مراقبہ مشتق ہے ترقب سے جس کے معنی انتظار کے ہیں۔ لہٰذا مراقبہ کے معنی انتظار فیض الٰہی کے ہوئے۔ جناب حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حضرات صحابہ ایسے ساکت و صامت گردنیں ڈالے اور سر جھکائے بیٹھے رہتے تھے کہ یَجْلِسُوْنَ حَوْلَہٗ خَاشِعِیْنَ کَاَنَّمَا عَلٰی رُءُوْسِھِمُ الطَّیْرُ مُقْنِعِی الرُّءُوْسِ غَاضُّ الْبَصَرِ وَاَفْئِدَتُھُمْ ھَوَآءٌ۔ کیا یہ حدیث صحیح نہیں ہے؟ صحابۂ کرام کا اس طرح ساکت و صامت سر جھکا کے بیٹھنا اخذ فیوض باطنی کے لیے تھا اور اسی کا نام مراقبہ ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متبع کامل صوفیائے کرام نے بھی یہی طریقہ اختیار فرمایا۔ بتایا جائے اس میں کونسا شرک ہے؟

اب رہا بیعت کا معاملہ، تو تعجب ہوتا ہے کہ جو شے قرآن، حدیث، خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ

Marfat.com

عنہم کے مبارک عمل سے ثابت ہو اس کو کس طرح جھٹلایا جا سکتا ہے؟

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

البتہ اللہ راضی ہو گیا ان مومنین سے جنہوں نے درخت کے نیچے (اے محمدؐ) آپ سے بیعت کی ہے۔

یہ ہے مشہور بیعت رضوان۔ دوسری آیت بیعت نساء کے متعلق ملاحظہ ہو:

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

یہ واقعہ فتح مکہ کے وقت کا ہے جبکہ جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام تمام مردوں کی بیعت سے فارغ ہو کر عورات مستورات کی بیعت کی طرف متوجہ ہوئے تو یہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی۔

مختصراً ثبوت بیعت کے لیے یہی دو آیات کافی وافی ہیں۔ اتباعاً صوفیائے کرام بھی اپنے دست حق پرست پر بیعت لے کر مجملاً توبہ کرا دیتے ہیں۔ پھر معلوم نہیں اس میں کونسا شرک گھس گیا۔ نیز بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے سیدنا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدنا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست حق پرست پر بیعت کی اور پھر تمام موجودہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے اور یہ طریقہ سیدنا حضرت عثمان غنی اور سیدنا حضرت مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خلافت کے وقت بھی عمل میں لایا گیا اور اس طرح اس حدیث شریف کے موافق کہ عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ خُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ طریق بیعت سنت رسول وسنت خلفاء راشدین علیہ وعلیہم التحیۃ والسلام ٹھیرا۔ اس کے بعد تمام اہل حق اہل اللہ مومنین صالحین کا اس پر اجماع ہو گیا۔ اب اگر کوئی گرفتار مرض قلبی معاند منکر اس کو شرک کہتا ہے تو کہا کرے،

Marfat.com

وہ خود ہی دوسروں کو مشرک کہتا ہے اور خود ہی ان فیوض و برکات سے محروم رہتا ہے۔ سچ ہے، الواضح بالضرر لا یستحق النظر۔

اب رہی بات سیر و سلوک باطنی کی، تو حضور پُر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا غار حرا میں تنہا سب سے علیحدہ ہو کر عبادت کرنا، حضرت سیدنا جبریل امین کا علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام حاضر ہونا منصب نبوت کی خوشخبری دینا، وحی کا نازل ہونا، معراج میں تشریف لے جانا، سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝ نیز عَلَّمَہٗ شَدِیْدُ الْقُوٰی ۝ ذُوْ مِرَّۃٍ فَاسْتَوٰی ۝ وَھُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰی ۝ ثُمَّ دَنٰی فَتَدَلّٰی ۝ فَکَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ۝ فَاَوْحٰٓی اِلٰی عَبْدِہٖ مَآ اَوْحٰی ۝ یہ سب سیر و سلوک نہیں ہے تو کیا ہے؟ اولیائے کرام ہر مقام کے مناسب ذکر و اذکار، ریاضت و مجاہدات، علم و عمل، شریعت کے اتباع کے ساتھ کر کے ان مدارجِ طریقت و حقیقت کو روحانی طور پر اگر طے فرماتے ہیں تو کوئی ان کی من گھڑت شے نہیں۔ اور محض اپنے متخیلات کو عملی جامہ نہیں پہنایا کرتے ہیں۔ سچ ہے ؎

ہر کس افسانہ بخواند افسانہ ایست وانکہ دیدش نقد خود مردانہ ایست

یہی وہ مقامات روحانی ہیں جن پر محترم ناقد نے اپنی عدم بصیرت کی وجہ سے اعتراض کیا ہے۔

ریاضات و مجاہدات سے انکار بھی بداہت سے انکار ہے۔ کیا جناب حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام سے بھی زیادہ کوئی ریاضات و مجاہدات کر سکتا ہے؟ کوئی معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی اس کا انکار نہیں کر سکتا۔ لہٰذا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے غلاموں نے بھی حکماً و اتباعاً ریاضات و مجاہدات اور مخالفت نفس امارہ کی صورتوں کو اختیار کیا۔ عملیات کا ثبوت بھی بدلائل ثابت ہے۔ ناقد

Marfat.com

نے لکھا ہے کہ "اس سے زیادہ بے عملی کی کوئی صورت انسانی ذہن نے آج تک ایجاد نہیں کی ہم کہتے ہیں کہ آج تک اس قسم کی بے بصیرتی کا اظہار کم کسی انسانی ذہن نے شاید کیا ہو۔ رہے مکاشفات، تو علاوہ وحی کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ابر نیساں کی طرح المکشافات ہوتے رہتے تھے۔ یہ کیا چیز ہے؟ باتباع اولیائے کرام بھی اس سے مستفیض ہیں، اگرچہ ناقد جیسے منکر ان اوصاف وفضائل سے محروم ہوں تو قصور ان کے اپنے قلبی امراض اور انکار ہیں۔

نیز اب ہم منکرین تصوف وطریقت کے انکار کے جواب میں بہ طریق دیگر یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ طریقت وسعی حصول ولایت واجب بلکہ فرض ہے۔ اور اس امر کا اثبات ہم علامۃ الوری، علم الہدیٰ، سبقی وقت حضرت مولٰنا قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی قدس اللہ سرہ العزیز کے اقوال سے ثابت کرتے ہیں۔ اور یہ واضح رہے کہ حضرت موصوف علیہ الرحمۃ والرضوان نے کوئی قول اپنی طرف سے نہیں کیا ہے بلکہ قرآن وحدیث سے وجوب وفرض ثابت کیا ہے۔ حضرت موصوف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی کتاب ارشاد الطالبین میں فرماتے ہیں کہ: (ترجمہ)

"**مسئلہ**: کمال تقویٰ بغیر حصول ولایت ممکن نہیں۔ اور حصول ولایت فنا نفس پر موقوف ہے۔ اور جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی محبت ماسوائے حق تعالیٰ پر غالب نہ آجائے بلکہ بجز محبت حق سبحانہٗ کے دوسرے کی محبت کی دل میں ہرگز گنجائش باقی نہ رہے کمال ایمان وکمال تقویٰ حاصل نہیں ہو سکتا ہے۔ اور یہ موقوف ہے فنا قلب پر جس کو رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صلاح قلب سے تعبیر فرمایا ہے صحیحین میں حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ (متفق علیہ)

یعنی ایمان کامل نہیں ہو سکتا ہے تم میں سے کسی کا بھی جب تک میں اس کو اپنے باپ، اپنے بیٹے اور تمام انسانوں سے

Marfat.com

محبوب تر نہ ہو جاؤں۔ نیز قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ. ثَلٰثٌ مَّنْ کُنَّ فِیْہِ وَجَدَ بِھِنَّ حَلَاوَۃَ الْاِیْمَانِ، مَنْ کَانَ اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِمَّا سِوَاھُمَا، وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَّا یُحِبُّہٗ اِلَّا لِلّٰہِ، وَمَنْ یَّکْرَہُ اَنْ یَّعُوْدَ فِی الْکُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَہُ اللّٰہُ مِنْہُ کَمَا یَکْرَہُ اَنْ یُّلْقٰی فِی النَّارِ۔ (متفق علیہ) یعنی "تین قسم کے آدمی حلاوت ایمان پاتے ہیں۔ ایک وہ جس کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب خدائے تعالیٰ اور اس کا رسول ہو، دوسرا وہ جو کسی کو دوست نہ رکھے مگر حق تعالیٰ کے لیے۔ تیسرا وہ جس کو دوزخ میں داخل ہونے سے بھی زیادہ بُرا معلوم ہو اسلام لانے کے بعد کفر کی طرف رجوع کرنا۔" مطلب یہ ہے کہ اور لوگ تو دوزخ کے ڈر سے عبادت کرتے ہیں اور وہ کفر کو دوزخ سے بھی زیادہ برا جانتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا چاہیے محض اللہ تعالیٰ کی محبت کی وجہ سے، نہ دوزخ کے ڈر اور بہشت کے لالچ کی وجہ سے۔ نیز حق تعالیٰ فرماتا ہے اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک زیادہ بزرگ وہ ہے جو زیادہ متقی ہے۔ اور صحابۂ کرام سے زیادہ کوئی متقی نہیں ہے اور یہ ظاہر ہے کہ صحابۂ کرام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شرف صحبت سے مقام ولایت میں سب اولیاء سے سبقت لے گئے۔"

فقیر کاتب عرض کرتا ہے، مذکورہ اقوال سے بہ ایراد احادیث صحیحین و آیۂ کریمہ چند امور ثابت ہوئے۔ عبادت میں اخلاص اور وہ موقوف ہے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ محبت کرنے پر، اور یہ مرتبۂ اخلاص موقوف ہے مرتبۂ ولایت پر، اور حصول ولایت منحصر ہے شرف صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یا آپ کے بعد آپ کے کامل مکمل متبعین کی صحبت پر، خواہ وہ صحابۂ کرام ہوں یا ان کے بعد دوسرے اولیائے کرام، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

آگے چل کر حضرت جناب قاضی صاحب قدس سرہٗ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

Marfat.com

"کمالات باطنی کے حصول کے لیے طلب طریقت میں کوشش کرنا واجب ہے۔ اس لیے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ یعنی "اے ایمان والو نامرضیات خدا سے پرہیز گاری اختیار کرو کمال پرہیز گاری۔ یعنی ظاہراً و باطناً اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کوئی امر نہ ہو۔"

فقیر کاتب عرض پرداز ہے کہ اس مذکورہ آیۂ کریمہ میں حق تعالیٰ نے مومنین سے خطاب کر کے اتَّقُوا اللّٰہَ فرمایا ہے اور اتَّقُوْا صیغہ ہے 'امر' کا اور 'امر' 'وجوب' کے لیے ہوتا ہے اور امر حصول کمال تقویٰ کا ہے تو معلوم ہوا 'حصول کمال تقویٰ' مومنین پر واجب ہے' اور 'کمال تقویٰ' بغیر مرتبۂ ولایت کے حاصل نہیں ہوتا ہے۔ اور ولایت نام ہے 'کمالات باطنی' کا۔ اور یہ کمالات باطنی اور ولایت 'طریقت' ہی سے حاصل ہوتے ہیں۔ لہٰذا طلب طریقت کی سعی کرنا واجب ہوئی۔

تنبیہ: ولایت اکثر و بیشتر من جانب اللہ تعالیٰ عطیہ اور نتیجہ ہے کسب و سعی کا۔ اور کسب نام ہے اپنی ذاتی کوشش کا بہ طریق اتباع شریعت و صحبت و توجہ پیر طریقت کامل مکمل' و ذکر اذکار ماخوذ از پیر طریقت' اور بہت نادر یہ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی کو بغیر اس کی سعی کے مرتبۂ ولایت عطا فرماوے' اور ایسی صورت کا نام ہے مَوْھِبَتْ۔ چنانچہ حضرت قاضی صاحب قدس اللہ سرہ العزیز تحریر فرماتے ہیں کہ:

مسئلہ: جب کہ طلب کمالات باطنی واجب ٹھیری تو تلاش پیر کامل مکمل بھی ضروریات میں سے ہے کہ خدا تعالیٰ کا وصول پیر کامل مکمل کے بغیر بہت ہی کم اور از بس نادر ہے۔ حضرت مولانائے روم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

نفس را نکشد بغیر از ظلّ پیر دامن آں نفس کُش محکم بگیر

فقیر کاتب عرض کرتا ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکتوبات شریف میں ارشاد فرماتے ہیں ؎

زاں روے کہ چشم تست اوّل معبودِ تو پیر تست اوّل

Marfat.com

البتہ اس طرح سعی وکسب حصول ولایت کے بعد ولایت کا عطا فرمایا جانا امر ہے وہبی، یعنی بخشش ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے۔ پس معلوم ہوا، سعی طلب طریقت کے لیے اور حصول کمالات باطنی کی کوشش واجب ہے، اور بعد اس کے حاصل ہونا ولایت کا موہبت یعنی بخشش ہے لہٰذا یہ موہبت وہ ہے جو کسب وکوشش اور صحبت وتوجہ پیر کامل مکمل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوئی۔ اور وہ دوسری موہبت جو نادر ہے اور بہت کم ہے وہ موہبتِ صرف ہے جو بغیر سعی وکوشش کے من جانب اللہ تعالیٰ عطا ہوتی ہے۔

نیز حضرت موصوف قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں کہ: "کثرتِ نوافل کا تقویٰ سے کوئی تعلق نہیں ہے" یعنی انسان تقویٰ اختیار نہ کرے اور نوافل دن رات پڑھتا رہے تو کوئی نتیجہ اور فائدہ نہیں۔ پھر ارشاد فرماتے ہیں:

"تقویٰ عبارت ہے ادائے واجبات سے اور منہیات سے بچنے سے۔ اور ادائے فرائض وواجبات کا بغیر اخلاص کے کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ط اور منہیات سے بچنا بغیر فنائے نفس متصوّر نہیں۔ پس تحصیل کمالات ولایت فرائض میں سے ہے"

نیز ارشاد فرماتے ہیں کہ۔

"طلب زیادتی علم باطن بھی فرائض میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ط یعنی اے محمدؐ! کہیے کہ الٰہی میرے علم کو زیادہ کر۔ اور قناعت کامل پر بھی مراتب قرب پر قناعت کر لینا اسی طرح حرام ہے جس طرح ناقص پر حرام ہے"

اب ہم محترم ناقد مولانا مودودی صاحب سے انصاف طلب ہیں، اگر کچھ انصاف اور بصیرت باقی ہے کہ ان مدلل دلائل قویہ کے بعد جن کا ثبوت قرآن وحدیث سے دیا گیا ہے۔ تصوّف، طریقت، ولایت اور ان کے متعلقہ امور سے انکار کس قدر مضحکہ خیز بلکہ غیر شرعی نظریہ ہے۔ پھر کمال یہ ہے کہ قرن ثانی کے

Marfat.com

بعد سے جبکہ یہ صفات کاملہ بدرجۂ اتم موجود تھیں۔ البتہ تدوین و اصطلاحات کا وجود نہ تھا۔ اس وقت تک لکھو کھہا علماء عقلاء کا بدلائل شرعیہ اجماع رہا ہو صرف ایک مودودی صاحب کا انکار کیا وقعت رکھتا ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ دلائل نقلیہ قرآن و حدیث اور اجماع امت سے انکار محض ہے اور ایسے منکر کا شرعاً کیا حکم ہے؟ ہم غور کرتے ہیں تو مودودی صاحب کے اس حربہ اور ان لوگوں کے حربہ میں جو ملّا ازم کے نام سے اسلام پہ کرتے ہیں کوئی فرق نہیں پاتے۔ مثلاً ایک طرف سابق صدر پاکستان غلام محمد صاحب مرحوم اور بعض موجودہ دیگر زعماء پاکستان وغیرہ یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ان ملّا لوگوں نے یعنی ملّا ازم نے اسلام کا ستیاناس ملایا۔ درآنحالیکہ ان لوگوں کو خود اسلام سے دور کا بھی تعلق نہیں بجز اس کے کہ محض کلمہ گو کہلاتے ہیں۔ ورنہ اسلام کی کونسی شے انہوں نے اپنے اندر باقی رکھی ہے، تو دوسری طرف مودودی صاحب کا ارشاد ہے کہ تصوف اور صوفی لوگوں یعنی صوفی ازم نے اسلام کا ناس لگایا اور اسلام کی روح برباد کر دی۔ لہٰذا حربہ ایک ہی ہے صرف حربہ کی نوعیت اور صورت بدلی ہوئی ہے۔

ناقد محترم نے اپنی کتاب تجدید و احیائے دین میں۔ امام آخر الزمان حضرت مہدی موعود علیہ الرحمۃ و الرضوان کے متعلق جو گل افشانی اور مضحکہ خیزی کی ہے اب اس کے متعلق کچھ عرض کیا جاتا ہے۔ تحریر فرماتے ہیں کہ

"لوگ سمجھتے ہیں کہ امام مہدی کوئی اگلے وقتوں کے مولویانہ و صوفیانہ وضع قطع کے آدمی ہوں گے

جعفر کاتب عرض کرتا ہے (کیونکہ یہ مولویانہ صوفیانہ وضع قطع تو قابلِ ملامت بلکہ شرک ہے، صرف وہی قسم کی وضع قطع جائز ہو سکتی ہے یا کوٹ پتلون، یا ٹانگوں سے چپیاں چوڑی دار پاجامے کے ساتھ اونچی شیروانی اور پاکستانی جناح کیپ) ارشاد ہوتا ہے:

تسبیح ہاتھ میں لیے یکایک کسی مدرسہ یا خانقاہ کے حجرے سے برآمد ہوں گے

(کیونکہ تسبیح کا ہاتھ میں لینا، حجرۂ عبادت میں قیام کرنا یہ سب شرک ہے۔ رہے مدرسہ اور خانقاہیں، تو وہ ٹھیرے

Marfat.com

شرک کے اڈے۔ ایسے بڑے لیڈر مہدی کے لیئے جو عالم کی کایا پلٹ دے گا اور تمام دنیا پر حکومت کرے گا اس کے لیے تو میز کرسی، سوفے سٹ وغیرہ سے آراستہ پیراستہ چھوٹی سی کوٹھی بھی نامناسب ہے، بلکہ قصر صدر پاکستان سے بھی بڑا قصر ہونا چاہیے۔ مبارک حجرۂ نبوی کی تقلید کرنے والے صوفیوں اور مولویوں کے حجرے کا کیا ذکر۔ گھبرانے کی بات نہیں ہے، حکومت الٰہیہ کا قیام تو ہو لے، پھر ایسا قصر تیار ہو ہی جائے گا۔ رہا معاملہ مولویانہ و صوفیانہ وضع قطع کا، تو حضرت جناب سرور کائنات شہنشاہ دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام و روحی فداہ کی مبارک موٹے کپڑے کی ازار، مبارک کملی اور کھردرے کپڑے کا مبارک قمیص یا حلہ اور مبارک عمامہ جن کی اتباع میں صوفی اور مولوی ایسی وضع قطع بناتے ہیں۔ اب نہ مہدی کا وہ لباس ہونا چاہیے نہ وضع قطع وہ ہونی چاہیے۔ اب تو آئزن ہاور اور ماسٹر بلگانن والا لباس یا کم از کم پاکستانی لباس کام دے گا۔ اور اب تو فقط صالحین کے جدید اسکولوں کی فیکٹری سے نبی و ولی گھڑے جائیں گے) فرماتے ہیں:

اور آتے ہی انا المہدی کا اعلان کریں گے۔ علماء و مشائخ کتابیں لیے پہنچ جائیں گے اور لکھی ہوئی علامتوں سے جسم کی ساخت وغیرہ کا مقابلہ کر کے انھیں شناخت کریں گے اور پھر بیعت ہو گی اور اعلان جہاد کر دیا جائے گا۔

(گویا احادیث صحیحہ میں ان کے مبارک حلیہ وغیرہ کے متعلق جو بیان ہے، نیز بیعت و جہاد کے متعلق جو کچھ فرمایا گیا ہے وہ سب العیاذ باللہ غلط ہے) پھر فرماتے ہیں:

چلّے کھینچے ہوئے درویش اور سب پرانے طرز کے بقیۃ السلف ان کے جھنڈے تلے جمع ہوں گے

(گویا مسلمانوں کے جس قدر مرتاض و مجاہد اللہ والے درویش اور مسلمانوں کے اسلاف کرام گزرے ہیں ناقد کی اس طنز آمیز تحریر سے ناکارہ ثابت ہوتے ہیں۔ اُن اسلاف کے بیچارے ناکارہ بقیۃ السلف امام مہدی کی شناخت کا ناکارہ کام انجام دیں گے۔ یعنی یہ سب کچھ بھی غلط ہے) نیز ارشاد ہوتا ہے کہ:

Marfat.com

تلوار تو محض شرط پوری کرنے کے لیے برائے نام چلانی پڑے گی، اصل میں سارا کام برکت اور روحانی تصرف سے ہوگا۔ پھونکوں اور وظیفوں کے زور سے میدان جیتے جائیں گے۔ جس کافر پر نظر ماردیں گے تڑپ کر بیہوش ہوجائے گا اور محض بددعا سے ٹینکوں اور ہوائی جہازوں میں کیڑے پڑجائیں گے۔

(دیکھی آپ نے علماء وصوفیائے کرام اور اسلاف عظام کی تضحیک اور دیکھا آپ نے برکات وتصرفات کا مذاق اڑانا) آگے ٹیپ کا بند ملاحظہ ہو۔ ناقد فرماتے ہیں:

مگر جو کچھ میں سمجھتا ہوں اس سے مجھ کو معاملہ برعکس نظر آتا ہے

(یعنی احادیث صحیحہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ فرمایا نعوذ باللہ من ذلک صحیح نہیں ہے میں جو کچھ سمجھتا ہوں، اصل معاملہ یوں ہے) آخر میں فرمایا جاتا ہے کہ:

میرا اندازہ یہ ہے کہ آنے والا (یعنی مہدی) اپنے زمانے میں بالکل جدید طرز کا لیڈر ہوگا۔ وقت کے تمام علوم جدیدہ پر اس کو مجتہدانہ بصیرت حاصل ہوگی، وغیرہ۔ اور اپنے عہد کے تمام جدیدوں سے بڑھ کر جدید ثابت ہوگا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی جدتوں کے خلاف مولوی اور صوفی صاحبان سب سے پہلے شورش برپا کریں گے۔ میں توقع رکھتا ہوں وہ اپنے مہدی ہونے کا اعلان بھی نہ کرے گا، بلکہ اسے خود بھی اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہوگی۔ اور اس کی موت کے بعد اس کے کارناموں سے دنیا کو معلوم ہوگا کہ یہ تھا (یعنی مہدی)" وغیرہ وغیرہ من الخرافات۔

بالکل ٹھیک ہے اور درست سمجھا گیا ؎

جو چاہے آپ کا حسن کرشمہ ساز کرے

بیشک جدید طرز کا لیڈر، یعنی داڑھی مونچھ صفاچٹ میدان۔ ملاحظہ فرمایا جائے آج کل کے بالکل جدید طرز کے لیڈروں کو۔ کوٹ پتلون، سوٹ بوٹ در بر، برہنہ سر، یا کسی موقع پر ہیٹ والا ٹوپی کا ٹوکرا

Marfat.com

برسر۔ جدید طرز کا لیڈر، یعنی آج کل کی پُر فریب، مکاری، جھوٹ وغیرہ کی سیاست کا ئیتاس۔ تمام علوم جدیدہ کا مجتہد و مبصر! یعنی بیک وقت بیرسٹر بھی، ڈاکٹر بھی، انجینیر بھی، فلسفی بھی اور سائنس دان بھی۔ پھر کیا ہے، حرکت میں برکت ہے۔ مکہ مکرمہ میں بیٹھا ایٹم بم اور ہائیڈروجن بم بنا بنا کر دنا زن چھوڑے گا اور کافر دنیا کو ختم کر دے گا۔ بلکہ ہمیں تو ایک اور اندیشہ پیدا ہو گیا۔ وہ یہ کہ اکھنڈ، کٹر اور اصلی موحدین مسلمین کے ملک یعنی نجد کے دارالخلافہ ریاض میں تو بھارت سے ایک رسول السلام پہنچ ہی چکا ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ بالکل جدید طرز کا لیڈر مہدی مع اپنی مہدیہ کے صدر پاکستان کے خاص وائی کاونٹ ہوائی جہاز میں بیٹھ کر مکۂ مکرمہ نہ پہنچ جائے اور بغیر احرام باندھے کعبۃ اللہ کا معائنہ کر کے نہ طواف کر کے ـــــ کیونکہ جدید طرز کے لیڈر آثار قدیمہ کا معائنہ ہی کیا کرتے ہیں ـــــ اعلان نہ کر دے کہ آئی ایم اپ ٹو ڈیٹ مہدی ـــــ مگر نہیں! ہم نے غلطی کر دی۔ اُسے تو خبر ہی نہ ہو گی کہ میں مہدی ہوں۔ وہ تو بس اپنے کارنامے شروع کر دے گا۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم واستغفر اللہ ربی من کل ذنب وخطیئۃ واتوب الیہ

حضرت امام آخر الزمان مہدی موعود علیہ الرحمۃ والرضوان کے متعلق ناقد محترم نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کو پیش نظر اور ذہن میں رکھا جائے اور ہم اس کے مقابلہ میں بخوف طوالت صرف چند احادیث صحیحہ نقل و ایراد کرنے کے بعد کچھ عرض کریں گے۔

احادیث الرسول علیہ الصلوٰۃ والسلام

(۱) عَنْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(۱) عبداللہ ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا اس وقت تک فنا نہ ہو گی

Marfat.com

لَاتَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكُ الْعَرَبَ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهٗ اِسْمِيْ۔ (رواہ الترمذی وابوداؤد)۔

یہاں تک کہ عرب پر ایک شخص قبضہ کرلے گا۔ یہ شخص میرے اہل بیت سے ہوگا اس کا نام میرے نام پر ہوگا (ترمذی وابوداؤد)

(۲) وَفِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ قَالَ لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا يَوْمٌ لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ حَتّٰى يَبْعَثَ اللّٰهُ فِيْهِ رَجُلًا مِّنِّيْ اَوْ مِنْ اَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اِسْمُهٗ اِسْمِيْ وَاِسْمُ اَبِيْهِ اِسْمَ اَبِيْ، يَمْلَاُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا

(۲) اور ابوداؤد کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر دنیا کے فنا ہونے میں ایک ہی دن رہ جائے گا تو اللہ تعالیٰ اس دن کو دراز فرمادے گا یہاں تک کہ میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کو مبعوث فرمائے گا جس کا نام میرے نام پر ہوگا اور جس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام پر ہوگا۔ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھردے گا جس طرح کہ پہلے وہ ظلم وجور سے معمور تھی۔

(۳) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِيْ مِنْ اَوْلَادِ فَاطِمَةَ (رواہ ابوداود)

(۳) ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہے کہ مہدی میری عترت اولاد فاطمہؓ سے ہوگا (ابوداؤد)

(۴) وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَهْدِيُّ مِنِّيْ اَجْلَى الْجَبْهَةِ اَقْنَى الْاَنْفِ يَمْلَاُ الْاَرْضَ قِسْطًا وَّعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ

(۴) اور ابوسعید الخدری سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مہدی مجھ سے (یعنی میری اولاد میں سے) ہے۔ روشن کشادہ پیشانی والا، بلند ناک والا ہوگا جو دریان سے اُلٹی ہوئی ہوگی۔ زمین اسی طرح

Marfat.com

ظُلْمًا وَّجَوْرًا يَمْلِكُ سَبْعَ سِنِيْنَ۔

(رواہ ابوداؤد)

عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم وستم سے بھری ہوئی تھی۔ وہ سات برس تک زمین کا مالک رہے گا۔

(۵) وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ اِخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَلِيْنِ هَارِبًا اِلٰى مَكَّةَ فَيَاْتِيْهِ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ فَيُخْرِجُوْنَهٗ وَهُوَ كَارِهٌ فَيُبَايِعُوْنَهٗ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ وَيُبْعَثُ اِلَيْهِ بَعْثٌ مِّنَ الشَّامِ فَيُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَيْدَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ فَاِذَا رَاَى النَّاسُ ذٰلِكَ اَتَاهُ اَبْدَالُ الشَّامِ وَعَصَائِبُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُوْنَهٗ ثُمَّ يَنْشَاُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اَخْوَالُهٗ كَلْبٌ فَيَبْعَثُ اِلَيْهِمْ بَعْثًا فَيَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ وَذٰلِكَ بَعْثُ كَلْبٍ وَيَعْمَلُ فِى النَّاسِ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ وَيُلْقِى الْاِسْلَامُ بِجِرَانِهٖ فِى الْاَرْضِ فَيَبْعَثُ

(۵) اُم سلمہؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک خلیفہ کے مرنے پر اختلاف ہوگا۔ پھر ایک شخص مدینہ سے نکل کر مکہ کی طرف بھاگ جائیگا۔ مکہ کے لوگ اس کے پاس آئیں گے اور اس کو گھر سے باہر نکال کر لائیں گے اور حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ کے درمیان اس کے ہاتھ پر بیعت ہوگی۔ لوگ اس کو اپنا خلیفہ بنالیں گے حالانکہ وہ شخص اس کو پسند نہ کرتا ہوگا۔ (یہ شخص مہدی ہوں گے) پھر شام سے (بادشاہِ شام کی طرف سے) اس کے مقابلہ کے لیے ایک لشکر بھیجا جائے گا جس کو مکہ مدینہ کے درمیان مقام بیداء میں (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) زمین میں دھنسا دیا جائیگا جب یہ حال معلوم ہوگا تو ملک شام کے ابدال اور عراق کے صلحاء اولیاء بہت سے لوگ اس کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔ پھر قریش سے ایک اور شخص پیدا ہوگا جس کی ننہال قبیلہ بنی کلب سے ہوگی۔ یہ شخص بھی اُس شخص (مہدی) کے خلاف

Marfat.com

سَبْعَ سِنِيْنَ ثُمَّ يَتَوَفّٰى وَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ ط (رواہ ابوداؤد)

لشکر بھیجے گا اور اس لشکر پر امام مہدی کا لشکر غالب آئیگا اور یہ فتنہ بنی کلب کے لشکر کا فتنہ ہے۔ امام مہدی لوگوں کے درمیان اپنے نبی (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کے احکام کے مطابق عمل کریں گے اور اسلام اپنی گردن زمین پر رکھ دیگا۔ (یعنی قائم ہو جائے گا) امام مہدی سات برس تک رہیں گے اور پھر وفات پا جائیں گے اور ان کے جنازے پر مسلمان نماز پڑھیں گے۔ (ابوداؤد)

(۶) عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ سَمِعْتُمْ بِمَدِيْنَةٍ جَانِبٌ مِّنْهَا فِي الْبَرِّ وَجَانِبٌ مِّنْهَا فِي الْبَحْرِ (يعني قسطنطنيه) قَالُوْا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَغْزُوَهَا سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنْ بَنِيْ اِسْحَاقَ - فَاِذَا جَآءُوْهَا نَزَلُوْا فَلَمْ يُقَاتِلُوْا بِسِلَاحٍ وَّلَمْ يَرْمُوْا بِسَهْمٍ - قَالُوْا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَيَسْقُطُ اَحَدُ جَانِبَيْهَا ثُمَّ يَقُوْلُوْا الثَّانِيَةَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَيَسْقُطُ جَانِبُهَا الْاٰخَرُ ثُمَّ يَقُوْلُوْا الثَّالِثَةَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَيُفْرَجُ لَهُمْ فَيَدْخُلُوْنَهَا فَيَغْنَمُوْنَ

(۶) ابی ہریرہ رضؓ سے ہے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم نے سنا ہے اس شہر کے متعلق جس کی ایک جانب خشکی کی طرف ہے اور دوسری دریا کی طرف (یعنی شہر قسطنطنیہ) صحابہ نے عرض کی ہاں یا رسول اللہ ؐ۔ حضور نے ارشاد فرمایا قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ اس شہر پر ستر ہزار بنی اسحاق (کا لشکر) جہاد کریں گے۔ پس جب اس شہر پر پڑاؤ ڈالیں گے ہتیاروں سے نہ لڑیں گے، نہ تیروں سے تیر باری کریں گے کہیں گے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر تو اس شہر کے ایک طرف کا حصہ گر جائے گا پھر دوبارہ کہیں گے لا الہ الا اللہ واللہ اکبر تو دوسری طرف کا حصہ گر جائے گا۔ پھر کہیں گے تیسری مرتبہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر تو ان کے لیے راستہ فراخ ہو جائے گا اور وہ اس شہر میں داخل ہو جائیں گے۔

Marfat.com

فَبَيْنَا هُمْ يَقْتَسِمُوْنَ الْمَغَانِمَ اِذْ جَآءَهُمُ الصَّرِيْخُ فَقَالَ اِنَّ الدَّجَّالَ قَدْ خَرَجَ فَيَتْرُكُوْنَ كُلَّ شَيْءٍ وَيَرْجِعُوْنَ

پس جبکہ وہ آپس میں مال غنیمت تقسیم کر رہے ہوں گے تو ایک چیخ (زوردار آواز) سنی جائے گی کہ دجال کا خروج ہو گیا تو وہ ہر شے چھوڑ کر پلٹ پڑیں گے۔

(رواہ مسلم) (صحیح مسلم)

ان مختصر احادیث صحیحہ اور ناقد کے اپنے خاص تخیلات فاسدہ کو سامنے رکھ کر دیکھا جاتا ہے تو صاف نظر آتا ہے کہ ناقد کی **میں** کو کوئی دخل نہیں ہے۔ وہ **میں** اپنے **میں** کے دائرہ کے اندر ہی رہ کر ختم ہو جاتی ہے اور افسوس، مقصد دلی حاصل نہیں ہوتا۔ اور مذکورہ مختصر احادیث صحیحہ کی روشنی میں آفتاب کی طرح یہ چند امور ذیل روشن ہیں کہ:

(۱) حضرت مہدی موعود علیہ الرحمۃ والرضوان بقول ناقد، بالکل جدید قسم کے لیڈر اور اپنے عہد میں تمام جدیدوں سے جدید بحیثیت جدید لیڈری نہ ہوں گے۔

(۲) آپ کا حسب و نسب نامہ گرامی بھی معلوم ہو گیا۔ مکہ، مدینہ (زاد اللہ شرفاً وتعظیماً) کی پیداوار ہوں گے کسی پاکستان، کسی شہر کراچی، لاہور وغیرہ یا کسی اور خطۂ ملک کی پیداوار نہ ہوں گے حسباً ونسباً بنی فاطمہ حسنی و حسینی اور عترتِ رسول میں سے ہوں گے، کوئی ایسے ویسے نہ ہوں گے۔

(۳) آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے آپ کا حلیۂ شریف بھی بیان فرمایا ہے کہ بلند بینی والے جو درمیان میں سے اُٹھی ہوئی ہو گی اور روشن پیشانی والے ہوں گے۔ اس حلیۂ مبارک کے علاوہ بدن کی ساخت (جس پر ناقد معترض نے اعتراض کیا ہے) وغیرہ کی علامات بھی دیگر احادیث میں فرمائی گئی ہیں۔ مثلاً قدرے دراز قد ہونا، بدن کا چست ہونا، کھلا ہوا رنگ وغیرہ جناب

Marfat.com

حضور پُرنور علیہ الصلوٰۃ والسّلام نے حلیہ وغیرہ اسی وجہ سے غالباً بیان فرما دیا تاکہ آپ کی شناخت کی جا سکے (اگرچہ اس شناخت پر معترض کو اعتراض ہے) اور جھوٹے مہدی اور جدید قسم کے لیڈر مہدی موعود نہ بن جائیں، ظاہراً یا باطناً، علانیہ یا دل ہی دل میں۔ اور مابین حجر اسود و مقام ابراہیم سب آپ سے بیعت کریں گے۔ معترض کو بیعت سے بھی انکار ہے۔ پھر جبکہ بیعت بھی ہو جائیگی اور غیب سے یہ ندا بھی سنی جائے گی کہ ھٰذا خلیفۃ اللہ المھدی فاستمعوا لہ واطیعوہ باوجود اس کے ان کو خبر ہی نہ ہوگی کہ میں مہدی ہوں اور بے خبری میں سب کام ہوں گے۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ حضرت جناب عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بعد نزول آپ کو امام بنا کر آپ کی اقتدا میں نماز ادا فرمائیں گے اور تا وفات بعد ظہور جس کا عرصہ ۷ سال کا ہوگا تمام واقعات کا ظہور ہوگا مگر بقول ناقد معترض مہدی کو اپنے مہدی ہونے کی خبر نہ ہوگی۔

(۴) ابدال اور عراق کے صلحاء و اولیاء کا آپ کو شناخت کرنا بھی ثابت ہوگیا۔ یہ ابدال اور صلحاء اولیاء بھی جماعت صوفیہ ہی میں ہوتے ہیں۔ یہ لیجیے، حدیث نے معترض کے اس شناخت والے اعتراض کو بھی ٹھکرا دیا۔

(۵) برکات و تصرفات کا ثبوت بھی حدیث سے سیر حاصل مل رہا ہے۔ زمین کا مخالفین مہدی کو لے کر دھنس جانا یہ برکت تائید غیبی اور تصرف نہیں ہے تو کیا ہے؟ معترض کے نزدیک یہ بے سروپا باتیں ہیں جیسا کہ لکھا ہے کہ سب کام برکت و تصرف سے چلے گا۔ نیز بنی اسحاق کی جو حضرت مہدی علیہ السلام کے بہ تعداد ستر ہزار لشکری ہوں گے، قسطنطنیہ پر لشکر کشی اور صرف تین اللہ اکبر کے فلک شگاف نعروں سے قلعہ شکنی اور فتح۔ یہ تصرف عظیم نہیں ہے تو کیا ہے؟ صدق رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم۔ یوں اعتراض کر ڈالنے کو جس کا جی چاہے کرے۔ بلیشک علاوہ شدید تر دین جہاد کے جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہے برکتوں اور پھونکوں سے بھی بعنایت اللہ سبحانہ، کام لیا جائے گا اور کسی معترض کے اعتراض کی پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا۔

(۶) ناقد معترض نے طنز کیا ہے کہ "تلوار تو برائے نام چلے گی"۔ حالانکہ احادیث سے ثابت ہے کہ ایسا رن پڑے گا جس کی مثال نہیں مل سکتی۔ تفصیلات احادیث میں ملاحظہ فرمائی جائیں لیکن یہ طنز تو برکات و تصرفات کے مقابلہ اور انکار میں کیا گیا ہے۔ کیونکہ برکات و تصرفات وغیرہ اشیاء مندرجۂ تصوّف ہیں اور تصوف معترض کی چڑ ہے۔

اب ناقد معترض کا ایک اور کمال ملاحظہ ہو۔ خود ہی تحریر فرماتے ہیں:

"اسی کا نام الامام المہدی ہے اور جس کے بارے میں صاف پیشین گوئیاں نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں موجود ہیں"

ظاہر ہے تمام احادیث صحیحہ معترض کی نظر سے گزری ہوئی ہیں۔ امام مہدی، ان کے نام و نقب، ان کے حسب و نسب، ان کی شناخت، ان سے بیعت کیا جانا وغیرہ وغیرہ۔ مگر باوجود اس کے کہ معلوم ہے تمام احادیث مسلم، ترمذی، ابن ماجہ، ابوداؤد اور مستدرک کی صحیح ہیں، تو ان احادیث صحیحہ کو دیکھنے، پڑھنے اور سمجھنے کے باوجود یہ لکھ دینا کہ:

"ظہور مہدی کے متعلق عام لوگوں کے تصورات کچھ اسی قسم کے ہیں۔ مگر میں جو کچھ سمجھا ہوں اس سے مجھ کو معاملہ برعکس نظر آتا ہے۔ میرا اندازہ یہ ہے کہ آنے والا" الی آخرہ

جیسا کہ ہم پوری عبارت پہلے نقل کر چکے ہیں۔ کیا احادیث صحیحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انکار نہیں ہے؟ ہر ذی ہوش، معمولی پڑھا لکھا بلکہ جاہل صرف بھی مضامین احادیث صحیحہ اور معترض کے

Marfat.com

اقوال کو سُن کر بیشک یہی کہے گا کہ محض انکار ہے اور کھلا ہُوا عدم یقین۔ نَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِكَ۔

پھر احادیث صحیحہ سے کھلی ہوئی بغاوت یہ کہ خود تحریر فرماتے ہیں کہ:

"اگرچہ یہ پیش گوئیاں مسلم، ترمذی، ابن ماجہ، مستدرک وغیرہ کتابوں میں کثرت کے ساتھ موجود ہیں مگر یہاں اس روایت کا نقل کرنا فائدہ سے خالی نہ ہوگا جو شاطبی نے موافقات میں اور مولانا اسمٰعیل شہید نے منصب امامت میں نقل کی ہے"

عرض یہ ہے کہ جب مذکورہ تمام احادیث صحیحہ موجود ہیں تو ان کے مقابلہ میں شاطبی اور مولوی اسمٰعیل کی روایت کو کیا ترجیح ہو سکتی ہے؟ کیا ان دونوں کی روایت احادیث صحیحہ سے زیادہ معتبر ہے؟ ٹھیک ہے، وہ فائدۂ معہود ذہنی چونکہ ان احادیث الرسول میں نہ تھا جو ان دونوں کی اس روایت میں ہے لہٰذا ترجیح اس کو ہے جو بالکل اپنے مطلب کے موافق ہے۔ اور پھر خود ہی اس کا بھی اقرار ہے کہ:

"میں نہیں کہہ سکتا اسناد کے اعتبار سے اس روایت کا کیا مرتبہ ہے مگر معناً یہ روایت سے مطابقت رکھتی ہے جو اس معنی میں وارد ہوئی ہیں"

وہ روایت کیا ہے اور فائدہ کیا ہے؟ وہ ہم عرض کیے دیتے ہیں:

روایت

(۱) ان اول دینکم نبوۃ و رحمۃ وتکون فیکم ما شاء اللہ ان تکون ثم یرفعھا اللہ جل جلالہٗ۔

(۱) تمہارے دین کی ابتدا نبوت اور رحمت سے ہے اور وہ تمہارے درمیان رہے گی جب تک اللہ چاہیگا پھر اللہ جل جلالہٗ اسے اُٹھا لے گا۔

(۲) ثم تکون خلافۃ علیٰ منہاج النبوۃ ما شاء اللہ ان تکون ثم یرفعھا اللہ جل جلالہٗ

(۲) پھر نبوت کے طریقہ پر خلافت ہوگی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا پھر اللہ تعالیٰ اُسے بھی اُٹھا لے گا

Marfat.com

(۳) ثم یکون ملکاً عاضًا فیکون ماشاءالله ان یکون ثم یرفعها الله جل جلالہٗ

(۳) پھر بدا طوار بادشاہی ہو گی اور جب تک اللہ تعالیٰ چاہیگا رہے گی، پھر اللہ تعالیٰ اُسے بھی اُٹھا لے گا۔

(۴) ثم تکون ملکاً جبریۃً فتکون ماشاءالله ان آن تکون ثم یرفعها الله جل جلالہٗ

(۴) پھر جبر کی فرماں روائی ہو گی اور وہ بھی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا رہے گی. پھر اللہ تعالیٰ اسے بھی اُٹھا لے گا۔

(۵) ثم تکون خلافة علی منهاج النبوة تعمل فی الناس بسنة النبی ویلقی الاسلام بجرانه فی الارض یرضیٰ عنها ساکن السماء وساکن الارض لاتدع السمآء من قطرا الاصبّتهٗ مدرارا ولاتدع الارض من نباتها و برکاتها شیئاً الا اخرجتهٗ

(۵) پھر وہی خلافت بطور نبوت ہو گی جو لوگوں کے درمیان نبی کی سنت کے موافق عمل کرے گی اور اسلام زمین میں پاؤں جمالے گا. اس حکومت سے آسمان والے بھی خوش ہوں گے اور زمین والے بھی۔ آسمان دل کھول کر اپنی برکتوں کی بارش کرے گا اور زمین اپنے پیٹ کے سارے خزانے اگل دے گی۔

اس مذکورہ روایت کا پانچواں حصہ بھی حضرت امام مہدی موعود علیہ الرحمۃ والرضوان سے ہی مطابقت رکھتا ہے اور انہی کے متعلق یہ پیشین گوئی بھی ہے نہ کسی دوسرے جدید قسم کے لیڈر کے لیے جیسا کہ محترم ناقد یہ روایت نقل کر کے تحریر فرماتے ہیں کہ:

"مہدی کی نوعیت کا جو تصور میرے ذہن میں ہے وہ بھی ان حضرات کے تصور سے بالکل مختلف ہے. مجھے اس کے کام میں کرامات، خوارق، کشوف والہامات اور چلّوں مجاہدوں کی کوئی جگہ نظر نہیں آتی. میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک انقلابی لیڈر کو دنیا میں جس طرح شدید جدوجہد اور کش مکش کے مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے انہی مرحلوں سے مہدی کو بھی گزرنا ہوگا وہ خالص اسلام کی بنیادوں پر ایک نیا مذہب فکر پیدا کرے گا۔ ذہنیتوں کو بدلے گا، ایک زبردست تحریک اُٹھائے گا،

Marfat.com

جو بیک وقت تہذیبی بھی ہو گی اور سیاسی بھی۔ جاہلیت اپنی تمام طاقتوں کے ساتھ اس کو کچلنے کی کوشش کرے گی، مگر بالآخر وہ جاہلی اقتدار کو اُلٹ کر پھینک دے گا اور ایک ایسا زبردست اسلامی اسٹیٹ قائم کرے گا جس میں ایک طرف اسلام کی پوری روح کارفرما ہو گی، اور دوسری طرف سائنٹیفک ترقی اوج کمال پر پہنچ جائے گی۔ جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ اس کی حکومت سے آسمان والے بھی راضی ہوں گے اور زمین والے بھی۔ آسمان دل کھول کر اپنی برکتوں کی بارش کرے گا اور زمین اپنے پیٹ کے سارے خزانے اُگل دے گی"۔

عجب معاملہ ہے۔ صحیح احادیث سے ثابت ہیں وہ سب کام جو حضرت امام مہدی انجام دیں گے۔ لوگ ان کے گرد جمع ہو جائیں گے، ان کو پہچانیں گے کہ یہی مہدی موعود ہیں۔ بیعت ہو گی جہاد شروع ہو جائیں گے، ایسا رَن پڑے گا کہ میدان کارزار پر سے ایک پرندہ ایک طرف سے دوسری طرف اڑ کر میدان کارزار کو طے نہ کر سکے گا۔ سو سو آدمیوں کی ٹولی میں سے صرف ایک ایک آدمی بچ کر آئیگا۔ اور بالآخر فتح امام آخر الزماں کو ہو گی۔ قسطنطنیہ پر فوج کشی ہو گی، اس کو فتح کیا جائے گا۔ پھر خروج دجّال اور نزول حضرت جناب عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ہو گا۔ حضرت امام ان کے ساتھ مل کر کام کریں گے تمام عالم میں اسلام پھیل جائے گا۔ برکات کی انتہا نہ رہے گی۔ بیشک آسمان والے اور زمین والے راضی اور خوش ہوں گے، اس سے سائنٹیفک ترقیات کا کوئی ثبوت پایا نہیں جاتا۔ کل سات برس حضرت امام زندہ رہیں گے۔ سائنٹیفک ترقی کو بھی اوج کمال پر پہنچائیں گے یا نہیں، واللہ اعلم، ایٹم اور ہائیڈروجن بم بنیں گے یا نہیں، اور چاند پر راکٹوں کے ذریعہ پہنچا جائے گا یا نہیں؛ یہ تمام انکشافات تو محترم ناقد مولانا مودودی کو ہی ہوئے ہوں گے۔ حضور پر نور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پیش گوئیاں تو ان امور سے بجز خوارق کرامات، تصرفات، برکات عظیمہ، جہاد وغیرہ کے خالی ہیں، مگر محترم ناقد کو خوارق، کرامات،

Marfat.com

تصرفات و برکات سے انکار ہے، ان پر سائنٹیفک رموز منکشف ہوئے ہیں۔ ان مذکورۂ بالا امور پر نظر رکھتے ہوئے ہمیں تو ڈر کچھ اور ہے۔ کہیں محترم ناقد اپنی ذات کو ہی کچھ اور نہ سمجھ لیں اور اپنی تحریک کو خلافۃ علیٰ منہاج النبوۃ کے دائرے میں داخل نہ فرما دیں کیونکہ آپ بالکل اپنے زمانے کے جدیدوں میں جدید قسم کے لیڈر بھی ہیں۔ بزعم خود علوم قدیمہ اور جدیدہ پر عبور کا بھی دعویٰ ہے۔ یہ بیچارے مولوی صوفی صاحبان کچھ نہ کچھ شورش بھی آپ کے خلاف مچا چکے ہیں۔ آپ کرامات، تصرفات، کشوف والہامات، ریاضات و مجاہدات وغیرہ صفات سے بھی بالکل کورے ہیں۔ کہیں سے کہیں دور دور تک پتہ نہیں ہے۔ آپ کو بحیثیت جدید لیڈر بڑے سیاسی مرحلوں اور کش مکشوں سے بھی گزرنا پڑ رہا ہے۔ بہ مشکل عمر قید سے رہائی نصیب ہوئی ہے۔ آپ ذہنیتوں کو بدلنے کے لیے زبردست تحریک بھی چلا رہے ہیں۔ تاکہ تمام جاہل، مشرک، طالبین صالحین بن جائیں۔ آپ اسلامی اسٹیٹ ڈھالنے کی فکر میں بھی ہیں! البتہ اس کا ہمیں علم نہیں ہے کہ سائنس میں آپ کا کیا مرتبہ ہے۔ اور احادیث صحیحہ کے مقابلہ میں "مگر میں سمجھتا ہوں کہ معاملہ اس کے برعکس ہے" سے بھی اس چیز کا اور اس خطرے کا ثبوت ملتا ہے۔ لہٰذا عرض ہے، خدارا مولنا صاحب ذرا سنبھل کے ؎

ترسم نہ رسی بہ کعبہ اے اعرابی! ایں رہ کہ تو می روی بترکستان ست

ان تمام تنقیدات، خیالات وغیرہ سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ ذیل کے تین مناصب عالیہ کی طرف کچھ رجحان ضرور ہے۔ یعنی دال میں کالا کچھ نہ کچھ ضرور ہے:

(۱) کلی مجدد ہونا، (۲) اولی الامر ہونا، (۳) مہدی موعود ہونا۔

تو گزارش یہ ہے آپ اس دھندے میں نہ پڑیں، یہ آپ کے بس کا روگ نہیں ہے۔ جہاں اور تحریکیں

Marfat.com

اس پرفتن دَور میں چل رہی ہیں ناقد محترم بھی اپنی تحریک چلاتے رہیں۔ بہت سی قسم کے لیڈر ہیں، ایک مولوی قسم کا جدید لیڈر بھی سہی۔ بس یہیں تک جولانی کافی دانی ہے[1]۔

آخر میں عرض ہے کہ ہم کو یا کسی کو بھی ناقد محترم سے نہ کوئی ذاتی عداوت، نہ للّٰہی بغض۔ نہ یہ کہ فیمابین المسلمین تشتت وافتراق پیدا ہو۔ ناقد محترم کی صرف اس تحریک سے کہ پاکستان میں سنت و شریعت (ہم کہتے ہیں بشرطیکہ مذہب حنفی اور مسلک اہل سنت والجماعت کے موافق ہو) کے موافق اسلامی حکومت قائم اور نافذ ہو اور یہ مسلمانوں کی حکومت اسلامی حکومت حقیقی معنی میں ہو جائے کون مسلمان انکار کر سکتا ہے؟ بلکہ ہر مسلمان کی عین خواہش ہے اور پاکستان کے بڑے بڑے علماء نے مولٰنا ناقد محترم کا اس خاص تحریک میں ساتھ بھی دیا ہے اور دینا چاہیے، دراں حالیکہ ہم دیکھ رہے اور دلی دکھ اور درد سے اپنے کرتا دھرتا حکام کے اس رویہ کو سہ رہے ہیں کہ ان کو دین اور اسلام سے نفرت ہے اور ملک کو نیز تمام مسلمانان پاکستان کو بے دینی اور تباہی کی طرف لے جا رہے ہیں بلکہ حقیقتاً تباہی تو آچکی ہے لیکن حکومت الٰہیہ اجرائے قوانین شرعیہ ونفاذ احکام برطبق مذہب حنفی ومسلک اہل سنت والجماعت کے علاوہ کیا ہے اور خلافت علیٰ منہاج النبوۃ جس آنے والی ہستی کے لیے مخصوص ہے اس کے لیے مخصوص رہنے دیں۔ جب کبھی وہ وقت آئے گا خود بخود حاکم علی الاطلاق کی طرف سے وہ سب کچھ ہو جائے گا جس کی پیشیں گوئیاں فرمائی گئی ہیں۔ لیکن حکومت الٰہیہ اگر انہی معتقدات وتخیلات کے ساتھ جن کا ناقدِ محترم نے اظہار فرمایا ہے کوئی مخصوص حکومت ہے تو ایسی حکومت الٰہیہ مسلمانوں کے لیے کس کام کی جس میں معتقدات فاسدہ برباد ہو جائیں اور ایک نئی قسم کی شریعت وسنت کا نفاذ واجرا ہو۔ کیونکہ ایک ایسی چھوٹی سی حکومت الٰہیہ کا قیام تو سالہا سال ہوئے عمل میں بھی آچکا ہے۔ ایسی شریعت وسنت والی حکومت کے پرچار کرنے والوں نے گنبد خضرا کو صنم اکبر کا لقب

[1] مقدمہ کتاب ختم کرنے کے بعد جبکہ کتابت بھی ہو چکی تھی، محترم مولانا مودودی صاحب کا ایک اور شاہکار نظر پڑا۔ مولٰنا ترجمان القرآن میں

Marfat.com

دے دیا۔ مولد النبی کو کھدوا ڈالا اور ایک زمانے تک گندگی اور نجاست اس میں بھری رہی۔ صحابۂ کرام اور اکابر کی تمام قبور کو نیست و نابود کر ڈالا۔ فاعتبروا یا اُولی الابصار۔

اس حکومت والوں کے نزدیک اپنی جماعت کے علاوہ تمام مسلمان مشرک، تصوف، مراقبہ، ذکر اذکار، عمل عملیات، کشف و مکاشفہ وغیرہ وغیرہ سے وہاں بھی دلی بیر۔ خدانا خواستہ اگر ایسی حکومت الٰہیہ جیسا کہ ناقد محترم کے مرقومہ معتقدات و خیالات سے ظاہر ہوتا ہے یہاں بھی قائم ہوگئی تو پناہ بخدا! اس سے تو ان فُسّاق و فُجّار کی حکومت ہی بہتر ہے کہ ہر مسلمان بجائے خود اپنے معتقدات صحیحہ کے موافق عمل درآمد آزادی سے کر سکتا ہے۔ آخر یہ ہندوستان کے تمام مسلمان انگریزوں کی غلامی میں اپنے معتقدات میں آزاد تھے اس حکومت والے سخت فاسق فاجر سہی لیکن بہر حال مسلمان تو کہلاتے ہیں۔

انسان کو چاہیے کہ ہمیشہ اپنی ہستی پر نظر رکھے اور اپنی بساط سے آگے قدم نہ بڑھائے ؎

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن — کہ جاہا سپر باید انداختن

بھلا ناقد محترم کو دیکھو۔ بقول عوام "کیا پدی کیا پدی کا شوربا" اور اعتراض کرنا دیکھو اُن پر، وہ کون؟ بقول حضرت مولانا خواجہ محمد ہاشم کشمی قدس اللہ سرہ العزیز ؎

سرایم مدح آں سیاحِ غواص — کنم خورشید را چوں ذرہ رقاص

مہیں فرزند فاروق ست چوں آب — کنوں نطق از زبانِ او کند رب

سراپا نسخۂ اخلاق فاروق — بزہرِ منقصت تریاق فاروق

چراغ نقشبندِ ہفت محفل! — نگاہش نقشبندِ غیر از دل!

غوث الخلائق، غواص الحقائق، معراج الوصول، منہاج القبول، خزینۃ الرحمۃ

(بقیہ صفحہ ۳۰) مساوات کا درس دیتے رہے لیکن وفات کے وقت الاجلہ من قریش کہہ کر خلافت اپنے خاندان والوں کے لئے مخصوص کر گئے" (ماخوذ از رسالہ آئینہ شاہ عشی ۱۱ صفحہ ۸ ما

یعنی دیکھو، جناب حضور پرنور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حکمت نظری کچھ تھی اور حکمت عملی کچھ۔ فرماتے کچھ تھے اور عمل کچھ اور فرماتے تھے (باقی بر

Marfat.com

دفینۂ الحکمۃ، مشرف القلوب، مشرق الغیوب، لُجّۃُ العُمّل، حجۃ الکُمّل، حدقۃ الاخیار، حدیقۃ الاحبار، نور الطریقۃ، نور الحقیقۃ، زین العالَمین، عین العَالِمین، ذروۃ المُنَا، عُروۃُ الرَّجَا، مرآۃ الاراءۃ، مرقاۃ المحبۃ، مطلع الرموز والاشارات، منبع الکنوز والبشارات، ملاح بحر الملاحۃ، مصباح بیت الصباحۃ، الصّلۃ بین البحرین، المصلح بین الفئتین، مُستشہَدُ المتکلمین، مُستَمسَکُ المتوحدین، برہانُ السلف، سلطان الخلف، وثیقۃُ ھٰذہ الوفود، طلیعۃُ المہدیِّ الموعود، ذُکاء الاصل والفرع، سناء الدین والشرع، وارث سید البشر، منور المائۃِ الحَادِیَۃَ عشر، مُجَدِّدُ الالف ثانی، الاِمَام الرَّبَّانِی ؎

کجا گردد ز وصفش خامہ آگاہ — چہ نم دریا بد از دریا پرکاہ

ہماں بہتر کزیں پس گوش باشم — سرایم نغمہ و خاموش باشم

سَمِیُّ المصطفیٰ بالاسم الذی بشر بہ عیسیٰ، ابو البرکات الشیخ احمد بن الشیخ عبد الاحد الفاروقی نسبًا والحنفی مذھبًا النقشبندی مشربًا۔ قدس اللہ تعالیٰ سرّہٗ وادام اللہ سبحانہٗ ظلہٗ بعد حیاتہ علی العلمین وادرّ اھم من بحار برکاتہ الی یوم الدین۔

اگرچہ یہ ظاہر بات ہے کہ ناقد کی نظر تنقید نے نہ بارگاہ اقدس واعلی الوہیت کو چھوڑا نہ بارگاہ انور رسالت کو، نہ ہر دو خلفاء راشدین کو، نہ اولیاء وصوفیائے متقدمین ومتاخرین کو ؎

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانے میں — تڑپے ہے مُرغ قبلہ نما آشیانے میں

تو پھر حضرت مجدّد الف ثانی کی کیا خصوصیت ہے۔

(بقیہ صـ۷۴) یہ ایک الزامی پہلو ہے ذات اقدس رسالت پر اور کھلا ہوا کفر۔ العیاذ باللہ۔ اور یہ دلائل پیش فرمانے سے مطلب سعدی دیگر است۔ وہ یہ

Marfat.com

آخر میں دعا ہے، اور تمام ناظرین کتاب مسلمین مومنین بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ناقدِ محترم کو مسلکِ حق اور صراطِ مستقیم پر گامزن ہونے کی توفیق بخشے۔ بلکہ یہ دعا کرنی چاہیے کہ ابدال الشام میں سے کسی ابدال کی جگہ جبکہ خالی ہو تو وہ واہب العطیات اُس خالی جگہ کو ناقد محترم مولٰنا سے پر فرما دے تو سارے جھگڑے ہی ختم ہو جائیں گے اور یہیں سے بیٹھے بیٹھے ہم ان کی برکات سے متمتع ہوتے رہیں گے

ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

ولکن ھٰذا اٰخر الکلام و اٰخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العٰلمین، وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ سیّدنا محمد و اٰلہٖ و اصحابہٖ اجمعین۔

اس کے بعد ہی حضرت مخدوم زادۂ گرامی مولٰنا **محمد اللہ خاں** صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ نبیرۂ حضرت ایشان ما و سجادہ نشین خانقاہِ عالیہ مجدّدیہ عنائتیہ رام پور (بھارت) کا تصوّف کے متعلق نہایت مدلل اور کافی وافی مقدمۂ کتاب جو انہوں نے ترجمۂ مقامات ارشادیہ کے ساتھ تحریر فرمایا ہے بغرضِ استفادہ اسی مقدمۂ کتاب کے ساتھ لکھا جاتا ہے بہ عنوان

کلمات طیّبات

عربی و فارسی، یہ دونوں زبانیں ہندوستان میں مسلمانوں کی علمی زبانیں تھیں۔ عربی تو چونکہ قرآن اور ترجمان قرآن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی زبان تھی، اس لیے اس کی حیثیت تو مذہبی بھی تھی۔ لیکن فارسی مذاق بھی عام تھا۔ حتیٰ کہ عربی سمجھنے والوں سے کہیں زیادہ فارسی دان موجود تھے اور تقریباً ہر لکھا پڑھا آدمی فارسی ضرور جانتا تھا۔ یہی وجہ ہوئی کہ علوم و فنون کی تدوین و تالیف میں عربی کے بعد زیادہ تر فارسی

(بقیہ صفحہ ۷۵) دلیل یہ ہے جو اوپر مذکور ہوئی = مولٰنا عتیق الرحمٰن صاحب سنبھلی نے الائمۃ من قریش سے مربوط اور متعلقہ دیگر احادیث پیش کر کے رسالۂ الفقہ ... کی تردید میں تحریر فرمایا ہے، جزاہ اللہ تعالیٰ عنا خیر الجزاء۔ اُس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ حضرت جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیما ... الائمۃ من قریش فرمانے سے کیا تھا۔

Marfat.com

ذخیرہ پایا جاتا ہے۔ اسی بنا پر میرے جدامجد زبدۃ العارفین، عمدۃ المحققین حضرت مرشدنا ومولانا حافظ الحاج شاہ محمد عنایت اللہ خانؒ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی جب "مقامات ارشادیہ" سلوک طریقۂ نقشبندیہ مجددیہ میں تصنیف فرمائی تو فارسی زبان ہی کو منتخب فرمایا۔ لیکن اب جبکہ یہ حالت ہے کہ اچھے خاصے پڑھے لکھے لوگ بھی فارسی کو نہیں سمجھ سکتے تو ضرورت داعی ہوئی کہ "مقامات ارشادیہ" کا اردو ترجمہ کیا جائے تاکہ طالبان علم ومعرفت کو استفادہ کا اچھی طرح موقع مل سکے۔

یہ ضرورت مدت تک میرے دل میں خلش پیدا کرتی رہی اور میں اُس کی تکمیل سے قاصر رہا تا آنکہ برادران طریقت کے حد درجہ اصرار نے مجبور کیا اور جس طرح ممکن ہوا ۱۹۴۱ء میں میں نے "معارف عنائتیہ" کے نام سے ترجمہ شائع کر دیا۔ اصرار کرنے والوں میں اہل بنگال کا اصرار غالب تھا کہ ان ہی کے پیہم تقاضوں سے صاف کیے بغیر ایک لفظی ترجمہ جلدی میں طبع کرا کر شائع کرنا پڑا۔ اب اس کی جلدیں ختم ہوگئیں اور دوسری اشاعت کی ضرورت ہوئی تو میری خواہش ہوئی کہ اس مرتبہ بامحاورہ صاف اور آسان ترجمہ شائع کیا جائے تاکہ فہم مطالب میں دقت نہ ہو۔ لہٰذا میں نے اپنے مخلص دوست حضرت قبلہ جدامجد رحمۃ اللہ علیہ کے مخلص مرید مولانا حامد علی خاں صاحب نقشبندی مجددی مفسر مدرسہ عالیہ کو تکلیف دی اور انہوں نے اپنی عدیم الفرصتی کے باوجود میری خواہش کے موافق سلیس و بامحاورہ ترجمہ کی تکمیل فرما دی۔ مولانا نے کہیں کہیں ترجمہ کے ساتھ توضیحی نوٹ بھی لگا دیے ہیں جس سے مطالب کا سمجھنا اور بھی آسان ہوگیا ہے۔ فجزاھم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

اس کتاب میں چونکہ تصوف کے ایک خاص طریقہ (نقشبندیہ) کا بیان ہے لہٰذا یہ کتاب خصوصاً ان ہی حضرات کے لیے مفید ہوگی جو اس سلسلہ سے منسلک اور تصوف کا ذوق رکھتے ہیں۔ نیز اصطلاحاتِ تصوف

Marfat.com

سے واقف ہیں۔ جو اہلِ علم اس کوچہ سے واقف نہیں ان کو اس سے پورا فائدہ حاصل نہ ہوگا۔ ہاں اس میں بعض مضامین ایسے ضرور ہیں جن کو اگر بنظرِ انصاف غور سے مطالعہ کیا جائے گا تو شاید اُن حضرات کی غلط فہمی دور ہو سکے گی جنہوں نے اسلامی تصوف کو سمجھے بغیر اس کو خلافِ شریعت گمان کر لیا ہے۔

اس زمانہ میں یہ ایک عجیب مہلک مرض پیدا ہو گیا ہے کہ جہاں علم میں تھوڑی سی شد بد حاصل ہوئی ہمہ دانی کا خیال اور محقق بننے کا سودا سر میں سما گیا۔ پھر کیا تھا، ہر علم و فن پر آزادانہ تنقید شروع کر دی اور بلا سوچے سمجھے تنقید نہیں بلکہ ہر ایک کی تنقیص کرنے لگے۔ اہلِ تصوف کا تو ذکر ہی کیا، مفسرین، محدثین، فقہا اور متکلمین میں سے کوئی بھی ان کے زبان و قلم کے تیروں سے نہیں بچا۔

تصوف اور اہلِ تصوف پر زیادہ خفگی کی بڑی وجہ یہ ہے کہ تصوف (بلکہ روحانیت) سے بالکل اجنبیت اور ناواقفیت ہے کیونکہ تصوّف بہت زیادہ لطیف اور دقیق علم ہے۔ کشفی اور وجدانی ہے۔ قال سے زائد حال و ذوق سے تعلق رکھتا ہے بلکہ حال قال کا آئینہ ہے جو لوگ صرف علم ظاہر پڑھتے ہیں اور حقیقت علم ظاہر یعنی علم باطن یا بالفاظ دیگر تصوّف نہیں سیکھتے اور یہ صرف اپنے علم ظاہر پر مغرور ہو جاتے ہیں ان میں ایسے ہی منکرِ حقیقت ہوتے ہیں جو علم باطن اور تصوّف کے منکر ہو جاتے ہیں ان جاحدین و منکرین میں تصوف کو سمجھنے کی بہ سبب جاہلیت اہلیت تو ہوتی نہیں لیکن چونکہ ہمہ دانی کا زعمِ باطل اور تحقیق کا سودا سر میں سمایا ہوا ہوتا ہے لہٰذا اپنی عقل و استدلال سے اس کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ اس طریق سے سمجھ میں تو کچھ آتا نہیں ہے مگر جہل کو علم خیال کر کے وہ اور جہالت و گمراہی میں پڑ جاتے ہیں، پھر اپنے نفسانی اختراعی مفاہیم کو شریعت کے خلاف پا کر اہلِ حقیقت و عرفان کو خواہ مخواہ ہدفِ طعن و ملامت بناتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جب تک تفقہ فی الدین اور عرفانِ تام کی نعمت حاصل نہ ہو اور آلہۂ ہوائے نفس کی پرستش اور عقلِ محض کی بندگی سے نجات

Marfat.com

نہ مل جائے۔ صوفیہؒ کے اسرار، احوال اور مقامات کی حقیقت سمجھ میں نہیں آسکتی۔ اس کو تو ایک صاحب ذوق اپنے جوہر حقیقت شناسی کے ذوق ہی سے سمجھ سکتا ہے اور عارف محقق اپنے عرفان ہی سے اس پر مطلع ہو سکتا ہے۔ بقول حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ "ارباب ظاہر اس کو کیا جانیں" ؎

شپرہ با حضرتِ خورشید گفت — چشم مرا کور چرا می کنی
گفت ترا طاقت دیدار نیست — کور خودی شکوہ زما می کنی

تصوّف کے رسائل جن میں صوفیہ رحمہم اللہ کے اسرار و احوال اور سیر مقامات کا بھی ذکر ہے وہ حقیقتاً ان ہی لوگوں کے لیے ہیں جو ان کو سمجھنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ دوسرے لوگ خواہ مخواہ بیجا دخل اندازی کر کے دردِ سر مول لیتے ہیں۔ حضرات صوفیہ رحمہم اللہ نے خود تصریح فرمائی ہے کہ اُن کے مخصوص رسائل اجنبی اور نااہلوں کے لیے نہیں ہیں۔ شیخ اکبرؒ کا قول ہے کہ "ہماری ان کتابوں کو ہر شخص مطالعہ نہ کرے۔

من یدر ما قلت لم تخزل بصیرته

ولیس یدریه الا من له بصر (شیخ اکبرؒ)

حضرت امام غزالیؒ نے بھی اپنی بعض کتابوں کے متعلق عوام کو مطالعہ نہ کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ خود حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ کے جو مکتوبات ہیں ان میں ان کے اہل کو خطاب ہے، اور انہی کے لیے وہ لکھے گئے ہیں۔ یہ صرف علم تصوف پر ہی موقوف نہیں ہے بلکہ ہر علم و فن کی یہی حالت ہے کہ اس کے بدیہی مقدمات اور فنی اصطلاحات و دقائق کو سمجھے بغیر کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ ایک مبتدی طالب علم لیاقت و استعداد پیدا کرنے سے پہلے "شمس بازغہ" یا "شرح اشارات" جیسی دقیق کتابوں کا از خود مطالعہ کرے گا تو اس کی سمجھ میں کیا آئے گا۔ پھر اپنے شوق تنقید میں اُن کے فاضل مصنفین کی وہ

Marfat.com

تنقیص کرنے لگے تو بتائیے اس کو احمق نہیں تو اور کیا کہا جائے گا۔ افسوس کہ بعض لوگ "اعجاب کل ذی رأیٍ برأیه" کے مرض میں مبتلا ہو کر اس موٹی بات کو بھی نہیں سمجھتے اور بمصداق "لعن هٰذه الامة اولها" اسلاف کرامؒ کی ناحق تنقیص میں لگے ہوئے ہیں تصوف کے بارے میں حضرت شاہ عبدالحق صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ کی نصیحت جو شرح فتوح الغیب میں لکھی ہے غور کرنے اور ماننے کے لائق ہے:

"گاہ اسرار دقیقہ و علوم غامضہ بر قلوب عرفاء وارد می شود و عبارت بآں کفایت نمی کند پس تسلیم آں بعلم حضرت علیم مطلق سبحانہ باید نمود و زبان انکار نباید کشود۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ عارفین حق کے قلوب پر اسرار دقیقہ اور علوم غامضہ وارد ہوتے ہیں اور ان کے واضح بیان کے لیے عبارت کفایت نہیں کرتی ہے لہٰذا اگر مراد سمجھ میں نہ آئے تو اس کو حق تعالیٰ علیم مطلق کے علم کے حوالہ کر دینا چاہیے اور زبان انکار نہ کھولنا چاہیے۔

پھر جنہیں ان اسرارِ الٰہی کا صحیح علم و عرفان عطا نہیں ہؤا ہے اور اُن کے زعم و پندار کی یہ حالت ہے کہ الٰہی بھیدوں کو علمِ الٰہی پر حوالہ کرنے میں خود اپنے علم کی توہین خیال کرتے ہیں تو پھر ان کو حضرت شاہ غلام علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مندرجہ ذیل ارشاد پر عمل کرنا چاہیے:

بدانکہ در کلام الٰہی سبحانہ و کلام پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سخنہا است کہ بے تاویل فہم دراں قاصر است و ہمچنیں در کلام اولیاء سخنہا است کہ آنجا تاویل باید نمود تا گمان نیک کہ مامور بہ ست از دست نرود۔

خوب سمجھ لو کہ جس طرح کلام الٰہی سبحانہ و تعالیٰ اور کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کچھ ایسی باتیں بھی ہیں جن کو بغیر تاویل سمجھنے سے فہم قاصر ہے اسی طرح اولیاء کے کلام کا حال ہے۔ ان کے کلام میں بھی ایسی باتوں کی تاویل کرنا چاہیے تاکہ نیک گمانی جس کا شرعاً حکم ہے ہاتھ سے نہ جاتی رہے۔

Marfat.com

اس کے ساتھ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرّہٗ کے مکتوب نمبر ۱۶۰ کی عبارت ذیل کا مطالعہ بھی بعض غلط فہمیوں کے ازالہ میں مفید ہوگا:

"باید دانست کہ منشاء تفاوت علوم و معارف در مکتوبات و رسائل کہ ازیں درویش بلکہ از ہر سالک کہ صادر شدہ است ہمیں تفاوت حصول مقامات متفاوتہ است، ہر مقام را علوم و معارف جدا است و ہر حال را قال علیحدہ پس فی الحقیقت تدافع و تناقض در علوم نباشد در نسخ احکام شرعیہ است فلا تکن من الممترین"۔

جان لو کہ مکتوبات و رسائل میں علوم و معارف کا تفاوت جو اس فقیر بلکہ ہر سالک سے ظاہر ہوا ہے اس کا سبب مقامات متفاوتہ کا حصول ہے۔ ہر مقام کے علوم جدا ہیں اور ہر حال کا قال علیحدہ ہے۔ پس حقیقت میں علوم میں تدافع اور تناقض نہیں ہے۔ اس کو احکام شرعیہ کے نسخ کی طرح سمجھنا چاہیے اور شک نہ کرنا چاہیے۔

بعض مستشرقین نے اپنی لاعلمی کی وجہ سے تصوفِ اسلام کو خیال کیا کہ وہ یا تو ایرانیوں سے ماخوذ ہے یا یونانیوں سے اس خیال کو ہمارے مسلمان آزاد مزاج متجددین بھی لے اُڑے اور انہوں نے بھی تقلیداً وہی کہنا شروع کر دیا جو یورپ کے تباہ کن لٹریچر میں پایا، نتیجہ یہ ہوا کہ اپنے اسلاف کے اُن طریقوں سے روگردانی کی جو کتاب و سنت سے مؤید اور مشید تھے۔ پھر غیروں کی آراء کا شکار ہو کر اور اپنے اوہام میں پھنس کر جادۂ حق سے منحرف ہو گئے ؎

واہ کیا راہ دکھائی ہے ہمیں مرشد نے کر دیا کعبہ کو گم اور کلیسا نہ ملا

یہ یاد رہے کہ "تصوف اسلام" سے ہماری مراد وہ ہے جس سے تزکیۂ نفس اور تصفیۂ اخلاق حاصل ہو۔

Marfat.com

اعتقاد صحیح اور عمل بالاخلاص کی دولت میسّر ہو، روح مجلّٰی اور دل منوّر ہو کر تجلیاتِ الٰہی کے جلووں کے قابل ہو اور رضائے خداوندی حاصل ہو کر مقامِ قرب و حضور کی سعادت حاصل ہو۔ اس کو جاہلیت و بدعت کہنا بڑی ناانصافی بلکہ بے دینی ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات میں اسلامی تصوف کی خوب وضاحت کی گئی ہے اور شریعت و طریقت کے اتصال و اتحاد پر روشنی ڈالی ہے۔ مکتوب نمبر ۳۶ جلد ۱ کا مندرجہ ذیل اقتباس ملاحظہ ہو:

"شریعت را سہ جزو است: علم و عمل و اخلاص۔ تا ایں ہر سہ جزو متحقق نشود شریعت متحقق نشود۔ چوں شریعت متحقق شد رضائے حق سبحانہٗ و تعالیٰ حاصل گشت کہ فوق جمیع سعادات دنیویہ و اخرویہ است و رضوان من اللہ اکبر۔ پس شریعت متکفل جمیع سعادات دنیویہ و اخرویہ آمد و مطلبے نماند کہ بماورائے شریعت در آں مطلب احتیاج افتد طریقت و حقیقت کہ صوفیہ بآں ممتاز گشتہ اند ہر دو خادم شریعت اند در تکمیل جزو ثالث کہ اخلاص است۔ پس مقصود از تحصیل طریقت و حقیقت تکمیل شریعت

"شریعت کے تین جزو ہیں: اعتقاد، عمل اور اخلاص۔ جب تک یہ تینوں جزو ثابت نہ ہوں شریعت کا ثبوت نہیں ہو سکتا۔ جب شریعت ثابت ہو گئی تو خدا تعالیٰ کی رضامندی بھی حاصل ہو گئی جو کہ تمام دنیوی اور اُخروی سعادتوں سے بالاتر ہے۔ کلام الٰہی ہے کہ اللہ کی رضامندی سب سے بڑی ہے۔ پس شریعت تمام دنیوی اور اُخروی سعادتوں کی ضامن ہے اور ایسا کوئی بھی مطلب نہیں کہ سوائے شریعت کے کسی اور طرح پورا ہونے کا محتاج ہو۔ طریقت اور حقیقت جس کے ساتھ صوفی لوگ ممتاز ہیں وہ دونوں ہی شریعت کے تیسرے جزو یعنی اخلاص کی تکمیل میں شریعت کی خادم ہیں۔ پس طریقت اور حقیقت کے حاصل کرنے

Marfat.com

است نہ امرے دیگر ورائے شریعت۔ سے شریعت کی تکمیل کے سوا اور کچھ مقصود نہیں ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ "تصوفِ اسلام" شریعت کے خلاف نہیں ہے بلکہ جیسے علم عقائد اور علم فقہ شریعت ہی کے دو حصے ہیں اسی طرح علم تصوف اور سلوک بھی ہے۔ صحت اعتقاد کا متکفل علم کلام ہے اور اعمال جوارح کی ظاہری درستی "فقہ" سے وابستہ ہے اور یہی اعمال باعتبار اپنے نتائج اور کیفیات باطنیہ کے کہ ان سے تہذیب نفس اور صفات محمودہ مقصودہ تک رسائی حاصل ہو تصوف سے متعلق ہیں۔ علم شرائع (فقہ) میں زیادہ زور صحت اور صورت عمل کی درستی پر ہوتا ہے، اور تصوف میں غایتِ عمل اور قبولیت مقصود ہوتی ہے۔ اس کو ایک مثال سے سمجھیے۔ مثلاً نماز ہے۔ اس میں ایک تو اس کے ارکان واجبات، سنن اور آداب کی ٹھیک ٹھیک اس ظاہری صورت کا ہو جانا ہے جس کا تعلق ظاہری اعضاء وجوارح سے ہے، کہ تکبیر تحریمہ اس طرح ہو، قیام کا طریقہ یہ ہے، رکوع میں جسم کی صورت ایسی رہے، قرأت یوں ہوتی ہے، رکوع وسجود میں تسبیحات اتنی مرتبہ زبان سے کہی جاتی ہیں، وغیرہ۔ دوسرے اس کے ساتھ نماز کے اصل مقصود، منشاء اور غایت کا پایا جانا بھی ہے یعنی یہ کہ اس افضل عبادت میں روح عبادت، غایتِ خضوع اور حضورِ رب حاصل ہو۔ قرۃ عینی فی الصلوٰۃ اور الصلوٰۃ معراج المؤمنین کا منشاء پورا ہو رہا ہو، خشیت رب سے قلب بھرپور ہو کر لقائے رب کی امید میں ڈوبا ہوا ہو نہ یہ کہ نماز میں مشقت، تعب اور تھکن محسوس ہو رہی ہو، وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ۔ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ (الآیۃ)۔ پہلی صورت علم شرائع کی ہے اور دوسری علم سلوک اور تصوف کی۔ اس سے سمجھ لیجیے کہ تصوف وسلوک میں حقیقت شریعت کے سوا کوئی اور چیز مقصود نہیں ہے۔ حضرت امام ربانی قدس سرہٗ نے بھی اسی طرح ارشاد فرمایا ہے:

شریعت را صورتے است و حقیقتے صورتش "شریعت کی ایک ظاہری صورت ہے اور ایک حقیقت

Marfat.com

آن ست کہ علماء ظواہر بہ بیان آں متکفل اند و حقیقتش آں کہ صوفیہ علیہ بآں ممتاز اند۔

ظاہری صورت وہ ہے جس کا بیان علمائے ظواہر کے ذمہ ہے اور حقیقت وہ ہے جس کے ساتھ صوفیہ کرام ممتاز ہیں۔

یہ بھی واضح رہے کہ تصوف سے مقصود نہ تو کشف و کرامات کا حصول ہے اور نہ وجد و حال اور اس قسم کے دوسرے کمالات کا بعض جہلا نے غلطی سے بزرگی اور تقویٰ کا دار و مدار ان مذکورہ امور پر سمجھ لیا ہے۔ حالانکہ کشف و کرامات کا ظہور بعض بزرگوں سے ہوتا ہے بعض سے نہیں جن سے نہیں ہوتا ان کے مرتبہ میں کچھ نقصان نہیں آتا۔ اور جن سے ہوتا ہے ان کے مرتبہ میں محض ان کی وجہ سے اضافہ نہیں ہو جاتا۔ پس سمجھ لیجیے کہ بعض نام نہاد صوفی جو اپنے اوراد و وظائف اور عبادات و ریاضات سے فقط کشف و کرامات ہی کے طالب رہتے ہیں اور غیبی صور و اشکال کا مشاہدہ یا غیبی الوان و انوار کا معائنہ ہی ان کا مقصود اور متمنیٰ ہوتا ہے۔ انہوں نے تصوف کے مقصد و منشاء کو سمجھا ہی نہیں ہے۔ اسی طرح وہ لوگ جو صاحب تصرف و کرامت بننے کے شوق میں اور مخلوق کے قلوب کو مسخر کرنے کے لیے غیر مباح شغلوں سے بھی دریغ نہیں کرتے ہیں ان کا تصوف سے انتساب خود تصوف کی توہین ہے۔ اس کو تصوف اسلام سے کیا نسبت؟ ؎

چراغ مُردہ کجا شمع آفتاب کجا — بہ بیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مکتوب نمبر ۲۶۶ میں اسی کے متعلق تحریر فرمایا ہے:

وایضاً مقصود از سلوک طریقۂ صوفیہ آں نیست کہ صور و اشکال غیبی را مشاہدہ نمایند و الوان و انوار را معائنہ کنند، ایں خود داخل لہو و لعب ست۔ صور و انوار حسی چہ نقصان

طریقۂ صوفیہ سے مقصود یہ بھی نہیں ہے کہ غیبی صور و اشکال کا مشاہدہ کریں یا غیبی انوار و الوان کا معائنہ کریں۔ یہ چیزیں لہو و لعب میں داخل ہیں ظاہری صورتوں اور ظاہری انوار میں کیا کمی ہے کہ کوئی ان کو

Marfat.com

دارند کہ کسے اینہا را گزاشتہ بریاضات و مجاہدات تمنائے صور و انوار غیبی نماید۔

چھوڑ کر اس تمنا میں ریاضات و مجاہدات کرے کہ غیبی صورتیں اور انوار مشاہدہ میں آجائیں۔

الغرض تصوف سے مقصود یہ ہے کہ جن عقائد و اعمال کی شریعت نے تعلیم دی ہے ان کا یقین پختہ ہو جائے اور وہ استدلال کے مرتبہ سے ترقی کر کے کشف و شہود کے درجہ میں آجائیں۔ سالک جب اس نعمت سے سرفراز ہو گا تو اخلاص کے ساتھ عمل کرنا بھی آسان ہو جائے گا اور رضائے الٰہی کے سوا اس کا کچھ مطلوب نہ رہے گا۔ پھر فضل خداوندی سے کمال عبدیت سے متصف ہو کر مقام قرب و حضور پر فائز ہو گا۔

حقیقتاً گروہ صوفیہ نام ہے مجسم اخلاص اور پیکر زہد و تقویٰ کا۔ اُمت میں سے اسی گروہ نے سب سے بڑھ کر اتباع سنت رسول کا حق ادا کیا ہے اور زندگی کے تمام شعبوں میں سنت کا بڑا اہتمام رکھا ہے۔ اعمال نبوی کے اعتبار سے دیکھو گے تو کثرت عبادات، تلاوت و ذکر، صوم و صلوٰۃ اور قیام لیل وغیرہ اعمال میں حق اتباع اسی گروہ میں ملے گا۔ اخلاق نبوی کے نمونے تلاش کرو گے تو عفو و حلم، رافت و رحمت اور حیاء تواضع وغیرہ میں یہی گروہ پیش پیش نظر آئے گا۔ اقوال نبوی کے لحاظ سے جانچو گے تو خیر الکلام اور حسن مدارت و نصیحت کے پیکر انہی کو دیکھو گے۔ اور احوال نبوی کے لحاظ سے غور کرو گے تو زہد و قناعت، صبر و شکر، تفویض و توکل، خوف و خشیت، تسلیم و رضا میں کامل انہی کو پاؤ گے۔ اُن کا یہ پختہ یقین ہوتا ہے کہ سعادت دارین اور مقصود اصلی ظاہراً و باطناً پیروی رسول کریم کے بغیر حاصل نہیں ہوتا ہے۔ تمام اکابر طریقت کی تعلیم کا خلاصہ یہی ہے جس پر اُن کی کتابیں گواہ ہیں کہ اصلی سرچشمہ رشد و ہدایت ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ ساری کائنات اسی کے طفیل میں ہے۔ جو شخص اس ذات اقدس سے جتنا زیادہ قرب و مناسبت رکھے گا اسی قدر بامراد اور کامیاب ہو گا:

Marfat.com

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ط

اے رسولؐ! کہہ دیجیے کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو

خلافِ پیمبر کسے راہ گزید کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید

افسوس کہ ارباب ظاہر نے صوفیہ کو باوجود اس قدر اہتمام سنت کے بھی بدعتی کہا ہے اور ان کے سلاسل اور طرق تعلیم کو بدعت و جاہلیت قرار دیا ہے۔ بیعت، مراقبہ، اشغال و افکار، توجہ شیخ اور تصرف وغیرہ معمولات صوفیہ میں سے ہر ایک کو وہ خلافِ سنت کہتے ہیں۔ اس مختصر مقالہ میں ان امور کے متعلق بدعت و سنت کی تفصیلی بحث کا موقع نہیں ہے، اکابر دین نے اس کی تحقیق کا حق ادا کر دیا ہے۔ ان کے رسائل میں بڑی خوبی کے ساتھ امور مذکورہ کا کتاب و سنت سے اثبات موجود ہے خصوصاً اس بارے میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ اور شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ کے رسائل و فتاویٰ قابل مطالعہ ہیں جن میں بڑی بسط و تفصیل کے ساتھ طرق تصوف سے متعلق ہر ایک چیز کو کتاب و سنت سے ثابت کیا ہے۔ قول الجمیل، سطعات، لمعات، ہمعات، انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ، الطاف القدس، فتاویٰ عزیزیہ، دیکھنے کی کتابیں ہیں، لہٰذا ہم اس بحث سے صرفِ نظر کرتے ہیں، لیکن اتنا ضرور عرض ہے کہ اگر بدعت کا مطلب یہی ہے جو ارباب ظاہر کہتے ہیں تو اہل دین کا کوئی طبقہ اور علم کا کوئی حصہ اس الزام سے نہیں بچ سکے گا۔ دیکھیے! حدیث کی تالیف و ترتیب میں ایک خاص انداز نظر آتا ہے۔ عہد نبوت اور دورِ صحابہ میں ایسا نہ تھا۔ پھر اسی فن حدیث میں سیکڑوں اصطلاحیں ہیں جو بعد میں وضع کی گئی ہیں اس عہد مسعود میں یہ بھی نہیں تھیں۔ فقہ اور علم کلام کی کتابوں کو پڑھیے متکلمین کی تحقیق اور فقہاء کے استنباط نے مسائل کا دفتر تیار کر دیا ہے اور اس کے لیے اصطلاحات الگ ہیں۔ یہ سب کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم اور صحابہؓ کے بعد ہی میں ہوا ہے تو کیا یہ سب کچھ بدعت ہے؟ حاشا ایسا نہیں ہے بلکہ یہ سب دین کی خدمت ہے اور منشاء دین کے عین مطابق۔ بس اسی طرح تصوف بھی اپنے تفصیلی مسائل اور خصوصی اصطلاحات کے ساتھ دین کی خدمت کے لیے ہے اور منشاء دین کی تکمیل کے لیے۔ مجتہدین کرام اور ماہرین حدیث نے علم فقہ اور حدیث میں اپنے اجتہاد و استنباط سے کام لیا اور ہر زمانے میں وقتیہ ضرورتوں کو حل کرتے اور اصطلاحات کو وضع کرتے چلے گئے۔ اسی طرح صوفیہ نے اپنے علوم و مشاہدات سے کام لیا اور کتاب و سنت کی روشنی میں وقت و ماحول کی مناسبت سے مرض کی نوعیت اور مریض کے مزاج کے مطابق تدبیریں اور معالجے تجویز کیے جو تیر بہدف ثابت ہوئے اور زمانہ گواہ ہے کہ تزکیۂ نفوس، احسان اور تقویٰ کے مدارج کمال پر فائز کرنے میں علمائے ظاہر سے کہیں زائد اُمت اہل باطن کی تعلیم و تربیت کی منت کش ہے۔

ایک[1] نئی جماعت صالحین کے مصلح اعظم کا قول ہے کہ یہ لوگ معصوم نہیں تھے، ان سے غلطی ہوئی ہے، کتاب و سنت اس کی کسوٹی ہے۔ جواباً عرض ہے کہ بلاشبہہ کتاب و سنت ہی اصل کسوٹی ہے۔ اسی کسوٹی پر جمہور اہل حق اور سواد اعظم نے تصوف اسلام کو پرکھا ہے اور اجزائے تصوف کی نصوص شرعیہ سے تائید اور توثیق کی ہے۔ ظاہر ہے کہ اخذ و استنباط جمہور اہل حق اور سواد اعظم ہی کا معتبر ہوتا ہے نہ ہر مدعی اور خود رائے کا۔

[1] اس نئی جماعت نے تھوڑے عرصہ سے جنم لیا ہے اور اپنے بعض نئے معتقدات و نظریات کے ساتھ ظاہر ہوئی ہے وہ تصوف پر رکیک حملے کرتی رہتی ہے۔ اس نے اپنے خیال میں تصوف اسلام کے مروجہ طرق کے ڈانڈے علی الاطلاق جاہلیت شرکانہ و راہبانہ سے ملا دیے ہیں اور اس میں کوئی تخصیص روا نہیں رکھی ہے۔ حتیٰ کہ امام مجدد الف ثانیؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ کو بھی نہیں چھوڑا ہے۔ اور صرف یہی نہیں بلکہ تمام اکابر دین، ماضی و حال، خواہ وہ محدثین ہوں یا فقہاء، متکلمین ہوں یا مفسرین، اس کی نظر میں ناقص، خاطی اور گمراہ ہیں۔ اس کا لٹریچر اسی قسم کی تنقیصات سے پر ہے، اعاذنا اللہ من ذلک الخرافات ورزقنا اللہ الاستقامۃ علی الحق والصواب۔

Marfat.com

اگر علمائے اُمت کے سوادِ اعظم نے غلطی کی ہے تو اس زمانہ میں کسی فرد یا محدث جماعت کے پاس اپنے معصوم ہونے کی کیا دلیل ہے۔ اللہ اللہ، علمائے اسلام تمام مشائخ محققین حضرت مجدد سرہندی قدس سرہٗ حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ سب اصل کسوٹی کتاب وسنت کے مصرف سے بے خبر تھے اور ابن تیمیہ کے بعد بس اس زمانہ میں بعض اہل اعجاب و پندار ہی اس سے واقف اور خبردار ہوئے ہیں۔

مخالفین تصوف اہل تصوف کے پاک طینت گروہ کو بدنام کرنے اور تصوف سے بدظنی پیدا کرنے کے لیے بعض جاہل اور ریاکار صوفیوں کے اعمال واقوال کو بھی پیش کرتے ہیں جن کو تصوف سے حقیقتاً کوئی لگاؤ نہیں ہے۔ ان کا یہ طریقۂ تنقید عقل و دیانت اور انصاف کے بالکل خلاف ہے۔ سب جانتے ہیں کہ اُمت کے ہر گروہ اور طبقہ میں اچھوں کے ساتھ بُروں کا وجود بھی چلتا رہا ہے اور واقعہ یہ ہے کہ صوفیہ کا مقدس گروہ بھی اس سے نہیں بچ سکا۔ ہر زمانہ میں صوفیوں کے لباس میں جہاں اور اہل اہواء کا بھی ایک فرقہ رہا ہے اور اہل حقیقت اس پر تنبیہ کرتے ہی آئے ہیں۔ مولانائے روم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

اے بسا ابلیس آدم روئے ہست پس بہر دستے نباید داد دست

تصوف ہی نہیں، دین کے دوسرے شعبوں کو بھی دیکھیے، حدیث کے پاک صحیفہ میں موضوعات کی آمیزش کی ناکام سعی کی گئی اور محدثین کے مقدس لباس میں مدلسین اور اہل اہواء نے ظاہر ہو کر کیا کچھ فتنہ پردازی نہیں کی۔ لیکن اس سے نہ سچے محدثین کے دامن پر کوئی دھبہ آیا اور نہ اصل حدیث سے اعتبار اُٹھا۔ پھر کسی کے غلط طریقۂ عمل سے اصل تصوف سے بدظنی کیوں ہو۔ اور صوفیائے حق پر حرف گیری کیوں؟ دور کیوں جائیے، آج عموماً مسلمانوں کی کتنی زبوں حالت ہے۔ اس کو دیکھ کر اگر کوئی خود اسلام سے بدظن ہونے لگے تو اس کو نادانی اور حماقت کے سوا اور کیا کہا جائے گا۔

Marfat.com

اس میں بھی شک نہیں کہ اس دورِ انحطاط میں ہماری خانقاہوں کی رشد و ہدایت میں وہ پہلی سی شان نہیں رہی۔ نہ طالبین ہی میں وہ طلب و اخلاص پایا جاتا ہے، اور نہ مشائخ میں سابقین کی طرح زہد و تقویٰ۔ لیکن اس کا انحصار فقط اہل خانقاہ پر ہی نہیں مسلمانوں میں کوئی طبقہ ایسا نہیں جس کی حالت میں آج انحطاط کے آثار نمایاں نہیں ہیں۔ مدارس میں طلباء اور علماء کی حالت کو دیکھیے، ان میں اسلاف کے سچے نمونے کس قدر کم ہیں۔ پھر اگر آج مشائخ میں حضرت جنیدؒ اور شبلیؒ یا خواجہ اجمیریؒ اور حضرت مجدد سرہندیؒ جیسے نہیں ہیں تو علماء میں شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی اور مولانا فضل حق جیسے بھی کہاں ہیں۔ اس دورِ انحطاط میں فی الواقع کاملین کی بہت کمی ہے لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے دنیا خدا کے بندوں سے خالی نہیں رہتی ہے۔ اب بھی کہیں کہیں ایسے لوگ پائے جاتے ہیں جو اسلاف کرام کے صحیح طریقے کے موافق شریعت و طریقت کی پوری پابندی کے ساتھ اسلامی تصوف کے ارشاد و تبلیغ میں لگے ہوئے ہیں۔

پھر اگر کسی شخص کی نظر میں کوئی کامل نہ آئے تو پیری مریدی اور بیعت کوئی ایسی شے بھی نہیں کہ ہر حال میں ضروری ہو اور اُس کے بغیر نجات اُخروی حاصل نہ ہو۔ کسی سے بیعت نہ ہو نہ سہی، لیکن نفس تصوف کا خلاف اور اولیاء اللہ کا استخفاف نہ ہونا چاہیے کہ یہ حرمان و خسران ابدی کا موجب ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ نے مکتوب ۱۰۶ میں تحریر فرمایا ہے کہ اولیاء اللہ کی محبت خدا تعالیٰ کی بہت ہی بڑی نعمت ہے۔ اس سے خوش نصیب انسان ہی مشرف ہوتے ہیں۔ اس کے بعد حضرت شیخ الاسلام ہروی کا حسب ذیل قول نقل فرمایا ہے:

شیخ الاسلام ہروی می فرمایند الٰہی! چیست اینکہ دوستان خود را کردی کہ ہر کہ ایشاں را

شیخ الاسلام فرماتے ہیں کہ خداوندا! یہ کیا ماجرا ہے کہ جن کو تو نے اپنا دوست کیا ہے ان کو جس نے

Marfat.com

شناخت ترا یافت و تا ترا نیافت ایشاں را	پہچانا، تجھ کو پایا۔ اور جس نے تجھ کو نہ پایا ان کو
نشناخت۔ بغض ایں طائفہ سم قاتل ست	نہ پہچانا۔ اس گروہ سے بغض رکھنا زہر قاتل ہے۔
وطعن ایشاں موجب حرمان ابدی است،	اوران پر طعن کرنا ابدی بے نصیبی کا موجب ہے۔
نجانا اللہ سبحانہ وایاکم عن ھذا الابتلاء	خدا تعالیٰ ہم سب کو اس بلا سے بچائے رکھے۔
شیخ الاسلام فرمود "الٰہی! ہر کرا خواہی براندازی	شیخ الاسلام نے یہ بھی فرمایا ہے کہ "الٰہی! تو جس کو
اورا با ما در اندازی" ؎	مردود کرتا ہے اس کو ہمارے طعن اور بغض میں ڈال دیتا ہے۔
بے عنایات حق وخاصان حق	حق اور خاصان حق کی عنایت کے بغیر
گر ملک باشد سیاہ ہستش ورق	اگر فرشتہ ہو تو اس کا بھی نامۂ عمل سیاہ ہوتا ہے

لہٰذا اس کتاب کے مطالعہ سے طریقۂ نقشبندیہ مجددیہ کی جامعیت اور کتاب وسنت سے موافقت کا حال معلوم ہوگا۔ نیز حقیقی تصوف سے واقفیت پیدا ہوکر تصوف سے متعلق بہت سے شکوک واوہام صرف ان لوگوں کے قلوب سے جن کے قلوب میں ابھی کچھ اصلاحی قابلیت باقی ہے غین ہے این نہیں ہے رفع ہوجائیں گے۔ ورنہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمِ الْفَاسِقِیْنَ۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی خالص محبت کے ساتھ اپنے خاص بندوں کی محبت بھی عطا فرمائے۔ اور قصوروں کو معاف فرماکر ہر طرح کی لغزشوں سے بچائے۔ اَللّٰھُمَّ ارزقنا حبك وحب من یحبك و حب عمل یقربنا الی حبك، ربنا اھدنا الصراط المستقیم، صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضآلین۔ آمین۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وبارك وسلم۔

Marfat.com

حمد و نعت

(من مکتوب شریف امام ربّانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد للہ الذی جعل الامکان مرآۃ للوجوب وصیّر العالم۔ مظہراً للوجود۔ والوجوبُ والوجودُ وان کان صفتے کمالٍ لہٗ سبحانہ فھو تعالیٰ وراٰئھما بل وراء جمیع الاسمآء والصفات ووراء جمیع الشیون والاعتبارات ووراء الظھور والبطون ووراء البروز والکمون ووراء التجلیات والظھورات ووراء کُلّ موصولٍ ومفصول ووراء المشاھدات والمکاشفات ووراء کل محسوس ومعقول ووراء کل موھوم ومتخیل فھو سبحانہ وراء الوراء ثم وراء الوراء ثم وراء الوراء ؎

چہ گویم با تو از مرغے نشانہ! کہ با عنقا بود ہم آشیانہ
ز عنقا ہست نامے پیش مردم ز مرغِ من بود آں نام ہم گم

فلا یصل حمد حامد الیٰ جناب قدس ذاتہٖ بل منتھیٰ جمیع المحامد دون سرادقات عزتہٖ فھو الذی اثنیٰ علیٰ نفسہٖ وحمد ذاتہٗ بذاتہٖ فھو سبحانہٗ الحامدُ المحمودُ وما سواہ عاجز عن اداءِ الحمد المقصود کیف وقد عجز عن حمدہٖ سبحانہٗ۔

Marfat.com

من هو حامل لواء الحمد یوم القیمة۔ تحتهٗ آدم و من هو دونه و هو افضل البرایا و اکملهم ظهورا و اقربهم منزلة و اجمعهم کمالا و اشملهم جمالا و اتمهم بدرا و ارفعهم قدرا و اعظمهم ابهة و شرفا و اقومهم دینا و اعدلهم ملة و اکرمهم حسبا و اشرفهم نسبا و اعرفهم بیتا لولاه لما خلق اللّٰه سبحانه الخلق و لما اظهر الربوبیة و کان نبیا و آدم بین الماء و الطین و اذا کان یوم القیامة کان هو امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم الذی قال نحن الآخرون و نحن السابقون یوم القیمة و انی قائل قولا غیر فخر و انا حبیب اللّٰه و انا خاتم النبیین و لا فخر و انا اول الناس خروجا اذا بعثوا و انا قائدهم اذا وفدوا و انا خطیبهم اذا انصتوا و انا مستشفعهم اذا حبسوا و انا مبشرهم اذا ایئسوا الکرامة و المفاتیح یومئذ بیدی ؎

در قافلۂ کہ اوست دائم نرسم ایں بسکہ رسد ز دور بانگ جرسم

صلوٰة اللّٰه سبحانه و تسلیماته تعالیٰ و تحیاته عز شانه و برکاته جل برهانه علیه و علیٰ جمیع اخوانه من النبیین و المرسلین و الملائکة المقربین و علیٰ اهل الطاعة اجمعین، صلوٰة و سلاما و تحیة و برکة هو لها اهل و هم لها اهل کلما ذکره الذاکرون و کلما غفل عن ذکره الغفلون ؎

خدا در انتظار حمدِ ما نیست محمدؐ چشم بر راه ثنا نیست
خدا مدح آفرین مصطفیٰ بس محمدؐ حامدِ حمدِ خدا بس

Marfat.com

مناجاتے اگر باید بیاں کرد — بہ بیتے ہم قناعت می تواں کرد
محمدؐ! از تو می خواہم خدارا — خدایا! از تو حبِ مصطفیٰ را

ے

محمدؐ عربی کا بروئے ہر دو سرا است — کسیکہ خاک درش نیست خاک بر سر او
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

Marfat.com

دُعَائے کبریت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ اَبَدًا ۝ وَاَنْمٰی بَرَکَاتِكَ سَرْمَدًا ۝ وَاَزْکٰی تَحِیَّاتِكَ فَضْلًا وَّعَدَدًا مُؤَبَّدًا ۝ وَاَسْنٰی سَلَامِكَ اَبَدًا مُجَدَّدًا ۝ عَلٰی اَشْرَفِ الْخَلَائِقِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَالْجَانِیَّةِ ۝ وَمَجْمَعِ الدَّقَائِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ ۝ وَطُوْرِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِحْسَانِیَّةِ ۝ وَمَهْبِطِ اَسْرَارِ الرَّحْمَانِیَّةِ ۝ وَعُرُوْسِ الْمَمْلَکَةِ الْقُدُّوْسِیَّةِ ۝ وَاِمَامِ الْحَضْرَةِ الرَّبَّانِیَّةِ ۝ وَوَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِیِّیْنَ ۝ وَمُقَدِّمَةِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ وَقَائِدِ رَکْبِ الْاَنْبِیَآءِ الْمُکَرَّمِیْنَ ۝ وَاَفْضَلِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِیْنَ ۝ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰی ۝ وَمَالِكِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰی ۝ شَاهِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ ۝ وَمُشَاهِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ ۝ وَتَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ ۝ وَمَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ ۝ وَمَظْهَرِ سِرِّ الْجُوْدِ الْجُزْئِیِّ وَالْکُلِّیِّ ۝ وَاِنْسَانِ عَیْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِیِّ وَالسُّفْلِیِّ ۝ رُوْحِ جَسَدِ الْکَوْنَیْنِ ۝ وَعَیْنِ حَیٰوةِ الدَّارَیْنِ ۝ الْمُتَخَلِّقِ بِاَعْلٰی رُتَبِ الْعُبُوْدِیَّةِ ۝ وَالْمُتَحَقِّقِ بِاَسْرَارِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِیَّةِ ۝ سَیِّدِ الْاَشْرَافِ وَجَامِعِ الْاَوْصَافِ ۝ الْخَلِیْلِ الْاَعْظَمِ ۝ وَالْحَبِیْبِ الْاَکْرَمِ ۝ نَبِیِّكَ الْعَظِیْمِ وَرَسُوْلِكَ الْقَدِیْمِ الْکَرِیْمِ ۝ اَلْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ ۝ اَلْمَخْصُوْصِ بِاَعْلَی الْمَرَاتِبِ وَالْمَقَامَاتِ ۝ اَلْمُؤَیَّدِ بِاَوْضَحِ الْبَرَاهِیْنِ وَالدَّلَالَاتِ ۝ اَلْمَنْصُوْرِ بِالرُّعْبِ وَالْمُعْجِزَاتِ ۝

Marfat.com

جَوْهَرِ الشَّرِيْفِ الْاَبَدِيِّ وَالنُّوْرِ الْقَدِيْمِ الْمُحَمَّدِيِّ ۚ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الْمَحْمُوْدِ
الْاِيْجَادِ وَالْوُجُوْدِ ۚ الْفَاتِحِ لِكُلِّ شَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۚ وَحَضْرَةِ الْمُشَاهِدَةِ وَالشُّهُوْدِ ۚ
سِرِّ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدَاهُ وَسِرِّ كُلِّ سِرٍّ وَّسَنَاهُ ۚ الَّذِيْ شُقِّقَتْ مِنْهُ الْاَسْرَارُ ۚ وَانْفَلَقَتْ
مِنْهُ الْاَنْوَارُ ۚ اَلسِّرِّ الْبَاطِنِ ۚ وَالنُّوْرِ الظَّاهِرِ ۚ اَلسَّيِّدِ الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ الْاَوَّلِ
الْاٰخِرِ الظَّاهِرِ الْبَاطِنِ الْعَاقِبِ الْحَاشِرِ النَّاهِيْ الْاٰمِرِ النَّاصِرِ الصَّابِرِ الشَّاكِرِ
الْقَانِتِ الذَّاكِرِ الْمَاحِيْ ۚ الْمَاجِدِ ۚ الْعَزِيْزِ الْحَامِدِ ۚ الْمُؤْمِنِ الْعَابِدِ ۚ الْمُتَوَكِّلِ الزَّاهِدِ ۚ
الْقَائِمِ السَّاجِدِ ۚ التَّابِعِ الشَّهِيْدِ ۚ الْوَلِيِّ الْحَمِيْدِ ۚ الْبُرْهَانِ الْحُجَّةِ ۚ الْمُطَاعِ الْمُخْتَارِ ۚ
الْخَاضِعِ الْخَاشِعِ الْمُسْتَنْصِرِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ۝ طٰهٰ وَيٰسٓ ۚ الْمُزَّمِّلِ الْمُدَّثِّرِ ۚ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ ۚ
وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ ۚ وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۚ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَالرَّسُوْلِ
الْمُجْتَبٰى ۚ الْحَكَمِ الْعَدْلِ الْحَكِيْمِ الْعَلِيْمِ الْعَزِيْزِ الْحَلِيْمِ ۚ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ ۚ نُوْرِكَ
الْقَدِيْمِ ۚ وَصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ ۚ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۚ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَ
صَفِيِّكَ وَخَلِيْلِكَ وَحَبِيْبِكَ وَوَلِيِّكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ ۚ وَدَلِيْلِكَ وَنَجِيِّكَ وَذَخِيْرَتِكَ
اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ۚ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ الْهَاشِمِيِّ
الْاَبْطَحِيِّ الْمَكِّيِّ الْمَدَنِيِّ التِّهَامِيِّ ۚ الشَّاهِدِ الْمَشْهُوْدِ ۚ الْوَلِيِّ الْمُقَرَّبِ الْعَبْدِ الْمَسْعُوْدِ ۚ
الْحَبِيْبِ الشَّفِيْعِ الْحَسِيْبِ الرَّفِيْعِ الْمَلِيْحِ الْبَدِيْعِ ۚ الْوَاعِظِ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ ۚ الْعَطُوْفِ
الْحَلِيْمِ ۚ الْجَوَادِ الْكَرِيْمِ ۚ الطَّيِّبِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ ۚ الْمُبَارَكِ الْمَكِيْنِ ۚ الصَّادِقِ
الصَّدُوْقِ الْمَصْدُوْقِ الْاَمِيْنِ ۚ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ ۚ الَّذِيْ اَدْرَكَ

Marfat.com

الْحَقَائِقَ بِجُمْلَتِهَا وَفَاقَ الْخَلَائِقَ بِرُمَّتِهَا وَجَعَلْتَهُ حَبِيْبًا وَّنَاجَيْتَهُ قَرِيْبًا وَّادْنَيْتَهُ رَقِيْبًا وَّخَتَمْتَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَالدَّلَالَةَ وَالْبَشَارَةَ وَالنَّذَارَةَ وَالنُّبُوَّةَ وَنَصَرْتَهُ بِالرُّعْبِ وَظَلَّلْتَهُ بِالسُّحُبِ وَرَدَدْتَ لَهُ الشَّمْسَ وَشَقَقْتَ لَهُ الْقَمَرَ وَانْطَقْتَ لَهُ الضَّبَّ وَالظَّبْيَ وَالذِّئْبَ وَالْجِذْعَ وَالذِّرَاعَ وَالْجَمَلَ وَالْجَبَلَ وَالْمَدَرَ وَالشَّجَرَ وَانْبَعْتَ مِنْ اَصَابِعِهِ الْمَآءَ الزُّلَالَ ۚ وَاَنْزَلْتَ مِنَ الْمُزْنِ بِدَعْوَتِهِ فِيْ عَامِ الْمَحْلِ وَالْجَدْبِ وَابِلَ الْغَيْثِ وَالْمَطَرِ ۚ فَاعْشَوْشَبَ مِنْهُ الْفَقْرُ وَالصَّخْرُ وَالْوَعْرُ وَالسَّهْلُ وَالرَّمْلُ وَالْحَجَرُ ۚ وَاَسْرَيْتَ بِهِ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَى الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰى اِلَى السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى اِلٰى سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى اِلٰى قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى وَاَرَيْتَهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۚ وَاَنَلْتَهُ الْغَايَةَ الْقُصْوٰى وَاَكْرَمْتَهُ بِالْمُخَاطَبَةِ وَالْمُرَاقَبَةِ وَالْمُشَاهَدَةِ وَالْمُشَافَهَةِ وَالْمُعَايَنَةِ بِالْبَصَرِ ۚ وَخَصَّصْتَهُ بِالْوَسِيْلَةِ الْعُظْمٰى ۚ وَالشَّفَاعَةِ الْكُبْرٰى يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ فِي الْمَحْشَرِ ۚ وَجَمَعْتَ لَهُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ وَجَوَاهِرَ الْحِكَمِ ۚ وَجَعَلْتَ اُمَّتَهُ خَيْرَ الْاُمَمِ ۚ وَغَفَرْتَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَاَخَّرَ ۚ الَّذِيْ بَلَّغَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّى الْاَمَانَةَ وَنَصَحَ الْاُمَّةَ وَكَشَفَ الْغُمَّةَ وَجَلَّى الظُّلْمَةَ وَجَاهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَبَدَ رَبَّهُ حَتّٰى اَتٰىهُ الْيَقِيْنُ ۚ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا الَّذِيْ يَغْبِطُ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ۚ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْهُ فِي الدُّنْيَا بِاَعْلَاءِ ذِكْرِهِ وَاِظْهَارِ دِيْنِهِ وَاِبْقَاءِ شَرِيْعَتِهِ وَفِي الْاٰخِرَةِ بِقَبُوْلِ شَفَاعَتِهِ فِيْ اُمَّتِهِ ۚ وَاِجْزَالِ اَجْرِهِ وَمَثُوْبَتِهِ وَاِبْدَآءِ فَضْلِهِ عَلَى الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ بِالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ ۚ وَتَقْدِيْمِهِ عَلٰى كَآفَّةِ

Marfat.com

الْمُقَرَّبِيْنَ بِالشُّهُوْدِ ۚ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ شَفَاعَتَهُ الْكُبْرٰى وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا ط
وَاَعْطِهِ سُؤْلَهُ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى كَمَا اٰتَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى ۚ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ
مِنْ اَكْرَمِ عِبَادِكَ عَلَيْكَ شَرَفًا وَّمِنْ اَرْفَعِهِمْ عِنْدَكَ دَرَجَةً وَّاَعْظَمِهِمْ خَطَرًا
اَوْ اَمْكَنِهِمْ عِنْدَكَ شَفَاعَةً ۚ اَللّٰهُمَّ اَتْبِعْهُ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ وَاُمَّتِهِ مَا تُقِرُّ بِهِ عَيْنُهُ
وَاَجْزِهِ عَنَّا خَيْرَ مَا جَازَيْتَ بِهِ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهِ وَاَجْزِ الْاَنْبِيَآءِ كُلَّهُمْ خَيْرَ الْجَزَآءِ ۚ
اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهُ وَاَبْلِجْ حُجَّتَهُ وَاَبْلِغْ مَامُوْلَهُ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهِ وَذُرِّيَّتِهِ ۚ اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا شَهِدَتْهُ الْاَبْصَارُ وَسَمِعَتْهُ الْاٰذَانُ وَ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۚ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا يَنْبَغِيْ
اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ وَاَصْحَابِهِ
وَاَوْلَادِهِ وَاَحْفَادِهِ وَاَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ وَاَهْلِ بَيْتِهِ وَعِتْرَتِهِ وَعَشِيْرَتِهِ وَاَصْهَارِهِ
وَاَحْبَابِهِ وَاَخْتَانِهِ وَاَتْبَاعِهِ وَاَشْيَاعِهِ وَاَنْصَارِهِ وَخَزَنَةِ اَسْرَارِهِ وَمَعَادِنِ
اَنْوَارِهِ كُنُوْزِ الْحَقَائِقِ وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ ۚ وَنُجُوْمِ الْاِهْتِدَآءِ لِمَنِ اقْتَدٰى بِهِمْ
وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَآئِمًا اَبَدًا ۚ وَارْضَ عَنْ كُلِّ الصَّحَابَةِ رِضًى سَرْمَدًا عَدَدَ
خَلْقِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى عِلْمِكَ كُلَّمَا
ذَكَرَكَ ذَاكِرٌ وَّكُلَّمَا سَهٰى عَنْ ذِكْرِكَ غَافِلٌ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهِ اَدَآءً وَّلَنَا
صَلَاحًا وَّاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَ

Marfat.com

کہ مرید کسی دوسرے باکمال بزرگ کے کسی کمال سے مناسب استعداد رکھتا ہے تو اس صورت میں خود اُس کا پیر ہی اُس بزرگ کی صورت میں ظاہر ہو کر فیض پہنچاتا ہے۔ مرید کو یہ سمجھنا چاہیے کہ پیر کا جو لطیفہ اس فیض سے مناسبت رکھتا ہے اُس بزرگ کی صورت میں میری آزمائش کے لیے ظاہر ہوا ہے جس کو میں نے دوسرا بزرگ خیال کیا اور اُس کی طرف سے اس فیض کو جانا۔ ایسا واقعہ کبھی بہت بڑی غلطی کا باعث اور لغزش کا سبب ہوتا ہے۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ ایسی لغزشوں سے محفوظ رکھے اور پیر کی محبت اور اعتقاد پر بطفیل سید البشر علیہ الصلوٰۃ و السلام مستقیم رکھے، آمین۔

الحاصل یہ راہ ساری کی ساری ادب ہی ادب ہے، بے ادب کو قربِ خدا حاصل نہیں ہوتا ہے ؎

از خدا خواہیم توفیقِ ادب — بے ادب محروم ماند از فضلِ رب

اللہ تعالیٰ سے ہم ادب کی توفیق چاہتے ہیں — بے ادب اللہ تعالیٰ کے فضل سے محروم رہ جاتا ہے

اور اگر مرید بعض آداب کی رعایت کرنے سے قاصر رہا ہو اور کوشش کے باوجود بھی پورے آداب بجا نہ لا سکا ہو تو قابلِ معافی ہے لیکن اس کو اپنی تقصیر کا اعتراف کرنا لازم ہے۔ اور اگر معاذ اللہ ایسا بیباک ہو کہ نہ آداب کی رعایت کرے اور نہ اپنی کوتاہی کو کوتاہی سمجھے تو وہ ان بزرگوں کی برکات سے بے نصیب ہے:

ہر کرا روئے بہبود نداشت — دیدن روئے نبی سود نداشت

البتہ جو مرید پیر کی توجہ کی برکت سے مرتبۂ فنا و بقا کو پہنچا ہو اور اس پر الہام و فراست کی راہ کھلی ہو اور پیر اس کو تسلیم بھی کر لے اور اس کے کمال کا اقرار کرے تو اس کو اپنے الہام کے موافق عمل کرنا درست ہے اگرچہ اُس کے پیر کے نزدیک اُس کے خلاف متحقق ہو۔ اُس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مرید تقلید کی حد سے گزر چکا ہے اور اب محض تقلید اس کے حق میں خطا ہے۔ دیکھو، پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحاب رضی اللہ عنہم نے بعض

Marfat.com

اجتہادی امور ہیں اور بعض ان امور میں جن کے بارے میں وحی نہیں آتی تھی آپ سے اختلاف کیا ہے اور بعض اوقات اصحابؓ کی رائے صواب قرار پائی، کما لا یخفی علی اولی العلم۔ جیسا کہ اہل علم سے پوشیدہ نہیں ہے۔

ضرورت سلوک اور فضیلت طریقہ نقشبندیہ

جب ثابت ہوا کہ امور مذکورہ اخلاص پر موقوف ہیں اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِص (الآیہ) اور یہ اخلاص بغیر فنا کے حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ محبت ذاتی بغیر فنا کے متصوّر ہو سکتی ہے تو سلوک طریقہ صوفیہ جس سے فنا اور محبت ذاتی حاصل ہوتی ہے ضروری ہوا: تاکہ حقیقت اخلاص میسّر ہو کر مراتب کمال حاصل ہوں۔

طرقہائے تصوف میں سے جو سلسلے رائج ہیں ان میں سے ہر ایک سلسلہ گو مرتبہ کمال اور تکمیل رکھتا ہے لیکن بایں ہمہ وہ مراتب کمال و تکمیل میں مختلف ہیں۔ لہٰذا جس طریقہ میں پیروی سنت کا التزام زیادہ ہے اسی کو اختیار کرنا اولیٰ اور انسب ہے، اور وہ طریقہ اکابر نقشبندیہ قدس اسرارہم کا ہے۔ انہوں نے اس طریقہ میں سنت کا التزام کیا ہے اور بدعت سے پرہیز کیا ہے۔ وہ رخصت پر عمل کرنا تجویز نہیں کرتے۔ اگرچہ بظاہر اس کو اپنے باطن میں نافع پائیں، اور عزیمت پر عمل کرنا نہیں چھوڑتے اگرچہ اپنی سیرت میں بظاہر اس کو نقصان رساں جانیں۔ ان حضرات نے احوال و وجد کو احکام شرعیہ کا تابع کیا ہے اور اذواق و معارف کو علوم دینیہ کا خادم سمجھا ہے۔ لڑکوں کے مثل شرع کے جواہر نفیسہ کو دے کر وجد و حال کے اخروٹ و منقی وہ نہیں خریدتے ہیں اور ترہات[1] صوفیہ سے مغرور و مفتون نہیں ہوتے ہیں۔ نص کو چھوڑ کر صوفیہ کے کلام کی طرف نہیں جھکتے ہیں اور فتوحات مدنیہ یعنی وحی کے مقابلہ میں فتوحات مکیہ یعنی کشف کی طرف التفات نہیں کرتے۔ پھر ان تمام خوبیوں کے ساتھ

[1] ترہات بضم اول و رائے مہملہ مشددہ منتہائے باطل لہو آمیز جمع ترہیہ بمعنی باطل (منتخب اللغات) مترجم عفرلہ

Marfat.com

اکابر نقشبندیہ کا طریقہ البتہ موصل اور دیگر طرق کے مقابلہ میں اقرب ہے۔ اس کی نسبت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف ہے، جو تمام مشائخ کرام علیہم الرحمۃ والرضوان کی نسبت سے بالا ہے لیکن ہر شخص کی سمجھ ان اکابر کے مذاق تک رسائی نہیں پاتی چنانچہ حضرت خواجہ احرار رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے:

"خواجگان ایں طریقہ علیہ بہر زمانے ورقاصے — اس طریقہ کے مشائخ اہل مکر و رقص سے نسبت نہیں
نسبت ندارند کارخانہ ایشاں بلند ست" — رکھتے ہیں۔ ان کا کارخانہ بلند ہے۔

ہمچو رازِ عشق باید در نہاں — حیف باشد شرحِ او اندر جہاں

اس کو تو رازِ عشق کی طرح پنہاں رہنا چاہیے — اہل دنیا کے سامنے اس کی شرح مناسب نہیں ہے

پیش ازیں کز فوت او حسرت خورند — لیک گفتم وصفِ او تا راہ برند

کہ اس کے فوت ہونے سے حسرت و افسوس نہ کریں — لیکن میں نے اس کا کچھ بیان لوگوں کی ہدایت کے لیے کر دیا

ان برگزیدہ حضرات نقشبندیہ کے خصائص اور کمالات میں اگر دفاتر لکھے جائیں تو وہ ایسے ہوں گے جیسے دریائے ناپیدا کنار کے مقابلہ میں ایک قطرہ ع

دادیم نشاں ز گنج مقصود ترا — بس ہم نے خزانۂ مقصود کا پتہ تجھ کو دے دیا۔

ایک وہم کا ازالہ:

یہ وہم نہ ہونا چاہیے کہ دوسرے سلسلوں کے اکابر غیب ذات اور نقطہ نہایت النہایت کو نہیں پہنچے اور فقط اس سلسلے والے ہی پہنچے ہیں (خدا کی پناہ) ایسا خیال صحیح نہیں ہے۔ اس وہم کو دفع کرنے کے لیے حضرت امام ربانی مجدد و منور الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رسالہ مکاشفہ کی عبارت کا ترجمہ لکھا جاتا ہے، بغور پڑھیے:

Marfat.com

"جاننا چاہیے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سلوک جذبہ حاصل کرنے کے بعد وہ سلوک فوقانی نہیں ہے جو حضرت امیر کرم اللہ وجہہٗ سے منسوب ہے اور اس کو حضرت امیر نے اس طرح تعبیر فرمایا ہے:

سَلُوْنِیْ مِنْ طُرُقِ السَّمَآءِ فَاِنِّیْ	مجھ سے آسمانوں کی راہیں دریافت کرو، کیونکہ
لَاَعْلَمُ طُرُقَ السَّمٰوٰتِ مِنْکُمْ مِّنْ	تم کو جس قدر زمین کی راہیں معلوم ہیں اس سے
طُرُقِ الْاَرْضِ۔	زیادہ میں آسمانوں کی راہیں جانتا ہوں۔

حضرت امیر کا یہ سلوک سیر آفاقی سے تعلق رکھتا ہے اور حضرت صدیق کا سلوک (سلوک نقشبندی) سیر انفسی سے تعلق رکھتا ہے، گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرات خانہ جذبہ سے ایک سوراخ کر کے غیب ذات تک پہنچے ہیں اور اسی راہ سے چلے ہیں۔ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی راہ سے نہایت کو پہنچے اور سلوک فوقانی جو سیر آفاقی سے تعلق رکھتا ہے بلاشک اس کا نور بھی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشکوٰۃِ نور سے حاصل ہوا ہے۔ لیکن حضرت امیر کرم اللہ وجہہٗ کے ساتھ وہ مخصوص ہے باقی تینوں حضرات خلفاء رضی اللہ عنہم دوسری راہوں سے غیب تک پہنچے ہیں۔ حضرت صدیق کا مسلک تو معلوم ہو چکا حضرت فاروق رضؓ کا مسلک بھی جداگانہ ہے اور اسی طرح حضرت ذوالنورین رضی اللہ عنہ طریق علیحدہ رکھتے ہیں۔ اور سالکین کا سلوک طے کرنا ان چاروں طریقوں سے واقع ہوا ہے۔ حضرت امیر رضؓ کے مسلک کے موافق راہ سلوک پر چلانا شائع ہے اور اکثر سلسلے اسی راہ سے مقصود کی جانب متوجہ ہیں۔ اور ایسے ہی حضرت صدیق رضؓ کا مسلک دوسرے سلاسل کے بالمقابل "سلسلہ خواجہ"[1] کے ساتھ مخصوص ہے البتہ دوسرے سلسلہ والے بڑے مشائخ بھی اسی مسلک پر سلوک طے کر کے مقصود کو پہنچے ہیں۔ چونکہ پوشیدگی اور اخفا کی وجہ سے اس مسلک پر

[1] حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ میں تحریر فرمایا ہے کہ خواجہ نقشبندؒ سے اوپر طریقہ خواجگان کہلاتا تھا اور خواجہ نقشبندؒ سے طریقہ نقشبندیہ کہلاتا ہے۔

Marfat.com

چلاتا دشوار تھا جیسا کہ اس شعر میں کہا گیا ہے ؎

نقشبندیہ عجب قافلہ سالارانند　　کہ برند از رہ پنہاں بحرم قافلہ را

نیز حضرت فاروق اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے مسلکوں میں بھی پوشیدگی تھی اور ان پر چلنا آسان نہ تھا اور حضرت امیرؓ کا مسلک ظہور رکھتا تھا لہذا یہی مسلک شائع ہوا اور مشائخ نے اسی مسلکِ ظاہر کو اختیار کیا۔ دوسری وجہ یہ بھی ہوئی کہ حضرت امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ ارشاد ان تینوں سے پیچھے ہے اس لیے سلاسل کا انتساب انہی کے ساتھ ہوا اور مشائخ نے اسی کو اختیار کیا۔ اور بعض کم فہم اشخاص تسلیک اور تکمیل کو حضرت امیر کرم اللہ وجہہ کے ساتھ مخصوص اور منحصر جانتے ہیں اور خلفائے ثلثہ کو کامل غیر مکمل خیال کرتے ہیں، خدا کی پناہ! یہ کتنی بڑی جرأت ہے۔ اس غلطی کی وجہ یہ ہے کہ جب ان کا سلوک حضرت امیرؓ کے مسلک پر ہوا اور وہ دوسری راہوں سے بے خبر رہے تو انہوں نے اس کے سوا دوسری راہوں کی نفی کر دی اور ایسی سخت بُری بات کہنے لگے ؎

چوں آں کرمے کہ در سنگے نہاں است　　زمین و آسمان او ہمساں است

اس حقیر (امام ربانی مجدد الف ثانی) نے بعض مشائخ کو دیکھا کہ انہوں نے حضرت فاروقؓ کے مسلک سے سلوک کیا ہے اور غوث الثقلین اسی مسلک سے غیب ذات کو پہنچے ہیں۔ اور حضرت امیرؓ کے مسلک فنا و بقا کے ذریعہ جو ولایت میں پہلا قدم ہے ترقی کی ہے، اور حضرت شیخ ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ بھی حضرت فاروق کے مسلک ہی سے سالک ہوئے ہیں۔ شاید ان کوتاہ فہموں نے یہ حدیث نہیں سنی ہے:

لَوْ كَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ لَكَانَ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ　　اگر میرے بعد کوئی نبی ہو سکتا تو عمرؓ ہوتا۔

Marfat.com

اگر شان تکمیل اور افادہ ان میں نہ ہوتی تو یہ مشائخ ان کے مسلک پر سلوک کس طرح کرتے فتامل ولا تکونن من القاصرین"۔

فضیلت صدّیق اکبرؓ

بعض اشخاص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ پر اور ان کے طریقہ کو حضرت صدیق کے طریقہ پر ترجیح دی ہے اور اس حدیث سے استدلال کیا ہے:

اَنَا مَدِیْنَۃُ الْعِلْمِ وَعَلِیٌّ بَابُھَا — میں علم کا شہر ہوں اور علیؓ اس کا دروازہ

حالانکہ حدیث مذکور سے ترجیح قطعاً ثابت نہیں ہے۔ کیونکہ علم و عرفان عروج میں متحقق و ثابت ہوتا ہے۔ جس کا نام قرب ولایت ہے اور حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف سے واضح ہے کہ کمالاتِ نبوت کمالاتِ ولایت پر ترجیح رکھتے ہیں اور حضرت صدیق کمالاتِ نبوت کے ساتھ متصف ہوئے ہیں جیسا کہ ان کی شان میں یہ حدیث وارد ہے:

اَنَا وَاَبُوْ بَکْرٍ کَھَاتَیْنِ الْاَصْبَعَیْنِ — میں اور ابوبکر ان دو انگلیوں (انگشت شہادت اور وسطیٰ) کی طرح ہیں۔

اور حضرت فاروق کی شان میں فرمایا ہے لو کان نبی بعدی لکان عمر بن الخطاب۔ (اور اسی طرح حضرت عثمانؓ ذوالنورین کی شان میں حضرت طلحہؓ سے روایت ہے لکل نبی رفیق و رفیقی یعنی فی الجنۃ عثمان (مشکوٰۃ) یعنی ہر نبی کا رفیق (خاص دوست) ہمراہی ہے اور میرا رفیق بہشت میں حضرت عثمانؓ ہے)۔

ان احادیث مذکورہ سے جو ان حضرات کی شان میں وارد ہوئی ہیں ان کے درمیان فرق صاف واضح ہے۔ نیز حضرت امام ربانی نے فرمایا ہے:

Marfat.com

ازالۂ وہم کے لیے مزید توضیح اور حضرت غوث پاک کی فضیلتِ خاصہ

"معلوم ہونا چاہیے کہ جو حضرات اولیائے کرام رحمۃ اللہ علیہم ذات پاک تک واصل ہوئے ہیں اور ان کا لقب افراد ہے، بہت ہی قلیل ہیں۔ اکابر صحابہؓ اور اہل بیت کرام ہیں ائمہ اثنا عشر رضوان اللہ علیہم اس مرتبہ پر فائز ہیں، اور اکابر اولیاء اللہ میں حضرت غوث الثقلین، قطب ربانی محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ الاقدس اس دولت کے ساتھ ممتاز ہیں اور اس مقام میں ایسی خاص شان رکھتے ہیں کہ دوسرے اولیاء اللہ نے اس خصوصیت کے ساتھ بہت کم حصہ پایا ہے اور یہی امتیاز اُن کی فضیلت شان کا سبب ہے چنانچہ وہ خود فرماتے ہیں:

قَدَمِیْ هٰذِهٖ عَلٰی رَقَبَةِ كُلِّ وَلِیِّ اللّٰهِ — میرا یہ قدم ہر اللہ کے ولی کی گردن پر ہے

اگرچہ دوسرے اولیاء کے بھی فضائل و کرامات بہت ہیں لیکن غوث پاک کا قرب اس خصوصیت کی وجہ سے سب سے زیادہ ہے، عروج میں ان کے برابر اس کیفیت کو کوئی نہیں پہنچتا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ائمہ اثنا عشر رضی اللہ عنہم کے ساتھ ان کو اس باب میں شرکت ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ"۔

لطائف عشرہ اور بیان دائرۂ امکان

جب مقصود حقیقی کا حصول تزکیۂ نفس اور کمالات باطنیہ کے حاصل کرنے پر موقوف ٹھیرا تو اب ان امور ضروریہ کا ذکر کیا جاتا ہے جو تزکیۂ نفس اور کمالات باطنیہ کے لیے ضروری ہیں، ومن اللہ التوفیق

جاننا چاہیے کہ انسان[1] دس لطیفوں سے مرکب ہے۔ پانچ لطیفے عالم امر کے ہیں اور پانچ عالم خلق کے۔

[1] انسان جس کو عالم صغیر کہتے ہیں ان دس اجزاء سے مرکب ہے جن کی اصلیں عالم کبیر میں ہیں۔ عالم کبیر کی (باقی اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

اکابر نقشبندیہ رحمہم اللہ نے مبتدی کی تعلیم کا شروع کرنا لطائف عالم امر سے مقرر کیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو کمالات عالم امر سے تعلق رکھتے ہیں وہ مقدم اور سیڑھی ہیں ان کمالات کی جو عالم خلق سے متعلق ہیں۔ اور کمالاتِ عالم امر ظلیّت سے خالی نہیں اور کمالاتِ ولایت کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور کمالات عالم خلق میں یہ بات نہیں بلکہ وہ شائبہ ظلیّت سے باہر ہیں کیونکہ وہ اس عالم دنیا کے ظہورات سے مناسب ہیں اور ان کو کمالات نبوت سے کامل حصہ ملا ہے۔ اسی سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ طریقت اور حقیقت جو ولایت سے لگاؤ رکھتے ہیں وہ شریعت کے خادم ہیں، کیونکہ شریعت مرتبۂ نبوت سے پیدا ہوئی ہے اور ولایت عروج نبوت کا زینہ ہے۔

معلوم ہونا چاہیے کہ ولایت سے مراد وہ قرب الٰہی ہے جو نہ تو شائبہ ظلیّت سے خالی ہے اور نہ حجابوں کی آڑ کے بغیر ہوتا ہے۔ (اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ) ولایت اولیاء میں حیلولۂ حجب کے ساتھ داغ ظلیّت بھی پایا جاتا ہے۔ اور ولایت انبیاء علیہم السلام گو شائبہ ظلیت سے پاک ہے لیکن بغیر اسماء و صفات کے حجابوں کے آڑ کے وہ بھی متحقق نہیں۔ اور ولایت ملأ اعلیٰ اسماء و صفات کے حجابوں سے بلند ہے لیکن شیون و

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) دو قسمیں ہیں: ایک عالم خلق، دوسرے عالم امر، مجموعہ کائنات انہی دو عالموں پر مشتمل ہے۔ عالم خلق کو خلق اس لیے کہتے ہیں کہ یہ عالم اسباب اور مسببات کی تقدیر خاص کے ساتھ تدریجاً پیدا ہوا ہے۔ اور عالم امر کو امر کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے وجود میں اسباب اور وسائط کو دخل نہیں ہے۔ بلا کسی تدریج کے صرف امر کُن سے ظہور میں آیا ہے



ان دس اجزاء میں سے پانچ عالم امر کے لطائف ہیں اور پانچ عالم خلق کے۔ عالم خلق کے لطائف خمسہ کی تفصیل یہ ہے: نفس، آتش، باد، آب، خاک۔ عالم امر کے لطائف خمسہ قلب، رُوح، سر، خفی، اخفیٰ ہیں۔ عالم امر کا ظہور فوق العرش ہے اور عالم خلق تحت العرش۔ اور یہ جملہ دائرۂ امکان میں داخل ہے۔ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط (الآیۃ)

Marfat.com

اعتبارات ذاتیہ کے حجاب اس میں بھی ضرور پائے جاتے ہیں۔ غرض کہ مطلق ولایت ظلیت سے خالی نہیں ہے، البتہ نبوت اور رسالت ہی ایسی شے ہے جس میں نہ تو شائبہ ظلیت نے راہ پائی ہے، اور نہ اسماء وصفات اور شیونات واعتبارات کا اس میں گذر ہوا ہے۔ لہٰذا یہ امر ثابت ہے کہ نبوت ولایت سے افضل ہے اور قرب نبوت ذاتی اور اصلی ہے اور جو اس راز سے واقف نہیں ہوا اس نے اس کے برعکس حکم کیا۔

اب جبکہ یہ ثابت ہوا کہ ولایت نبوت کے عروج کا مقدمہ اور زینہ ہے تو یہ امر واضح ہوا کہ جو سیر اکابر نقشبندیہ قدس اسرارہم نے اختیار فرمائی، یعنی عالم امر سے ابتدا کی وہ اس لیے اولیٰ اور انسب ہے کہ اس میں ترقی ادنیٰ (عالم امر) سے اعلیٰ (عالم خلق) کی طرف ہے اور ایسا ہی ہونا چاہیے نہ اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف، چنانچہ انبیاء علیہم السلام نے عالم امر سے سیر شروع کی اور حقیقت سے شریعت کی طرف آئے جسے عالم خلق سے تعلق ہے، فَافْهَمْ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۔

اصل لطائف

جاننا چاہیے کہ عالم خلق کے لطائف میں سے ہر لطیفہ کی جو ایک اصل ہے وہ عالم امر کے لطائف میں سے بھی کسی ایک لطیفہ کی اصل ہے، مثلاً اصل نفس اصل قلب ہے، اور اصل باد اصل روح ہے، اور اصل آب اصل سر ہے، اور اصل نار اصل خفی ہے اور اصل خاک اصل اخفیٰ ہے۔

لطائف کا زیر اقدام انبیاء علیہم السلام ہونا اور اس کی تخصیص کا بیان

اور ہر لطیفہ کسی نہ کسی اولوالعزم پیغمبر کے زیر قدم واقع ہے، اس کا بیان چند مقدمات پر مبنی ہے:

پہلا مقدمہ: ولایت کے پانچ درجے ہیں۔

پہلا درجہ تجلی افعالی سے مناسبت رکھتا ہے جسے مقام قلب کہتے ہیں۔

Marfat.com

دوسرا درجہ، تجلی صفات ثبوتیہ سے مناسبت رکھتا ہے، اس کا نام مقام روح ہے۔

تیسرا درجہ، تجلی شیونات ثبوتیہ سے مناسبت رکھتا ہے، اسے مقام سر کہتے ہیں۔

چوتھا درجہ، تجلی صفات سلبیہ سے مناسبت رکھتا ہے جو مقام تقدیس اور تنزیہ ہے، اسے مقام خفی کہتے ہیں۔

پانچواں درجہ، سب درجات کا جامع اور تجلی ذاتی کی قابلیت رکھتا ہے، اس کا نام مقام اخفیٰ ہے۔

دوسرا مقدمہ: ممکنات کے حقائق اللہ جل شانہٗ کے اسماء و صفات کے ظلال ہیں جن کو اعدام کہتے ہیں (لیکن نہ عدم محض) بلکہ ایسا عدم جسے صفت سے لگاؤ ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام کے حقائق ان ظلال کی اصل ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کی صفات وجوبیہ۔

تیسرا مقدمہ: کسی شے کا دوسرے مرتبہ میں ظاہر ہونے کا نام تجلی ہے۔

(ان مقدمات ثلثہ کے بعد معلوم ہونا چاہیے کہ لطیفۂ قلب زیر قدم حضرت آدم علیہ السلام واقع ہے اور اس کا بیان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات حقیقیہ میں سے ایک صفت تکوین ہے) اس صفت تکوین کا پرتو اوّل حضرت آدم علیہ السلام کی حقیقت ہے، اور یہ صفتِ تکوین ہی صدور افعال کا منشاء ہے۔ اور اس صفت کا پرتو ثانی حقیقتِ قلب ہے جو تجلی افعال کا محل ہے۔ لہٰذا لطیفہ قلب حضرت آدم علیہ السلام کے زیر قدم ہوا۔ کیونکہ جب حقیقتِ آدم علیہ السلام صفت تکوین ہوئی، اور حقیقتِ قلب تجلی افعال کا محل ہے اور اصل منشاء افعال صفت تکوین ہے تو حقیقت آدم علیہ السلام مربی حقیقت قلب ہے۔ اور علیٰ ہذا القیاس لطیفہ روح زیر قدم حضرت ابراہیم علیہ السلام ہے) کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی حقیقت اور ان کا رب صفت علم ہے اور صفتِ علم سب صفات ذاتیہ کی جامع تر صفت ہے اور حقیقتِ روح تجلی صفاتِ ذاتیہ ہے۔ لہٰذا اس مناسبت حالیت

Marfat.com

اور محلیت کی وجہ سے لطیفہ روح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ مربوط ہوا۔ اور ان کے قدم مبارک کے ساتھ اس کو نسبت ہوئی اسی لیے اس کو زیر قدم حضرت ابراہیم علیہ السلام کہا گیا۔ اور چونکہ حضرت نوح علیہ السلام اس امر میں حضرت خلیلؑ سے مشارکت رکھتے ہیں اس لیے لطیفہ رُوح کا تعلق ان سے بھی ہے۔

اور لطیفہ سر کی حقیقت "شیونات کی تجلیات" کا محل ہے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا رب وحقیقت شیونات میں سے شان کلام ہے۔ اس لیے لطیفہ مذکورہ کا تعلق ان سے بھی ہوا (چنانچہ اسی لیے اس کو زیر قدم حضرت موسیٰ علیہ السلام کہا گیا)۔

اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حقیقت اور ان کا رب صفات سلبیہ سے ہے جو تنزیہ اور تقدیس کا مقام ہے اور لطیفہ خفی کی حقیقت تجلیات سلبیہ کا محل ہے اس سبب سے اس کا تعلق ان سے ہوا۔

اور درجات ولایت میں پانچواں درجہ تجلی ذاتی کی قابلیت رکھتا ہے اور اس کو اخفیٰ کہتے ہیں، وہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کے نیچے ہے کیونکہ آپ کی اصل "رب الارباب" ہے جسے شیونات میں "شان العلم" سے اور تعینات میں "تعین جمعی" سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور وہ تمام صفات اور شیونات ذاتیہ کی جامع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سب کا مرکز اور جائے قرار آپ ہی ہیں۔ چونکہ لطیفہ اخفیٰ اللہ تعالیٰ کی ذاتی تجلی کا محل ہے اور آپ کی حقیقت جمیع صفات اور شیونات کی جامع لہٰذا یہ لطیفہ آپ کے قدم مبارک کے نیچے آیا ؎

موسیٰ زہوش رفت بیک پرتو صفات تو عین ذات می نگری در تبسمے

جس طالب کا وصول لطیفہ قلب کے واسطہ سے ہوا ہے آدمی المشرب کہتے ہیں۔ اور جس کا وصول روح سے ہوا ہے ابراہیمی المشرب، اور جس کا وصول لطیفہ سر سے ہوا ہے موسوی المشرب، اور جس کا وصول لطیفہ خفی سے ہوا ہے عیسوی المشرب، اور جس کا وصول لطیفہ اخفیٰ کے ذریعہ سے ہوا اس کو محمدی المشرب کہتے ہیں صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم وعلیٰ جمیع الانبیاء والمرسلین۔

مبادی تعینات

واضح رہے کہ جس شخص کا مبدء تعین صفت کلی ہوگا۔ اس کے تابع وہ مبادی[1] تعینات ہوں گے جو

[1] افراد عالم کے ہر ہر فرد کو جناب الٰہی سے پے در پے اور نو بہ نو فیوضات پہنچتے رہتے ہیں جیسے وجود و حیات اور دیگر بہت سی نعمتیں جن کی تعداد احاطۂ بشری سے خارج ہے اور یہ تمام فیوض، صفات اور ان کے ظلال کی وساطت سے مخلوقات اور ذات حق کے درمیان واقع ہیں۔ اگر یہ اسماء و صفات نہ ہوتے تو یہ عالم جو معدوم محض تھا ہرگز وجود و بقا نہ پاتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ کی ذات پاک جو کمال استغناء اور بے پروائی کے ساتھ موصوف ہے اس کو عالم کے ساتھ فی حد ذاتہا کسی قسم کی بھی مناسبت نہیں ہے بفحوائے آیۂ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ (الآیۃ) بے شک خدائے تعالیٰ تمام عالموں سے بے نیاز ہے۔ پس اشخاص عالم میں سے ہر ایک شخص کو صفات کے غیر متناہی ظلال میں سے جس کسی ظل سے فیوض و کمالات پہنچتے ہیں اس ظل کو اس شخص کا "مبدء تعین" "اس کی حقیقت" اور اس کا "عین ثابت" کہتے ہیں۔ صوفیہ کرام کا یہ قول الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق۔ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف پہنچانے والے راستے انفاس خلائق کے برابر ہیں، انہی ظلال کی طرف اشارہ ہے۔

یہ امر معلوم رہے کہ یہ جو کچھ مذکور ہوا انبیائے عظام اور ملائکہ کرام علیہم السلام کے علاوہ تمام ممکنات کے حقائق کا حال ہے۔ انبیاء علیہم السلام اور ملائکہ کرام کے حقائق اور مبادی تعینات صفات و اسمائے الٰہی ہیں اور چونکہ ہر صفت کے ظلال بمنزلہ جزئیات اس صفت کے نیچے واقع ہیں، لہٰذا حقائق انبیاء کے نیچے کہ وہ صفات ہیں حقائق غیر انبیاء یعنی اولیاء کرام "ظلال صفات" ہیں واقع ہوئے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص زیر قدم فلاں نبی علیہ السلام کے ہے۔ یعنی اس سے اس کو فیض پہنچ رہا ہے۔

کتاب و سنت سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ صفات اور اسمائے حسنیٰ سے موصوف ہے اور اولیاء اللہ کے کشفوں سے اس بات کا پتہ لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات کے ظلال بھی ہیں۔ ظلال سے مراد انوار و لطائف خاصہ ہیں اور وہ مخلوق ہیں ان لطائف کو اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات سے کامل مناسبت ہے اور اسی مناسبت کے سبب سے صفات خداوندی وجود اور توابع وجود کا فیض مخلوق تک پہنچانے کا وہ واسطہ ہوئے ہیں، اسی مناسبت کی وجہ سے ان کو مسامحتاً ظل کہا جاتا ہے۔ ورنہ ظاہر ہے کہ کوئی مخلوق خالق کا ظل نہیں ہے۔

حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ ذیل دو حدیثوں کو لکھ کر فرمایا ہے کہ بہت (باقی اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

اس صفت کلّی کے جزئیات ہیں۔ ان کی زندگانی اور فیض پانا اسی کے زیر قدم ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص زیر قدم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے، اور فلاں شخص زیر قدم موسیٰ علیہ السلام، اور فلاں زیر قدم عیسیٰ علیہ السلام، الیٰ آخرہٖ۔ پس قلب زیر قدم حضرت آدم علیہ السلام اور روح زیر قدم حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام، اور سر زیر قدم حضرت موسیٰ علیہ السلام، اور خفی زیر قدم حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور اخفیٰ زیر قدم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

آدمی کے جسم میں ہر لطیفہ کا محل اور قلب کی تحقیق

اور حق تعالیٰ نے اپنی مصلحت سے ہر ایک لطیفہ کا محل آدمی کے جسم میں جدا جدا مقرر فرمایا ہے۔ چنانچہ قلب بائیں چھاتی کے نیچے دو انگلی کے فاصلہ پر ہے۔

یہ وہم نہ ہونا چاہیے کہ قلب سے مراد گوشت کا ٹکڑا ہے جو انسان کے جسم میں موجود ہے اور شکل صنوبری مخروطی رکھتا ہے۔ کیونکہ وہ مخروطی شکل والا گوشت کا ٹکڑا سینہ کے درمیان بائیں جانب جھکا ہوا بائیں چھاتی

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) ممکن ہے کہ نور و ظلمت کے ان پردوں سے (جو ان حدیثوں میں مذکور ہیں) مراد ظلال ہی ہوں۔

إِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى سَبْعُوْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِّنْ نُوْرٍ وَّ ظُلْمَةٍ لَوْ كُشِفَتْ لَاَحْرَقَتْ سُبُحَاتُ وَجْهِهٖ مَا انْتَهٰى بَصَرُهٗ مِنْ خَلْقِهٖ۔

بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے نور و ظلمت کے ستر ہزار حجاب ہیں اگر وہ حجاب دور ہو جائیں تو نورِ ذات تا حدِ بصر مخلوق کو جلا دے۔

يَا مُحَمَّدُ دَنَوْتُ مِنَ اللّٰهِ دُنُوًّا مَا دَنَوْتُ مِنْهُ قَطُّ فَقَالَ كَيْفَ كَانَ قَالَ كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ حِجَابٍ مِّنْ نُوْرٍ۔

(حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا) اے محمدؐ! میں خدائے تعالیٰ سے اتنا قریب ہو گیا تھا کہ کبھی اتنا قریب نہیں ہوا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا یہ کیسے؟ جبریلؑ نے جواب دیا کہ میرے اور اس کے مابین ستر ہزار نور کے پردے حائل تھے۔

حضرت قاضی صاحب موصوف رح فرماتے ہیں کہ حدیث میں جو نور اور ظلمت کے پردوں کا ذکر ہے تو یہ صوفیوں کے قول کا مؤید ہے۔ کیونکہ مومنوں کے "مبادی تعینات" نورانی حجاب ہیں جو اسم الہادی کے ظلال ہیں، اور کافروں کے مبادی تعینات ظلمانی پردے ہیں جو اسم المضل کے ظلال ہیں۔ (ارشاد الطالبین) مترجم غفرلہٗ

Marfat.com

کے مقابل ہے نہ کہ اس کے نیچے جیسا کہ طب کی معتبر کتابوں میں مذکور ہے۔ جب یہ بات ہے تو قلب سے مراد گوشت کا ٹکڑا نہیں بلکہ عالم امر کے لطائف میں سے ایک لطیفہ ہے، اور وہ مجردات کی قسم کا ایک نور ہے اور اس کا مقام عرش سے فوق ہے۔ حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اپنی حکمت غامضہ سے انسان کے جسم میں ایک مخصوص جگہ اس کو نسبت اور خصوصیت عطا کی ہے۔ مگر بعض صوفیہ کرام رحمہم اللہ تعالیٰ اس ٹکڑے کو بھی قلب کہتے ہیں تو اس تقدیر پر قلب سے مراد "حقیقت جامعہ انسانی" ہوگی جو عالم امر اور عالم خلق کے لطائف سے مرکب ہے، اور اسے مضغہ کہنا عناصر کی وجہ سے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اس حقیقت کا تعلق اس جگہ سے پیدا کر دیا ہے۔ نہ وہ بشکل مخروطی ہے اور نہ بائیں چھاتی کے نیچے، بلکہ اس کا اس جگہ سے صرف تعلق ہے۔

اور رُوح کا محل داہنی چھاتی کے نیچے دو انگلی کے فاصلہ پر، اور سر کا محل بائیں چھاتی کے برابر سینہ کی طرف مائل دو انگلی کے فاصلہ پر ہے۔ اور خفی کا محل دائیں چھاتی کے برابر سینہ کی طرف مائل دو انگلی کے فاصلہ پر ہے، اور اخفیٰ کا محل سینہ کے درمیان ہے۔ اور لطیفۂ عنصریہ قالبیہ کا محل تمام بدن ہے اور نفس کا محل پیشانی ہے۔



(حضرات مشائخ نقشبندیہ رحمہم اللہ ابتداءً لطیفۂ قلب سے ذکر اسم ذات کی تعلیم فرماتے ہیں۔ اس کے بعد لطیفۂ رُوح، پھر سر، پھر خفی، پھر اخفی، پھر نفس، اور پھر تمام بدن قالب سے ذکر کراتے ہیں) اور ذکر کا طریقہ یہ ہے کہ زبان کو تالو سے اس طرح چپٹا کر کہ حرکت اور جنبش نہ کرے نفط مبارک اللہ ان لطائف مذکورہ میں سے کسی لطیفہ سے کہے، جب لطائف مذکورہ جاری ہو جائیں تو مراقبات شروع کر دے۔

Marfat.com

مراقبات

پہلا مراقبہ احدیت ہے۔ اس میں یہ نیت رکھے کہ میرے لطیفۂ قلب پر بواسطہ میرے مرشد کے اُس ذات سے فیض آتا ہے جو تمام صفاتِ کمال کی جامع ہے، اور تمام نقصانات سے پاک ہے

مراقبۂ احدیت

بعد توجہ مرشد اس مراقبہ کے تمام ہونے کی یہ علامت ہے کہ خطرۂ ماسوی اللہ دیر تک نہ آئے۔ خطرہ کی کئی قسمیں ہیں، ان میں سے بعض وہ جن کا دور کرنا طالب کو ضروری ہے بیان کی جاتی ہے۔

خطرات کی قسمیں اور اس کا علاج

(۱) خطرۂ قلبی (۲) خطرۂ نفسی (۳) خطرۂ قالبی۔ ان میں سے ہر ایک کا علاج اور دفعیہ کی تدبیر جدا گا اور ممتاز ہے۔

خطرات قلبی کا علاج یہ ہے کہ ذکر کثرت سے کرے اور ذکر سے کسی وقت خواب اور بیداری میں غافل نہ رہے، جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ یعنی اللہ تعالیٰ کو ہر حالت میں یاد کرتے رہو۔ نیز اغیار سے تنہائی اور یکسوئی رکھے اور غذا کم بقدر مسنون کھائے۔

خطرۂ نفسی کا علاج یہ ہے کہ حبس دم کے ساتھ نفی و اثبات کی کثرت رکھے، اور نفسانی امور میں نفس کی مخالفت کرے۔ نیز ذکر خفی اور مراقبہ کی مزاولت کے ساتھ جناب احدیت میں بہت گریہ وزاری کرے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّخِيْفَةً ط — یاد کرتا رہ اپنے رب کو اپنے دل میں گڑگڑاتا ہوا اور ڈرتا ہوا

خطرات قالبی کا علاج تہلیل لسانی اور نوافل کی کثرت ہے، خصوصاً نوافل مسنونہ۔ اور باوجود اس

Marfat.com

تمام ذکر و تشغل کے لیے پیر کامل کی توجہ ہر جگہ ضروری ہے۔ بغیر اس کے (عادتاً) کوئی کام پورا نہیں ہوتا ؎

بے عنایات حق و خاصان حق ! گر ملک باشد سیاہ ہستش ورق

طالبین میں بعض ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ان کو اس مراقبہ میں انوار وغیرہ نظر آتے ہیں، اور یہ بھی مراقبہ کے تمام ہونے کی علامت ہے۔ جو طالب کامل استعداد رکھتا ہے۔ اس کو مراقبات قلبیہ میں فنائے قلب حاصل ہو جاتی ہے اور تمام تعلقات قلبی زائل ہو جاتے ہیں، اور اکثر ایسے ہوتے ہیں جن کو فنائے قلب مراقبات نفس میں حاصل ہوتی ہے۔ ہاں اگر شیخ کامل مکمل چاہے تو اس کی ادنیٰ توجہ سے فنائے قلب مراقبات قلبیہ میں حاصل ہو جاتی ہے اور مراقبات نفس کی نوبت بھی نہیں آتی۔

ولایت صغریٰ۔ مراقبۂ معیت

مراقبۂ احدیت کے بعد مراقبۂ معیت ہے جو آیۂ کریمہ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ (جہاں تم ہو وہ اللہ تمہارے ساتھ ہے) کا مفہوم ہے، اس مراقبہ میں بھی وُرُود فیض کا مقام قلب ہے (اس میں یہ لحاظ رکھے کہ میرے لطیفہ قلب پر بواسطہ میرے مرشد کے اُس ذات سے فیض آتا ہے جو میرے ساتھ ہے اور ساتھ ہے ہر ذرّہ کے ذرات ممکنات سے) اس مراقبہ میں تجلیات افعالی کی سیر اور توحید وجودی کا انکشاف ہوتا ہے اور اس کا نام ولایت صغریٰ اور ولایت اولیاء ہے۔ قرب اولیاء قرب معیت ہے جو اس دائرۂ ظلال سے ہے جس کا وجود فقط علم واجب تعالیٰ میں ہے (نہ خارج میں) صوفی پہلے اسی سے واصل ہوتا ہے کیونکہ یہی (ظلال صفات) صوفی کی اصل (حقیقت) ہے۔ الحاصل یہاں معیت ظلال اور ان صفات سے ہے جو علم واجب میں موجود ہیں اور متعلق دلالت کبریٰ و علیا ہیں۔ نہ ان صفات کے ساتھ معیت ہے جو خارج میں موجود ہیں۔ ان صفات کی معیت کا تعلق

دائرۂ ولایت صغریٰ کہ عبارت از ظلال اسماء و صفات است

Marfat.com

دوسرے مقامات سے ہے۔

اس مقام میں استغراق، بے خودی، دوامِ حضور، اور نسیان ماسوا حاصل ہوتا ہے، اور کبھی سکر و مستی اور جذباتِ فنا و بقا بھی ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ طالب کی استعداد کے موافق دوسرے حالات بھی وارد ہوتے ہیں اور یہ امور اس مراقبہ کی تمامیت پر دلالت کرتے ہیں۔

ذکر اسم ذات و نفی اثبات اور تہلیل لسانی

اس مقام میں اسم ذات[1] پچیس ہزار بار اور نفی و اثبات گیارہ سو بار، اور تہلیل لسانی پانچ ہزار سے

[1] ذکر کے وقت خواہ وہ ذکر اسم ذات ہو یا تہلیل لسانی اور یا نفی و اثبات، طالب کو چاہیے کہ پہلے تمام خطرات اور حدیثِ نفس (خیالی باتوں) سے اپنے دل کو پاک و صاف کرے اور گذشتہ و آئندہ کے اندیشہ کو بھی دل سے نکال ڈالے۔ ان خطرات اور خیالات کو دور کرنے کے لیے جنابِ الٰہی میں خوب تضرع و زاری کرے، اور ان خطرات کو دور کرنے کے لیے اپنے شیخ کی صورت کا تصور بھی بہت مفید ہوتا ہے۔ اس تصورِ شیخ کو ذکرِ رابطہ بھی کہتے ہیں۔ خطرات اور حدیثِ نفس سے دل کو پاک کرنے کے بعد ہمہ تن ذکر میں مشغول ہو جائے۔

۱۔ ذکر اسم ذات۔ مثلاً اگر لطیفۂ قلب سے کرتا ہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ زبان کو تالی سے چپٹا کر کہ حرکت اور جنبش نہ کرے لفظ مبارک اللہ اپنے لطیفۂ قلب سے نکالے، ذکر میں وقوفِ قلبی کی رعایت نہایت ضروری امر ہے۔ کیونکہ ذکر بغیر اس کے کچھ فائدہ نہیں کرتا بلکہ ایسا ذکر تو حدیثِ نفس میں داخل ہے۔ امام الطریقہ حضرت شاہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ وقوفِ عددی کو تو چنداں ضروری نہیں سمجھتے اور وقوفِ قلبی کو شرط و واجب قرار دیتے ہیں۔ وقوفِ قلبی کا مطلب یہ ہے کہ طالب کی توجہ اپنے دل کی طرف اور دل کی توجہ ذاتِ الٰہی کی طرف جو اسم مبارک اللہ کا مسمّی ہے ہونا چاہیے۔ پس اس ذکر میں ظاہری ادب کے ساتھ تین باتیں لحاظ کرنا لازم ہوئیں: (۱) قلبی ذکر (۲) نگہداشتِ خطرات (۳) وقوفِ قلبی، اور چوتھی بات جس کو بازگشت کہتے ہیں وہ بھی بہت مفید ہے وہ یہ کہ اثنائے ذکر میں تھوڑے سے وقفہ کے بعد یہ الفاظ بھی دل کے اندر لحاظ کرتا رہے کہ "خداوندا! تو ہی میرا مقصود ہے اور تیری ہی رضا مجھے مطلوب ہے۔ اپنے فضل و کرم سے مجھ کو اپنی محبت اور معرفت عطا فرما"

قلب کے بعد دوسرے لطائف سے بھی اسی طرح ذکر کیا جاتا ہے اور تمام بدن (لطیفۂ قالبیہ) کے ذکر میں (باقی اگلے صفحہ پر

Marfat.com

کم نہ ہونا چاہیے۔

ولایت کبریٰ

اس کے بعد ولایت کبریٰ کی سیر شروع ہوتی ہے۔ اور ولایت کبریٰ تین دائرے اور ایک قوس کو متضمن ہے



پہلا دائرہ مراقبۂ اقربیت ہے جو آیہ کریمہ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ کا مفہوم ہے۔ اس میں یہ دھیان رکھے کہ میرے لطیفۂ نفس اور پانچوں لطیفوں پر اُس ذات پاک سے فیض آتا ہے جو مجھ سے میری رگِ جان سے زیادہ قریب ہے اور ولایت کبریٰ کے پہلے دائرہ کا منشاء ہے۔

اقربیت کے معنی

اقربیت کے معنی کا بیان یہ ہے کہ "ظل کی اصل" "ظل" کے ساتھ بہ نسبت نفس ظل کے زیادہ نزدیک ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) ہر رگ و ریشہ اور بال بال سے اسی طرح ذکر اسم ذات کیا جاتا ہے اور اس کو سلطان الاذکار کہتے ہیں۔

۲۔ ذکر نفی و اثبات سے مراد حبس دم کے ساتھ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ذکر ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنا دم ناف کے نیچے بند کر کے لفظ لا کو ناف سے اُٹھا کر پیشانی تک لے جائے اور لفظ الٰہ کو وہاں سے دائیں کندھے تک لا کر لفظ الا اللہ کی ضرب دل پر اس طرح لگائے کہ تمام لطائف پر جا لگے اور اثر ذکر تمام جوارح و اعضا پر پہنچے۔ یہ ذکر بھی بلا حرکت زبان اس طرح کیا جاتا ہے کہ اعضائے بدن قطعاً حرکت نہ کریں۔ ایک سانس میں طاق عدد کی رعایت کے ساتھ مثلاً اکیس مرتبہ یا اس سے کم و بیش ہونا چاہیے۔ اور جب سانس چھوڑے تو لفظ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ ملانا چاہیے۔ اور اگر دم بند کرنا کچھ نقصان دے تو اس کے بغیر ہی ذکر کرے۔ کیونکہ وہ ذکر کی شرط نہیں ہے۔ ذکر کے وقت کلمہ شریف کے معنی بھی ذہن میں رہیں کہ "خدا تعالیٰ کی ذات پاک کے سوا میرا کچھ مقصود نہیں"۔ اس صورت میں لا معکوس کی شکل بن جاتی ہے یعنی اس طرح پیشانی / زیر ناف قلب۔

۳۔ لا الٰہ الا اللہ کا زبان سے پڑھنا تہلیل لسانی ہے۔

مخصوص اوقاتِ ذکر کے علاوہ بھی طالب پر لازم ہے کہ ہر حال میں اُٹھتے، بیٹھتے، کھاتے، پیتے، ہر وقت اور ہر لحظہ ذکر و نگہداشت اور وقوف قلبی کا شغل رکھے تاکہ تصفیۂ باطن حاصل ہو اور حق تعالیٰ کی طرف دلی توجہ اور حضور پیدا ہو۔

Marfat.com

(یعنی ظل خود اپنے آپ سے اتنا قریب نہیں ہے جتنا کہ اس کی اصل اس سے قریب ہے) اور اسی طرح "اصل کی اصل" "ظل" کے ساتھ نفس ظل اور اس کی اصل اوّل سے زیادہ قریب ہے (یعنی ظل کی اصل کی جو اصل ہے اس کو ظل کے ساتھ اتنا قرب ہے کہ نہ خود ظل اپنے سے اتنا قریب ہے اور نہ ظل کی اصل ظل سے اتنا قرب رکھتی ہے) اور یہی حال ہے "اصل کی اصل کی اصل" کا کہ وہ اپنے مابعد کی بہ نسبت ظل سے زیادہ قریب ہے۔

جب یہ بات ہے تو اب سمجھ لیجیے کہ ذات[1] واجب تعالیٰ ممکن کے ساتھ بہ نسبت شیونات کے زیادہ قریب ہے اور "شیونات" کو ممکن کے ساتھ بہ نسبت صفات کے زیادہ قرب ہے اور صفات بہ نسبت "ظلال صفات" کے ممکن سے زیادہ نزدیک ہیں، اور ظلال صفات ممکن کے ساتھ بہ نسبت نفس ممکن کے زیادہ قریب ہے۔

اس مقام میں تحلیل لسانی کی کثرت سے بہت ترقی حاصل ہوتی ہے۔ اور اس میں حضور نگرانی، عروج و نزول، اور جذبات مثل قلب کے حاصل ہوتے ہیں۔ مگر فرق یہ ہے کہ یہاں کے حالات بے رنگ اور بے مزہ ہیں۔ جب نفس کے حالات قوت پکڑ جاتے ہیں تو حالات قلبی فراموش ہو جاتے ہیں اور اس مراقبہ کے تمام

---

[1] اقربیت کی حقیقت تحریر و تقریر میں نہیں آسکتی۔ یہ معاملہ عقل کے قانون سے دور اور کامل انکشاف پر موقوف ہے۔ تاہم حضرات مشائخ کرام رحمہم اللہ نے جو کچھ فرمایا ہے اس کا ماحصل یہ ہے کہ "شیونات الٰہی" ذات الٰہی کی فرع ظل ہیں، اور "صفات" شیونات کی فرع اور "اسماء" صفات کی فرع اور "افعال" اسماء کی فرع ہیں، اور تمام موجودات افعال کے فروع و نتائج ہیں۔

فرع اور ظل کا وجود حقیقتاً اپنی اصل کے وجود سے ہے۔ کیونکہ "ظل" کے پاس جو کچھ ہے وہ اس نے اپنی اصل سے لیا ہے نہ کہ اپنے پاس سے۔ لہٰذا ظل کے وجود کو دیکھا جائے تو وہ اصل کا عکس و پرتو ہوتا ہے۔ اور اس کے صفات پر نظر کی جائے تو وہ اصل کے صفات کا پرتو ہوتے ہیں۔ جب یہ ہے تو اصل کی اقربیت کا اقرار کرنا ہی پڑتا ہے۔ کیونکہ ظل کو جو قرب اپنے ساتھ پیدا ہوا ہے وہ اس کے ظل ہونے کے سبب سے ہے۔ پس اصل، ظل کے وجود کی نسبت ظل کے ساتھ زیادہ قریب ہے۔ لہٰذا ذات واجب تعالیٰ ممکن کے ساتھ بہ نسبت شیونات کے زیادہ قریب ہے الخ ؎

خواب جہل از حرم قرب مرا دور کنند ورنہ نزدیک تر از دوست کسے ہیچ ندید

مترجم غفرلہٗ

Marfat.com

ہونے کی علامت یہی ہے۔

دائرۂ ثانیہ مراقبۂ محبت آیہ شریفہ یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗ سے ماخوذ ہے۔ اس میں یہ لحاظ رکھے کہ فیض آتا ہے میرے لطیفۂ نفس پر اس ذات پاک سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، اور ولایت کبریٰ کے دوسرے دائرہ کا منشاء ہے جو پہلے دائرہ کی اصل ہے۔ اس دائرہ میں مورد فیض فقط لطیفۂ نفس ہے۔

دائرۂ ثانیہ ولایت کبریٰ
مراقبہ محبت اولیٰ

تیسرے دائرہ میں بھی یہی مراقبہ اس طرح کرے کہ فیض آتا ہے میرے لطیفۂ پر اس ذات سے جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، اور ولایت کبریٰ کے تیسرے دائرہ کا منشاء ہے جو دوسرے دائرہ کی اصل ہے۔

دائرۂ ثالثہ ولایت کبریٰ
مراقبہ محبت ثانیہ

اور اسی طرح مراقبۂ قوس ہے جس میں یہ نیت کرے کہ فیض آتا ہے اس ذات سے میرے لطیفۂ نفس پر جو مجھے دوست رکھتی ہے اور میں اسے دوست رکھتا ہوں، اور قوس کا منشاء ہے جو ولایت کبریٰ کے تیسرے دائرہ کی اصل ہے۔

مراقبہ قوس محبت ثالثہ

یہ تینوں دائرے اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس میں اعتبارات ہیں جو صفات و شیونات کے مبادی ہوتے ہیں، اس مقام میں شرح صدر ہوتا ہے جیسا کہ حق تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں فرمایا ہے: اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ (الآیہ) اس میں لطیفۂ اخفیٰ کے کمالات کی طرف اشارہ ہے کیونکہ یہ لطیفہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک نے اپنے تمام شیونات و صفات کے ساتھ لطیفۂ اخفیٰ میں ظہور فرمایا ہے۔ اور (اس میں کیا شک ہے کہ) جسے ذات منکشف ہو جائے اسے وہ تمام اُمور جو ذات سے نسبت رکھتے ہیں منکشف ہو جائیں گے، اسی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اُوْتِيْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ یعنی مجھے تمام اگلوں اور

Marfat.com

پچھلوں کے علوم عطا ہوئے۔ یہاں مقام صبر و شکر اور رضا حاصل ہوتا ہے اور احکام شرع کے قبول کرنے میں دلیل کی حاجت نہیں رہتی۔ نظریات بدیہی ہو جاتے ہیں۔



اگر سالک نظر دقیق رکھتا ہے تو وہ تینوں دائروں اور قوس کے مراقبات میں ایک کا امتیاز دوسرے سے کر سکے گا یعنی مراقبۂ اقربیت[1] میں ذات مع آٹھ صفات[1] متمیزہ کے منکشف ہوگی اور مراقبۂ محبت اولیٰ[2] میں ان اعتبارات کے اصول کا انکشاف ہوگا اور محبت ثانیہ[3] میں اصول کے اصول غیر متمیزہ کا اور قوس[4] میں ذات صرف کا جو تعین علمی میں ظاہر اور مشہود ہوتی ہے۔ غرض کہ نظر دقیق امور مذکورہ میں سے ہر ایک کا امتیاز کرتی ہے۔ اس مقام کے معارف کتاب و سنت ہیں۔

مراتبہ ولایت علیا

ولایت کبریٰ اور سیر "اسم الظاہر" تمام ہونے کے بعد اسم الباطن اور ولایت علیا کی سیر شروع ہوتی ہے یہ ولایت علیا ملاء اعلیٰ کی ولایت ہے۔ یہاں عنصر خاک کے سوا تینوں عنصروں سے کام پڑتا ہے۔



واضح رہے کہ "اسم الظاہر" کی سیر صفات کی تفصیلی سیر ہے بغیر اس کے کہ ان صفات کے ضمن میں ذات پاک کا لحاظ ہو۔ اور اسم الباطن کی سیر میں جس کے مناسب حال پوشیدگی ہے۔ اسماء کی سیر ہے لیکن اُن کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ملحوظ ہوتی ہے۔ وہ اسماء پردوں کی مانند ہیں جن کے پیچھے ذات ملحوظ ہوتی ہے مثلاً علم صفت ہے اس میں ذات کا قطعاً لحاظ نہیں۔ اور علیم اسم ہے اس میں علم کے پردہ میں ذات

[1] حیات (۱)، علم (۲)، قدرت (۳)، ارادہ (۴)، کلام (۵)، سمع (۶)، بصر (۷)، تکوین (۸)

Marfat.com

بھی ملحوظ ہے۔ کیونکہ علیم وہ ذات ہے جو صفت علم رکھتی ہو۔ پس علم میں سیر اسم الظاہر کی سیر ہے اور علیم کی سیر اسم الباطن کی سیر ہے۔ باقی اسماء اور صفات کو بھی اس پر قیاس کر لینا چاہیے۔ اس مراقبہ کی نسبت اس طرح ہے کہ "فیض آتا ہے سوائے عنصر خاک کے تینوں عنصروں پر اُس ذات پاک سے جو اسم، اسم الباطن سے موسوم اور ولایت علیا، کا منشاء ہے"۔

اس مقام میں تہلیل لسانی اور نماز نفل سے ترقی ہوتی ہے اور توجہ، حضور، عروج و نزول تینوں عنصروں کو حاصل ہوتے ہیں، اور عجیب کشادگی اور ملاء اعلیٰ سے مناسبت پیدا ہوتی ہے بلکہ بعض اوقات فرشتے نظر آتے ہیں۔

مراقبۂ کمالات نبوت

اس کے بعد مراقبۂ کمالات نبوت اس لحاظ سے کرے کہ "فیض آتا ہے اس ذات بحت سے جو منشاء ہے کمالات نبوت کا عنصر خاک پر جو شئے عجیب یعنی مظہر ذات الٰہی ہے"۔ نزع کے وقت سختی کا سبب اکثر یہی ہوتا ہے کہ روح اپنے محبوب کی جائے ظہور سے مفارقت کرنا نہیں چاہتی ہے۔ اس عنصر میں نیستی محض اور دوسری جانب (متجلی) ہیں ہستی محض ہے۔ فافہم۔ تُعْرَفُ الْاَشْیَآءُ بِاَضْدَادِھَا۔

دائرۂ کمالات نبوت

یہاں حضور بے جہت حاصل ہوتا ہے اور نگرانی و بے قراری، بیتابی و شوق سب رخصت ہو جاتا ہے اور یقین کامل راسخ ہو جاتا ہے۔ اس مقام میں حال و مقام اور معرفت کوتاہ ہیں۔ لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ (الآیہ) اس پر گواہ ہے ؎

اتصالے بے تکیف و بے قیاس ہست رب الناس را با جان ناس

Marfat.com

یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنے خاص بندوں سے جو اتصال ہے وہ کیفیت اور قیاس دونوں سے باہر ہے۔ یہاں وصول ہے حصول نہیں۔ وصول سے مراد اللہ تعالیٰ کے عشق کے غلبہ میں اپنے آپ کو فنا کرنا ہے۔ یہاں موحد کی زبان سے توحید وجودی یا شہودی کی صدا نہیں نکلے گی۔ کیونکہ ان دونوں کا تعلق مقام اولیاء سے ہے اور یہ مقام انبیاء کا ہے۔ یہاں نسبت باطن کی کمالِ وسعت، بے کیفی اور یاس و حرمان کے ساتھ اتباع شرع نصیب ہوتا ہے۔ خوب یاد رکھیئے کہ یہ مقام مقام انبیاء ہے، یہ بغیر انبیاء کے اتباع کے حاصل نہیں ہوتا ہے اس میں اقسام توحید سے کوئی سروکار نہیں رہتا کہ اس کا تعلق مقام ولایت سے ہے۔

تجلّی ذاتی دائمی: یہاں تجلی ذاتی دائمی اسما اور صفات کے پردوں کے بغیر ہوتی ہے۔ فنائے نفس کا نتیجہ تجلی صفات ہے اور جب اُس سے آگے بڑھے تو تجلی ذات کا معاملہ پیش آتا ہے، اور اس تجلی ذات کا معاملہ حدِ بیان سے باہر ہے۔ یہ ذوقی اور وجدانی چیز ہے، نہ بیانی اور ترجمانی۔ ہاں اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ یہ تجلی ذاتی دائمی ہے۔ کیونکہ جب ذات تجلی کرتی ہے تو اسے پوشیدگی نہیں ہوتی۔

تجلی برقی: یہاں یہ بھی سمجھ لیجیے کہ تجلی برقی جو صوفیہ کرام کے زبان زد ہے وہ تجلی ذات نہیں بلکہ شیونات ذاتِ الٰہی میں سے ایک شان کی تجلی ہے جو اس اسم کی اصل ہے جو سالک کا مبدأ تعین ہے۔ اس مناسبت سے اُس نے صورت عارف کی آئینہ داری کی ہے اور اس کے رنگ میں ظاہر ہوئی ہے۔ یہ تجلی ذات نہیں ہے۔

کمالاتِ رسالت اور کمالاتِ اولوالعزم، کمالاتِ نبوت کے دریا کی ایک موج ہیں۔ یہ تینوں دائرے آپس میں ایسی مناسبت رکھتے ہیں جیسے ابرے کو استر سے یا جیسے مرکز کو محیط سے۔ ان کے مراتب میں یک گونہ فرق ہے جو اہل بصیرت پر ظاہر ہوتا ہے۔

Marfat.com

اس جگہ توحید وجودی اور شہودی کا تذکرہ آیا ہے اور اس پر فتن زمانہ میں حق و باطل میں امتیاز کرنے والے بہت کم ہیں اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ توحید کی دونوں قسموں کو بیان کر کے امر حق ظاہر کر دیا جائے حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ کے مکتوبات کی جلد اول کے تینتالیسویں مکتوب میں اس کے متعلق شافی بیان موجود ہے (لہٰذا اس کی ضروری عبارت کا ترجمہ لکھا جاتا ہے) اور وہ یہ ہے :

توحید وجودی اور توحید شہودی

وہ توحید جو اس طائفہ علیہ کو اثنائے راہ میں حاصل ہوتی ہے وہ دو قسم کی ہے :

(۱) توحید شہودی (۲) توحید وجودی۔

توحید شہودی بس ایک کا دیکھنا ہے یعنی سالک کے مشاہدہ میں ایک کے سوا دوسری چیز نہ آئے اور توحید وجودی ایک کو موجود جاننا ہے اور اس کے غیر کو معدوم و ناپید سمجھنا، اور باوجود غیر کی عدمیت کے اس کو ایک کے مظاہر سمجھنا۔ پس توحید وجودی علم الیقین کی قسم اور توحید شہودی عین الیقین کی قسم ہوئی۔

توحید شہودی اس راہ میں ضروری ہے۔ اس لیے کہ اس کے بغیر نہ فنا متحقق ہوتی ہے اور نہ عین الیقین میسر ہوتا ہے۔ کیونکہ ایک ہی کا دیکھنا جب غلبہ کرے گا تو اُس سے ماسوا کا نہ دیکھنا لازم ہے برخلاف توحید وجودی کے کہ اس میں یہ لازم نہیں ہے اس لیے علم الیقین اس معرفت کے بغیر حاصل ہو سکتا ہے کیونکہ علم الیقین میں ایک کے ماسوا کی نفی لازم نہیں۔ بہت سے بہت یہ ہے کہ ایک کے علم کے غلبہ کے وقت اس کے ماسوا کے علم کی نفی لازم آئے گی۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص آفتاب کے وجود کا یقین کرے تو اس یقین کا غلبہ اس بات کو مستلزم نہیں کہ اس وقت ستاروں کو ناپید اور معدوم جانے۔ ہاں اتنی بات ہوگی کہ جب آفتاب کو دیکھے گا تو ستاروں کو نہیں دیکھے گا۔ اس وقت اس کے سامنے آفتاب کے سوا اور کچھ

Marfat.com

نہ ہوگا اور اس وقت جبکہ ستاروں کو نہیں دیکھے گا تو یہ سمجھے گا کہ ستارے معدوم نہیں ہیں، بلکہ ایسا ہے کہ موجود تو ہیں مگر آفتاب کے نور سے مغلوب ہونے کی وجہ سے روپوش ہیں۔ حتیٰ کہ جو لوگ اس وقت ستاروں کے وجود کی نفی کریں گے وہ شخص ان کی بات کا انکار کرے گا اور سمجھے گا کہ یہ واقع کے خلاف ہے۔ اس سے سمجھ لیجیے کہ توحید وجودی جو ماسوی ایک ذاتِ حق کے سب کی نفی ہے عقل و شرع دونوں کے خلاف ہے

اور توحید شہودی کہ ایک ہی کا دیکھنا ہے، نہ عقل کے خلاف ہے نہ شرع کے۔ مثلاً آفتاب نکلنے کے وقت ستاروں کی نفی کرنا اور معدوم جاننا واقع کے خلاف ہے لیکن اس وقت ستاروں کا نہ دیکھنا خلاف نہیں، بلکہ ان کا نہ دیکھنا بسبب غلبہ نورِ آفتاب اور دیکھنے والے کی ضعف بینائی کی وجہ سے ہے اگر دیکھنے والے کی آنکھ میں آفتاب کے نور کی قوتِ تحمل ہو تو وہ ستاروں کو آفتاب سے جدا دیکھے گا۔ اور یہ دیکھنا حق الیقین میں ہے۔

قول اَنَا الحق اور کلام سُبحَانِی کا مطلب

جب یہ بات ہے تو بعض مشائخ کرام رحمہم اللہ کے اقوال کا جو بظاہر شریعت حقہ کے مخالف نظر آتے ہیں، اور بعض اشخاص ان کو توحید وجودی کی طرف کھینچتے ہیں، جیسے ابن منصور حلاج کا قول انا الحق اور ابو یزید بسطامی کا قول سبحانی اور انہی جیسے دوسرے بزرگوں کے اقوال، تو بہتر یہ ہے کہ ان اقوال کو توحید شہودی کی طرف پھیرا جائے اور مخالفت کو دور کیا جائے۔ بات یہ ہے کہ جب ماسوائے حق سبحانہ و تعالیٰ ان کی نظر سے پوشیدہ ہو گیا تو اس غلبۂ حال میں یہ الفاظ اُن کی زبان سے نکلے اور اس وقت انہوں نے غیر کا اثبات نہیں فرمایا۔ بناءً علیہ انا الحق کے معنی یہ ہیں کہ "حق ہے میں نہیں ہوں"۔

Marfat.com

کیونکہ وہ اس وقت اپنے آپ کو دیکھ ہی نہیں رہے تھے۔ لہٰذا یہ معنی نہیں کہ وہ اپنے آپ کو دیکھتے اور اس کو حق کہتے۔ یہ تو کفر ہے۔

اس موقع پر کوئی کہہ سکتا ہے کہ جب ماسوا کا اثبات نہ کیا تو ماسوا کی نفی ہو گئی، اور یہی توحید وجودی ہے۔ تو جواباً عرض ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ عدمِ اثبات سے نفی شے لازم نہیں آتی ہے۔ بلکہ یہ ایسا مقام ہے جہاں حیرت ہی حیرت ہے اور یہاں تمام احکام ساقط ہو جاتے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ سُبْحَانِی کہنے میں بھی اللہ تعالیٰ کی تنزیہہ مقصود ہے نہ خود اپنی۔ کیونکہ اس مقام میں اپنا وجود نظر سے بالکل اُٹھ گیا ہے، اس کے ساتھ حکم کا تعلق نہیں رہا ہے۔ اس قسم کا کلام مقام عین الیقین میں کہ وہ حیرت کا مقام ہے بعضوں کی زبان سے نکل جاتا ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ اس مقام سے نکال کر مقام حق الیقین میں پہنچاتا ہے تو وہ اس قسم کے کلام سے گریز کرتے ہیں، پھر (ظاہر میں بھی) حدِ اعتدال سے تجاوز نہیں فرماتے۔

یہاں ایک شبہہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اربابِ توحید وجودی جیسا کہ ایک جانتے ہیں ایک دیکھتے بھی ہیں، لہٰذا ان کو بھی عین الیقین حاصل ہے۔ اس شبہہ کے ازالہ کے لیے عرض ہے کہ اربابِ توحید وجودی کو شہودی کی صورت مثالی دکھائی دی ہے، ان کے سامنے توحید شہودی کا تحقق نہیں ہوا ہے اور اس صورتِ مثالی سے فی الحقیقت توحید شہودی کو کوئی مناسبت نہیں، کیونکہ توحید شہودی کے حصول کے وقت حیرت ہوتی ہے اور اس مقام حیرت میں کسی شے کے ساتھ (اربابِ حیرت) کوئی حکم نہیں کرتے۔ اور اربابِ توحید وجودی توحید شہودی کی صورتِ مثالی دیکھنے کے باوجود اربابِ علم ہیں۔ کیونکہ وہ ماسوی کے وجود کی نفی کر رہے ہیں اور منجملہ احکام نفی بھی ایک حکم ہے جو اقسامِ علم میں داخل ہے۔ چونکہ علم اور حیرت ایک جگہ جمع نہیں ہوتے ہیں، لہٰذا یہ بات ثابت ہے کہ صاحبِ توحید وجودی کو مقام عین الیقین حاصل نہیں۔ ہاں صاحبِ توحید

Marfat.com

شہودی کو مقام حیرت کے بعد اگر ترقی ہو تو اس کو مقام معرفت جو حق الیقین ہے حاصل ہوتا ہے، اور یہاں علم و حیرت جمع ہوتے ہیں۔ اور وہ علم جو حیرت کے ساتھ جمع نہیں ہوتا ہے اور حیرت سے پہلے ہوتا ہے وہ علم الیقین ہے۔ توضیح مقصد کے لیے ایک مثال عرض ہے۔ فرض کیجیے کہ ایک شخص جس کو بادشاہت سے یک گونہ مناسبت ہے۔ خواب میں اپنے آپ کو بادشاہ دیکھے اور بادشاہی کے پورے لوازمات اپنے اندر پائے تو ظاہر ہے کہ خواب دیکھنے والا شخص بادشاہ نہیں ہوا ہے، بلکہ بادشاہت کی صورتِ مثالی اس نے اپنے اندر دیکھی ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اس صورت مثالی سے بادشاہت کو کوئی مناسبت نہیں۔ البتہ اتنی بات ہے کہ یہ مشاہدہ خبر دیتا ہے کہ وہ شخص اس صورت مثالی کی حقیقت سے متصف ہونے کی استعداد رکھتا ہے۔ اگر کوشش کرے، اور عنایتِ خداوندی اس کا ساتھ دے تو وہ اس حقیقت کو بھی پہنچ سکتا ہے۔ قوت اور فعل میں بہت فرق ہے۔ بہت سے لوہے آئینہ بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں لیکن جب تک آئینہ نہیں ہوتے بادشاہوں کے ہاتھ میں نہیں پہنچتے اور ان کے جمال سے بہرہ یاب نہیں ہوتے (انتہیٰ ملخصاً)

مراقبۂ کمالاتِ رسالت

اس کے بعد مراقبۂ کمالاتِ رسالت کیا جاتا ہے۔ وہ اس طریقہ سے کرے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت[1] وحدانی پر ذات بحت سے کہ جو منشا ہے کمالاتِ رسالت کا۔

دائرۂ کمالاتِ رسالت

[1] ہیئت وحدانی کا بیان: ہیئت وحدانی سے عالم امر و عالم خلق کا مجموع من حیث ھو مراد ہے جو ہر ایک کے تصفیہ و تزکیہ کے بعد دونوں کی ایک دوسری مجموعی ہیئت پیدا ہو گئی ہے۔ جیسے مثلاً کوئی شخص چاہے کہ مختلف التاثیر دواؤں سے ایک معجون مرکب تیار کرے تو پہلے ان میں سے ہر ایک دوا کوٹ چھان کر رکھ لیتا ہے۔ بعد ازاں ان کو قند یا شہد کے قوام میں حل کر لیتا ہے۔ اب تمام ادویہ ایک دوسری ہیئت اور دوسرے خواص پیدا کر کے ایک خاص معجون کے نام سے موسوم ہوتی ہیں۔ ایسے ہی لطائف عشرہ ایک دوسری شکل و صورت پیدا کر کے اس مقام اور مقاماتِ فوقانی میں کثرت کے ساتھ عروج حاصل کرتے ہیں۔

Marfat.com

یہاں عروج و نزول اور تمام بدن کا فوق کی طرف انجذاب حاصل ہوتا ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت اور نماز کی کثرت سے ان تینوں کمالات میں اور ان حقائق میں جن کا ذکر آگے آئے گا ترقی ہوتی ہے۔

مراقبۂ کمالاتِ اُولوا العزم



اس کے بعد مراقبہ کمالاتِ اولوا العزم کا ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ میری ہیئت وحدانی پر اس ذات سے فیض آتا ہے جو منشا ہے کمالات اولوا العزم کا۔

ان تینوں کمالوں کو فوق سے ایسی نسبت ہے جیسے ظل کو اصل کے ساتھ ہے۔ اور فی الواقع یہاں نفس وجود میں سیر ہے جو ذات بحت کا ظل ہے۔ نفس ذات میں سیر نہیں ہے۔ اور یہاں ہیئت وحدانی اپنے سے مافوق دکھائی دیتی ہے۔ یہاں کم سے کم تین پاروں کی تلاوت اور اشغال و اذکار اور امور مسنونہ بہت فائدہ دیتے ہیں۔

مراقبہ حقیقت کعبہ

اس کے بعد مراقبۂ حقیقت اس طرح کرے کہ میری ہیئتِ وحدانی پر اس ذات بحت سے جو حقیقت کعبۂ ربانی کا منشا رہے، فیض آتا ہے۔

اس مقام میں اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی کا مشاہدہ ہوتا ہے، اور ایک عجیب ہیبت کا غلبہ سالک کے باطن پر ہوتا ہے، اور فنا و بقا حاصل ہوتی ہے۔ جب طالب



حقیقت کعبہ کے ساتھ متصف ہو جاتا ہے تو اپنی نظر باطن سے دیکھتا ہے کہ کعبہ مقدسہ کی حقیقت نے تمام عالم کو گھیر لیا ہے۔ اور اس کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس کے سوا کوئی شے موجود نہیں ہے۔

Marfat.com

قلبِ انسان عرشِ رحمٰن کا نمونہ ہے اور اس میں بیت اللہ کا بھی نشان ہے۔

یاد رکھیے کہ انسان کے اندر اس کا قلب عرشِ رحمٰن کا نمونہ ہے، اور اس کا ظہورِ قلبی ظہورِ عرشی کا نمونہ۔ اسی طرح قلبِ انسان میں بیت اللہ کا بھی نشان ہے جو "میانہ" ہے اور یمین و شمال سے بیگانہ اور حسنِ سبقت میں یگانہ۔ یہ دولت اصالۃً انبیاء علیہم السلام کو حاصل ہے اور ان کی تبعیت و وراثت سے اُمتیوں میں سے اللہ تعالےٰ جس کو چاہے اس دولت سے مشرف فرمائے۔

ظہورِ عرشی ہر چند کہ سب ظہورات سے فوق ہے لیکن جو معاملہ بیت اللہ شریف سے مربوط ہے وہ تمام ظہورات اور تجلیات سے فوق ہے۔ وہاں تجلی و ظہور کا نام لینا ہی ننگ و عار ہے۔ یوں سمجھو کہ تمام ظہورات و تجلیات دائرہ کے خط کا حکم رکھتی ہیں اور یہ معاملہ اس دائرہ کے مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ محیط باوجود وسیع اور کشادہ ہونے کے مرکزِ دائرہ کا ظل ہوتا ہے۔ کیونکہ نقطۂ مرکزی جو اپنے محیط کو چوڑا اور فراخ بناتا ہے، برنگ صد نقطہ ظاہر ہو کر محیط دائرہ ہو جاتا ہے۔

یہاں کعبہ کو نقطہ سے تعبیر کرنا محض سمجھانے کے لیے ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ وہاں نقطہ بھی دائرہ کی طرح گم ہے۔ نہ ظاہر کا وہاں موقع ہے اور نہ مظہر کا وہاں محل، اور نہ اصل کی وہاں گنجائش اور نہ ظل کا وہاں نشان کیونکہ اصل بھی اس کی جناب سے ظل کی طرح راستہ میں رہ گئی ہے ؎

چہ گویم با تو از مرغے نشانہ! کہ با عنقا بود ہم آشیانہ
ز عنقا ہست نامے پیش مردم بود از مرغ من آں نام ہم گم

یعنی میں اس مُرغ کا تجھے کیا پتہ بتاؤں جو عنقا کے ساتھ رہتا ہے (بلکہ عنقا سے تشبیہ دینا بھی درست نہیں) کیونکہ عنقا کا نام تو لوگ جانتے ہیں، میرا مرغ تو ایسا ہے جس کا نام بھی کوئی نہیں جانتا۔

Marfat.com

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ مکاشفات میں اپنے ایک مرید کے سوال کے جواب میں حقیقت کعبہ بیان فرمائی ہے لہٰذا اس کا نقل کرنا یہاں مناسب ہوگا (اس کا ترجمہ یہ ہے)

حقیقت محمدیؐ افضل ہے یا حقیقت کعبہ؟

"الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ میرے عزیز بھائی شیخ محمد طاہر بدخشی! آپ نے دریافت کیا ہے کہ رسالہ "مبدء و معاد" میں مرقوم ہے کہ جس طرح صورتِ کعبہ کی طرف صورتِ محمدیؐ نے سجدہ کیا اسی طرح حقیقتِ کعبہ کی جانب بھی حقیقتِ محمدیؐ نے سجدہ کیا (علیہ وآلہ الصلوات والتسلیمات) اس عبارت سے حقیقت محمدیؐ پر حقیقت کعبہ کی فضیلت لازم آتی ہے۔ حالانکہ یہ بات ثابت ہے کہ عالم اور اہل عالم کے پیدا کرنے سے مقصود آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی ہیں اور آدم علیہ السلام نیز تمام آدمی آپ کے طفیلی ہیں۔ لَوْلَاہُ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاکَ وَلَمَا اَظْهَرْتُ الرَّبُوْبِيَّة۔ (اگر محمد نہ ہوتا تو نہ میں افلاک پیدا کرتا اور نہ اپنی ربوبیت ظاہر کرتا)۔

صورت کعبہ اور حقیقت کعبہ

غور سے سنو! کہ صورت کعبہ پتھر اور ڈھیلوں کا نام نہیں۔ اس لیے کہ اگر پتھر اور اگر ڈھیلے نہ رہیں تو کعبہ کعبہ رہے گا اور مخلوق کو اس کی طرف سجدہ لازم ہوگا۔ بلکہ صورت کعبہ باوجودیکہ عالم خلق سے ہے لیکن حقائق اشیاء کی طرح ایسی پوشیدہ چیز ہے جو حس و خیال کی دسترس سے باہر ہے۔ عالم محسوسات سے ہے مگر محسوس کچھ نہیں۔ خلق کی توجہ گاہ ہے مگر توجہ میں کچھ نہیں۔ ایسی ہستی ہے جو نیستی کے لباس میں ملبوس ہے۔ اور ایسی نیستی ہے جو لباس ہستی میں ظہور فرما ہے۔ جہت میں بے جہت ہے اور سمت میں بے سمت ہے۔

Marfat.com

الغرض یہ صورت بطرز حقیقت ایک اعجوبہ ہے کہ عقل اس کی تشخیص سے عاجز ہے اور عقلا اس کی تعیین میں حیران، گویا عالم بیچونی و بے چگونی کا رنگ لیے بے مانند اور بے مثل کی طرح ہے ـــ ہاں ہاں! کعبہ معظمہ اگر ایسا نہ ہوتا تو لائق مسجودیت بھی نہ ہوتا اور افضل الخلق رسول اکرم (صلی اللہ علیہ وسلم) آرزو و شوق کے ساتھ اس کو اپنا قبلہ اختیار نہ فرماتے۔ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ الایہ نص قطعی اسی کی شان میں ہے اور مَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا الایہ اسی کی ستائش ہے۔ بیت اللہ خانہ خدا، صاحب خانہ (اللہ جل شانہ) کو اس میں خاص طور پر ہونے کو ظاہر کر رہا ہے اور وہ حق تعالیٰ کے ساتھ اظلال اور بے چون و بے چگون نسبت مجہول الکیفیت رکھتا ہے۔ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى۔ عالم مجاز جو حقیقت کا ظل ہے اس میں بیت شب باشی کی خبر دیتا ہے کیونکہ وہ صاحب خانہ کی جائے قرار اور آرام گاہ ہوتا ہے۔ اہل دولت کے نشست و برخاست کے مکانات گو بہت ہوتے ہیں لیکن خانہ خانہ ہی ہے جو دوسروں کے دخل و مزاحمت سے بیگانہ ہے اور مسکن و آرام گاہ جانانہ ہے۔ جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے لکن یسعنی قلب عبدی المؤمن یعنی سماتا ہے مجھ کو بندۂ مومن کا قلب۔ اس سے مومن کے قلب میں بھی ظہور بے چونی کا پتہ لگتا ہے لیکن بیت ہونے کی نسبت اس میں کہاں۔ اور غیر کے دخل و مزاحمت سے روکنا جو لوازم بیت سے ہے وہ اس میں کب ہے۔

چونکہ بیت اللہ میں غیر و غیریت کا گزر نہیں اسی لیے وہ مسجود الیہ خلائق قرار پایا کہ سجدہ غیر کو نہ ہو اور چونکہ غیریت مسجودیت کے منافی ہے اس لیے محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنی جانب سجدہ کرنے سے منع فرمایا اور بجانب کعبہ شوق و رغبت کے ساتھ سجدہ فرمایا۔ اس تفاوت کا بھید یہیں سے سمجھ لینا چاہیے۔ شَتَّانَ مَا بَيْنَ السَّاجِدِ وَالْمَسْجُوْدِ۔ ساجد و مسجود میں کس قدر فرق ہے۔

بھائی! جب آپ کو صورتِ کعبہ کا کچھ تھوڑا سا حال معلوم ہوا تو اب کچھ کعبۂ معظمہ کی حقیقت

Marfat.com

کا بیان بھی سنو۔ کعبہ کی حقیقت سے مراد واجب الوجود کی ذات ہے چون ہے کہ اس میں ظہورِ ظلیت کو کچھ دخل نہیں اور وہ لائق مسجودیت اور معبودیت ہے۔ اس حقیقت کو اگر حقیقت محمدیؐ کا مسجود کہیں تو نہ کوئی اشکال لازم آتا ہے اور نہ حقیقت محمدیؐ سے اس کے افضل ہونے میں کوئی قصور۔ یہ ضرور ہے کہ حقیقت محمدیؐ تمام افراد عالم کی حقیقتوں سے افضل ہے لیکن حقیقت کعبہ اس عالم کی چیز نہیں ہے کہ اس کے مقابلہ میں بھی حقیقت محمدیؐ کو افضل کہا جائے اور حقیقت کعبہ کے افضل ہونے میں توقف کیا جائے تعجب کی بات ہے کہ ان دونوں حقیقتوں کے ساجدیت اور مسجودیت کی صورت میں تفاوت کے باوجود عقلائے اہل فن ان دونوں میں فرق نہیں کرتے اور مقام اعتراض میں رہتے ہیں اور زبان طعن و تشنیع کھولتے ہیں حق تعالیٰ ان کو توفیق انصاف دے کہ بغیر سمجھے ہوئے ملامت نہ کریں۔ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ"۔

سالک جب اس مقام سے کامل طور پر متصف ہوتا ہے تو وہ اپنے آپ کو ایسا پاتا ہے کہ تمام عالم اس کی طرف سجدہ کر رہا ہے۔ اگر شیخ کامل طالب کے حال کے مناسب جانتا ہے تو مقام تبدیل فرماتا ہے۔ لیکن ناقص کے لیے اس مقام کا تبدیل کرنا اس وقت مناسب ہے جبکہ فنا اس مقام میں حاصل ہو جائے یعنی اس مقام سے متصف ہونے کے بعد نہ وہ اپنے آپ کو جانے اور نہ اپنے مقام کو۔ بلکہ کسی چیز کو نہ پائے۔ جب ایسی فنا حاصل ہو جائے تو اس وقت مقام کی تکمیل ہو گی۔ اس کے بعد مقام بدل دیا جائے تو اولیٰ و انسب ہے۔

مراقبۂ حقیقتِ قرآن

اس کے بعد مراقبہ حقیقت قرآن کا اس طریقے سے کرے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر اس ذاتِ بحت سے جو حقیقتِ قرآن کا منشا ہے۔ اس مراقبہ میں کلام اللہ کا باطن ظاہر ہوتا ہے اور تلاوت کے وقت

Marfat.com

قاری کی زبان شجرۂ موسوی کے حکم میں ہو جاتی ہے، بلکہ سارا بدن زبان کے حکم میں ہو جاتا ہے۔ اور بعض وقت درد اور ایک طرح کی گرانی سالک کے باطن پر ظاہر ہوتی ہے۔ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا الآیہ اس پر دال ہے۔ حرف وصوت برطرف ہو جاتے ہیں اور کلام نفسی بلا حرف وصوت اور کلمات کے تقدم وتاخر کے مشاہدہ ہوتا ہے۔ اور سالک اس مقام میں کامل انہماک کے بعد اپنے آپ کو کلام نفسی سے موصوف پاتا ہے۔ بلکہ سوائے کلام نفسی کے اپنے وجود کو بھی نہیں دیکھتا ہے۔ اور اس کے بعد نہ کچھ پاتا ہے اور نہ کچھ دیکھتا ہے۔ اس وقت تکمیل تام ہو جاتی ہے لہٰذا مقام تبدیل کر دینا چاہیے۔

دائرۂ حقیقت قرآن

مراقبۂ حقیقت صوم اور مراقبۂ سیف قاطع کیوں چھوڑا گیا؟

اکابر نقشبندیہ رحمہم اللہ نے مراقبۂ حقیقت صوم کو چھوڑ دیا ہے کیونکہ یہ مراقبہ مراقبۂ حقیقت قرآن کے ضمن میں ہو جاتا ہے۔ چنانچہ امام الطریقہ حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے اپنے مکتوب میں اس کو صراحتاً بیان فرمایا ہے۔ نیز قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ حقیقت صوم حقیقت قرآن کے پہلو میں ہے۔ اور دائرۂ سیف قاطع ولایت کبریٰ کے پہلو میں ہے۔ ظاہراً سیف قاطع اسماء وصفات کی ایک موج ہے اور ولایت کبریٰ کی قسم ہے، سیف قاطع یعنی کاٹنے والی تلوار اس کا نام اس وجہ سے رکھا گیا کہ نفس کو یہاں کامل فنا حاصل ہوتی ہے۔ یہ مراقبہ مستقل نہیں ہے۔

مراقبۂ حقیقت صلوٰۃ

دائرۂ حقیقت صلوٰۃ

اس کے بعد مراقبۂ حقیقت صلوٰۃ اس طرح کرنا چاہیے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر اُس ذات بحت سے جو منشاء ہے حقیقت صلوٰۃ کا۔ اس مقام میں سالک کو

Marfat.com

دو جزو میسر ہوتے ہیں۔ ایک حقیقت قرآن، دوسرا حقیقت صلوٰۃ۔ پس نماز میں ایک عجیب امر ظاہر ہوتا ہے گویا اس دار فانی سے نکل کر دار اُخروی میں داخل ہوتا ہے اور حدیث شریف اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ[1] کا مضمون بصاف روشن ہو جاتا ہے۔ اور اسی کی طرف حدیث شریف اَلصَّلٰوۃُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِیْنَ[2] میں اشارہ ہے، اور حدیث اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنَ الرَّبِّ فِی الصَّلٰوۃِ[3] اور قُرَّۃُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوۃِ[4] میں بھی اسی کی تصریح ہے۔

سالک کو جب اس مقام میں نہایت انہماک و اشتغال ہو جاتا ہے تو پھر اس کے نزدیک عابد و معبود میں کچھ فرق نہیں رہتا ہے۔ خاص کر سجدہ کی حالت میں کہ جب اس میں فنائے محض حاصل ہوتی ہے تو فرق جاتا رہتا ہے۔ کیونکہ فرق اثنینت دو ہونے پر مبنی ہے اور فنا میں اثنینت نہیں ہوتی۔ اس کا مزہ وہی پاتا ہے جو جانتا ہے۔ راگ اور گانے نیز وجد و تواجد کا مزہ اس کے مقابلہ میں کوئی وزن نہیں رکھتا۔ ع

چوں ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

اور کیا تعجب کہ حدیث لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ[5] میں اسی نماز کی طرف اشارہ ہو۔

مراقبہ معبودیت صرفہ

اس کے بعد مراقبہ معبودیت صرفہ کا کیا جاتا ہے۔ اور اس کی نیت یہ ہے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت

---

[1] عبادت کر تو اللہ تعالیٰ کی گویا تو اسے دیکھتا ہے۔

[2] نماز مومن کی معراج ہے۔

[3] بندہ کا اللہ تعالیٰ سے بہت نزدیک ہونا نماز میں ہے۔

[4] میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

[5] میرا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک حال ہوتا ہے کہ اس میں نہ فرشتہ مقرب کی گنجائش ہوتی ہے اور نہ کسی پیغمبر کی۔

Marfat.com

دائرہ
معبودیت صرفہ

وحدانی پر اس ذات بحت سے جو معبود صرف ہے۔ یہاں قدم کوتاہ اور نظر وسیع ہوتی ہے چنانچہ قِفْ بِنَا مُحَمَّدٌ میں اسی حال کی طرف اشارہ ہے یعنی مراتب سابقہ تمام ہو کر مرتبۂ وجوب سامنے آتا ہے اور قدم حقیقت صلوٰۃ سے تجاوز نہیں کرتا ہے۔ اگر میسّر ہو تو سیر نظری میسّر ہوتی ہے۔ اور وہ بھی اس طرح نہیں کہ وہاں شہود اور مشاہدہ ہے یا قدم کی گنجائش ہے۔ قدم کیسا، وہاں تو خیال کی بھی گنجائش نہیں۔ بلکہ وہاں ایسا وصول ہے جس کی کیفیت معلوم نہیں۔ اگر صورت مثالیہ میں نظر کے ساتھ نقش جم جائے تو وصول نظری ہے، اور قدم کے ساتھ ہو تو وصول قدمی ہے۔ ورنہ نظر اور قدم حق تعالیٰ کی بارگاہ میں حیران ہیں۔ قدم کی سیر گاہ تا حقیقت صلوٰۃ ہے کہ صلوٰۃ ہی مقام عابدیت کا منتہا ہے اور وہ مراتب وجوب سے برائے مرتبہ تنزیہ صادر ہوتی ہے۔ اور تینوں معنی کلمہ طیبہ کے کامل طور پر اس مقام میں حاصل ہوتے ہیں۔ یعنی لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ، لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ، لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ۔ یہاں عبادت نماز جو منتہیوں کا کام ہے مفید ہوتی ہے۔

یہاں تک حقائق الٰہیہ کا بیان ختم ہوا۔ اس کے بعد حقائق انبیاء علیہم السلام کی سیر شروع ہوتی ہے۔

یاد رکھنا چاہیے کہ ہر اہل محبت کے دو اعتبار ہوتے ہیں، ایک محبیت، دوسرے محبوبیت۔ کمالات محبوبیت کا ظہور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہے اور کمالات ذاتیہ محبیت کا ظہور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ مخصوص ہے اور کمالات صفاتی اور محبوبیت اسمائی کا ظہور حضرت ابراہیم علیہ السلام اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے۔ اولاً سالک کی سیر کمالات صفاتی اور حقیقت ابراہیمی میں شروع ہوتی ہے۔ اور مقام خلت اسی کی طرف اشارہ ہے۔

مراقبہ حقیقت ابراہیمی: مراقبہ حقیقت ابراہیمی کا اس طرح کرے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت

Marfat.com

دائرہ حقیقت ابراہیمی

وحدانی پر جو منشاء حقیقت ابراہیمی ہے۔ تمام انبیاء علیہم السلام اس مقام میں حضرت خلیل علیہ السلام کے تابع ہیں۔ حتیٰ کہ سرور کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات کو بھی ان کی پیروی کا حکم ہوا ہے۔ اِتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا (الآیہ) پیروی کر تو ابراہیمؑ کے دین کی جو ہر طرف سے پھر کر حق کا ہو رہا تھا۔ اور اسی واسطے آنحضرت نے اپنے درود و برکات کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے درود سے تشبیہ دی ہے۔ (پھر یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ) واقع میں حقیقت ابراہیمی حضرت سرور کائنات مفخر موجودات والا صفات کے مراتب ظہور میں سے ایک مرتبہ ہی ہے۔ چونکہ اس عالم میں اُس کا ابھی ظہور نہیں ہوا تھا اس لیے ارشاد ہوا کہ اپنے مرتبۂ سابقہ کو نگاہ رکھیے اور پیروی کیجیے۔ نہ یہ کہ کسی دوسرے کی پیروی کیجیے، کیونکہ آپ کی ذات مقدس میں تمام کمالات جمع کر دیے گئے ہیں۔ خصوصیت کے ساتھ اس مرتبہ کی پیروی کا حکم دینے میں ایک رمز ہے۔ فَافْهَمْ لَعَلَّ اللّٰهُ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا۔ جب کامل ظہور ہو گیا تو خود فرماتے تھے:

اَنَا سَيِّدُ وُلْدِ اٰدَمَ وَلَا فَخْرَ۔ وَ — میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں اور کوئی فخر نہیں۔

لَوْ كَانَ مُوْسٰى حَيًّا مَا وَسِعَهٗ اِلَّا اتِّبَاعِيْ۔ — اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو ان کو میری پیروی کے سوا چارہ نہ

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط ( ) — آج کامل کیا میں نے تمہارے لیے تمہارا دین اور تمام کی تم پر نعمت اپنی اور پسند کیا تمہارے واسطے اسلام کو دین۔

اس مقام میں درود شریف کی کثرت سے بہت فائدہ ہوتا ہے اور سالک کو اللہ تعالیٰ سے اور اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کو سالک سے خاص اُنس حاصل ہوتا ہے اور اس وقت مقام کی تکمیل ہو جاتی ہے۔ اور تکمیل کے بعد اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی طرف التفات نہیں رہتا ہے۔

مراقبہ حقیقت موسوی

اس کے بعد عارف کی سیر حقیقت موسوی میں جو محبیت صرفہ ہے شروع ہوتی ہے۔ اس مراقبہ کو اس مراقبہ کو اس طرح کیا جاتا ہے کہ فیض آتا ہے سیری ہیئت وحدانی پر اس ذات بحت سے

دائرہ حقیقت موسوی

جو حقیقت موسوی کا منشاء ہے۔ اس مقام میں محبت ذات اپنی ذات کے لیے جلوہ گر فرماتی ہے اور محبت ذاتی کے ظہور کے باوجود استغناء اور بے نیازی کی شان آشکارا ہوتی ہے۔ اسی سبب سے بعض کلمات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان سے نکل گئے جن کو اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں نقل فرمایا ہے:

اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا	کیا ہلاک کرتا ہے تو ہم کو اس کام پر جو کیا ہماری قوم کے
فِتْنَتُكَ ۚ تُضِلُّ بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ	بیوقوفوں نے۔ یہ سب تیری آزمائش ہے۔ گمراہ کرے تو
مَنْ تَشَآءُ ۚ	اس سے جس کو چاہے اور ہدایت پر رکھے جس کو چاہے

اس مقام میں خاص اس درود کی کثرت بہت مفید ہوتی ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ	اے اللہ! درود بھیج ہمارے سردار محمد اور ان کی آل اور ان کے

لہ حضرت موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے ستر آدمیوں کو اپنے ساتھ میقات پر لے گئے تھے۔ وہاں ان کو بجلی کی کڑک اور زلزلے سے ہلاک کر دیا تو اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جناب باری عزاسمہٗ میں یہ دعا کی تھی۔ یہ واقعہ یا تو گوسالہ کی پرستش کے بعد کا ہے جب وہ ستر آدمی توبہ اور اعتذار کے لیے گئے تھے۔ یا اس سے پہلے کا ہے جب انہوں نے خدا تعالیٰ کا کلام سن کر کہا تھا کہ اے موسیٰ! ہم تیرا ہرگز یقین نہ کریں گے جب تک نہ دیکھ لیں ہم اللہ کو صریحاً سامنے۔ (مترجم غفرلہٗ)

Marfat.com

عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ خُصُوْصًا عَلٰی کَلِیْمِكَ سَیِّدِنَا مُوْسٰی۔

اصحاب پر اور تمام انبیاء اور رسولوں پر خاص کر ہمارے سردار موسیٰ کلیم اللہ پر۔

مراقبہ حقیقت محمدی

اس سے فوق مراقبۂ حقیقت الحقائق یعنی حقیقت محمدی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ فیض آتا ہے ذات بحت سے جو منشاء حقیقت محمدی کا میری ہیئت وحدانی پر۔ آپ کی ذات اقدس محبیت اور محبوبیت دونوں صفتوں سے موصوف ہے۔ چنانچہ آپ کا اسم مبارک جو دو میموں کو متضمن ہے اس سے اشارہ ہے کہ آپ دو اسموں سے مسمّٰی ہیں۔ یہ دونوں اسم قرآن مجید میں مذکور ہیں۔ ایک جگہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ دوسری جگہ حضرت رُوح اللہ کی بشارت کو نقل فرمایا ہے اِسْمُہٗ اَحْمَد۔ ان دونوں میں سے ہر ایک کی ولایت علیحدہ ہے۔ ولایت محمدی تو آپ کے مقام محبوبیت سے پیدا ہوئی ہے۔ لیکن یہاں خالص محبوبیت بھی نہیں بلکہ کچھ محبت کی آمیزش بھی ہے۔ اگرچہ یہ آمیزش اصالۃً نہیں ہے۔ البتہ مقام محبوبیت صرف میں ضرور رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ ہاں ولایت احمدی محبوبیت صرف ہے کہ اس میں شائبۂ محبیت بالکل نہیں ہے۔ یہ ولایت پہلی ولایت سے ایک قدم آگے اور مطلوب سے ایک منزل زیادہ نزدیک اور محبّ کو زیادہ مرغوب ہے کیونکہ محبوب جس قدر محبوبیت میں کامل ہوتا ہے اور استغناء و بے نیازی کا اس میں غلبہ ہوتا ہے اسی قدر محبّ کی نظر میں زیبا اور خوبصورت معلوم ہوتا ہے اور محبّ کو اپنی طرف کھینچ کر شیفتہ اور والہ کر لیتا ہے ؎

دائرۂ حقیقت محمدی

نہ تنہا آفتم زیبائی اوست بلائے من زناپروائی اوست

بلا سے مراد عشق کی زیادتی ہے، جو عاشق کو مطلوب ہوتی ہے۔

Marfat.com

سبحان اللہ! احمد عجیب بلند مرتبہ اسم ہے جو کلمۂ مقدسہ احد اور حلقۂ میم سے مرکب ہے اور یہ حلقہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کے پوشیدہ بھیدوں میں سے ایک ایسا بھید ہے جسے عالم چون میں حلقۂ میم کے سوا کسی دوسری چیز سے تعبیر نہیں کر سکتے۔ اگر دوسری تعبیر کی گنجائش ہوتی تو حق تعالیٰ اسی سے تعبیر فرماتا۔ احمد احد ہے کہ اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حلقۂ میم طوقِ عبودیت ہے جس نے بندے کو مولیٰ سے جدا کر دیا ہے۔ پس بندہ وہی حلقۂ میم ہے اور لفظِ احد اس کی تعظیم اور اظہار خصوصیت کے واسطے ہے (صلی اللہ علیہ و آلہ واصحابہ وسلم) ؎

چو نام این ست نام آور چہ باشد مکرم تر بود از ہر چہ باشد

بعد ہزار سال کے جو بڑے بڑے امور کے تغیر میں ایک خاص تاثیر رکھتا ہے۔ اس ولایت کا معاملہ اس ولایت کے ساتھ کھینچ کر انجام کار ولایت محمدی، ولایت احمدی ہوئی۔ اور عبودیت کے دونوں طوقوں کا کاروبار ایک طوق پر منتہی ہوا اور پہلے طوق کی بجائے حرف الف جس سے اس کے رب کی طرف ایک رمز ہے قائم ہوا۔ حتیٰ کہ محمد، احمد ہو گیا، صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ عبودیت کے دو طوقوں سے مراد میم کے وہ دو حلقے ہیں جو اسم مبارک محمدؐ میں مندرج ہیں۔ اور ہو سکتا ہے کہ ان دو طوقوں سے اشارہ آپ کے دو تعین کی طرف ہو۔ ان میں سے ایک تعین جسدی بشری ہے، دوسرا تعین روحی ملکی تعین جسدی میں وفات کے بعد فتور آ گیا اور تعین روحی میں قوت پیدا ہو گئی۔ لیکن اثر اس تعین کا باقی رہا۔ جب ہزار سال گزرے تو وہ اثر بھی جاتا رہا اور کوئی نشان اس کا باقی نہیں رہا۔ اور جب ایسا ہوا کہ ہزار سال کے بعد اس کا کوئی اثر باقی نہیں رہا۔ اور دو طوقوں میں سے ایک طوق عبودیت کا ٹوٹ گیا اور اس پر زوال اور فنا طاری ہو چکی، اور الوہیت کا الف جس کو بقا باللہ کا رنگ کہا جا سکتا ہے،

Marfat.com

اس کے قائم مقام ہوا تو محمدؐ احمدؐ ہوگیا اور ولایت محمدؐی ولایت احمدؐی کی طرف منتقل ہوئی۔

الحاصل محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے مراد دو تعین ہے اور احمد سے ایک تعین۔ اس سے یہ بھی سمجھ لیجیے کہ اسم مبارک احمد حضرت اطلاق یعنی حق تعالیٰ سے زیادہ قریب ہے اور عالم سے دور تر۔

مجدّد الف ثانی کی ضرورت

چونکہ ولایت مذکورہ مبتذل ہوگئی لہٰذا بجائے اس کے ایک ایسا شخص چاہیے جو ان کے کام کو انجام دے اور وہ مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ ہوئے جن کے متعلق الف ثالث تک ولایت محمدؐی کا کام سپرد ہوا۔ وعلیٰ ہذا القیاس الف ثالث کے بعد جہاں تک اللہ چاہے۔ اور ولایت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ بعد مدت مرتبہ مذکورہ پر پہنچے گی جس کی وجہ سے اُن کی بجائے مجدّد الف ثالث ہوگا۔ لیکن مجدّد الف ثانی کی فضیلت جزئی دوسرے مجددین اُلوف پر ہوگی، کیونکہ مجدد الف ثانی بلاواسطہ ولایت محمدؐی (صلی اللہ علیہ وسلم) کا خاص نائب مناب ہے، اور دوسرے مجددین مجدد الف ثانی کے واسطہ سے ہوں گے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔

اس مراقبہ میں عارف کو فناؤ بقا خاص حاصل ہوتی ہے جو احاطۂ تحریر سے باہر ہے۔ ع

لذّتِ مے نشناسی بخدا تا نچشی

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انتماد خاص اور نسبت مخصوصہ پیدا ہوتی ہے۔ اور واسطہ اور تابع ہونا سالک کی نظر میں درمیان سے اُٹھ جاتا ہے، اور اسے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تابع غلام جو کچھ لے رہا ہے آقا متبوع کی طرح اصل سے لے رہا ہے۔ گویا دونوں ایک ہی جگہ سے لے رہے ہیں۔ اور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت خاص بھی پیدا ہوتی ہے۔ چنانچہ امام الطریقہ حضرت مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ

Marfat.com

علیہ کا ارشاد ہے کہ "میں خدائے عزوجل کو اس واسطے دوست رکھتا ہوں کہ وہ ربِّ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے"۔ نیز اس مقام میں سالک کو تمام حرکات وسکنات میں اتباع کامل مرغوب ہوتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ حقیقتِ محمدیؐ حقیقت الحقائق ہے۔ دوسرے حقائق خواہ وہ انبیاء علیہم السلام کے حقائق ہوں اور خواہ ملائکہ کرام کے اس کے ظل کے مانند ہیں۔ سالک کو اس مقام میں جسد مبارک سے مناسبتِ خاص پیدا ہوتی ہے، اور ایک وسعت عجیب حاصل ہوتی ہے۔

دُرود شریف کے پڑھنے کا طریقہ

درود شریف جو آخر میں لکھا جائے گا اس مقام میں خاص فائدہ دیتا ہے۔ درود شریف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سرورِ کائنات علیہ الصلوات والتسلیمات کی طرف متوجہ ہو کر منہمک اور مستغرق ہو جائے۔ اس وقت اِن شاء اللہ ورود فیض اور انوارِ لطیف مقام کے مناسب اور پوری سکینہ حاصل ہوگی جس سے سالک کے باطن میں انشراح اور انبساط عجیب پیدا ہوگا۔ اور آپ کے ساتھ مناسبت خاص ظاہر ہوگی۔

مراقبۂ حقیقت احمدیؐ

اس کے بعد مراقبۂ دائرۂ حقیقت احمدیؐ اس طرح شروع ہوتا ہے کہ فیض آتا ہے ذات بحت سے جو منشاء حقیقت احمدیؐ ہے سالک کی ہیئت وحدانی پر۔ عجیب کیفیت مع نسبت کی بلندی اور انوار کی چمک دمک کے ظہور فرماتی ہے کہ بیان میں نہیں آسکتی۔ نیز



اس مقام میں انکشاف محبوبیت بہ طرزِ خاص ہوتا ہے، اور فناء و بقاء مصطلح کے علاوہ خاص فناء و بقاء کا حصول ہوتا ہے۔ بلکہ مرتبہ محبیّت سے محبوبیت ذاتیہ کے بلند مرتبہ کی طرف انتقال ہوتا ہے کہ یہ محبوبیت ذاتیہ تعین روحی ہے اور اول تعین جسدی اور ہر ایک کیفیت کے کمال تعین کے بعد جامعیت لیئے ہوئے

Marfat.com

ایک جلی جُبلی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور ہر چند کہ یہ بات ثابت ہے کہ آں سرور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا جسدِ مبارک رُوح کا حکم رکھتا تھا، اور قطعی دلیلوں سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی جسد شریف کے ساتھ معراج کو تشریف لے جانا ثابت ہے۔ ورنہ حکمِ جسدیت کی بقا کے ساتھ تشریف لے جانا اور اس مرتبۂ عالیہ تک عروج محال تھا اور یہ خصوصیت خواص میں سے بھی کسی کو حاصل نہیں ہوئی ہے چنانچہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ اس امر کے خواستگار ہوئے۔ جیسا کہ عرض کیا رَبِّ اَرِنِیْ اَنْظُرْ اِلَیْكَ لیکن لَنْ تَرَانِیْ (اے موسیٰ تم مجھ کو نہیں دیکھ سکتے) جواب پایا اور یہ درخواست دیدار قبول نہ فرمائی گئی۔ اس لیے کہ یہ خصوصیت صرف سید المرسلین کے لیے تھی۔ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بڑا فائدہ بخشتا ہے۔

مراقبۂ حبّ صرف

اس کے بعد مراقبۂ حبّ صرف ہے۔ اور وہ اس طرح کہ فیض آتا ہے اس ذات بحت سے کہ جو منشا ہے حبّ صرف کا میری ہیئت وحدانی پر۔ یہاں بلندی اور بے رنگی لازم ہے کیونکہ اس کو ذات مطلق اور لاتعین سے قرب ہے اللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے۔ اوّلاً جس چیز کا ظہور ہوا وہ حُبّ صرف ہی ہے یہی مخلوقات کے ظہور کا منشا، و مبدء ہے چنانچہ حدیث شریف میں آیا ہے:

دائرۂ حبّ صرف

كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِاُعْرَفَ۔

میں چھپا ہوا خزانہ تھا، پھر میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں، تو میں نے مخلوق کو پیدا کیا کہ پہچانا جاؤں۔

اور محققین صوفیہ کے نزدیک یہی حقیقت محمدی ہے اور حدیث لَوْلَاكَ لَمَا اَظْهَرْتُ الرَّبُوْبِيَّةَ بھی اسی مدعا پر دلالت کرتی ہے۔ پہلے حقائق میں جو کچھ گزرا وہ اس مقام کا ظل ہے، اور یہاں جو کچھ مشاہدہ میں آتا ہے وہ اصل

Marfat.com

کے طور پر ہے۔ فَافْهَمْ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغَافِلِيْنَ۔

مراقبۂ لاتعین

اس کے بعد مراقبۂ لاتعین اس طرح ہے کہ فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر اس ذات بحت سے جو تعینات سے مبرا اور منزہ ہے۔

دائرۂ لاتعین

اس مقام میں سیر نظری بھی حیران اور سرگردان ہے۔ کبھی ہوتی ہے اور کبھی بالکل نہیں۔ عارف کامل کو یہاں ایک عجیب حالت پیدا ہوتی ہے۔ اس کی نسبت ایسی فراموش ہو جاتی ہے کہ دوسروں سے پوچھتا ہے کہ آیا مجھ میں نسبت کا کچھ اثر معلوم ہوتا ہے یا نہیں؟ کبھی میں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر و شغل کیا؟ اب وہ بھی نہیں رہا۔ اور سالک اس حالت میں اپنے مریدوں کی طرف توجہ نہیں کر سکتا۔ بلکہ اس وقت اس سے اکتساب فیض کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ مریدین اور مخلصین اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور مستغرق ہو جاتے ہیں۔ اس کے فیض صحبت کا ایک لمحہ دوسروں کے ہزار برس پر فضیلت رکھتا ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ اس زمانہ میں ایسے حضرات جو اس نسبت سے متصف ہوں عنقا ہیں ؎

در نیابد حال پختہ ہیچ خام! پس سخن کوتاہ باید والسلام

عروج و نزول سے متعلق ایک سوال اور اس کا جواب

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب یہ سالک اپنے مریدوں کی طرف توجہ نہیں کر سکتا تو عروج و نزول جس پر مریدین کا استفادہ موقوف ہے کس طرح پایا جائے گا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ عروج و نزول دو قسم کا ہوتا ہے (۱) اختیاری (۲) غیر اختیاری۔ اختیاری سالک کی صفت ہے اور یہ نیچے کے مقامات میں ہوتا ہے۔ اور اس مقام میں چونکہ سالک کو ذات مطلق سے تعلق

Marfat.com

ہوتا ہے اور ذات موصوفہ میں انہماک اور استغراق رکھتا ہے اور اپنے آپ کو متصف بالاطلاق پاتا ہے۔ لہٰذا عروج و نزول یہاں اختیاری نہیں بلکہ غیر اختیاری ہوتا ہے یعنی حق تعالیٰ کے اختیار میں ہوتا ہے۔ باری تعالیٰ عزّ اسمہٗ جس کو چاہتا ہے اس کے مناسب حال اس کا فیض عطا فرماتا ہے خود سالک موصوف کا حال ایسا سمجھو جیسے "مردہ بدست زندہ"۔

انبیاء علیہم السّلام اور اولیاء کرام کے عروج و نزول میں فرق

انبیاء علیہم السلام اور اولیائے کرام کے عروج و نزول میں فرق ہوتا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اولیاء چونکہ ناتمام عروج کی حالت میں نزول کرتے ہیں اور نزول کے وقت ان کی نظر بجانب فوق نگراں رہتی ہے اس وجہ سے وہ مخلوق کی ہدایت میں کامل توجہ نہیں کر سکتے۔ اور انبیاء علیہم السلام کامل عروج کے بعد نزول کرتے ہیں۔ اسی لیے وہ ہمہ تن مخلوق کی ہدایت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ چونکہ ان کا عروج کامل ہوا ہے لہٰذا نزول بھی کامل ہے، حتیٰ کہ وہ اپنے ظاہری حرکات و سکنات میں مثل عوام کے نظر آتے ہیں چنانچہ کفار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کہتے تھے:

يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۝ کھانا کھاتے ہیں اور بازاروں میں پھرتے ہیں۔

بایں ہمہ وہ جب چاہتے ہیں عروج فرماتے ہیں۔ اس کی تائید اس واقعہ سے ہوتی ہے جو شب معراج میں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ملاقات سے متعلق ہے۔ حدیث شریف میں اس کا مفصل بیان ہے۔ یہاں بقدر ضرورت حدیث کا مختصر ترجمہ کیا جاتا ہے:

(آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) کہ "شب معراج میں مجھ پر پچاس نمازیں فرض کی گئیں میں لوٹا اور موسیٰ علیہ السلام پر میرا گزر ہوا تو انہوں نے دریافت کیا کہ تم کو کس چیز کا حکم ہوا ہے؟

Marfat.com

میں نے بتایا کہ پچاس نمازوں کا۔ یہ سُن کر حضرت موسیٰ نے کہا کہ آپ کی اُمت روزانہ پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی۔ بخدا میں نے لوگوں کا تجربہ کیا ہے اور بنی اسرائیل کو خوب آزمایا۔ لہٰذا آپ اپنے رب کے پاس جا کر اپنی امت کے لیے تخفیف کا سوال کیجیے۔ میں لوٹا تو مجھ سے دس نمازیں کم کر دیں۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا تو انہوں نے وہی بات کہی الخ۔

مگر ہاں، وہ کاملین اولیائے کرام رحمہم اللہ جو کمالاتِ نبوت سے بہرہ یاب ہیں اور ان کا عروج و نزول مشکوٰۃ نبوت سے حاصل ہے ان کا حال یہ ہوتا ہے کہ عروج کے وقت جیسا کہ ماسوائے حق نظر میں نہیں آتا ہے، اور سب کچھ منتفی ہو جاتا ہے اور کوئی شے باقی نہیں رہتی ہے، اسی طرح نزول کے وقت یہ حال ہوتا ہے کہ عروج سے نظر کا انقطاع ہو کر ایسا ہوتا ہے گویا کبھی عروج سے موصوف ہی نہ تھے۔

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ هَدٰانَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِیَ لَوْلَا اَنْ هَدٰانَا اللّٰهُ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط

Marfat.com

مقصد دوم

اس میں صوفیہ کرام کے بعض اصطلاحی الفاظ کے معنی کا بیان ہے

مصطلحات صوفیہ کے بیان کی وجہ

چونکہ ہر علم کے مسائل اور اس کے فہم مطالب و دقائق کی بنیاد خاص ان اصطلاحوں پر ہوتی ہے جو ماہرین علم مقرر کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے علمائے فن کے ہر گروہ کے یہاں انکشاف مسائل اور افہام مطالب کے لیے خاص الفاظ کا استعمال ہوتا ہے تاکہ اس فن کے حقائق و معانی سمجھنے اور سمجھانے میں آسانی ہو چنانچہ صوفیۂ کرام کے یہاں بھی کچھ الفاظ ہیں جن کو وہ آپس میں کشف معانی اور تفہیم حقائق کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس سے ان کا مقصود یہ بھی ہوتا ہے کہ ان کے وہ بھید اور اسرار جن کو اللہ تعالیٰ نے ان کے قلوب میں ودیعت فرمایا ہے اجنبی اور نااہلوں سے پوشیدہ رہیں، کہ وہ ان اسرار سے ناواقف ہونے کی وجہ سے حیرت اور پریشانی میں نہ پڑ جائیں۔ لہٰذا ضروری ہوا کہ اس موقع پر چند مصطلحات صوفیہ رحمہم اللہ کا بیان کیا جائے تاکہ طالب کو طریق سلوک اور لطائف وغیرہ کے فیوض کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ نیز احوال قلب و نفس کے پہچاننے کی سمجھ پیدا ہو جائے اور حال و مقام کا ادراک کر سکے اور ہر مقام کے مناسب حال کیفیت باطن اور لطائف و بے رنگی کی بصیرت حاصل ہو سکے۔ یہ بیان اس مقصد میں فی الجملہ مددگار ہوگا۔ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقِ۔

Marfat.com

تصوّف کیا ہے؟

توضیح المذاہب میں لکھا ہے کہ:

"لغت میں تصوف صوف (اُون) پہننا ہے۔ اور یہ زہد و ترک دنیا کا اثر ہے۔ اور اہل عرفان کی اصطلاح میں نام ہے دل کو ماسوی اللہ کی محبت سے پاکیزہ کر لینے اور مامورات شرع پر اعتقاد رکھتے ہوئے منہیات شرع سے باز رہنے اور عمل سے ظاہر کو آراستہ کرنے اور فرمودات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مواظبت اور ہمیشگی اختیار کرنے کا"

اور تصوّف کی تعریف یوں بھی کی گئی ہے کہ.

"تصوّف مخلوق کی محبت سے دل کا صاف کرنا اور طبعی خصلتوں سے مفارقت اختیار کرنا اور صفات بشریہ کا دبانا، اور نفسانی دعووں سے یکسو ہونا اور روحانی صفات کو حاصل کرنا، اور علوم حقیقیہ سے تعلق پیدا کرنا اور ہمیشہ اولیٰ اور احب طریقہ پر عمل کرنا۔ اور تمام امت کا خیر خواہ اور اللہ تعالیٰ کا وفادار رہ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع کرنا ہے"۔

صوفی کون ہے؟

اہل تصوف کے نزدیک "صوفی وہ شخص ہے جس نے خود کو فنا کر کے حق کے ساتھ بقا پائی ہو۔ اور امور طبعیہ سے خلاصی پا کر حقیقۃ الحقائق کے ساتھ متصل ہو گیا ہو"۔ اور یوں بھی کہا گیا ہے کہ "صوفی وہ ہے جو اپنے دل کو خدا تعالیٰ کے لیے صاف کر کے خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور کو نہ چاہے"۔ اور بعض نے کہا ہے کہ "صوفی وہ ہے جو خلق خدا سے جدا اور حق کے ساتھ ہو"۔ اور حضرت جنید نے فرمایا ہے کہ "صوفیائے کرام اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس طرح قائم ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اُن کے قیام کو کوئی نہیں جانتا"۔ اور حضرت سہل تستری رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

نے فرمایا ہے کہ "تصوف خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسا قیام ہے کہ غیر خدا کو اس کا علم نہ ہو"۔ اور حضرت جنیدؒ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ "صوفی عاجزی اور تواضع میں زمین کی طرح ہے"۔ (واضح رہے) کہ صوفی کی یہ سب تعریفیں آپس میں مبائن نہیں بلکہ موافق ہیں۔

طریقت، شریعت اور حقیقت کا بیان

طریقت اس سیرت مصطفویہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کا نام ہے جو قطع منازل اور ترقی مقامات میں سالکین کے ساتھ مختص ہے۔ مجمع السلوک میں ہے کہ ٹھیک ٹھیک معاملات کا لحاظ رکھنا شریعت ہے اور خصائل ذمیمہ اور کدورات بشریہ سے باطن کا پاک کرنا طریقت ہے۔ اور رسالہ قشیریہ میں اس طرح ہے:

الشریعة التزام العبودیة و الحقیقة	شریعت عبودیت اور بندگی کا التزام ہے اور حقیقت
مشاهدة الربوبیة و کل شریعة غیر	ربوبیت کا مشاہدہ کرنا ہے۔ اور جو شریعت حقیقت
مؤیدة بالحقیقة فغیر مقبولة و کل	کے بغیر ہو وہ نامقبول ہے۔ اور جس حقیقت کی شریعت
حقیقة غیر مؤیدة بالشریعة فغیر	موید نہ ہو وہ لاحاصل ہے، کیونکہ حقیقت شریعت کے
محصولة اذ الحقیقة لا تحصل الا بالشریعة	بغیر حاصل نہیں ہوتی ہے۔

تحقیقی اور صحیح بات یہی ہے کہ حقیقت سے مراد شریعت کی حقیقت ہے نہ یہ کہ حقیقت شریعت سے جدا کوئی اور شے ہے۔ اور طریقت سے مراد حقیقتِ شریعت کے حاصل کرنے کا راستہ ہے، نہ شریعت اور حقیقت سے الگ طریقت کوئی امر آخر ہے۔ جب تک حقیقتِ شریعت حاصل نہیں ہوتی ہے۔ اس وقت تک فقط شریعت کی ظاہری صورت ہی صورت ہوتی ہے۔

Marfat.com

حقیقت شریعت مقام اطمینانِ نفس اور حق الیقین میں حاصل ہوتی ہے غرضکہ شریعت اور حقیقت آپس میں عین ہیں اجمال اور تفصیل، استدلال اور کشف، غیب اور شہادت کا فرق ہے۔ جو احکام اور علوم شریعت حقہ میں بیان ہوئے ہیں وہی احکام و علوم شریعت مقام حق الیقین میں حقیقت کے کھلنے کے وقت تفصیل منکشف ہوتے ہیں اور غیب سے ظہور میں آتے ہیں۔ مقام حق الیقین کے حصول کی علامت یہ ہے کہ اس مقام کے علوم و معارف شریعت کے علوم و معارف کے مطابق ہو جائیں۔ مخالفت "حقیقت الحقائق" تک نارسائی کی دلیل ہے۔ حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہ الاقدس سے کسی نے پوچھا کہ سیر و سلوک سے مقصود کیا ہے؟ فرمایا کہ معرفت اجمالی تفصیلی ہو جائے اور استدلالی کشفی ہو جائے۔ رزقنا اللہ سبحانہ الثبات والاستقامۃ علی الشریعۃ علماً و عملاً وصلوٰۃ اللہ وسلامہ علی صاحبہا۔

ولی کس کو کہتے ہیں؟

شرح العقائد میں علامہ تفتازانی نے ولی کی تعریف اس طرح کی ہے:

الولی عند اھل التصوف والسلوک	اہل تصوف و سلوک کے نزدیک ولی اللہ وہ ہے
ھو العارف باللہ تعالیٰ و صفاتہ	جو حتی الوسع اللہ تعالیٰ اور اس کی صفات کا عارف
حسب ما یمکن المواظب علی الطاعات	ہو۔ طاعات پر ہمیشہ پابند ہو، اور گناہوں سے
المجتنب عن المعاصی والمعرض	اجتناب اور لذات و خواہشات میں انہماک سے
عن الانھماک فی اللذات والشھوات	اعراض کرتا ہو۔

اور نفحات میں مذکور ہے:

الولی ھو الفانی من حالہ الباقی فی	ولی وہ ہے جو اپنے حال سے فنا ہو کر مشاہدۂ حق

Marfat.com

مشاهدۃ الحق لم یکن له عن نفسه — میں بقا پانے والا نہ ہو۔ نہ اس کو اپنے نفس کی خبر ہے

اختیار ولا مع الغیر قرار — اور نہ غیر کے ساتھ قرار۔

اور رسالہ قشیریہ میں لکھا ہے کہ ولی کے دو معنی ہیں۔ ایک یہ کہ ولی جو فعیل کے وزن پر ہے مفعول کے معنی میں لیا جائے۔ اس صورت میں ولی وہ شخص ہوا جس کے تمام امور کا حق تعالیٰ متولی ہو، جیسا کہ اس آیت کریمہ میں اشارہ ہے۔ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصَّالِحِينَ الآیۃ ایسے شخص کو حق تعالیٰ اس کے نفس کی تحویل میں ایک لمحہ نہیں چھوڑتا ہے (عنایت رب اس کی کارساز ہوتی ہے) اور وہ جذبہ کی مدد سے اصل الاصل سے جا ملتا ہے۔ صوفیائے کرام کی اصطلاح میں اسی کو مراد کہتے ہیں۔

دوسرے یہ کہ ولی کو فعیل بمعنی اسم فاعل لیا جائے۔ اس صورت میں ولی وہ ہے جو حق تعالیٰ کی عبادت کو اپنے ذمہ لے۔ اور اس پر لازم ہے کہ وہ حق تعالیٰ کے تمام حقوق پورے پورے اور ٹھیک ٹھیک ادا کرے۔ اور سختی و آسانی ہر حالت میں حق تعالیٰ کی محافظت اور مداومت کرے۔

ولی کی شرطوں میں سے ایک شرط یہ ہے کہ معصیت پر اصرار کرنے سے محفوظ ہو، جیسا کہ نبی کی شرط معصوم ہونا ہے۔ ولی کی شرطوں میں سے ایک یہ بھی شرط ہے کہ اپنے حال کا اخفا کرے۔ برخلاف اس کے نبی اپنے حال کو ظاہر کرتا ہے۔ بناءً علیہ ایسا شخص جس کے اعمال موافق شرع نہ ہوں وہ ولی نہیں بلکہ دھوکہ باز اور فریبی ہے۔ خلاصۃ السلوک میں ہے:

الولی علی ما قال البعض هو الذی یکون — بعض صوفیہ کے قول کی بنا پر ولی وہ شخص ہے جس کا حال

مستور الحال ابدا والکون کله ناطق — ہمیشہ چھپا رہے اور ساری مخلوق اس کی ولایت کی

علی ولایته والمدعی الذی ناطق — قائل ہو۔ اور مدعی وہ ہے جو خود اپنی ولایت کا قائل ہو

Marfat.com

لولایته والکون کله ینکر علیه — اور مخلوق اس کا انکار کرے۔

ولایت عامہ وخاصہ

ولایت کی دو قسمیں ہیں۔ ولایت[1] عامہ، ولایت[2] خاصہ۔ ولایت عامہ تمام اہل اسلام میں مشترک ہے۔ اور وہ لطفِ حق سے قرب کا نام ہے۔ اور ظاہر ہے کہ تمام اہل ایمان حق کی مہر و عنایت سے قرب رکھتے ہیں۔ کیونکہ حق تعالیٰ نے ان کو کفر کی تاریکی سے نکال کر نورِ ایمان سے مشرف فرمایا ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے:

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ۔ — اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا ولی ہے جو ایمان لائے۔ ان کو اندھیریوں سے نور کی طرف نکالتا ہے

اور ولایت خاصہ ارباب سلوک میں سے واصلین کے ساتھ مخصوص ہے۔

وهی عبارة من فناء العبد فی الحق وبقائه بالحق — اس سے مراد یہ ہے کہ بندہ حق میں فنا ہو کر باقی باللہ ہو جائے۔

فنا و بقا: یعنی ولایت خاصہ مرکب ہے فنا اور بقا سے۔ فنا فی الحق کا مطلب یہ ہے کہ بندہ سے غیر حق کا شعور ساقط ہو جائے۔ اور بقا بالحق میں اللہ تعالیٰ کی آگاہی کا رہنا اور اس کے غیر کی آگاہی کا نہ رہنا ہے۔

طبقات انسان

آدمیوں کے طبقات باعتبار مراتب کے تین قسم ہیں، اور ہر قسم میں درجات مختلف ہیں:

پہلی قسم میں واصلین اور کاملین ہیں اور یہ سب سے بلند طبقہ ہے۔

Marfat.com

دوسری قسم میں سالکین طریق ہیں، اور یہ درمیانی طبقہ ہے۔

تیسری قسم میں وہ زمین کے بسنے والے ہیں جن کی ہمت اور جولان گاہ بدن کی تربیت ہے یعنی نفسانی اور شہوانی خواہشات کا حصول اور بطن و فرج کے تقاضوں کی تکمیل ان کا اہم مقصد ہے۔ اور ننگ و ناموس کا خیال ان کو ہمہ وقت دامنگیر ہے۔ عبادات و طاعات سے ان کا حصہ حرکت زبان سے آگے نہیں ہے۔ یہ طبقہ سفلی ہے۔

واصلین کی دو قسمیں:

واصلین کی دو قسمیں ہیں: اوّل وہ مشائخ کرام (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم) جو حضرت رسالت مآب علیہ السلام کی پیروی کامل کی وجہ سے ماذون ہو چکے ہیں۔ وہ خود کامل ہیں اور دوسروں کو کامل بنانے والے بھی۔ عنایت الٰہی نے ان کو عین جمع میں استغراق کے بعد ماہی فنا کے پیٹ سے نکال کر بقا کے میدان میں پہنچایا ہے۔ دوسری قسم میں وہ جماعت ہے جسے درجۂ کمال کے بعد خلق کی تکمیل اور رجوع کا کام ان کے حوالہ نہیں کیا ہے۔ وہ بحر جمع میں غرق ہوئے اور بطن فنا میں ان کو استہلاک حاصل ہوا۔ اور ساحل بقا ان کے ہاتھ نہ آیا۔

سالکین کی دو قسمیں:

سالکین کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک وجہ اللہ کے طالب۔ دوسرے بہشت اور آخرت کی نعمتوں کے طالب۔

طالبین حق کے دو گروہ۔ متصوفہ محق اور ملامتیہ:

پھر طالبین حق کے دو گروہ ہیں: (۱) متصوفہ محق، اور (۲) ملامتیہ۔ متصوفہ محق وہ جماعت ہے جس نے صفات بشریہ کے نقص سے خلاصی پائی اور صوفیوں کے بعض احوال سے بھی آگاہ ہوئے لیکن ابھی بقائے

Marfat.com

نفوس سے ان کا دامن نہیں چھوٹا ہے جس کی وجہ سے اہل قرب صوفیائے کرام کی نہایت کو نہ پہنچ سکے۔ اور نہ مقامِ بقا پا سکے۔

ملامتیہ وہ ہیں جو اخلاص وصدق کی رعایت میں حد درجہ کوشش کرتے ہیں اور مخلوق کی نظر سے عبادات کے چھپانے میں بہت اہتمام رکھتے ہیں، جیسا کہ ایک گناہ گار گناہ چھپاتا ہے وہ ریا کے خوف سے اسی طرح عبادات ظاہر کرنے سے پرہیز کرتے ہیں، حالانکہ کوئی نیکی ایسی نہیں ہوتی جس کو وہ نہ کرتے ہوں۔ ان کا مشرب ہمیشہ اخلاص ہوتا ہے۔ یہ گروہ ہر چند عزیز ہے لیکن وجود بشری کے حجاب کے باعث ابھی ان کے دلوں میں انکشاف تام حاصل نہیں ہوا۔ اسی وجہ سے وہ جمالِ توحید سے محجوب ہیں، کیونکہ اخفائے اعمال میں دل کی نظر اپنی طرف باقی ہے۔ اور کمال یہ ہے کہ خود کو نہ دیکھے اور نہ جانے بلکہ ذات میں مستغرق ہو جائے

صوفیہ کرام رحمہم اللہ کو عنایت الٰہی کا جذبہ وجود سے خالی کر کے اور ان کے دیدۂ شہود سے خلقت و انانیت کا پردہ اٹھا کر ایسے مرتبہ پر پہنچا دیتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو دیکھتے ہیں اور نہ مخلوق کو۔ اس سے گروہ صوفیہ اور ملامتیہ کا فرق سمجھ لیجیے۔ ملامتیہ مُخلص ہیں (لام کے زیر کے ساتھ) یعنی اپنے اعمال کو ریا سے خالی کرنے والے، اور صوفیہ مخلَص ہیں (لام کے زبر کے ساتھ) یعنی اللہ تعالیٰ ان کو ایسی خصلت سے ساتھ خالص کر لیتا ہے جو حق تعالیٰ ہی کے لیے ہوتی ہے نہ اس کے غیر کے لیے۔

زہاد: وہ گروہ ہے جو ہنوز اپنے ایمان اور ایقان کے نور سے حقیقت آخرت اور جمال عقبیٰ کا مشاہدہ کرنے والا ہے اور دنیا کو آخرت کے مقابلہ میں بُرا سمجھتا ہے اور مقتضیاتِ نفس سے پورے طور پر اعراض کرتا ہے اور ان کا مقصود جمالِ اُخروی ہوتا ہے۔

عباد: وہ گروہ ہے جو فرائض ونوافل اور وظائف پر پابندی اور ہمیشگی اختیار کریں اور یہ سب کچھ

Marfat.com

ثواب اُخروی کے لیے ہو۔

قلندریہ: ایک جماعت وہ ہے جس کو قلندریہ کہتے ہیں۔ وہ اس کا خیال رکھتے ہیں کہ مخلوق کی نظر میں اپنے آپ کو خراب ظاہر کریں۔ اور ان کی سعی بظاہر رسوم و عادات کے خراب کرنے میں ہوتی ہے اور میل جول کے تنیُّو داور آداب سے چھٹکارا پانے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کا سرمایۂ حال سوائے دل کی فراغت اور خوشی کے کچھ نہیں ہوتا ہے۔ اور وہ زہاد اور عباد کے رسوم و عادات پر نہیں چلتے۔ نوافل و طاعات کی کثرت بھی نہیں کرتے اور فرائض کے علاوہ کسی عبادت پر ہمیشگی نہیں کرتے ہیں۔ ان کو کثیر مال و اسباب جمع کرنے کے ساتھ منسوب کیا جاتا ہے۔ وہ قلب کی خوشی پر قانع ہوتے ہیں۔ قلندریہ گروہ ریا و نمود سے خالی ہونے کی وجہ سے ملامتیہ فرقہ سے بھی مشابہت رکھتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ ملامتیہ تمام نوافل عبادات اور طاعات بجا لاتے ہیں اور اس کو مخلوق کی نظر سے پوشیدہ رکھتے ہیں۔ اور قلندریہ فرائض کی حد سے آگے نہیں بڑھتے اور عبادات کے اظہار و اخفا میں کوئی خاص لحاظ نہیں رکھتے ہیں۔

لیکن اس زمانے میں جس گروہ کا نام قلندریہ ہے اور وہ اسلام کی قید سے آزاد بھی ہے اور اوصاف مذکورہ سے خالی بھی ان کو قلندریہ کہنا صحیح نہیں۔

حشویہ: اصل میں ان کو حشویہ کہنا چاہیے۔ یہاں اس بیان کی چنداں حاجت نہیں تھی لیکن مفید جان کر بصیرت کے لیے ذکر کر دیا گیا۔

بیان مناصب اولیاء

اب مناصب اولیاء کرام کا ضروری ذکر کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

قیّوم

معلوم ہونا چاہیے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کامل متبعین کے لیے جو مناصب ہیں ان میں سے ایک قیوم ہے۔ قیوم وہ ہے کہ جس کی ذات سے عالم کی تمام حقیقتوں کا قیام وابستہ ہوتا ہے اور تمام عالم کی ہستی کا مدار اس کی ذات پہ ہے۔ وہ ایک ایسا جوہر ہے کہ تمام عالم کو اس کا عرض کہنا چاہیے۔ قطب، غوث، فرد اور ابدال اس کے نائب اور پیشکار ہیں۔ وہ ذات اقدس واجب الوجود کا خلیفۂ کامل اور عالم کے ذرّوں میں سے ہر ذرہ کا قبلۂ توجہ ہے۔ اس کا مایۂ وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود گرامی کی باقی مٹی سے ہے ؎

کارِ جہاں بسر نرود بے رضائے او — در دست اوست بختی نہ چرخ را مہار
بر جملہ خاکدان روانست حکم او — چوں جادہ در صحاری و چوں موج در بحار

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط

مجدّد مائتہ

مجدد مائتہ وہ ہے جو سو سال کے بعد ایسے کمال کے ساتھ ظہور کرتا ہے کہ اس سیکڑے میں جو فیض اور رہنمائی کسی کو نصیب ہوتی ہے اس مجدد کے واسطہ سے ہوتی ہے اور غوث و قطب وغیرہ سب اس سے فیضیاب ہوتے ہیں۔

مجدّد الف

ہزار سال میں ایسا شخص ہوتا ہے کہ تمام اولیاء مع مجددین مائتہ کے اسی کے واسطہ سے مبدء فیاض سے فیض پاتے ہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ کسی کو اس واسطہ کا حال معلوم ہو یا نہ ہو۔

Marfat.com

عادت الٰہی اس طرح جاری رہی ہے کہ ہزار برس کے بعد ایک پیغمبر اولوا العزم مبعوث ہوتا رہا، جس نے دین الٰہی کو بطرز جدید رواج دیا۔ چونکہ اس اُمت میں خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سلسلۂ نبوت و رسالت منقطع ہو چکا ہے لہٰذا ایک ایسے عزیز الوجود اور مقدس ہستی کی ضرورت پڑی جو نبی نہ ہونے کے باوجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم و معارف کا آپؐ کے طفیل وارث ہو کر ان کو تر و تازہ کرے اور جو علوم و کمالات ذات بحت سے متعلق ہیں اس پر ظاہر ہوں۔ ایسی ہستی گرامی کو مجدد الف ثانی (رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں۔

منصبِ امامت :

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال اتباع سے جب کاملینِ اُمت مقامات نبوت کے کمالات تمام کرتے ہیں تو ان میں سے بعض کو منصبِ امامت کے ساتھ سرفراز فرمایا جاتا ہے۔ اور بعض اس کمال پر فائز ہوتے ہیں مگر منصب امامت پر نہیں پہنچتے۔ یہ دونوں بزرگ اس کمال کے حصول میں برابر ہوتے ہیں۔ تفاوت فقط منصبِ امامت اور ان امور کے حصول میں ہے جو منصبِ امامت کے متعلق ہیں

منصبِ خلافت

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کامل متبعین جب ولایتِ کبریٰ کے کمالات تمام کر لیتے ہیں تو ان میں سے جو منصبِ خلافت کی استعداد رکھتے ہیں وہ منصبِ خلافت سے مشرف ہوتے ہیں۔ اور جو ایسے نہیں ہوتے وہ کمالات ولایت کبریٰ تو حاصل کر لیتے ہیں مگر منصب خلافت نہیں پاتے۔

قطب ارشاد، قطب مدار، قطب ابدال اور قطب الاقطاب

منصب امامت اور خلافت دونوں کمالات اصلیہ سے متعلق ہیں۔ کمالاتِ ظلیہ میں منصبِ امامت سے مناسب منصب قطب ارشاد ہے اور منصبِ خلافت سے مناسب قطب مدار ہے۔ یہ دونوں مذکور بالا

Marfat.com

دونوں مقاموں سے نیچے اوران کے ظل ہیں۔

غوث

امام ربّانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک غوث قطبِ مدار کے علاوہ ہوتا ہے اور وہ قطبِ مدار کا مددگار رہوتا ہے۔ قطب مدار بعض امور میں غوث سے مدد چاہتا ہے اور ابدال کے مناصب قائم کرنے میں بھی اس کو دخل ہوتا ہے۔ اور قطب مدار کو قطب الاقطاب بھی کہتے ہیں کیونکہ اس کے اعوان و انصار اس کے ہاتھ پاؤں کے مثل ہیں لہٰذا وہ اس اعتبار سے قطب الاقطاب ہوا۔ اور یہی قطب مدار قطب ابدال بھی ہے۔

حضرت امام ربانی قطب زمانی رحمۃ اللہ علیہ ایک معرفت میں فرماتے ہیں کہ قطب ابدال اس فیض کا واسطہ ہے جو عالم کے وجود و بقا سے تعلق رکھتا ہے۔ اور قطب ارشاد اس فیض کا واسطہ ہے جو مخلوق کے ارشاد و ہدایت سے متعلق ہے۔ لہٰذا پیدائش، رزق، ازالۂ بلیات، دفع امراض اور عافیت و صحت کا حصول قطبِ ابدال کے مخصوص فیوض ہیں، اور ایمان، ہدایت، توفیق حسنات، اثابت، قطب ارشاد کے فیوض کا نتیجہ ہے۔ اور قطبِ ابدال ہمیشہ کام میں رہتا ہے اور اس سے عالم خالی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ نظام عالم اس سے وابستہ ہوتا ہے۔ جب ان میں سے کوئی وفات پا جاتا ہے تو دوسرا اس کی جگہ قائم کیا جاتا ہے۔ البتہ قطبِ ارشاد کا ہمیشہ رہنا لازم نہیں ہے۔ کیونکہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ عالم ایمان و ہدایت سے بالکل خالی ہوتا ہے۔

اقطاب کے مراتب میں تفاوت

اقطاب کے مراتب کمال میں تفاوت بہت ہوتا ہے لیکن درجۂ ولایت سب کو حاصل ہوتا ہے۔ یہ تفاوت درجۂ ولایت کے حصول کے بعد ہے۔ کامل قطب ارشاد وہ ہے جو خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کے

Marfat.com

قدم مبارک پر ہو۔ اس کا کمال نبی کریم علیہ السلام کے کمال کے مطابق ہوتا ہے۔ بس فرق اصالت و تبعیت کا ہے اور ولایت کی تمام قسمیں اس سے تعلق رکھتی ہیں۔ ہر مقام کی محافظت کے لیے کوئی نہ کوئی قطب اس مقام میں ہوتا ہے خواہ وہاں ایماندار رہتے ہوں یا کافر۔

مقام فردانیت: اور جب قطب ارشاد ترقی کرتا ہے تو مقام فردانیت پر پہنچتا ہے۔ فردانیت یہ ہے کہ اس کی کوئی مراد نہ رہے بلکہ اس کی مراد مراد حق ہو جائے۔

قطب ابدال تمام ابدالوں کا سردار ہوتا ہے اس وجہ سے سب جگہ تصرف کرتا ہے اور صاحب مناصب صاحب علم ضرور ہوتا ہے۔

ابدال کی تعداد

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِدَالَاءِ اُمَّتِیْ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا اِثْنَا عَشَرَ بِالشَّامِ وَثَمَانَ وَعِشْرُوْنَ بِالْعِرَاقِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کے ابدال چالیس مرد ہیں۔ بارہ ملک شام میں اور اٹھائیس ملک عراق میں۔

لطائف اشرفی میں لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عالم کے دو حصے کیے، ایک شرقی دوسرا غربی۔ اور مراد عراق سے نصف شرقی ہے اور خراسان، ہندوستان، ترکستان اور باقی بلاد شرقیہ عراق میں داخل ہیں۔ اور شام سے مراد نصف غربی ہے، اس میں ملک شام، مصر اور تمام بلاد غربیہ داخل ہیں پس ان چالیس مذکورہ اشخاص کا فیض تمام عالم میں جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ قوت دی ہے کہ جہاں چاہتے ہیں زمین لپیٹ کر چلے جاتے ہیں۔ مولوی عبدالغفور نے حاشیہ نفحات میں لکھا ہے کہ لفظ ابدال مشترک لفظ ہے۔ کبھی اس جماعت کو ابدال کہتے ہیں جو صفات ذمیمہ سے پاک ہو کر صفات حمیدہ سے متصف ہوئی

Marfat.com

ان کا شمار تو ہو ہی نہیں سکتا۔ اور کبھی اس لفظ کا اطلاق ایک مخصوص جماعت پر ہوتا ہے جس کی تعداد متعین ہے چنانچہ بعض چالیس کہتے ہیں جیسا کہ اوپر ذکر ہوا۔ اور بعض سات کہتے ہیں۔

اوتاد

ان میں سے بعض کا قول ہے کہ اوتاد ابدال سے الگ دوسری جماعت کا نام ہے۔ اور بعض کا قول یہ ہے کہ اوتاد منجملہ ابدال ہیں۔ ان ابدال میں دو شخص امام ہونے کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان سات میں سے ایک قطب ابدال ہے۔ ان کو ابدال اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب ان میں سے ایک جاتا ہے تو دوسرا جس کا مرتبہ اس سے کم ہوتا ہے اس کی جگہ بیٹھ جاتا ہے اور اس کے مرتبہ کی حفاظت کرتا ہے۔

سیر و سلوک

حرکت و انتقال ظلمی کا نام ہے جو مقولہ کیف سے ہے۔ حرکت اینی یعنی انتقال مکانی کا سیر و سلوک میں کوئی دخل نہیں ہے۔ (اور سیر چار قسم ہے):

سَیر اِلَی اللہ باللہ: (۱) وہ حرکت علمیہ ہے جو علم اسفل سے علم اعلیٰ کی جانب ہو۔ پھر اعلیٰ سے دوسرے اعلیٰ کی طرف۔ تا آنکہ علوم ممکنات طے کرنے کے بعد یہ سب علوم زائل ہو کر واجب تعالیٰ کے علم تک رسائی ہو۔ اور اس حالت کو فنا کہتے ہیں۔

سَیر فی اللہ (۲) سیر فی اللہ وہ حرکت علمیہ ہے جو مراتب وجوب، اسماء و صفات، شیون و اعتبارات، نقدیسات و تنزیہات میں ہو۔ حتیٰ کہ ایسے مرتبہ پر منتہی ہو کہ اس کو کسی عبارت سے تعبیر نہ کیا جا سکے نہ وہ قابل اشارہ ہو اور نہ کسی اسم سے موسوم اور نہ کسی کنایہ سے معلوم، اور نہ کسی بزرگ کے ادراک میں آنے کے قابل، اس کا نام بقا ہے۔

Marfat.com

سَیْر عن اللہ باللہ (۳) سیر عن اللہ باللہ وہ حرکت علمیہ ہے جو علم اعلیٰ سے علم اسفل کی طرف ہو۔ پھر اسفل سے دوسرے اسفل کی طرف، تا آنکہ مراتب وجوب کے تمام علوم سے نزول اور الٹی رجعت ہو۔ اس سیر والے کا حال یہ ہے کہ:

ھو العارف الذی نسی اللہ باللہ و	وہ ایسا عارف ہے جو خدا کو خدا کے ساتھ بھول گیا اور
رجع عن اللہ باللہ، وھو الواجد الفاقد	اللہ تعالیٰ سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ لوٹا۔ وہ واصل ایسا
وھو الواصل المہجور والقریب البعید	کہ مہجور بھی، اور قریب ایسا کہ بعید بھی۔

سَیْر فی الاشیاء (۴) چوتھی سیر اشیاء کی سیر ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ پہلی سیر کے علوم زائل ہو کر علوم اشیا شیئاً فشیئاً حاصل ہوں۔ یہ سیر پہلی سیر کے مقابل ہے، اور تیسری سیر دوسری کے مقابل۔ اور سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ نفس ولایت یعنی فنا و بقا حاصل کرنے کے لیے ہے، اور سیر ثالث و رابع مقام دعوت حاصل کرنے کے لیے ہے جو انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے اور ان کی کامل پیروی کرنے والوں کو بھی ان کے مقام سے حصہ ملتا ہے۔ قُلْ ھٰذِہٖ سَبِیْلِیْ اَدْعُوْا اِلَی اللّٰہِ عَلٰی بَصِیْرَۃٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِیْ الایہ ؎

بر شکر غلطید لے سودائیاں — از برائے کوری سودائیاں

اندراج النہایۃ فی البدایۃ

اس بلند و برتر طریقہ کے بزرگوار مقام جذبہ سے ابتدا کرتے ہیں اور وجد و التذاذ کے ذریعہ ترقی کرتے ہیں۔ یہ انجذاب و کشش اُن کے حق میں ایسی ہے جیسے دوسروں کے لیے ریاضات اور مجاہدات، دوسروں کے لیے جو چیز مانع وصول ہے، ان حضرات کے لیے ممد اور معاون۔ لامکانیت عالم کو عین مکانیت خیال

Marfat.com

کرکے وہ لامکان حقیقی کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور عالم بے چون کو عین چوں جان کر بے چون حقیقی کی طرف ترقی کرتے ہیں۔ دوسروں کی طرح نہ وجد و حال پر مفتون ہوتے ہیں، اور نہ لڑکوں کی طرح اخروٹ و منقوں پر فریفتہ ہوتے ہیں۔ اور نہ اُن کے نزدیک تُرہات[1] صوفیہ قابل مباہات ہیں، اور نہ شطحیات[2] مشائخ لائق افتخار بس وہ احدیت صرف کی طرف متوجہ ہیں اور اسم و صفت سے جز ذات مقدس کے اور کچھ نہیں چاہتے۔ برخلاف دوسرے سالکین طریقت کے، کہ وہ سلوک عالم خلق سے شروع کرتے ہیں اور سخت محنتیں اور مجاہدے کرکے نفس کا تزکیہ کرتے اور اس سیر کو قطع کرتے ہیں۔ پھر جب عالم امر کی سیر میں ابتدا کرتے ہیں اور انجذاب قلبی اور التذاذ روحی میں پڑتے ہیں تو اکثر اس کشمش اور لذت پر قناعت اور کفایت کر لیتے ہیں۔ اور اس عالم کو لامکان اور بے چوں خیال کر لینا لامکان اور بے چون حقیقی سے باز رکھنے کا باعث ہوتا ہے۔ اسی کے بارے میں ایک سالک کا قول ہے کہ "سی سال روح را بخدا می پرستیدم"۔ یعنی میں تیس سال تک روح کو پوجتا رہا۔ ایک دوسرے سالک کا قول ہے کہ استواء و تنزیہ فوق العرش معارف غامضہ میں سے ہے جو فی الحقیقت دائرۂ امکان میں داخل ہے۔ تشبیہ تنزیہ نما ہے۔ الحاصل مقام جذبہ سے ان حضرات نقشبندیہ کا سلوک شروع کرنا اور ان پر ان احوال کا ورود ہونا جو دوسرے طرق کے منتہیان کے حالات ہیں، تو یہ اُن کی نہایت ان کی بدایت میں داخل ہوتا ہے۔

علم الیقین

ذات حق سبحانہ تعالیٰ میں علم یقین سے مراد یہ ہے کہ ان آیات کا مشاہدہ کرنا جو حق تعالیٰ کی قدرت پر دال ہیں۔ آیات کے شہود کا نام سیر آفاقی ہے، اور شہود ذاتی سوائے سیر انفسی کے متصور نہیں۔

---

[1] تُرہات: سخنہائے باطل ۱۲ [2] شطحیات صوفیہ کرام کی اصطلاح میں ان کلمات کو کہتے ہیں جو مستی و ذوق میں بے اختیار دہن سے صادر ہوں اور شریعت کے خلاف ہوں۔ جیسا کہ حضرت منصورؒ کا قول انا الحق وغیرہ۔ (مترجم غفرلہٗ)

Marfat.com

عین الیقین

عین الیقین حق تعالیٰ کے شہود کا نام ہے۔ اس کے بعد کہ وہ علم یقین سے معلوم ہو چکا ہو اس شہود میں سالک کی فنا لازم ہے۔ جب اس شہود کا غلبہ ہوتا ہے تو تعین بالکل گم ہو جاتا ہے اور دیدۂ شہود میں اس کا کوئی اثر باقی نہیں رہتا ہے۔ وہ فانی اور مستہلک ہو جاتا ہے۔ اس طائفہ عالیہ کے نزدیک اس شہود کو "ادراک بسیط" اور "معرفت" کہتے ہیں۔ اور یہ عین الیقین علم الیقین کا حجاب ہے۔ کیونکہ اس شہود کے حاصل ہونے کے وقت تمام تر حیرت اور نادانی ہوتی ہے۔ وہاں علم کی گنجائش قطعی نہیں رہتی۔

حق الیقین

تعین اور متعین کے ارتفاع اور اضمحلال کے بعد شہود حق تعالیٰ کو حق الیقین کہتے ہیں۔ عارف کو حق تعالیٰ کا یہ شہود حق تعالیٰ ہی کے ساتھ ہوتا ہے نہ خود اپنے ساتھ، کیونکہ بادشاہ کی بخششیں اس کی سواریاں ہی اُٹھا سکتی ہیں اور یہ شہود بقا باللہ میں جو مقام "بی یسمع وبی یبصر" ہے حاصل ہوتا ہے (جبکہ فنائے حقیقی کے حاصل ہو جانے کے بعد اُس کو حق تعالیٰ اپنے پاس سے "وجود موہوب حقانی" سے مشرف فرماتا ہے) اور "وجود موہوب حقانی" عارف کی عین ثابتہ کے انکشاف کا نام ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی محض بخشش سے تعینات کونیہ کے فنا ہونے کے بعد اس پر یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ اس کا تعین وہی تعین بسیط ہے جو مرتبۂ جمع ہے۔ اب ان تینوں مراتب یقین کو (قدرے تفصیل کے ساتھ) دوسرے عنوان سے بیان کیا جاتا ہے۔

علم الیقین سے مراد شہود آفاق ہے۔ آفاق حق سبحانہ تعالیٰ کی ذات پر دال ہے (لہٰذا یہ شہود حقیقتاً آثار اور دلائل کا شہود ہے نہ مشاہدۂ ذات) کیونکہ شہود اور ظہورِ ذات فقط نفس سالک میں ہی تجلی فرما ہوتا ہے۔ اور جو کچھ نفس سے باہر مشہود ہوتا ہے وہ تمام تر آثار، دلائل اور تعینات ہیں جو دلالت کرتے ہیں حق تعالیٰ

Marfat.com

کی ذات پر۔ پس وہ تجلیات جو صورت اور انوار میں ہوتی ہیں وہ صورت متجلی کے غیر ہیں اور علم یقین میں داخل ہیں۔ جو صورت اور جو نور بھی ہو خواہ رنگدار ہوں یا بے رنگ، اس امر میں سب یکساں ہیں۔ حضرت مخدومی مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہ السامی شرح لمعات میں اس بیت میں اسی کی طرف اشارہ فرماتے ہیں ؎

اے دوست ترا بہر مکان مے جستم ہر دم خبرت ازیں و آں مے جستم

اس بیت میں مشاہدۂ آفاقی کی طرف اشارہ ہے جو علم الیقین کے لیے مفید ہے چونکہ یہ شہود آفاقی آثار اور علامات کے سوا مقصودِ حقیقی کی کوئی خبر نہیں دیتا اور کوئی حضور نہیں بخشتا۔ جیسے کہ دھواں اور حرارت، کہ اس سے حضورِ آتش نہیں ہوتا۔ البتہ اتنا ہے کہ وہ آگ کا اثر اور علامت ہے جس سے آگ کے وجود پر استدلال ضرور ہو جاتا ہے۔ لہٰذا دائرۂ علم سے تو خارج نہیں البتہ عین الیقین کا فائدہ نہیں دیتا۔

عین الیقین حق تعالیٰ کے اس شہود سے مراد ہے جو بندہ کو اپنے تعین کے حجاب دور ہو جانے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ یہ شہود اس طائفہ عالیہ قدس اسرارہم کے نزدیک ادراک بسیط کہلاتا ہے۔ یہ ادراک عام لوگوں کو بھی حاصل ہے لیکن فرق یہ ہے کہ خواص کو حق تعالیٰ کے غیر کا وجود آگاہی سے نہیں روکتا۔ اُن کے دیدۂ شہود میں حق تعالیٰ کے سوا کوئی چیز مشہود نہیں ہوتی ہے۔ اور عوام کا حال اس کے خلاف ہے۔ یہ ادراک علم کے منافی ہے۔ کیونکہ یہاں تمام تر حیرت ہی حیرت ہے۔ جیسے کہ علم اس شہود کے منافی ہے اسی طرح عین، علم کا حجاب ہے، جیسا کہ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الحجب میں ذکر کیا ہے کہ:

علم الیقین حجاب عین الیقین و عین الیقین حجاب علم الیقین۔

علم الیقین عین الیقین کا حجاب ہے اور عین الیقین علم الیقین کا حجاب ہے۔

حق الیقین سے مراد حق تعالیٰ کا شہود ہے حق تعالیٰ ہی کے ساتھ اور پانا حق تعالیٰ کو اپنا عین

Marfat.com

یہ مرتبہ بقا باللہ میں حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ فنائے حقیقی کے حاصل ہو جانے کے بعد اس کو حق تعالیٰ اپنے پاس سے "وجود موہوب حقانی" سے مشرف فرماتا ہے اور سکر و بے خودی سے ہوش اور افاقہ بخشتا ہے۔ اس مرتبہ میں علم و عین ایک دوسرے کا حجاب نہیں ہیں۔ عین شہود میں عالم ہے اور عین علم میں شاہد۔ اور یہ تعین جس کو عین حق جانتا ہے تعین کونی نہیں ہے، کیونکہ اس کا کوئی اثر اب باقی نہیں رہا ہے۔ بلکہ حقانی ہے، جس کو حضرات صوفیۂ کرام وجود موہوب کہتے ہیں، کما مرّ۔

تنبیہ: تجلیات صوری میں تعینات اور اپنی صور کو جو لوگ حق جانتے ہیں وہ تعینات کونیہ ہیں کہ ابھی ان کی طرف فنا نے راہ نہیں پائی۔ اور چونکہ یہ فرق بعض متوسطین راہ پر پوشیدہ رہا، اس لیے انہوں نے خیال کر لیا کہ حق الیقین میں بھی وہی تعینات کونی ہیں جن کو حق جانتے ہیں۔ ان کی اپنی یہ جہالت حضرات اکابر صوفیہ رحمہم اللہ کی طرف نسبت جہل کی موجب ہوئی ہے کہ انہوں نے گمان کر لیا کہ یہ حق الیقین تو ہم کو پہلے ہی قدم میں کہ جس کو تجلی صوری کہتے ہیں، اور اس کو کشف ملکوت سے بھی تعبیر کرتے ہیں، حاصل ہو جاتا ہے۔

الاعیان الثابتہ

باری تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے جو اسم سالک کا مبدء تعین اور اس کا قیوم و رب ہے اس کو عین ثابت کہتے ہیں۔ اور سالک کی منتہائے سیر وہ اسم ہی ہوتا ہے جو اس کا مبدء تعین ہے، عین ثابت میں وصول کے بعد اس کی سیر اسی عین ثابت میں ہوتی ہے، کیونکہ وہ اسم بے انتہا شیونات پر مشتمل ہے۔ اور اس سیر کو سیر فی اللہ کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کا تعین علمی وہ تعین ہے جو مرتبۂ جمع سے ہے اور وہ صفات کہ وہ ان پر مشتمل ہے الٰہی ہیں، نہ کونی۔ حقیقت میں سیر فی اللہ اسی سے مراد ہے۔

کفر طریقت و حقیقت: کفر طریقت و حقیقت جیسا کہ شریعت میں کفر و اسلام ہے اسی طرح

Marfat.com

طریقت میں بھی کفر واسلام ثابت ہے۔ اور جیسا کہ شریعت میں کفر شرارت ونقص ہے اور اسلام کمال۔ اسی طرح طریقت میں بھی کفر طریقت نقص اور اسلام طریقت کمال ہے۔

مقام جمع

کفر طریقت مقام جمع کا نام ہے کہ اس مقام میں استتار (پوشیدگی) ہے اور حق و باطل میں تمیز مفقود ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اچھی اور بُری صورتوں کے آئینہ میں سالک کا مشہود وحدت محبوب کا جمال ہوتا ہے پس وہ خیر وشر کمال ونقص کو اس وحدت کے مظاہر وظلال پاتا ہے، تو لازماً وہ کسی بُری شے کا بھی انکار نہیں کرتا کیونکہ انکار کی بنا حق و باطل میں تمیز پر ہے اور وہ اس کے حق میں معدوم ہے۔ چار وناچار وہ سب کے ساتھ مقام صلح میں رہتا ہے اور سب کو صراط مستقیم پر سمجھتا ہے، اور یہ آیۃ کریمہ پڑھتا ہے:

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا — زمین پر ہر چلنے والی کی پیشانی حق تعالیٰ پکڑے ہوئے

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ — ہے۔ بیشک میرا رب سیدھے راستہ پر ہے۔

کبھی مظہر کو ظاہر (حق تعالیٰ) کا عین جان کر مخلوق سمجھتا ہے کہ وہ حق تعالیٰ ہے اور مربوب کو جانتا ہے کہ وہ رب ہے۔ مرتبۂ جمع میں ایسے ہی گل کھلتے ہیں۔ حسین منصور نے اسی مقام میں کہا ہے ؎

كَفَرْتُ بِدِيْنِ اللّٰهِ وَالْكُفْرُ وَاجِبٌ — لَدَيَّ وَعِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ قَبِيْحٌ

میں نے اللہ کے دین کا انکار کیا اور کفر میرے نزدیک واجب اور مسلمانوں کے نزدیک بُرا ہے۔

یہ کفر طریقت کفر شریعت سے پوری مناسبت رکھتا ہے۔ لیکن کافر شریعت مردود اور مستحق عذاب ہے اور کافر طریقت مقبول اور مستوجب درجات ہے۔ کیونکہ یہ کفر طریقت محبوب حقیقی کی محبت کے غلبہ سے پیدا ہوا ہے۔ محبوب کے سوا اس نے سب کو بھلا دیا، اس لیے وہ مقبول ہے۔ اور کفر شریعت جہل اور سرکشی کی

Marfat.com

وجہ سے ظہور میں آیا ہے، لہٰذا مردود ہے۔

اسلام طریقت مقامِ فرق

اسلام طریقت سے مراد مقام فرق ہے، جو بعد جمع کے حاصل ہوتا ہے۔ یہ مقام تمیز ہے۔ یہاں حق، باطل سے، اور خیر، شر سے متمیز ہوتی ہے۔ اسلام طریقت کو اسلام شریعت سے کامل مناسبت ہے۔ بلکہ ایسا ہے کہ جب اسلامِ شریعت حدِ کمال کو پہنچتا ہے تو اسلام طریقت سے اتحاد کی نسبت پیدا ہوتی ہے۔ بلکہ (حقیقتاً) یہ دونوں اسلام شریعت ہی ہیں۔ فرق فقط ظاہر شریعت اور باطن شریعت کا ہے۔ یعنی ایک صورت شریعت، دوسری حقیقتِ شریعت۔

کفر طریقت کا مرتبہ اسلام طریقت یعنی صورت شریعت سے بلند تر اور حقیقتِ شریعت سے کمتر ہے ؎

آسماں نسبت بعرش آمد فرود لیک بس عالی ست پیش خاک تود

یہاں سے یہ بھی سمجھ لیجیے کہ جن مشائخ نے شطحیات یعنی ظاہر شرع کے خلاف باتیں کہیں وہ مقامِ کفر طریقت میں اُن سے ظاہر ہوئی ہیں (اور اپنے حال میں مجبور ہیں۔ کیوں کہ) ان کو اس مقام میں امتیاز و تمیز باقی نہیں رہتا ہے۔ اور جو بزرگ دولت اسلام طریقت سے مشرف ہوئے، وہ اس قسم کی باتوں سے پاک ہیں اور ظاہراً و باطناً ہر طرح انبیاء علیہم السلام کی اقتداء کرتے ہیں۔

اب رہے وہ لوگ جو مرتبۂ کفر طریقت کو پہنچے بغیر خلافِ شرع باتیں کریں، اور سب کو حق اور صراطِ مستقیم پر جانیں، اور حق و باطل میں امتیاز نہ کریں تو وہ زندیق و ملحد ہیں، کہ ان کا مقصود شریعت کا باطل کرنا اور پیغمبروں (علیہم السلام) کی دعوتوں کو ملیامیٹ کر دینا ہے۔ پس یہ باتیں اہل حق سے بھی صادر ہوتی ہیں اور اہل باطن سے بھی۔ (لیکن) اہل حق کے لیے آب حیات ہیں، اور اہل باطل کے لیے زہر قاتل۔ جیسے کہ دریائے نیل

Marfat.com

کا پانی بنی اسرائیل کے لیے خوش گوار اور قبطیوں کے لیے خونِ ناگوار ہوا۔ یہ لغزش کا مقام ہے۔ اہل اسلام کا ایک جم غفیر اہل سکر کی باتوں کی تقلید کر کے راہِ مستقیم سے منحرف ہو گیا اور اپنے دین کو برباد کر دیا اور یہ نہ سمجھے کہ ان باتوں کے مقبول ہونے کے واسطے وہ شرطیں جو اہل سکر میں موجود ہیں وہ ان میں نہیں ہیں۔ ان شرائط میں سب سے بڑی شرط ماسوی اللہ کا نسیان ہے۔ اس کو قبولیت کی دہلیز سمجھنا چاہیے۔

حقیقت یہ ہے کہ اہل حق اور اہل باطل میں امتیاز شریعت پر استقامت اور عدم استقامت کا ہے۔ اہل حق کی حالت یہ تھی کہ منصور قید زنجیر کی بھاری مشقت کے باوجود پانچ سو رکعت نماز نافلہ ادا کرتے تھے۔ اور وہ کھانا جو ظالموں کے ہاتھ سے پہنچتا تھا، اگرچہ وہ حلال ہوتا تھا نہیں کھاتے تھے۔ اور اہل باطل کی حالت یہ ہوتی ہے کہ ان پر شرع کا حکم بجالانا کوہ قاف کی طرح گراں ہوتا ہے۔ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ۔ اس آیت کریمہ سے اسی حقیقت کا اظہار ہوتا ہے۔ رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ط

مقام

مقام وہ مرتبہ ہے جس میں بندہ کو اس کے ساتھ ایسا تحقق اور اتصاف حاصل ہو کہ وہ جب چاہے یگونہ تصرف سے وہاں پہنچ جائے۔ پس ہر شخص کا مقام اس کا موضع اقامت ہے جب تک ایک مقام کا اتصاف کما ینبغی پیدا نہ ہو اور اس میں فنا حاصل نہ ہو تو دوسرے مقام عالی کی طرف ترقی نہ ہو گی۔

حال

سالک کے قصد و ارادہ کے بغیر جو حالت رنج و خوشی، قبض و بسط، شوق و ہیبت وغیرہ اس پر وارد ہو وہ حال ہے حال و مقام میں فرق یہ ہے کہ حال محض بخشش ہے، اس میں کسب کو دخل نہیں۔ اور مقام

Marfat.com

میں کسب کو دخل ہوتا ہے۔ صاحب حال اپنے حال سے ترقی کرتا ہے اور صاحب مقام اپنے مقام میں متمکن ہوتا ہے۔

فرق

فرق اس مرتبہ کا نام ہے جس میں سالک کو خیر و شر، نقصان و کمال، عابد و معبود اور اعمال صالحہ و غیر صالحہ میں امتیاز حاصل ہو اور اس سے اعمال قصد و ارادہ سے صادر ہوں۔ (جیسا کہ اوپر گزرا)

جمع

وہ مرتبہ ہے جس میں خیر و شر، نقصان و کمال، عابد و معبود اور اعمال صالحہ و غیر صالحہ میں سالک کو کوئی امتیاز نہ رہے، اور ہر شخص کے ساتھ اس کی صلح رہے۔ اس کا سبب تجلیات صفاتیہ اور شیونیہ کا ورود ہے جو فنا کا مقدمہ ہے۔ اور یہ مقام "سیر الی اللہ" کا منتہیٰ ہے۔ اس مقام کی معرفت حیرت ہے۔ وہ جو کچھ جانتا ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جانتا ہے اور جو کچھ دیکھتا ہے اسی کی طرف سے دیکھتا ہے۔

جمع الجمع

جمع الجمع، مرتبہ جمع سے بلند تر ایک ایسا مرتبہ ہے کہ اس میں سالک کو اپنی فنا کا علم بھی نہیں رہتا ہے اور ذات میں فنا حاصل ہونے کے سبب اس سے اپنا علم حضوری بالکلیہ جاتا رہتا ہے اور یہ فنا اس کو اس اسم کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے جو اس کا قیوم ہے۔ اس مرتبہ میں سالک کی نظر میں تعینات کونیہ میں سے کوئی تعین نہیں ہوتا ہے اور اس کا کوئی تصرف باقی نہیں رہتا ہے۔ بادی النظر میں اس سے جو کچھ صادر ہوتا ہے وہ حق تعالیٰ کے تصرفات سے ہوتا ہے۔ سالک اس مقام میں ایسا ہوتا ہے جیسا کہ مردہ بدست زندہ (کَالْمَیِّتِ بَیْنَ یَدِیِ الْغَسَّالِ)۔ اس کو فنائے تام کہتے ہیں، اور سیر فی اللہ بھی اسی کا نام ہے۔

Marfat.com

فرق ثانی، مقامِ دعوت

اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ کا فضل اس کا مددگار ہو تو ایک اور حالتِ عزیز ظاہر ہوتی ہے جسے فرق ثانی اور بقائے تام کہتے ہیں۔ اس میں سالک حق سے خلق کی جانب رجوع کرتا ہے، یہ مقام دعوت ہے۔ انبیاء علیہم السلام کو اصالۃً اور ان کے متبعین کو ان کی تبعیت سے حاصل ہوتا ہے۔ اس مقام میں جس تعین سے سالک متصف ہوتا ہے وہ تعینات کونیہ سے نہیں ہے، بلکہ یہ تعین اللہ تعالیٰ نے محض اپنی بخشش سے دیا ہے جس کا نام وجود موہوب حقانی ہے۔ اس سیر کو سیر عن اللہ باللہ کہتے ہیں۔ مرتبۂ جمع سے پہلے جو فرق ہوتا ہے وہ عام مخلوق کو ہوتا ہے، اور مرتبۂ جمع کے بعد جو فرق ہوتا ہے وہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے اور کارِ دعوت اسی کے ساتھ مربوط ہے۔ صوفیائے کرام (رحمہم اللہ) کی اصطلاح میں فرق سے مراد یہی فرق ہوتا ہے۔

بیانِ اصطلاحاتِ حضراتِ نقشبندیہ

اب حضرات نقشبندیہ رحمہم اللہ کی بیان کی ہوئی بعض خاص اصطلاحوں کا ذکر کیا جاتا ہے (ان آداب کی پابندی متوسلین سلسلہ نقشبندیہ کو ضرور کرنا چاہیے:

نظر بر قدم (۱)

نظر بر قدم سے مراد یہ ہے کہ سالک چلنے میں اپنی نظر اپنے قدم پر رکھے (یعنی نیچی نظر رکھے اور ادھر ادھر دیکھتا نہ چلے) اس واسطے کہ چلنے کے وقت قسم قسم کی مخصوص چیزوں کی وجہ سے نظر جب پریشان ہوتی ہے اور انتشار پیدا ہوتا ہے تو اس سے جمعیت باطن جاتی رہتی ہے۔ اگر نظر قدم پر رہے گی تو جمعیت حاصل رہے گی،

Marfat.com

انتشار سے محفوظ رہے گا۔ تفرقہ سے بچنے میں اس کو بڑا دخل ہے۔

ہوش دردم، وقوف زمانی

(۲) اس سے مراد یہ ہے کہ سالک ہر سانس میں ہوشیار رہے کہ وہ ذاکر ہے یا غافل۔ یہ لحاظ آہستہ آہستہ دوام حضور تک پہنچا دیتا ہے، اور اس کی رعایت تفرقہ نفس کو دفع کرتی ہے۔ اس کو وقوف زمانی بھی کہتے ہیں۔

سفر در وطن

(۳) سفر در وطن سیر انفسی کا نام ہے، جو حصول اندراج النہایۃ فی البدایۃ کا منشا ہے۔ یہ اس طریقہ عالیہ نقشبندیہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ کیونکہ دوسرے طرق میں سیر انفسی سیر آفاقی کے بعد ہے، اور اس طریقہ میں اسی سیر انفسی سے ابتدا ہوتی ہے۔ اور سیر آفاقی اس سیر کے ضمن میں مندرج ہے۔ سالک کو چاہیے کہ اپنے نفس میں غور کرے کہ آیا اس میں غیر اللہ کی محبت باقی ہے یا نہیں، اگر باقی ہو تو از سر نو توبہ کرے اور کلمۂ توحید کے لا سے اس کی نفی کرے اور الا اللہ سے محبت حق سبحانہ کا اثبات کرے، اور اس کلمۂ طیبہ کی مداومت سے اپنی بری صفات مثلاً بغض و حسد، بخل و عداوت کو دور کرے۔

خلوت در انجمن

(۴) جب سفر در وطن متحقق ہو گیا تو انجمن کو بھی خلوت خانہ وطن بنائے۔ یعنی انجمن میں تفرقہ متکلم مخالف نہ رہے اور کسی طرف ملتفت نہ ہو۔ ابتداءً اس میں تکلف ہوتا ہے، بعد کو یہ تکلف جاتا رہتا ہے۔ عین تفرقہ میں جمعیت اور نفس غفلت میں حضور حاصل ہوتا ہے۔ یعنی تفرقہ اور عدم تفرقہ سالک کی جمعیت باطن میں برابر ہوتا ہے۔ اگر ظاہر کو باطن کے ساتھ جمع کرے اور تفرقہ کو ظاہر سے بھی دور کرے تو یہ اولیٰ و انسب ہے۔

Marfat.com

اس آیت کریمہ میں ایسے ہی حضرات کی شان کا بیان ہے:

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ

ایسے لوگ بھی ہیں جن کو بیع وشراء اللہ کی یاد سے غافل نہیں کرتی ہے۔

معلوم ہونا چاہیے کہ بعض اوقات ظاہری تفرقہ سے چارہ نہیں ہوتا کہ مخلوق کے حقوق ادا ہو جائیں، اس غرض سے تفرقہ ظاہر مستحسن ہوتا ہے لیکن تفرقہ باطن کسی وقت بھی مستحسن نہیں کہ باطن خالص اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ الحاصل عبادت کے لیے تین حصے ہوئے جو سب اللہ تعالیٰ کے واسطے ہیں:

(۱) باطن بالکل (۲) نصف ظاہر نصف (۳) دوسرا نصف ظاہر جو بظاہر مخلوق کے حقوق کے لیے ہے لیکن چونکہ ان حقوق کے ادا کرنے میں حق تعالیٰ کی فرماں برداری مقصود ہے لہٰذا یہ بھی اللہ تعالیٰ کے لیے ہو گیا۔ اِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ۔

یاد کرو

(۵) یاد کرو۔ اس سے اللہ تعالیٰ کا ذکر مراد ہے۔ ذکر اسم ذات ہو یا نفی واثبات، ذکر ایسی شے ہے جس سے غنا و بقا حاصل ہوتی ہے اور خدا تعالیٰ تک رسائی ہوتی ہے ؎

ذکر گو ذکرت ترا جان است پاکی دل ز ذکر یزدان است

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اللہ کو بہت یاد کرو تاکہ مراد پاؤ۔

یہ آیت کریمہ مدعائے مذکور پر نص قاطع ہے۔

بازگشت

(۶) بازگشت سے مراد یہ ہے کہ چند بار ذکر کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دل سے مناجات کرے کہ

Marfat.com

الٰہی تو ہی میرا مقصود ہے — اور تیری ہی رضا مجھے مطلوب ہے
اپنی نعمت مجھ پر فائز فرما! — اور اپنی درگاہ پاک میں مجھے وصول عطا فرما

ذکر کرنے میں یہ بڑی مفید شرط ہے اس سے غفلت نہ ہونا چاہیے۔

نگاہ داشت

(۷) وساوس و خطرات کا قلب سے دور کرنا نگاہ داشت ہے۔ سالک کو چاہیے کہ ہوشیار رہے اور دل میں خطرات کو نہ آنے دے، ورنہ ان کا دور کرنا مشکل ہوگا۔ اس طریقہ سے جمعیت اور طمانیت کا ملکہ حاصل ہو جاتا ہے جب قلب سے خطرہ بالکل زائل ہو جائے تو فنائے قلب حاصل ہوتی ہے۔ رہا دماغ سے خطرات کا اُترنا، تو فنائے نفس کے بعد وہ بھی زائل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد خطرات کے ادراک میں حیرت ہوتی ہے کہ کہاں سے آتے ہیں۔ ارباب عقول کے نزدیک تو خطرات کا جاتا رہنا معقول نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے دوستوں کا طریق طور عقل سے وراء ہے ؎

کارِ پاکاں را قیاس از خود مگیر — گرچہ باشد در نوشتن شیر و شیر
آں غیالاتے کہ دامِ اولیاست — عکس مہرویان بستانِ خداست

مقامات عشرہ

مقام ولایت تک پہنچنا بغیر مقامات عشرہ کے حصول کے متصور نہیں، وہ مقامات عشرہ یہ ہیں:
توبہ[۱]، انابت[۲]، زہد[۳]، قناعت[۴]، ورع[۵]، صبر[۶]، شکر[۷]، توکل[۸]، تسلیم[۹]، رضا[۱۰]۔

ان مقامات کا حصول خواہ بالاجمال ہو، جیسا کہ اس طریقہ نقشبندیہ میں ہوتا ہے کہ اس طریقہ میں نسبت اجمالی جذبی ہے۔ اور یا بالتفصیل ہو، جیسا کہ دوسرے سلسلوں میں ہوتا ہے کہ وہاں سیر تفصیلی اور

Marfat.com

سلوکی ہے۔

جذب وسلوک میں فرق

جذب وسلوک میں بڑا فرق ہے۔ حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ نے معارف لدنیہ میں ایک معرفت میں اس کو بیان فرمایا ہے (وہو ہٰذا)

"سالک مجذوب کو معرفت میں، مجذوب سالک پر فوقیت اور مزیت حاصل ہے اور محبت میں اس کے برعکس معاملہ ہے کہ مجذوب سالک کو سالک مجذوب پر تفوق ہے۔ وجہ یہ ہے کہ مجذوب سالک کا مربی اوّلی سے آخر تک اللہ تعالیٰ ہے کہ محبت خاص کے ساتھ اس کی تربیت فرما کر عنایت کاملہ سے اپنی بارگاہ قدس کی طرف اس کو کھینچتا ہے۔ پھر اس معرفت سے مراد وہ معرفت ہے جو تجلیات افعالیہ یعنی اشیاء کونیہ اور صفات امکانیہ الٰہیہ کی معرفت کے ساتھ متعلق ہے۔ لیکن وہ معرفت جو ذات حق تعالیٰ کے ساتھ متعلق ہے، جس کو جہل سے تعبیر کرتے ہیں، اور وہ معرفت جس کا تعلق صفات سلبیہ سے ہے جو حیرت پر مشتمل ہے، اور وہ معرفت جو صفات موجودہ سے متعلق ہے، اور وہ جو شیونات ذاتیہ اعتباریہ سے تعلق رکھتی ہے۔ پس اس میں مجذوب سالک احق ہے اور ان کی تفاصیل کے ساتھ اولیٰ ہے۔ ہاں وہ معارف جن کا تعلق ان دس مقامات سے ہے تو ان کی تفاصیل میں سالک مجذوب احق ہے۔ کیونکہ اس نے ان مقاموں کو تفصیلاً قطع کیا ہے اور تفصیل کے ساتھ اس سے گزرتا گیا ہے۔ ہر مقام کے دقائق اُسے جس تفصیل کے ساتھ معلوم ہیں مجذوب سالک کو اس طرح معلوم نہیں۔ کیونکہ یہ ان مقاموں کو بالاجمال پہنچا ہے۔ اور ہر مقام کا خلاصہ ہی اس نے حاصل کیا ہے۔ پس ان مقامات میں سالک مجذوب ظاہر اور صورت کے اعتبار سے اتم ہوتا ہے اور مجذوب سالک زبدہ اور خلاصہ کے اعتبار سے اکمل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صورت وظاہر کو دیکھنے والے عوام نے گمان کیا ہے کہ اول شخص (سالک مجذوب) ان مقامات عشرہ میں دوسرے (مجذوب سالک)

Marfat.com

کی نسبت زیادہ کامل واکمل ہے اور یہ نہیں جانتے کہ مجذوب سالک میں وجود رغبت زہد کے منافی نہیں ہے اور تعلق اسباب توکل کے خلاف نہیں ہے اور کراہیت وناخوشی کا پایا جانا رضائے تام کا مانع نہیں ہے کیوں کہ اس کی رغبت اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اور اسباب کے ساتھ اس کا تعلق بھی اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہے۔ اسی طرح کراہت بھی اس میں اللہ تعالیٰ کے لیے ہے۔ یہ اوصاف اس میں خالص اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔ دنیا میں اس کو کسی چیز سے رغبت ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے نہ اس کے سوا کسی دوسری غرض کے لیے ہے۔ اور اگر نفس کے اشارے سے بھی وہ رغبت کرتا ہے تو چونکہ اس کا نفس حق تعالیٰ میں فنا ہو چکا ہے اس لیے اس کی یہ رغبت حقیقت میں اُس کے پروردگار کے لیے ہے، نہ نفس کے لیے"۔

یادداشت

(۸) یادداشت اللہ تعالیٰ کے لیے توجہ صرف ہے جو الفاظ اور تخیلات سے مجرّد ہو اور حضور بے غیبت ہو۔ یعنی ذات حق تعالیٰ کا علی الدوام وہ حضور جس میں شیون واعتبارات کا حجاب درمیان میں نہ ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ یہ توجہ حاصل نہیں ہوتی ہے، مگر فنائے اتم اور بقائے اکمل کے بعد۔

وقوف عددی

(۹) نفی واثبات میں طاق عدد کی رعایت کرنے کو وقوف عددی کہتے ہیں۔

وقوف قلبی

(۱۰) وقوف قلبی قلب کی طرف توجہ کو کہتے ہیں جو قلب بائیں پستان کے نیچے دو انگل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس توجہ میں وہ راز ہے جو خاندان قادریہ میں ضرب کی رعایت میں ہے۔

Marfat.com

خاتمہ

خاتمہ میں مخدوم عالم، مراد اعظم، نفس مکرم ولایت، شمع شبستان ہدایت، ہادی راہِ شریعت و حقیقت حضرت مرشدنا و مولانا محمد ارشاد حسین صاحب مجددی قدس سرہٗ کے مختصر حالات قلمبند کیے جاتے ہیں۔

اگرچہ حضرت کے حالات شریفہ اور مقامات رفیعہ حد بیان سے باہر اور فہم و ادراک سے بالا ہیں تاہم اس مقولہ کے پیش نظر ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ اس چمنستان کی تھوڑی سی خوشبو ناظرین تک پہنچانے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔

حضرت قبلہ کے بزرگوں کا وطن اصلی خطۂ فاخرہ سرہند تھا، کسی زمانہ میں یہ شہر حقیقتاً اسم با مسمّٰی تمام ہند کے سردار کی حیثیت رکھتا تھا۔ سکھوں کے تغلب اور تسلط کے زمانہ میں جب وہاں کے رہنے والے عموماً اور مسلمان خصوصاً پریشان ہوئے تو حضرت کے اجداد کرام نے مجبوراً سرہند کی سکونت ترک کر دی اور اطراف ہند کے شہروں میں جا کر آباد ہو گئے۔ اس وقت حضرت قبلہؒ کے آباء بریلی میں اقامت گزیں ہوئے۔ پھر وہاں سے جدامجد رامپور تشریف لائے۔ یہاں کے والیان ریاست نے ان کی بڑی تعظیم و تکریم کی اور عقیدت مندی کے ساتھ لوازم خدمت میں یوماً فیوماً زیادتی کرتے رہے۔

حضرت والا کی ولادت باسعادت ۱۴ صفر ۱۲۴۹ھ کو رام پور میں ہوئی تھی۔ قدرت جس کو جس کام کے لیے پیدا کرتی ہے اس کے لیے ویسے ہی سامان کر دیتی ہے ؎

ہر کسے را بہر کارے ساختند میل آں را در دلش انداختند

(مولانا روم)

Marfat.com

چونکہ آپ کی ذات عالی سے حق تعالیٰ کو بڑا کام لینا تھا، لہٰذا توفیق الٰہی نے ابتدا ہی سے دستگیری کی چنانچہ سن تمیز کو پہنچتے ہی اپنے والد اور شیخ واحد علی صاحب سے علم فارسی کی تکمیل کی، یہ دونوں حضرات اس فن میں استاد اور بڑے ماہر تھے۔ اس کے بعد صرف و نحو وغیرہ علوم عربیہ کی تعلیم حافظ غلام نبی صاحب، مولوی جلال الدین صاحب، اور مولوی نصیر الدین خاں صاحب سے حاصل کی۔ یہ تینوں حضرات بھی مشہور زمانہ اور اپنے کمالات میں یگانہ تھے۔ اس کے بعد لکھنؤ میں علوم نقلیہ کی تکمیل کی۔ پھر وہاں سے علامہ دوران مولانا محمد نواب صاحب کی خدمت میں کتب معقول کے استفادہ کے لیے واپس رام پور تشریف لائے۔ اس زمانہ میں علامہ موصوف نواب کلب علی خاں کی تعلیم پر مامور تھے لہٰذا حضرت قبلہؒ کو نواب کلب علی خاں کی مجلس استفادہ میں بھی جانے کا اتفاق ہوتا تھا اور اُن کے ساتھ صحبت رہتی تھی۔ نواب صاحب موصوف کی مذہبی تعلیم کے لیے ان کے دادا نواب محمد سعید خاں صاحب والیٔ ریاست نے دو شیعہ مجتہد بھی مقرر کیے تھے۔ ان مجتہدوں کے خاص عقائد کی تعلیم سے جو نقوش نواب کلب علی خاں کے قلب پر ہوتے تھے وہ حضرت قبلہؒ کے اظہار حقیقت سے محو ہو جاتے تھے اور مجتہدوں کی کوشش رائیگاں جاتی تھی۔ مجتہدوں نے اس کی شکایت نواب محمد سعید خاں سے کی اور نواب کلب علی خاں حضرت قبلہؒ کی بابرکت صحبت سے محروم کر دیے گئے۔

اس واقعہ کے بعد حضرت قبلہؒ دہلی تشریف لے گئے اور حسن اتفاق دیکھیے کہ علامہ دوران مولانا محمد نواب صاحب بھی رام پور سے تعلق قطع کر کے دہلی تشریف لے گئے اور وہاں بدستور سابق حضرتؒ ان سے استفادۂ علمی کرتے رہے، تا آنکہ تعلیم سے فراغت پائی اور شہرت عام کے مالک ہوئے اور مخلوق استفادہ کے لیے آرزومند ہوئی۔

پھر حضرتؒ نے تعلیم سے فراغت پا کر اپنے استاد مولانا محمد نواب صاحب کی رہنمائی سے قبلۂ انام مرجع

Marfat.com

خاص و عام، عارفِ کامل حضرت شاہ احمد سعید صاحب مجددیؒ کی صحبت کیمیا خاصیت سے فیضیاب ہونا شروع کیا اور بکمال صدق و ارادت و حسن عقیدت شرف بیعت قبول کیا اور تھوڑے عرصہ میں منازل سلوک طریقت اور مدارج عروج معرفت طے فرما کر اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے اور مقام محبیت سے مقام محبوبیت پر فائز ہوئے۔

آپ کے علو مرتبہ کا اس سے اندازہ کیجیے کہ آپ کے مرشد زادے آپ کے کمالات کا ذکر مجالس میں سب کے سامنے کرتے اور آپ پر رشک کرتے تھے۔

ایک روز حضرات مرشد زادگان اور خود حضرت قبلہؒ کے درمیان کچھ شکر رنجی پیدا ہوئی حضرت نے بپاس ادب رخصت ہونے کی درخواست اپنے پیر و مرشد کی خدمت میں پیش کی اور اجازت کے لیے اصرار کیا۔ پیر و مرشدؒ نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ "کوئی شخص اپنے دل و جان سے دوری اور اپنی آنکھوں سے مہجوری کیسے گوارا کر سکتا ہے؟ یہ خیال چھوڑو اور آپس میں شیر و شکر ہو کر رہو۔

حضرت قبلہؒ نے اپنے شیخ کامل مولانا شاہ احمد سعید صاحبؒ کی خدمت میں ایک مدت اقامت گزیں رہ کر کتب تصوف، حقائق و اسرار اور حدیث و تفسیر کی کتابیں پڑھیں اور ان کے بطون سے واقف ہو کر سلوک مجددیہ انجام کو پہنچایا، اور مجاز و خلیفہ ہو کر اپنے وطن میں اقامت کے لیے مامور ہوئے۔

حضرت مولانا شاہ محمد مظہر صاحبؒ جو حضرت قبلۂ انام مولانا شاہ احمد سعید صاحبؒ کے خلف اصغر و سجادہ نشین اور مجموعۂ اسرار و یقین تھے، اپنی کتاب مقامات سعیدی میں حضرت قبلہ کے احوال میں تحریر فرماتے ہیں کہ "حضرت مولانا ارشاد حسینؒ حضرت مولانا شاہ احمد سعید صاحبؒ کے اکابر اصحاب اور اجلۂ خلفاء میں کامیاب ہستی ہیں، انہوں نے مراتب سلوک کو جیسا کہ چاہیے طے فرمایا ہے حضرت قبلہؒ مولانا

Marfat.com

کے علوم صوری و معنوی کے کمالات کا ذکر اکثر فرمایا کرتے تھے"۔

حضرت کا نسب آٹھ واسطوں سے امام ربّانی مجدد الف ثانیؒ تک پہنچتا ہے۔ تفصیل یہ ہے:

مولانا محمد ارشاد حسین بن حکیم احمد حسین بن میاں غلام محی الدین بن میاں فیض محمد بن شاہ کمال الدین بن شیخ درویش احمد بن شیخ زین العابدین عرف شاہ فقیر اللہ بن شیخ ضیاء الدین یوسف بن شاہ محمد یحییٰ فرزند اصغر قطب ربانی مجدد و منور الف ثانی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

حضرت مولانا شاہ احمد سعید صاحبؒ غدر کے زمانہ میں خانقاہ مظہریہ دہلی سے براہ پنجاب و کراچی بارادۂ ہجرت عازم حرمین شریفین ہوئے۔ حضرت قبلہ ہمرکاب تھے۔ مگر آپ کو پانی پت سے وطن جانے کا امر فرما کر واپس کر دیا۔

پھر ایک عرصہ کے بعد حضرت قبلہ بتقاضائے شوق و محبت توکلاً علی اللہ ایک خاص خادم محمد موسیٰ بخاری کو ساتھ لے کر حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوئے اور سعادت آستانہ بوسی روضۂ سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے شرف اندوز ہوئے اور ایک سال تک زیر سایہ روضۂ مبارک سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت شاہ صاحب قبلہ کی صحبت سے فیض حاصل کیا۔ اور پھر حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت کے موافق ہدایت خلق کے لیے رام پور میں قیام کرنے پر مامور ہوئے۔ یہاں آکر اپنے ظاہری اور باطنی فیوضات سے اطراف عالم کو معمور فرمایا۔

حلیہ شریف و اخلاق لطیف

آپ کا قد مبارک سیدھا درمیانی، سر پر شکوہ، کشادہ پیشانی، ڈاڑھی گھنی، آنکھیں سیاہ مائل بسرخی بھویں لمبی ایک دوسری سے جدا گویا قبلۂ مراد سائل، ناک معتدل، رخسار باجمال، چہرۂ مبارک کا رنگ

Marfat.com

گندمی گویا بدر کامل کی طرح گول، اور ہیبت و جلال میں چمکتا سورج، دانتوں کی قطار موتیوں کی ایک لڑی۔ جو بھی اس جمال باکمال کو دیکھتا زبان حال سے اس بیت کا مضمون ادا کرتا ؎

ہیبتِ خلق است ایں از خلق نیست ہیبتِ ایں مرد صاحب دلق نیست

آپ کے اکثر احباب کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رویت آپ کی مثالی صورت میں ہوئی جس کے باعث ان کی عقیدت آپ سے زیادہ مستحکم ہوگئی۔ سینہ فراخ و کشادہ، کمر باریک۔ خلاصہ یہ کہ از سر تا پا تمام اعضاء نہایت اعتدال و تناسب رکھتے تھے۔

عمامہ سفید سر پہ باندھتے اور کرتہ جس کا گریبان سینہ پہ ہوتا پہنتے۔ تسبیح اور عصا ہاتھ میں رکھتے تھے۔ گفتار میں نرم، رفتار میں گرم، کلام دلفریب محبت بڑھانے والا اور بیگانوں کو اپنانے والا ہوتا تھا۔ ہر ایک کے ساتھ صفائی سے رہتے اور عہد کو پورا فرماتے، محتاجوں کو بخشش و کرم سے نوازتے اور امیروں سے بے نیاز رہتے۔ بڑوں کا ادب و خدمت کرتے چھوٹوں پہ رحم و شفقت فرماتے تھے، علم باعمل اور کلام فعال ماؤل تھا۔ یتیموں کے غم گسار اور بیواؤں کے تیماردار تھے الخ۔ تمام اہل شہر مسلم و غیر مسلم گویا مرید اور غلام تھے۔ آپ کے اخلاق و محبت کا سب کی گردنوں میں طوق تھا۔ آپ کا ادب و احترام تمام امراء و حکام سے بھی فوق تھا۔

نواب مشتاق علی خاں خلف نواب کلب علی خاں کے عہد میں بعض لوگوں کی شرارت سے خانقاہ شریف کا مقررہ وظیفہ موقوف ہوگیا تھا۔ لیکن خزانہ غیب سے خانقاہ کا خرچ بدستور چلتا رہا۔ یہ خانقاہ نواب کلب علی خاں کے زمانہ میں مہاراجہ اندور کی طرف سے جب کہ وہ ریاست کے مہمان تھے تعمیر ہوئی تھی۔ نواب کلب علی خاں چاہتے تھے کہ چند گاؤں خانقاہ کے مصارف کے لیے مقرر کر دیے جائیں۔

Marfat.com

آپ نے اس کو قبول نہ فرمایا اور فرمایا کہ میری وفات کے بعد یہ گاؤں میری اولاد میں موجب نزاع باہمی اور سبب خسران آخرت ہوں گے، اس لیے میں پسند نہیں کرتا۔

مدینہ منورہ سے واپس آنے کے بعد اوقات عزیز افادہ و افاضہ میں گزرتے اور خلوت گزینی اور عزلت پسندی شیوہ تھا۔ نیز صبر و توکل، زہد و قناعت اور تسلیم و رضا کے ساتھ ریاضت اور مجاہدہ میں مشغول رہتے تھے۔ کسی سے کوئی مطلب نہ تھا۔ چنانچہ اسی دوران میں نواب کلب علی خاں مرحوم نے جبکہ وہ بیمار تھے۔ محمد عثمان خاں کارگزار ریاست کے توسط سے کچھ روپیہ آپ کے پاس بھیجا۔ آپ نے رد کر دیا اور فرمایا کہ صدقہ مسکینوں کا حق ہے۔ ہم ان کی صحت کے لیے حسبۃً للہ دعا کرتے ہیں۔ یہ جواب سن کر نواب صاحب نے حضرت کی خدمت میں ایک عریضہ لکھا جس میں تحریر تھا کہ میں بے شک فسق و فجور میں مبتلا ہوں لیکن اہل اللہ کی عقیدت و اخلاص سے محروم نہیں ہوں ؎

اُحِبُّ الصَّالِحِیْنَ وَلَسْتُ مِنْهُمْ لَعَلَّ اللّٰهَ یَرْزُقُنِیْ صَلَاحًا

میں نیکوں کو دوست رکھتا ہوں اور ان میں سے نہیں ہوں۔ شاید اللہ تعالیٰ مجھے نیک بنائے

حضرت نے دعا فرمائی اور قبولیت کا اثر ظاہر ہوا کہ وہ خلاف شرع کاموں سے بالکل بیزار ہو گئے اور صالحین میں شمار ہوئے۔ نواب صاحب مرحوم زمانۂ ولیعہدی سے آپ سے اخلاص و عقیدت رکھتے تھے۔ اس قسم کی کرامتیں دیکھنے کے بعد ان کے اخلاص و عقیدت میں اور بھی اضافہ ہوا اور محبت اور دوستی میں ترقی ہوئی اور حضرت قبلہؒ کے انکار کے باوجود انتہائی اصرار سے خدام خانقاہ کے مصارف ریاست سے مقرر کر دیے۔ اور جس روز سے ریاست کے مہمات حضرت کی رائے اور صلاح سے طے ہونے لگے۔ ہر کام میں فتح اور کامیابی حاصل ہوئی اور گورنمنٹ میں ریاست کا اعزاز خوب بڑھا۔

Marfat.com

آپ نے جب مدینہ منورہ سے معاودت فرمائی تو ملا فقیر اخوند صاحبؒ کے مزار کے حجرہ میں قیام فرما کر نو مہینے میں قرآن مجید حفظ کر لیا۔ پھر ایک بیوہ سے نکاح کر کے کٹے باز خاں کے گھر میں فقط توکل پر بسر کرتے تھے۔ ہفتہ میں فاقہ کی نوبت ہوتی تھی اور امراض و عوارض مزید برآں۔ لیکن کمال استقامت کا حال یہ تھا کہ کسی پر مصیبتوں کے آثار ظاہر نہ ہوتے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ورد زبان تھا اور مَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا الایۃ دل نشین تھا۔ ایک مرتبہ آپ کو شدید مرض خارش ہو گیا۔ حضرت کے والد ماجد علاج کرنا چاہتے تھے لیکن حضرت کا علاج کی طرف خاص التفات نہ تھا۔ بے التفاتی دیکھ کر والد صاحب نے کچھ کلمات بزرگانہ بھی کہہ دیے۔ آپ نے اس کو شفقت پدری پر محمول کر کے فقط اتنا عرض کیا کہ "شفا خدا کے دست قدرت میں ہے نہ کہ دوا کے"۔ خدا تعالیٰ کا کرم یہ ہوا کہ اسی روز سے مرض میں تخفیف ہونے لگی اور اس کے بعد چند ہی یوم میں صحت کلی ہو گئی۔

کچھ عرصہ کے بعد آپ نے محلہ چاہ شوریں رہنا پسند کیا اور یہیں ایک خانقاہ آپ کے لیے تعمیر ہوئی۔ آپ فتویٰ لکھنے میں کسی کی رعایت نہیں فرماتے تھے۔ اس بنا پر بعض جاہل و نادان افغانوں نے ابتداءً کچھ سرکشی بھی کی لیکن آپ نے قطعاً ان کی پروا نہیں کی۔ آخر کار سب تابعدار اور فرماں بردار ہو گئے۔ اور شہر کے تمام اہل اسلام اور ہنود آپ کو باپ سے بھی زیادہ مہربان سمجھنے لگے۔ مدار المہام کے قتل میں بعض نمک حراموں نے اپنے اغراض کے ماتحت آپ پر بھی سازش کا افتراء کیا۔ اس افتراء کے باعث پریذیڈنٹ کونسل نے انگریزی فوج بلائی اور شہر سے آپ کو نکالنے کی سعی کی۔ چونکہ واقعہ جھوٹا تھا اور خداوند تعالیٰ کی تائید آپ کے شامل حال، لہٰذا نہ صرف یہ کہ اُس نے اس خیال فاسد سے درگزر کیا بلکہ اس نے اور دوسرے حکام نے معذرت کی اور آپ کے اعزاز اور تنخواہ میں مزید ترقی ہوئی اور ریاست کے

Marfat.com

کے انتظامی امور میں آپ کی رائے کا دخل ہوا۔ یہ آپ کی کرامت اور اللہ تعالیٰ کی حفاظت وحمایت کی دلیل ہے۔ ایک روز صاحبزادہ مہدی علی خاں، نواب احمد علی خاں کے داماد نے جو شیعہ مذہب تھے بہ نیت فساد شیعہ وسُنّی کے نکاح کے متعلق فتویٰ چاہا۔ آپ نے اپنے شاگرد سے جواب لکھا دیا کہ حنفیہ کے نزدیک درست نہیں۔ اس فتویٰ کو نواب کلب علی خاں کے سامنے پیش کر کے ان کو بدظن کرنا چاہا۔ چونکہ اس فتویٰ کی زد نواب کلب علی خاں پر بھی پڑتی تھی اس لیے وہ بغیر سوچے سمجھے کچھ رنجیدہ ہوئے مگر بہ دباری اور ہوشیاری سے کام لیا اور یہ کہہ کر ٹال دیا کہ یہ جواب مولانا کے قلم کا نہیں ہے۔ اس کے بعد ایک روز نواب کلب علی خاں نے مہدی علی خاں کے سامنے مسئلہ مذکورہ کا ذکر کر کے حضرت قبلہ سے عرض کیا کہ ایسے مسائل کے جواب میں تامل سے کام لینا چاہیے۔ آپ نے فرمایا کہ جو کچھ لکھا گیا وہ حق ہے اور اس کا چھپانا شرعاً ممنوع ہے۔ امور شرعیہ میں کسی کی رعایت قطعاً جائز نہیں۔ اتنا فرما کر اٹھ کھڑے ہوئے اور دولت خانے پر آتے ہی شاہجہان پور کے ارادہ سے بریلی کی طرف روانہ ہوئے اور اپنے بڑے بھائی حضرت مولانا امداد حسین صاحبؒ سے فرمایا کہ متعلقین اور لواحقین کو اپنے ساتھ لے کر شاہجہاں پور آئیں۔ جب یہ خبر نواب صاحب کو معلوم ہوئی تو بیتاب ہو گئے اور اراکین ریاست کو حکم دیا کہ جلد سے جلد [illegible] آپ کی خدمت میں پہنچ کر اپنی پگڑیاں قدموں پر رکھ کر میری جانب سے عرض کریں کہ میں اپنی تقصیر و بے ادبی کی معافی کا طالب ہوں اور اپنی خطا پر شرمسار۔ آئندہ احکام شرعیہ میں کبھی بے جا مداخلت نہیں کروں گا۔ الغرض موضع دھمورہ کے قریب یہ تمام امور طے ہو گئے اور حضرت واپس تشریف لے آئے۔ ابھی تسبیح خانہ میں پہنچے ہی تھے کہ نواب صاحب خود بھی حاضر ہو گئے اور عہد و پیمان از سر نو مضبوط ہو گیا۔ اس کے بعد کوئی امر خلاف ظہور میں نہیں آیا۔ چنانچہ آپ نواب صاحب کی بیماری کے دوران میں اپیل خاص کے مقدمات فیصلہ فرماتے

Marfat.com

تھے اور رعایا کے فائدہ کے پیش نظر سرکاری نقصان بھی ہوتا تھا مگر کبھی حرفِ شکایت نواب صاحب کی زبان پر نہیں آیا۔

معمولی اوقات

جب ایک تہائی شب رہ جاتی تھی تو نماز تہجد ادا فرماتے تھے اور بعد فراغت نماز تہجد ادعیہ ماثورہ صبح تک تلاوت قرآن مجید میں مشغول رہتے۔ پھر سنت فجر ادا کر کے قدرے بائیں پہلو پر آرام فرماتے اور نماز فجر بہت طویل کے ساتھ مسجد میں باجماعت ادا فرماتے۔ بوقت نماز عمامہ زیب سر ہوتا۔ نماز سے فارغ ہو کر طلوع آفتاب کے بعد فاتحہ پڑھ کر تسبیح خانہ میں آتے اور اوراد و وظائف میں مشغول رہتے۔ دعائے حزب البحر نماز اشراق اور نماز استخارہ کے بعد حاضرین کو توجہ دیتے تھے۔ حاضرین توجہ کے وقت تک ختم حضرت امام ربانی اور خود آنحضرت کے مجوزہ ختم میں مشغول رہا کرتے۔ توجہ ایسی قوی پڑتی تھی کہ دس برس کا کام ایک سال میں ہو جاتا تھا۔ اس حلقہ سے فارغ ہو کر درس و تدریس کی مجلس دوپہر تک گرم رہتی تھی۔ اگر سردی کا موسم ہوتا تو تھوڑا سا قیلولہ کرتے، پھر اٹھ کر سنت فی الزوال ادا کر کے قرآن مجید بقدر معمول تلاوت کرتے۔ اس کے بعد مسجد میں جا کر موافق مذہب حنفیہ کے نماز ظہر تاخیر مستحب کے ساتھ غرۃ سنہ [illegible] ساتھ ادا کرتے پھر قیلولہ خانہ میں آ کر اہل حاجت کی حاجت برآری میں مشغول رہتے تھے۔ پھر نماز عصر سے فارغ ہو کر مغرب تک کتب تصوف مثلاً مثنوی مولانا رومؒ، مکتوبات امام ربانیؒ، عوارف المعارف، احیاء العلوم، قصیدہ غوثیہ پڑھاتے۔ مغرب کی نماز پڑھ کر تسبیح خانہ میں آتے اور مثل صبح کے اوراد میں مشغول ہوتے اور حاضرین حلقہ کو نہائی رات تک توجہ دیتے۔ اس وقت توجہ سے پہلے ختم خواجگان اور درود تنجینا کا معمول

Marfat.com

تھا۔ پھر نماز عشا مسجد میں جماعت کے ساتھ ادا کر کے دولت خانہ میں تشریف لے جاتے اور اہل و عیال کے ساتھ کھانا بقدر رسد رمق تناول فرماتے۔ منگل اور جمعرات کا دن فتاوی کی تحریر کے لیے مقرر تھا اس لیے طلبہ کا ان دو دنوں میں سبق نہیں ہوتا تھا۔ جمعہ کے روز غسل فرما کر لباس جدید زیب تن فرماتے۔ ظہر کے وقت مستحب میں پہلے چار رکعت سنت قبل جمعہ پڑھتے، خطبہ کے وقت داہنے ہاتھ میں عصا ہوتا تھا۔ نماز جمعہ میں سورۂ جمعہ اور منافقون پڑھتے تھے۔ پھر چار رکعت احتیاط الظہر استحباباً اور دو رکعت بعد الجمعہ ادا کر کے فاتحہ پڑھتے اور منبر پر پہنچ کر قرآن مجید کی تفسیر بقدر ایک رکوع اسرار اور نکات کے ساتھ بیان فرماتے تھے۔ ہر شخص اپنی استعداد کے لائق حظ حاصل کرتا۔ بعض لوگوں کی یہ کیفیت ہوتی کہ اپنا سر در و دیوار پہ مارتے۔ عصر کے قریب تک وعظ کی مجلس قائم رہتی تھی۔ تیس سال میں اس طرح دو مرتبہ تفسیر اول سے آخر تک ختم ہوئی نماز عصر کے بعد جمعہ کے روز ایک کثیر جماعت کے ساتھ مسجد کے قریب کے مزارات پہ فاتحہ و استغفار پڑھ کر والدین شریفین کے دولت خانہ میں حاضر ہوتے اور ان سے شرف قدمبوسی حاصل کر کے دوسرے عزیزوں اور قرابت داروں سے ملاقات فرماتے اور ہر ایک کی حسب حیثیت امداد بھی فرماتے تھے جیسا کہ اوپر گزرا۔ تدریس کے دن ہفتہ میں چار تھے مگر سات برس میں طلبہ حضرت کے یہاں تحصیل علوم سے فارغ ہو جاتے تھے۔

نواب قطب الدین خاں صاحبؒ دہلوی نے حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ کے مناقب و اجتہاد میں ایک رسالہ تالیف کیا تھا غیر مقلدوں کے سردار مولوی نذیر حسین صاحب نے اس کی تردید میں معیار الحق نام کا ایک رسالہ لکھ کر شائع کیا۔ نواب صاحب موصوف نے حضرت کے پاس دونوں رسالے بھیج کر تحریر کیا کہ اس وقت ان وہابیوں کے اس فتنہ کو فرو کرنا آپ ہی جیسے دین پناہ بلند ہمت کا کام ہے کہ یہ لوگ

Marfat.com

ائمۂ دین کی توہین پر کمر بستہ ہو کر سادہ لوح مسلمانوں کو فریب دے رہے ہیں۔ لہٰذا جس طرح ممکن ہو معیار الحق کا جواب تحریر فرمائیے ع

ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند

اگرچہ اس قسم کے امور سے آپ پرہیز فرماتے تھے لیکن ایک تو نواب صاحب موصوف کا اصرار اور پھر چونکہ دین متین کی حفاظت بھی منظور تھی، اس وجہ سے منگل اور جمعرات دو روز اس کام کے واسطے مقرر فرمائے اور اس فتنہ کے قلع قمع کے لیے ایک ضخیم رسالہ انتصار الحق کے نام سے مرتب فرمایا جس میں دلائل عقلیہ و نقلیہ سے تقلید شخصی کا وجوب و ثبوت ثابت کیا۔ یہ کتاب دین حق کے لیے قلعہ اور مفسدین کے لیے سیف قاطع ہے۔

یہ مفسد وہابیہ گروہ باوجودیکہ قرآن و حدیث کے لفظی ترجمہ کی قابلیت نہیں رکھتا ہے مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ معلم الملکوت کو اپنے ادنیٰ شاگردوں میں خیال کرتا ہے۔ اجتہاد پر کمر بستہ ہو کر ائمہ دین پر بے باکانہ زبان کھولتا ہے اور ان کی غلطیاں نکالتا ہے۔

کشف و کرامت

نواب کلب علی خاں نے اپنے مرض الموت میں اپنی پچھلی تقصیرات کی معذرت پیش کرتے ہوئے حضرت کی خدمت میں امداد، ہمت اور توجہ و دعا کی درخواست کی تو حضرت آٹھ روز تک ان کے اصلاح حال میں توجہ فرماتے رہے۔ کسی وقت ان کو تنہا نہ چھوڑتے تھے۔ صرف کھانے کے لیے دولت خانہ تشریف لاتے تھے۔ حضرت کی توجہ سے ان چند روز میں نواب صاحب پر آثار غریبہ اور احوال و جذبات عجیبہ نمودار ہوئے اور پھر انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ نواب صاحب موصوف نے

Marfat.com

ایک وصیت نامہ لکھ کر سر بمہر حضرت کو سپرد کر کے عرض کیا تھا کہ میری وفات کے بعد کھولا جائے اور حسب تحریر عمل کیا جائے۔ وقت پر کھول کر دیکھا تو اس میں لکھا تھا کہ:

(۱) حضرت شاہ جمال اللہ صاحبؒ کے مقبرہ اور شاہ محمد عمر صاحبؒ کے مزار کے درمیان مجھے دفن کیا جائے۔

(۲) آپ اور مولوی امداد حسین صاحب کے سوا کوئی تجہیز و تکفین میں شریک نہ ہو۔

(۳) تجہیز و تکفین کا صرف خزانۂ ریاست سے نہ کیا جائے اور اس کے لیے تین سو روپے جو امانت ہیں وہی کافی ہیں۔

اس کے موافق عمل کیا گیا۔ نواب کلب علی خاں کے انتقال کے بعد باوجود ریاست کے اصرار کے حضرت نے کاروبار ریاست سے کوئی سروکار نہیں رکھا۔ ریاست کا حال دگرگوں ہو گیا۔ ریاست کے ملازم معزول ہوئے اور باہر کے آدمی مقرر ہوئے۔ قانون انگریزی جاری ہوا اور قانون شرعی موقوف ہوا۔ نواب کلب علی خاں نے بمشورہ حضرت قبلہ مدزکوٰۃ کے ساڑھے پانچ لاکھ روپے سے جائداد خریدنا چاہی کہ اس کی آمدنی غرباء اور مساکین پر صرف ہوتی رہے۔ رقم مذکور خزانہ سے الگ کر کے ایک مہاجن کے پاس رکھ دی اور اس کی تولیت حضرت کے سپرد کی جس کی کمشنری بریلی سے رجسٹری کرا دی تھی۔ ریاست کے کارگزاروں نے نواب صاحب کے انتقال کے بعد رقم مذکور پھر خزانہ میں جمع کر لی اور حضرت اس ذمہ داری سے بھی سبکدوش ہو گئے

نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ جو حضرت شاہ عبدالغنی صاحبؒ برادر خورد حضرت شاہ احمد سعید صاحبؒ کے مرید تھے۔ جب ایک بار مسجد میں آپ سے ملاقات کے لیے آئے تو دور سے تعظیماً اپنا قد خم کر لیا۔ قریب آئے تو اُن کو حضرت نے اپنے پاس بٹھانا چاہا مگر وہ تعظیم و ہیبت کی وجہ سے دور بیٹھے۔ کسی نے

Marfat.com

ان کی فرطِ تعظیم کے بارے میں ان سے دریافت کیا تو جواب دیا کہ "آپ بہ نسبت سابق اس قدر ترقی کر گئے ہیں کہ میرا دل سجدہ کرنے کو چاہتا تھا لیکن میں نے رکوع ہی پر اکتفا کیا۔ آپ کی قدر و منزلت کو تم کیا جانو۔

حضرت کے تصرفات یعنی قلوب میں ذکر جاری کرنا۔ سکینۂ غیر متناہی کا القاء، جمعیت خاطر، حل مشکلات ظاہر و باطن، سیر انفس و آفاق اور مرتبہ فنا کا حصول، اوصاف ذمیمہ سے طہارت اور اوصاف حمیدہ سے اتصاف، مرتبۂ بقا اور وصول و حضور، یہ ایسے تصرفات ہیں جو احاطۂ بیان میں نہیں آسکتے۔ تھوڑی ہی مدت میں حضرت کی توجہ مبارک سے طالب میں یہ کمالات پیدا ہو جاتے تھے اور طالبین حرمان و بُعد کے جیل خانہ سے نکل کر قرب و وصول کی بارگاہ قدس میں پہنچ جاتے تھے۔ اور بغیر مجاہدہ کے دوامِ حضور و آگاہی اور بلا ترک و تجرید کے کشف توحید استغراق بحر وحدت اور جناب احدیت میں مقام حیرت کے ساتھ مشرف ہو جاتے تھے اور اس قسم کے امور کہ عوام ان کو بڑی کرامت سمجھتے ہیں اور خواص کے نزدیک وہ کچھ بھی نہیں۔ مثلاً مشکلات کا حل اور انسانوں کی حاجات کا پورا کرنا اور مقاصد میں کامیابی، اشیاء عالم میں تصرف اور غیب کی خبر دینا۔ یہ امور بھی آپ سے بکثرت ظہور میں آئے، ان میں سے یہاں چند لکھے جاتے ہیں۔

سفر حج میں نواب کلب علی خاں صاحب کا جہاز ڈوبنے کے قریب ہو گیا تھا۔ نواب صاحب گھبرائے اور آپ سے امداد کے طالب ہوئے۔ آپ نے تسکین دی اور فرمایا کہ اگرچہ طوفان آفت خیز ہے مگر آپ کا جہاز ان شاء اللہ صحیح و سالم ساحل پر پہنچ جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

اسی طرح مدینہ طیبہ کے راستہ میں چار سو بدوؤں نے نواب صاحب کی سواری گھیر لی اور کہنے لگے

Marfat.com

کہ جب تک کثیر روپیہ نہ دوگے نہیں چھوڑیں گے۔ نواب صاحب کے سپاہی مدافعت کی کوشش کر رہے تھے مگر وہ سب بے سود تھی۔ اسی اثناء میں یکایک آپ کی سواری بھی آپہنچی، اور صورتِ حال سے آگاہ ہو کر فرمایا کہ ان بدوؤں سے تعرض نہ کرو اور چلو چنانچہ آپ کی توجہ مبارک سے بلا کچھ خرچ کیے اس مصیبت سے بھی نجات مل گئی۔ رئیسۂ بھوپال کا واقعہ سب کو معلوم ہے کہ ان بدوؤں نے اسی طرح روک کر واپس لوٹا دیا تھا اور وہ زیارت آستانۂ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم رہ گئی تھیں۔

خود میرا واقعہ ہے کہ ایک دفعہ شہر کے ایک زبردست نے مجھے آزار دینا چاہا۔ میں نے آپ سے ایک شخص کے ذریعہ شہر سے باہر جانے کی اجازت چاہی کہ اس کا ظلم میں برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ حالت ایسی تھی کہ اجازت کا انتظار بھی بظاہر خلاف مصلحت تھا۔ لہٰذا میں بلا اجازت ہی چل دیا۔ اب حالت یہ ہوئی کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی شخص مجھے پیچھے لوٹاتا ہے اور قدم آگے سے پیچھے پڑتا تھا۔ بالآخر چند منزلیں طے کر کے واپس آگیا۔ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمایا کہ تمہارا جانا خلاف مصلحت تھا اس لیے تم جا کیسے سکتے تھے۔

آپ کے ایک مخلص کی دو برس کی ایک لڑکی گم ہو گئی۔ تلاش بسیار کے باوجود نہیں ملی۔ کوتوالی میں خبر دی اور حضرت قبلہ کی خدمت میں عرض حال کیا۔ آپ نے تامل فرمایا اور تھوڑی دیر کے بعد فرمایا کہ ان شاء اللہ تمہاری لڑکی آدھی رات کو گھر آجائے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ پولیس کے سپاہی آدھی رات کو گھر پہنچا گئے۔ سپاہی نے بیان کیا کہ مغرب کے قریب یہ لڑکی شہر کے دروازہ سے باہر جانا چاہتی تھی۔ میں نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے پاس بٹھا لیا۔ کوئی لینے نہیں آیا تو کوتوالی پہنچا دی۔ اب وہاں سے یہ بھیجی گئی ہے۔ صبح کو حضرتؒ نے فرمایا کہ اس لڑکی کو ایک جن اپنے قبضۂ تصرف میں لایا تھا۔ جب دائرۂ قطب سے

Marfat.com

باہر نہ لے جا سکا تو مجبوراً چھوڑ کر چلا گیا۔

میں بیمار تھا اور حافظ کریم بخش صاحب بھی میرے مردانہ مکان میں درد گردہ میں مبتلا بیمار پڑے ہوئے تھے۔ ایک روز حضرت میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور فرمایا حافظ کریم بخش کا مرض سخت ہے۔ میں نے عرض کیا کہ میں دو مصیبتوں میں گرفتار ہوں۔ ایک اپنی بیماری، دوسرے حافظ کریم بخش کی بیماری۔ اگر لوگ میری تیمارداری کرتے ہیں تو ان کی بے کسی بلائے جان ہوتی ہے اور ان کی خدمت میں رہتے ہیں تو میں تنہا رہتا ہوں۔ میرے اس معروضہ سے آپ متاثر ہوئے۔ جب آپ تشریف لیجانے لگے تو تھوڑی دیر حافظ کریم بخش کے سرہانے ٹھیر کر اُن کی طرف متوجہ ہوئے اور تشریف لے گئے اور وہ بالکل اچھے ہو گئے۔ گویا ان کی بیماری آپ کے قدمان مبارک کے ساتھ ہی چلی گئی۔

آپ نے فرمایا کہ میں ایک روز نواب صاحب کی قبر پر فاتحہ و دعا کے لیے جا رہا تھا۔ راستہ میں ایک اندھیری مثل گنبد کے نمودار ہوئی جس کا سلسلہ زمین سے آسمان تک تھا۔ میں نے معلوم کیا کہ یہ جگہ فلاں شخص کی قبر کے واسطے مخصوص ہے۔ چند دنوں کے بعد وہی جبار و جفا کار شخص وہاں مدفون ہوا اور لوگوں کو اس کے شر و فتنہ سے امن مل گئی۔

مقام "منا" میں آپ کے استاد مولانا نواب صاحب نے آپ سے فرمایا کہ میری بیوی اس وقت دردِ زہ سے بیتاب و بے قرار ہے اور تمہارے التفات کی امیدوار۔ اس فقیر کو سعادت ہمرکابی حاصل تھی۔ حضرت فوراً اٹھے اور اُن کے گھر میں چلے گئے۔ میں دروازہ پر ٹھیرا رہا۔ باہر تشریف لائے تو فرمایا کہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے۔ مولانا نواب صاحب کی زبانی خود بندہ نے سنا ہے کہ آپ کی نظر شفا اور ہر مرض کا تعویذ ہے۔

Marfat.com

پیلی بھیت کے کلکٹر ڈرمنڈ کو جب کمشنری بریلی کا عہدہ ملا اور رام پور کا تعلق بھی اس سے ہوگیا تو وہ نواب صاحب کے خلاف ہوگیا۔ ایک روز نواب صاحب نے حضرت کے دولت خانہ پہ حاضر ہوکر تمام ماجرا سنایا اور امداد کے طالب ہوئے۔ آپ نے تسلی دی۔ اسی اثنا میں وہی کمشنر رام پور میں ایک راستہ سے گزر رہا تھا۔ اتفاقاً آپ کی نظر اس پہ پڑی۔ لوگوں نے کہا کہ ڈرمنڈ یہی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا، دین کا دشمن یہی ہے۔ اس کے بعد بریلی پہنچتے ہی وہ معزول ہوگیا اور یہ حکم ہوا کہ آئندہ اس کو کہیں نوکر نہ رکھا جائے کہ نواب رام پور سے دشمنی رکھتا ہے۔

آپ نے ایک بار کسی مجلس میں فرمایا کہ اگر کوئی یہاں سے ہجرت کرنا چاہتا ہے تو جلد چلا جائے، کیونکہ کفار حرمین شریفین کا راستہ بند کردیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا چند روز کے بعد بمبئی میں طاعون کی بیماری پھیلی اور حضرت کی پیشین گوئی کے موافق راستہ بند ہوگیا۔ پھر کچھ عرصہ بعد کھلا تو ایسے شرائط لگا دیے گئے کہ ان کا پورا کرنا بڑا دشوار تھا۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے یہ سن کر دل میں خیال کیا کہ اوروں کو ہجرت کے واسطے فرما رہے ہیں اور خود ہجرت نہیں کرتے۔ آپ اس کے اس خطرہ پر مطلع ہوگئے۔ فوراً فرمایا کہ نواب رام پور کی مسند نشینی کا منتظر ہوں۔ اگر وہ شریعت پہ مستقیم رہا تو فبہا، ورنہ میں بھی اس ملک کو چھوڑ کر ہجرت کرلوں گا۔ اس کے تھوڑے عرصہ کے بعد آپ کا وصال ہوگیا۔

وصال سے کچھ پہلے آپ نے نوحہ و فریاد سے منع فرمایا تھا لیکن وصال کے بعد بعض عورتوں نے اس وصیت پر عمل نہیں کیا۔ پھر وہ کہتی تھیں کہ ہم دیکھ رہے تھے کہ آپ آنکھ کھول کر آنکھ کے اشارے سے نوحہ سے منع فرماتے تھے۔

یہ عاجز آپ کی تجہیز و تکفین میں حاضر تھا۔ میں نے دیکھا کہ آپ کی دونوں شہادت کی انگلیاں اس

Marfat.com

طرح ہیں جیسا کہ تشہد میں اشارۂ شہادت کے لیے حلقہ باندھتے ہیں۔

ہزاروں آدمی جنازہ میں حاضر تھے اور عورتیں دروازوں اور چھتوں پر گریہ کر رہی تھیں۔ بہت سے ہنود بھی با چشم تر جنازے کے ساتھ تھے۔ ایک صغیر لڑکا جنازہ کے ہجوم میں گر پڑا۔ ایک مخلوق اس پر سے گزر گئی لیکن آپ کی برکت سے بفضل خدا اس کو کوئی صدمہ نہیں پہنچا۔

حضرت کے بڑے بھائی جناب مولانا امداد حسین صاحب کا بیان ہے کہ ایک دن نماز فجر کے بعد میں مسجد کے دروازہ سے آپ کے ساتھ نکل رہا تھا۔ آپ نے راستہ کے ریت سے کوئی چیز اٹھائی۔ میں نے دریافت کیا تو میرے ہاتھ میں دے دی۔ وہ ایک نگینہ الماس کے مانند تھا اور اس پر حضرت خواجۂ غریب نواز خواجہ معین الدین چشتی رح کا نام مبارک خوشخط نہایت آب و تاب کے ساتھ کندہ تھا۔ میں نے دیکھ کر واپس کر دیا۔

نواب مشتاق علی خاں کے زمانے میں ایک مرتبہ گائے کی قربانی کے سلسلہ میں اور ایک بت خانہ کی تعمیر کے بارے میں بڑا فتنہ اور شر برپا ہوا اور عام بلوہ اور بغاوت کا اندیشہ لاحق ہو گیا۔ آپ نے اہل اسلام کو تسکین دی اور آپ ہی کی تدبیر صوری اور معنوی سے یہ فتنہ بخیر و خوبی فرو ہوا۔ اور سب پر آپ کی ہمت کا اثر اور کرامت کا ظہور واضح ہو گیا۔

آپ کے اس قسم کے تصرفات بے شمار ہیں اور ان کے اظہار کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ لہٰذا اس سے صرف نظر کر کے اب آپ کے انتقال پر ملال کا مختصر حال لکھتا ہوں۔

وفات حسرت آیات

۸ جمادی الآخر سنہ ۱۳۱۱ھ کو آپ تپ محرقہ میں مبتلا ہوئے۔ روز بروز اس کی تیزی ہوتی گئی۔ اگرچہ

Marfat.com

شدت کرب بے انتہا تھی لیکن آپ پانچوں وقت کی نماز باقاعدہ تیمم کرکے جماعت سے پڑھتے تھے۔ اور تمام ورد و وظائف اور دس پارے قرآن شریف کے تلاوت فرماتے تھے، اور آہ سرد اور اشعار پر درد زبان پر جاری تھے اور آنکھوں سے آنسو رواں، تا آنکہ پیر کے روز ۱۵ تاریخ ماہ مذکور کو عشا کے وقت مسکرات معلوم ہوئی اور صبح کاذب میں جام وصال نوش فرمالیا۔ آپ کی عمر شریف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کے موافق تریسٹھ برس کی تھی اور تیئیس برس تعلیم و ارشاد فرمایا وانا للہ وانا الیہ راجعون الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون ۔

خوبتر اندر جہاں زیں چہ بود کار — دوست بر دوست شد یار بر یار
آں ہمہ اندوہ بود ایں ہمہ شادی — آں ہمہ گفتار بود ایں ہمہ کردار

چونکہ آدمی دس بارہ ہزار جمع ہو گئے تھے جن کی وجہ سے ہر ایک جگہ نماز جنازہ نہیں ہو سکتی تھی لہٰذا تجہیز و تکفین کے بعد عیدگاہ میں نماز پڑھی گئی اور آپ کی وصیت کے موافق خانقاہ کے پیچھے مسجد وعظ گاہ کے سامنے آپ کی مملوکہ زمین میں آپ کو دفن کیا گیا۔

آپ کی اولاد میں بعنایت الٰہی چار بیٹے اور دو بیٹیاں رہیں۔ بڑے صاحبزادہ مولوی احسان حسین صاحب نے آپ کی خدمت میں کچھ علوم ضروریہ حاصل کیے اور ما بقی علوم آپ کے شاگردان رشید کے پاس تکمیل کو پہنچائے۔ اس وقت ان کی عمر پندرہ برس کی تھی۔ دوسرے صاحبزادہ میاں رضوان حسین صاحب بعمر دس سال انتقال کر گئے۔ تیسرے صاحبزادہ میاں معوان حسین صاحب بفضل الٰہی آپ کے باکمال تلامذہ کی صحبت میں علوم ظاہری اور علوم باطنی کی تکمیل کے بعد تدریس علوم میں مشغول ہیں۔ تیسرے صاحبزادہ

ے یہ حال اصل کتاب کی اشاعت کے وقت کا ہے۔ اب تو ان سب حضرات کا انتقال ہو چکا۔

Marfat.com

میاں ریحان حسین صاحب تکمیل علم میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو علم وعمر سے برخوردار اور اپنی مرادوں میں کامگار رکھے۔ بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ سید المرسلین والنبیین صاحب علوم الاولین والآخرین سیدنا محمد وآلہ الطیبین الطاہرین واصحابہ الہادین الی یوم الدین۔ آمین +

Marfat.com

سوانح مبارک قطب المحققین و المدققین نیوم زمان غوث دوران، امامنا و مولانا و شیخنا شریعت پناہ،

حقیقت آگاہ حضرت مولانا حاجی حافظ محمد عنایت اللہ خان نقشبندی مجددی رامپوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ



اعنی



از خادم بارگاہ مقصود احمد عمری نقشبندی مجددی کان اللہ لہٗ

Marfat.com

Marfat.com

فہرست مضامین

عنوان	نمبر صفحہ
حضرت کا نسب نامہ	۳۲۹
ولادت باسعادت	۳۳۱
حضرت کی تعلیم ظاہری اور اس کے متعلقہ احوال	۳۳۳
حضرت سیّدنا و مرشدنا قدس سرّہٗ کی تعلیم ظاہری اور تربیت باطنی	۳۴۲
حضرت کا اخلاص اپنے حضرت پیر و مرشد سے اور بعض واقعات متعلقہ جانشینی و خلافت	۳۴۷
حضرت کا مرتبہ علم ظاہر	۳۵۵
ارشاد باطنی	۳۵۶
بیعت کا طریقہ	۳۶۱
کثرت ارشاد	۳۶۵
مشرب	۳۷۲
حضرت مجدد رضی اللہ عنہ سے حضرت کا اخلاص	۳۷۷
طریق اجازت	۳۷۸
ملفوظات	۳۸۰
کرامات و تصرّفات	۳۸۶
حلیۂ مبارک و اخلاق و عادات	۳۹۱
اوقات و معمولات	۳۹۵
وفات حسرت آیات	۳۹۸
قطعہ تاریخی	۴۰۳
دیگر فارسی	۴۰۴
اہل و عیال	۴۰۵
ہمارے حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلفاء کا مختصر بیان	۴۱۵

Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

حضرت کا نسب نامہ

حضرت قبلۂ عالم قدس سرہ العزیز نسباً افغانی تھے۔ آپ کے آباؤ اجداد مقام شمل بانڈہ بانس کٹے ملک بنیر کے رہنے والے تھے۔ جد اعلیٰ قاضی معظم خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کے بڑے عالم فاضل، عابد و زاہد تھے اور اپنے تبحر علمی نیز زہد و تقویٰ کی وجہ سے تمام افغانستان میں مشہور تھے۔ قاضی صاحب کے خاندان میں قضاۃ آپ کے آباؤ اجداد سے مسلسل چلی آتی تھی۔ حضرت قبلہ قدس اللہ سرہ العزیز کے جد امجد جناب شیخ رحمت خاں صاحب نے آخر عہد نواب فیض اللہ خاں صاحب میں افغانستان سے آکر رامپور کی سکونت اختیار کی اور رفتہ رفتہ نواب صاحب مرحوم کا تقرب حاصل کر لیا۔ لیکن نواب نصر اللہ خاں صاحب کے زمانہ میں شیخ صاحب کسی رنجش کے باعث نواب امیر خاں صاحب کے لشکر سے جا ملے، اور پھر لشکر کے سپہ سالار مقرر ہو گئے۔ آپ باوجودیکہ فوجی آدمی تھے مگر صوم و صلوٰۃ کے نہایت پابند متشرع اور دیندار مسلمان تھے شیخ صاحب کی دو بیبیاں تھیں۔ ایک افغانستان سے ہمراہ آئی تھیں اور ایک نکاح رامپور ہی میں کیا۔ رامپوری بی بی کے بطن سے تو کچھ اولادیں ہوئیں مگر اس وقت تک چونکہ افغانی بی بی کے بطن سے

Marfat.com

کوئی اولاد نہ ہوئی تھی اس لیے شیخ صاحب کی خوشدامن صاحبہ ہمیشہ حق تعالیٰ سے اولاد کی دعا کیا کرتی تھیں۔ ایک روز اتفاق سے ایک مغلوب الاحوال درویش نے گھر پر آکر آواز دی اور پینے کو پانی مانگا۔ چونکہ ان درویش صاحب کے چہرہ سے آثار بزرگی ہویدا تھے اس لیے شیخ صاحب کی خوشدامن صاحبہ نے ان کی بہت خاطر و مدارات کی اور عرض کیا کہ میرے فرزند کے اولاد نہیں ہے آپ اولاد کے لیے دعا فرمائیں۔ شاہ صاحب نے فرمایا کہ ہم ضرور دعا کریں گے، حق تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے فرزند عطا فرمائے گا۔ یہ بات چیت کر کے شاہ صاحب تشریف لے گئے اور تقریباً ایک سال بعد شیخ صاحب کے بحکم الٰہی فرزند تولد ہوا۔ ولادت کے متصل ہی شاہ صاحب خود بخود پھر تشریف لے آئے اور آپ نے اس لڑکے کا نام محمد حبیب اللہ خاں رکھا اور یہ بشارت دی کہ اس لڑکے کی بہت نگہداشت رکھنا، یہ بہت بڑا با نصیب لڑکا ہے اور اس کی صلب سے ایک ایسا اللہ تعالیٰ کا ولی پیدا ہوگا جس سے ایک عالم فیض حاصل کرے گا۔

ان شاہ صاحب کا نام بھولا شاہ صاحب تھا اور خاندان عالیہ قادریہ کے بزرگ تھے۔ ان کی کلاہ حضرت پیر دستگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خاندان میں اب تک بطور تبرک موجود ہے۔

حضرت قبلہ کے والد ماجد جناب محمد حبیب اللہ خاں صاحب اپنے والد شیخ رحمت خاں صاحب اور زیادہ تر اپنے ماموں شاہ عالم خاں صاحب کی زیر تربیت رامپور ہی میں پلے بڑھے۔ جوان ہو کر پیشہ متاجری اختیار کیا اور اس میں ان کو بڑی فراخی اور مالداری حاصل ہوئی۔ جناب محمد حبیب اللہ خاں صاحب خود بھی فقیر دوست تھے اور حضرت بھورا میاں صاحب خلیفہ حضرت شاہ درگاہی صاحب نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہما سے بیعت تھے۔ جناب حبیب اللہ خاں صاحب کی شادی ملا فقیر اخوند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متبنیٰ محمد صالح صاحب کی لڑکی سے ہوئی۔ ملا صاحب بڑے جلیل القدر بزرگ تھے۔ ساٹھ ستر شیوخ سے

Marfat.com

اجازت وخلافت پائی تھی۔ بڑے صاحب تصرف اور بہت قوی النسبت تھے۔ ان کا مزار شریف رامپور ہی میں ہے اور ایک محلہ ہی حلقہ والی زیارت کے نام سے موسوم ہوگیا۔ ملا صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا سن وفات ۱۲۸۴ھ ہے۔ جناب حبیب اللہ خاں صاحب کے تین صاحبزادہ ہوئے۔ بڑے صاحبزادے کا نام عظیم اللہ خاں صاحب تھا ان کا انتقال ہوگیا۔ ان کے ایک لڑکے حمید اللہ خاں صاحب حافظ متقی اور نہایت صالح تھے اور حضرت قبلہ سے بیعت کر کے داخل طریق ہو گئے تھے۔ افسوس ہے کہ بعد وفات حضرت صاحب انہوں نے بھی انتقال کیا۔ چھوٹے صاحبزادہ کا نام حکمت اللہ خاں صاحب تھا لاولد انتقال ہوگیا۔ ہمارے حضرت صاحب قبلہ منجھلے صاحبزادے تھے، رحمہم اللہ علیہم اجمعین۔

ولادت باسعادت

حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہ العزیز کی ولادت باسعادت ۱۲۵۹ھ میں ہوئی۔ یہ امر تواتر کو پہنچ گیا ہے کہ جب حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے کسی مقرب اور مخلص بندے کو اپنی مخلوق کی ہدایت وارشاد کے لیے پیدا فرماتا ہے تو پیدائش کے قبل ہی سے اکثر اس مقبول ومسعود مولود کے متعلق مختلف بشارات خواہ بصورت واقعہ یا ذریعہ خواب دی جاتی ہیں، اہل معنی اور صاحب باطن حضرات ان بشارات سے درک فرمالیتے ہیں کہ کسی مبارک وجود کے ظہور کا زمانہ قریب آنے والا ہے۔ بعض حضرات انبیائے کرام علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام کے تولد کی خبر سے تو حق تعالیٰ نے نہایت صریح طور پر بہت پہلے ہی سے اپنے بندوں کو آگاہ فرمادیا تھا جیسا کہ قرآن مجید اور توریت وغیرہ سے صاف ظاہر ہے جس کی تشریح کی چنداں ضرورت نہیں۔ اسی طرح اپنے اولیاء اور مقرب بندوں کے تولد کی اطلاع بھی الہام وغیرہ کے ذریعہ سے اب تک دی جاتی رہی ہے

Marfat.com

مثلاً حضرت جناب غوث الاعظم اور حضرت جناب مجدد الف ثانی اور ان حضرات کی اولاد کرام اور خلفائے عظام قدس اللہ تعالیٰ سرہم العزیز کی ولادت باسعادت کے متعلق بھی بہ تواتر ایسا ہی واقع ہو چکا ہے چنانچہ ہمارے حضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت باسعادت سے پیشتر دو بشارتیں خاص طور پہ قابل ذکر ہیں۔ ایک تو یہ کہ حضرت کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت کے بعد ہی حضرت بھولا شاہ صاحب قادری رحمۃ اللہ علیہ نے بشارت دی تھی کہ اس لڑکے کی خوب حفاظت و نگہداشت کی جائے کیونکہ اس کے صلب سے ایک بہت بڑا اللہ کا ولی پیدا ہوگا جس سے ایک زمانہ رشد و ہدایت حاصل کریگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور ہمارے حضرت صاحب قبلہ کی ذات مبارک سے عالم نے فیض حاصل کیا۔ ہندوستان کا تو ذکر ہی نہیں، بخارا، بلخ، ہرات، کابل، قندھار وغیرہ کے لوگ بکثرت فیضیاب ہوئے۔

دوسری بشارت یہ ہے کہ حضرت کے والد ماجد نے ایک خواب دیکھا کہ گود میں ایک ماہ کامل آگیا ہے اور وہ گود ہی میں تھا کہ آنکھ کھل گئی۔ اُن کے پیر و مرشد حضرت بھورے میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تعبیر دی کہ تمہارے ایک لڑکا ایسا پیدا ہوگا جو مثل ماہ کامل کے اپنے انوار باطنی سے عالم کو روشن کرے گا۔ فوقع کما قال۔

یہ بھی اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی شخصیت کسی کمال کو پہنچنے والی ہوتی ہے تو اس کمال کے آثار و علامات بچپن ہی سے ظاہر ہوتے ہیں، چنانچہ حضرت قبلہ عالم رحمۃ اللہ علیہ کے حالات بچپن ہی سے اسی قسم کے تھے جو اس بات پر دلالت کرتے تھے کہ آگے چل کر بڑے صاحب مرتبہ ہونگے۔ خود حضرت سیدی و مرشدی قدس اللہ سرہ العزیز بسبیل تذکرہ فرماتے تھے کہ بچپن سے لے کر اس وقت تک جب تک کہ ہم اپنے حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور امور باطنی سے آگاہی ہوئی دنیا کے

Marfat.com

کارخانے دیکھ کر ایک حیرت سی ہوتی تھی اور طبیعت میں ایک نامعلوم قسم کا تحیر بیشتر بلکہ ہر وقت رہتا تھا۔

حضرت کی تعلیم ظاہری اور اس کے متعلقہ احوال

آپ کی ولادت باسعادت سے آپ کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کو بہت خوشی حاصل ہوئی اور تمام اولاد سے زیادہ محبت فرماتے اور ہر امر کی نگہداشت رکھتے تھے چنانچہ تسمیہ خوانی کے بعد قرآن مجید حفظ کرانا شروع کرا دیا گیا، اور آپ نے جلد قرآن مجید حفظ کر لیا۔ اٹھارہ پارے حافظ محمد عنایت اللہ خاں صاحب سے حفظ کیے اور بارہ حافظ محمد اکبر خاں صاحب سے۔ یہ دونوں رامپور کے نہایت جید حفاظ میں سے تھے۔ پھر فن قرارت قاری عبدالرحیم صاحب خلیفہ حضرت مولانا جمال الدین صاحب نظامی چشتی رامپوری سے سیکھا اور خوب رسوخ حاصل فرمایا چنانچہ آپ اس روانی اور بے تکلفی سے بیس قرآن مجید پڑھتے کہ لطف آتا اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ ہر لفظ کے معنی بروقت تلاوت پیش نظر ہیں۔ حفظ قرآن مجید کے بعد فارسی کی کتب متداولہ مولوی کریم بخش صاحب وغیرہ سے پڑھیں، اس کے بعد اٹھارہ سال کی عمر تک آپ نے کچھ نہ پڑھا۔ گویا آپ کی زندگانی کا یہ ایک دور ہی علیحدہ تھا کسی کو کیا معلوم تھا کہ عنفوان شباب سے لے کر آخر عمر شریف تک ظاہر و باطن کے کس قدر کمالات حق سبحانہ و تعالیٰ محض اپنے فضل مخصوص سے عطا فرمائے گا۔ اسی تھوڑی سی تعلیم کے بعد سے لے کر ۴۸ سال کی عمر تک تعلیم جاری نہ رہنے میں ایک خاص نکتہ ہے جو بادی النظر میں فہم سے باہر اور جس کا بیان کرنا بھی ایک حد تک مناسب معلوم ہوتا ہے۔

قاعدہ ہے کہ انسان کی عمر جس قدر زیادہ ہوتی جاتی ہے عمر کے ساتھ ہی ساتھ اس کے اوصاف ذاتی و عارضی بھی پختہ ہوتے جاتے ہیں۔ چنانچہ جب تک خاص شعور پیدا نہیں ہوا حضرت کی تعلیم جاری

Marfat.com

رہی اور جب سمجھ پیدا ہوئی اور عمر شریف زیادہ ہونی شروع ہوئی اسی قدر اس خاص حیرت و تحیر میں زیادتی ہونی شروع ہوگئی اور یہی تحیر دنیا کے امور سے بے تعلقی کا باعث ہوا فی الحقیقت یہ تحیر ایک قسم کا جذب الٰہی تھا اور ضرورت اس بات کی تھی کہ کوئی قوی التصرف ہستی اپنے قوت تصرف سے راہ پر لگائے اور معشوق حقیقی کی صحیح راہ بتائے چنانچہ جب حضرت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین قطب الارشاد جناب مولانا مولوی محمد ارشاد حسین مجددی نقشبندی قدس اللہ سرہٗ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت موصوف قدس سرہٗ نے پہلی ہی نظر میں حضرت پیر دستگیر کی علو فطرت و بلند استعداد کو بھانپ لیا اور اسی کے مطابق ظاہر و باطن کی تعلیم شروع فرما دی۔

اگر یہ کہا جائے کہ صرف حضرت ہی کو بچپن سے یہ تحیر تھا اور بزرگوں کو ایسا واقع نہ ہوا، اس کی کیا وجہ ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کوئی کلیہ نہیں ہے کہ سب کو ہی التزاماً ایسا ہونا چاہیے۔ اکثر بزرگوں کی حالت ایسی بھی ہوئی ہے چنانچہ حضرت قیوم ثانی عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے متعلق حضرت امام و قیوم ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں کہ یہ محمد معصوم کی علوے فطرت اور تجلی ذاتی کی وجہ ہے کہ تین سال کی عمر میں کلمۂ توحید زبان پر لایا کہ زمین حق ہے اور آسمان و شجر و حجر حق ہے۔

یہ کیفیت محمدی المشرب ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ نیز حضرت سید السادات خواجہ محمد نعمان قدس اللہ سرہ العزیز بھی فرماتے ہیں کہ مجھے بچپن سے تحیر غالب تھا جو سمجھ میں نہیں آتا تھا جب داخل طریق ہوا تو معلوم ہوا کہ حیرت کس وجہ سے تھی۔ اسی طرح اور بھی اکثر بزرگوں کی یہی کیفیت رونما ہوئی ہے۔

بہر حال ۱۸ سال کی عمر شریف تک حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہ العزیز تمام امور سے آزاد رہے۔

Marfat.com

چنانچہ آپ کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ چاہتے تھے کہ یہ بھی مثل اپنے بڑے بھائی کے دیہات وغیرہ کی دیکھ بھال کریں مگر حضرت کو اس سے بھی بے تعلقی تھی اور اپنے والد صاحب سے اجازت حاصل کر لی تھی کہ مجھے میرے حال پہ محض اللہ تعالیٰ کے واسطے چھوڑ دیا جائے۔ چنانچہ طلب حق کی یہ کیفیت تھی کہ اس زمانہ میں جس بزرگ کا معلوم ہوا اس کی خدمت میں حاضر ہوئے مگر کار برآری کی صورت کسی جگہ نظر نہ آئی۔ اس زمانہ میں منجملہ دیگر بزرگوں کے رامپور میں حاجی محمدی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نامی ایک بزرگ تھے۔ یہ اپنے وقت کے قطب تھے۔ حضرت قبلہ اکثر ان سے ملتے اور بیعت کا اشتیاق ظاہر فرماتے۔ وہ یہ فرما کر تسکین کر دیتے کہ تم ابھی پڑھو عنقریب ایک قطب وقت کا ظہور ہونے والا ہے اس سے تم کو نصیب کامل ملے گا۔ حاجی محمدی صاحب کا یہ اشارہ حضرت جناب قطب ارشاد مولوی محمد ارشاد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی طرف تھا۔ حاجی صاحب کو از روئے کشف یہ امر معلوم ہو چکا تھا اسی وجہ سے ہمارے حضرت قبلہ کی تسکین فرما دیتے تھے۔

حضرت قبلہ قدس سرہٗ کو خدا طلبی کا ازلی اشتیاق دن بدن زیادہ ہوتا جاتا تھا اور ہر دم نہایت متحیر و مضطرب رہتے تھے۔ یہاں تک کہ قطب دوراں غوث زماں حضرت جناب مولانا مولوی محمد ارشاد حسین صاحب مجددی نقشبندی قدس اللہ سرہ العزیز رامپور تشریف لائے اور آپ ان کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔

قبل اس کے کہ حضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز کے بقیہ حالات تعلیم ظاہری و باطنی بیان کیے جائیں یہ امر ضروری ہے کہ حضرت کے پیر و مرشد قطب ارشاد حضرت جناب مولنا مولوی محمد ارشاد حسین صاحب مجددی نقشبندی قدس سرہٗ کے مختصر حالات بیان کر دیے جائیں۔ اگرچہ حضرت قبلہ نے ایک مختصر رسالہ

Marfat.com

مقامات ارشادیہ کے نام سے اپنے حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے حالات ارجمند اور مقامات بلند میں تحریر فرما دیا ہے مگر بہ لحاظ تسلسل حالات و تعارف ناظرین حقیر کاتب الحروف کو بھی کچھ نہ کچھ بیان کرنا ضروری ہے، وھو ھٰذا:

قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین قطب ارشاد و قیوم حضرت مولٰنا مولوی حافظ محمد ارشاد حسین صاحب عمری مجددی (نسباً) نقشبندی (طریقۃً) قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کا سلسلۂ نسب سات واسطے سے امام و قیوم ربانی مجدد الف ثانی شیخنا و مولٰنا حضرت جناب شیخ احمد فاروقی سرہندی نقشبندی رضی اللہ عنہ سے بایں طور ملتا ہے کہ حضرت مولوی ارشاد حسین ابن حکیم احمد حسین[1] ابن میاں غلام محی الدین[2] ابن میاں فیض احمد[3] ابن شاہ کمال الدین[4] ابن شیخ درویش[5] احمد ابن شیخ زین العابدین[6] عرف شاہ فقیر اللہ ابن شیخ محمد یحییٰ[7] فرزند اصغر حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس اللہ سرہم العزیز۔

آپ جامع علوم ظاہری و باطنی تھے۔ فارسی وغیرہ میں اپنے والد ماجد حکیم احمد حسین مجددی رحمۃ اللہ علیہ سے جو ہر فن مولیٰ تھے اور شیخ احمد علی صاحب سے کہ اس وقت میں یگانۂ روزگار تھے کمال حاصل کیا اور صرف و نحو عربی کی تکمیل حافظ غلام نبی صاحب و مولوی جلال الدین صاحب اور مولوی نصیر الدین صاحب سے کی۔ یہ تینوں اساتذہ بھی اپنے فن میں بڑے متبحر تھے۔ باقی کتب منقول لکھنؤ جا کر تمام کیں اور کتب معقول علامۂ زماں حضرت ملا نواب صاحب کی صحبت میں رہ کر پڑھیں اور دونوں علوم معقول و منقول میں کمال رسوخ و تبحر پیدا کر لیا۔ سند حدیث اپنے پیر و مرشد قبلۂ انام مرجع ہر خاص و عام غوث و قیوم، قطب دوراں، محبوب رب حمید جناب حضرت شاہ احمد سعید مجددی نقشبندی دہلوی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ سے حاصل کی۔

Marfat.com

فن حدیث میں آپ کا مرتبہ نہایت عالی تھا۔ اس لیے کہ آپ نے اپنے حضرت پیر مرشد رضی اللہ عنہ سے دورۂ حدیث تمام و کمال ختم کر کے سند حاصل کی اور آپ کے حضرت پیر و مرشد رضی اللہ عنہ نے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی سے اور نیز جناب حضرت مولوی سراج احمد صاحب سے انہوں نے اپنے والد حضرت محمد مرشد سے، انہوں نے اپنے والد محمد ارشد سے، انہوں نے اپنے والد حضرت فرخ شاہ سے، انہوں نے اپنے والد حضرت شاہ خواجہ محمد سعید سے، انہوں نے حضرت مجدد رضی اللہ عنہم اجمعین سے۔

اور یہ سند حدیث مسلسل بالاولیۃ تھی۔ نیز جناب حضرت شاہ احمد سعید صاحب قدس اللہ سرہ العزیز نے حضرت جناب غلام علی شاہ صاحب اور حضرت شاہ رفیع الدین صاحب اور حضرت شاہ عبدالقادر صاحب قدس اللہ سرہم سے بھی بعض کتب حدیث پڑھیں۔ بس اسی سے حضرت قطب ارشاد قدس اللہ سرہ العزیز کا مرتبہ فن حدیث میں معلوم کرنا چاہیے۔ لیکن آپ فقہائے عظام رضی اللہ عنہم کے توسل اور تقلید کو عمل حدیث میں ترک نہیں فرماتے تھے اور یہی ہر مقلد کے واسطے خواہ مرتبۂ اجتہاد ہی کو پہنچ گیا ہو لازم ہے۔ حضرت مجدد صاحب رضی اللہ عنہ سے محدث جو مرتبۂ اجتہاد کو پہنچے ہوئے تھے رفع سبابہ کی بحث میں فرماتے ہیں کہ:

"ما مقلداں را نمی رسد کہ بمقتضائے حدیث عمل نمودہ جرأت در اشارت نمائیم و بہ تقلید چندیں علمائے مجتہدین مرتکب امر محرم و مکروہ و منہی گردیم"۔

لیکن افسوس ہے ان کم فہم اشخاص پر جو یہ کہتے ہیں کہ حضرت علم حدیث سے ناواقف تھے۔ اور ایک صاحب بعض معاندین کے کہنے سے اپنی کتاب میں ایک واقعہ نقل کر گئے ہیں کہ حضرت نے ایک موقع پر ترجمہ حدیث غلط کیا تھا۔ یہ کہنے والے اور لکھنے والے یہ نہیں جانتے ع

Marfat.com

خود غلط بود آنچہ آں پندا شتند

لکھتے لکھتے یہ مختصر بحث بطور جملہ معترضہ درمیان میں آگئی لہٰذا اب اصل مطلب کی طرف رجوع کی جاتی ہے۔

کتب تصوف مثل مکتوبات شریف حضرت امام ربانی رضی اللہ عنہ اور مثنوی مولانا روم علیہ الرحمۃ۔ رسالہ قشیری، عوارف المعارف اور فصوص الحکم وغیرہ بھی اپنے پیر و مرشد سے پڑھیں۔ ذہانت و ذکاوت، حافظہ وغیرہ اس بلا کا تھا کہ جس کا بیان نہیں ہو سکتا یہی وجہ تھی کہ بڑے بڑے صاحب فن آپ سے گفتگو نہیں کر سکتے تھے۔ اور خود آپ کے اساتذہ بھی آپ کی ذہانت و ذکاوت پر حیران رہ جاتے تھے۔

فن سپہ گری وغیرہ میں بھی بدطولیٰ حاصل تھا۔ نہایت خوش رو و خوش خو شیریں گفتار تیز رفتار تھے۔ وجاہت ظاہری و باطنی کا کیا بیان کیا جائے ؎

ہیبت حق است ایں از خلق نیست ہیبت ایں مرد صاحب دلق نیست

کا مصداق تھے۔ قد مبارک میانہ، سر مبارک بلند، پیشانی کشادہ، ریش انبوہ، چشم سیاہ سرخی مائل، ابرو دراز گندم گوں رنگ، چہرہ مبارک شگفتہ منور اور باہیبت و باوقار۔ استقلال ایسا تھا کہ کوہ استقامت تھے۔ سخاوت و مروت، حلم و بردباری، وقار و تمکین آپ کے اوصاف پسندیدہ، بڑوں سے باعظمت اور چھوٹوں سے باشفقت پیش آتے تھے۔ غرض اخلاق محمدی کا کامل نمونہ تھے۔ اکثر اصحاب باطن نے حضرت کی صورت مثالی میں جناب حضرت سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وبارک وسلم کی زیارت کی ہے۔

اتباع شریعت کا یہ حال تھا کہ ادنیٰ مستحب بھی کبھی کسی نے ترک ہوتے نہ دیکھا۔ ہمہ تن سنت نبوی تھے حضرت قطب دوران غوث زمان جناب شاہ احمد سعید قدس اللہ تعالیٰ سرہ العزیز کے دست مبارک پر

Marfat.com

دہلی میں بیعت سے مشرف ہوئے اور اسرع اوقات میں سلوک نقشبندی و مقامات مجددی از ابتدا تا انتہا طے کیے۔ ہر مقام میں نہایت رسوخ و اتصاف حاصل فرمایا۔ آپ کے حضرت پیر و مرشد رضی اللہ عنہ آپ کو مثل اپنی عزیز اولاد کے سمجھتے تھے اور آپ کی استعداد بلند اور ادراک کی نہایت تعریف فرماتے تھے۔ دہلی ہی میں آپ اجازت و خلافت سے مشرف ہو چکے تھے مگر غدر کے زمانہ میں جب حضرت کے پیر و مرشد رضی اللہ عنہ کی خدمت بابرکت میں رہ کر مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے فیوض و انوار سے مالا مال ہو گئے یہاں تک کہ حضرت جناب سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت کے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کو واقعہ میں امر فرمایا کہ ارشاد حسین کو رامپور بھیج دو۔ یہ بشارت قطبیت تھی۔ چنانچہ آپ رامپور تشریف لے آئے اور حضرت ملا اخوند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف کے متعلقہ حجرے میں قیام فرمایا۔ نو ماہ میں قرآن مجید حفظ کر لیا۔ پھر اس کے بعد ایک بیوہ سے جن کی عمر تقریباً چالیس پچاس سال کے درمیان تھی نکاح کیا۔ حالانکہ اس وقت آپ کی عمر شریف ۳۱ - ۳۲ سال کی تھی۔ اس نکاح میں بھی اتباع سنت نبوی کو ترک نہ فرمایا۔ کچھ زمانہ تک نہایت شکستگی اور تنگی سے بسر ہوتی رہی مگر کسی پر احوال ظاہر نہ ہونے دیے۔ بلکہ ہمارے حضرت قبلہ سے جو اس وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہو چکے تھے، یہ فرما دیا تھا کہ تم ہمارے احوال سے غرض نہ کرنا نہ کسی سے ہمارا احوال کہنا اور نہ کسی قسم کی امداد وغیرہ کا خیال کرنا ورنہ تم سے ہمارے تمام تعلقات منقطع ہو جائیں گے۔ نہایت صبر و توکل سے اپنے کام میں مشغول رہے اور ظاہری اور باطنی ارشاد کو ترقی ہونی شروع ہوئی۔ ادھر خلد آشیاں نواب کلب علی خاں صاحب مرحوم کو حق تعالیٰ نے متوجہ فرما دیا اور وہ بصد فخر حضرت کے متکفل ہو گئے۔ نواب صاحب بچپن سے ہی آپ کو جانتے تھے۔ اس لیے کہ آپ کے استاد ملا نواب صاحب خلد آشیاں مرحوم کو پڑھایا کرتے تھے اور آپ بھی ملا نواب صاحب سے

Marfat.com

پڑھتے تھے بچپن ہی میں فیما بین خوب رسم تھی مگر اس کے بعد آپ اپنے کام میں مشغول ہو گئے۔ اور جب سالہا سال کے بعد رامپور آکر مسند ارشاد پر بیٹھے تو خود نواب صاحب کو نہ کوئی اطلاع کی، نہ ان سے ملنے کی خواہش کا ظاہراً و باطناً اظہار کیا۔ نواب صاحب کو جب خود ہی معلوم ہوا تو ہر ممکن خاطر اور عقیدت کو مدنظر رکھا اور پھر حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے بھی ان کی عقیدت اور ان کا اخلاص دیکھ کر ان کا آخر وقت تک ساتھ دیا۔

غرض رامپور تو کیا ایک عالم میں آپ کا ارشاد روز بروز بڑھتا ہی رہا۔ طلبائے علم ظاہر اور طالبان علم باطن کا آپ کے در دولت پر ہر وقت مجمع رہتا تھا۔ صبح کے حلقہ وغیرہ سے فارغ ہو کر گیارہ بجے تک کتب معقول و منقول کا درس نہایت تحقیق و تدقیق سے ہوتا تھا۔ پھر بعد نماز عصر کتب تصوف وغیرہ پڑھتے۔ پھر بعد نماز مغرب عشا تک حلقہ ہوتا تھا۔ علم ظاہر میں بھی آپ کے شاگرد نہایت متبحر اور جید علماء ہوئے اور ہندوستان کے اکثر مشہور شہر ایسے نہ تھے جہاں کوئی آپ کا شاگرد موجود نہ ہو۔

آپ کی نسبت تشریف میں نہایت علو تھا اور بیحد لطیف تھی۔ بڑے بڑے صاحب کشف و ادراک آپ کی نسبت باطنی کا شمہ برابر بھی ادراک نہیں کر سکتے تھے۔ آپ مکمل محبوبوں اور مرادوں میں سے تھے۔

ذاتی طور پر محمدی المشرب اور حقیقت احمدی میں کمال اتصاف و رسوخ حاصل فرمایا تھا اور یہ امر نوادرات میں سے ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ مزاج مبارک میں نہایت صفائی اور نزاکت تھی اور یہ خاصہ مجددیت ہے۔ آپ مجدد مائۃ اربعہ عشر اور قطب ارشاد تھے اور اس مرتبہ کے قطب تھے کہ جن کے متعلق امام و قیوم ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

قطب ارشاد کہ جامع کمالات فردیت نیز باشد بسیار عزیز الوجود است و بعد از قرون بسیار و از منہ بے شمار ایں قسم

Marfat.com

گوہرے بظہور می آید و عالم ظلمانی از نور او نورانی می گردد و نور ارشاد و ہدایت او شامل تمام عالم است از محیط عرش تا مرکز فرش ہر کسی را کہ رشد و ہدایت و ایمان و معرفت حاصل می شود از راہ او می آید و از و مستفاد می گردد۔ بے توسط او ہیچ کس بایں دولت نمی رسد مثلاً نور ہدایت او در رنگ دریائے محیط تمام عالم را فرا گرفتہ است و آں دریا گویا منجمد است اصلاً حرکت ندارد شخصے کہ متوجہ آں بزرگ است و با و اخلاص دارد و یا آنکہ آں بزرگ متوجہ حال طالبے شدہ است در وقت توجہ گویا روزنے در دل طالب کشادہ می شود و از اں راہ بقدر توجہ و اخلاص از اں دریا سیراب می گردد و ہمچنیں شخصی کہ متوجہ ذکر الٰہی است جل شانہ و بآں عزیز اصلاً متوجہ نیست نہ از انکار بلکہ او را نمی شناسد ہمیں قسم افادہ آنجا ہم حاصل می شود لیکن در صورت اولیٰ بیشتر از صورت ثانیہ است اما شخصی کہ منکر آں بزرگ است یا آں بزرگ از و در بار است، ہر چند بذکر تعالیٰ و تقدس مشغول است اما از حقیقت رشد و ہدایت محروم است ہماں انکار و آزار سد راہ فیض و می گردد بے آنکہ آں عزیز متوجہ عدم افادہ او شود و قصد ضرر او نماید حقیقت رشد از و مفقود است۔ صورت رشد است صورت بے معنی قلیل النفع است و جماعہ کہ اخلاص و محبت بآں عزیز دارند ہر چند از توجہ مذکور و ذکر الٰہی تعالیٰ شانہ خالی باشند نیز ایشاں را بواسطہ مجرد محبت نور رشد و ہدایت می رسد"۔

آپ ہر جمعہ کو بعد نماز وعظ فرمایا کرتے تھے۔ وعظ کی یہ کیفیت تھی کہ اس سے پہلے سننے والوں نے نہ ایسا وعظ سنا نہ آپ کے بعد وہ وعظ کسی کو نصیب ہوا۔ وعظ کیا تھا گویا الہام الٰہی تھا کہ زبان فیض ترجمان سے ادا ہوتا تھا۔ آپ کا علم لدنی تھا اور حق تعالیٰ نے کمال شرح صدر عطا فرمایا تھا۔ مختصر یہ کہ ۳۲ سال تک مسند ارشاد کو رونق بخشی۔ بالآخر باتباع عمر شریف حضرت سید الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ و بارک وسلم ۶۳ سال کی عمر میں بتاریخ پانزدہم جمادی الآخر ۱۳۱۱ھ روز دوشنبہ انتقال فرمایا۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْہِمْ وَلَا ہُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

Marfat.com

جن اصحاب کو مفصل حالات دیکھنے کی خواہش ہو "مقامات ارشادیہ" ملاحظہ کی جائے

حضرت سیدنا و مرشدنا قدس سرہٗ کی تعلیم ظاہری اور تربیت باطنی

جب حضرت سیدنا و مرشدنا رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد حضرت ملا اخوند صاحب کے مزار شریف میں تشریف لاکر مقیم ہوئے تو حضرت قبلہ اپنے ایک ہم عمر دوست کے ہمراہ کتاب "راہ نجات" کا ایک مسئلہ دریافت کرنے کی غرض سے حضرت قبلۂ عالم جناب مولنا مولوی ارشاد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت قبلۂ عالم نے مسئلہ تو بتا دیا اور آپ کو بغور دیکھ کر فرمایا کہ تم خود علم کیوں نہیں پڑھ لیتے۔ آپ کے ہمراہ آپ کے جو دوست تھے اُن سے کچھ غرض نہ فرمائی۔ حضرت پیر و مرشد نے جواب دیا کہ میں اب جوان ہو چکا ہوں اور بچوں کے پڑھنے کی کتابیں پڑھنے سے حیا معلوم ہوتی ہے۔ حضرت جناب قطب ارشاد قدس سرہٗ العزیز نے فرمایا کہ ہم تم کو وہ کتاب پڑھائیں گے جو کسی نے اب تک نہیں پڑھی ہے چنانچہ کتاب "ارشاد الصرف" سبقاً سبقاً حضرت ہی کے واسطے حضرت کے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ نے تصنیف فرمائی۔ اس سوال و جواب کے بعد ہی حضرت قبلہ اپنے حضرت پیر دستگیر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اس طرح حاضری ہوئی کہ یوم وصال تک غیر حاضری کسی دن نہ ہوئی مگر باجازت و بضرورت اور وہ بھی کم۔ اور پھر حاضری بھی ایسی کہ سفر و حضر میں کسی زمانے اور کسی وقت ساتھ نہ چھوڑا۔

حضرت قطب الارشاد رحمۃ اللہ علیہ کا بغور دیکھنا گویا پہلا ہی تیر تھا جو کام کر گیا۔ حضرت قطب الارشاد قدس اللہ سرہٗ العزیز نے بھی پہلے ہی نظر میں اپنے کشف و قوت نظر باطنی سے تاڑ لیا تھا کہ آپ کس کام کے آدمی ہیں اور آئندہ حق تعالیٰ کو کیا کام لینا ہے۔ مسئلہ راہ نجات کی دریافت حقیقی راہ نجات کا باعث

Marfat.com

ہوگئی۔ اور یہ بھی ہمارے حضرت کے حق میں حقیقی اور عمدہ تفاول تھا۔

ہمارے حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت بھی مرادی اور محبوبی تھی جس کی دلیل یہ ہے کہ علم ظاہری و باطنی کے حصول کے لیے نہ آپ کو اپنے شہر سے باہر جانا پڑا نہ آپ نے کسی قسم کی تکلیف اُٹھائی۔ بلا آپ کے خیال اور کوشش کے حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کو اپنی طرف جذب فرمالیا۔ حضرت قطب الارشاد قدس سرہٗ کا ملا اخوند صاحب کے حجرہ میں تشریف لاکر قیام کرنا بھی گویا حضرت کو شکار کرنے کی غرض سے تھا اور پھر جب حضرت حاضر ہوگئے تو ہمہ تن آپ کی تعلیم ظاہری و باطنی کی طرف متوجہ ہوگئے۔ یہ بالکل درست ہے کہ ؎

ایں سعادت بزور بازو نیست　　تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اَللّٰہُ یَجْتَبِیْ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ۔ غرض آپ اپنے حضرت پیرومرشد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں کامل ۳۲ سال رہے اور ابتدا سے لے کر انتہا تک تمام علوم معقول ومنقول بکمال تحقیق حضرت سے ہی حاصل کیے۔ البتہ بعض کتب معقول مگر وہ بھی مختصر باجازت حضرت پیرومرشد۔ مولنا ہدایت اللہ خاں صاحب جونپوری، مولوی احمد حسن صاحب مرادآبادی، مولوی حکیم عبدالکریم صاحب اور مولوی عبدالعلی صاحب رامپوری سے استفادہ فرمائیں۔

کتب درسیہ ابھی پوری ختم نہ ہوئی تھیں کہ حضرت کے جناب پیرومرشد رحمۃ اللہ علیہ نے خود ہی تمام مشائخ اور اپنی عادت کے خلاف حضرت سے فرمایا کہ اب تم ہمارے حلقے میں بھی حاضر ہوا کرو۔ چنانچہ اسی روز بیعت ہوکر داخل طریق ہوگئے اور ہمہ تن اس کام میں مشغولی شروع کردی اور ایام طفولیت سے لے کر داخل طریق ہونے کے وقت تک جو تحیر دامنگیر حال تھا اس کے اسرار حضرت پر کھلنے شروع ہوگئے۔

Marfat.com

حضرت قطب ارشاد قدس سرہ العزیز نے ابتدا سے لے کر انتہا تک ہمارے حضرت کو تفصیلی سیر مقامات کرائی۔ حضرت کی استعداد نہایت ہی بلند اور ادراک عالی تھا اور اپنے حضرت پیر و مرشد سے جس قدر کہ آپ کو محبت، عقیدت اور اخلاص تھا دوسروں کو اس کا عشر عشیر بھی نہ تھا۔ آپ اپنے حضرت پیر و مرشد کے دیوانے اور شیدائی تھے، اس کی تفصیل آگے چل کر واقعات سے واضح ہو جائے گی۔ حضرت کا یہی خلوص و عقیدت کام کر گیا اور چونکہ طریقہ نقشبندیہ مجددیہ طریقہ انعکاسی ہے اس لیے ہمارے حضرت اپنے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے رنگ میں رنگتے چلے گئے اور ان کی نسبت خاصہ سے سرفراز۔ اور ان کے بعد ان کے خلیفہ مطلق ہوئے اور مسند ارشاد کو زینت بخشی۔

درمیان سلوک میں یہ ایک واقعہ پیش آیا کہ آپ نے خواب دیکھا کہ ایک مجمع ہے اور حضرت امام قیوم ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ تشریف لائے ہیں اور حاضرین جلسہ کو مٹھائی تقسیم فرما رہے ہیں مگر ہمارے حضرت کو صرف دو دانے مٹھائی کے عنایت فرمائے۔ حضرت نے عرض کی کہ کمترین کو اور مٹھائی مرحمت ہو۔ فرمایا پھر دیں گے۔ اس واقعہ کو حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان کیا۔ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ تمہارے سلوک میں کچھ توقف ہوگا۔ چنانچہ سات برس تک توقف رہا۔ حضرت اس توقف سلوک سے نہایت مضطرب ہو گئے یہاں تک کہ آخر میں حلقہ کی پابندی میں کمی واقع ہوئی مگر اپنے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضری حسب معمول ہوتی رہی اور اس میں کمی واقع نہ ہوئی۔ جب سات برس اس صورت سے گزرے تو پھر حضرت نے حضرت امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا اور اس مرتبہ آپ کو اوروں سے زیادہ مٹھائی مرحمت فرمائی۔ جب اس واقعہ کو حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ سے بیان فرمایا تو آپ نے فرمایا کہ اب حلقے کی پابندی اختیار کرو۔ چنانچہ اس کے بعد آپ کا سلوک بہت جلد طے ہو گیا۔

Marfat.com

اس طویل توقف سلوک میں بھی کچھ رموز ہیں جن کا بیان کرنا ضروری ہے اور یہ توقف حضرت قبلہ کی کم استعدادی وغیرہ کے باعث نہ تھا۔ ایک امر تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ چونکہ مراد تھے اس لیے شروع ہی سے آپ کی تربیت کے سامان منجانب اللہ ہی ہوتے رہے اور خود حضرت امام وقیوم ربانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ کی تربیت و رعایت خاص مدنظر تھی۔ جس وقت تک جس طریق پر منظور ہوا حضرت کے جناب پیر دستگیر قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ العزیز کے وسیلہ اور ذریعہ سے تربیت کرائی اور جب چاہا کسی مصلحت سے تربیت سلوک میں توقف کرا دیا ؎

خاص کند بندۂ مصلحتِ عام را

دوسرے یہ کہ چونکہ حق تعالیٰ کو آپ کی ذات مبارک سے ارشاد کے بہت سے کام لینے تھے اس لیے ضرورت تھی کہ آپ سلوک نقشبندی اور طریقۂ مجددی کے ہر ایک مقام اور ایک ایک نکتہ سے خوب واقف اور اس میں کامل ہو جائیں اور غایت حدت نظر پیدا ہو جائے۔ چونکہ سلوک نقشبندی اصل ہے اور مقامات مجددی مزید بران ہیں اس لیے جب تک اصل ہی قوی اور مضبوط نہ ہو فروع میں قوت کس طرح ہو سکتی ہے؟ بالخصوص مقامات مجددی کہ نہایت لطیف و اعلیٰ اور ارفع ہیں جن کے لیے نہایت ہی دقت و حدت نظر کی ضرورت ہے۔ چنانچہ اس ہفت سالہ توقف سے وہ بات اچھی طرح حاصل ہو گئی۔ کیونکہ نہ تو حضرت ہی کی نظر اوپر اُٹھ سکتی تھی اور نہ حضرت پیر و مرشد قدس اللہ سرہٗ بوجہ توقف سلوک آگے کو توجہ دے سکتے تھے۔ جب نظر پڑتی تھی انہی طے شدہ مقامات پر۔ فلہٰذا روز بروز نیچے کے مقامات میں قوت پیدا ہوتی چلی گئی۔ اگرچہ حضرت قبلہ اپنی بلند فطرت اور اعلیٰ استعداد کے باعث اس توقف سلوک کے متحمل نہ تھے مگر کام انسان کے تحمل و غیر تحمل پر موقوف نہیں ہے بلکہ۔

Marfat.com

چنانکہ می خواہند تربیت می فرمایند

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔

تیسرے یہ کہ فیض مفرط کے واسطے قبض مفرط لازم ہے۔ اکثر صاحبان بلند استعداد کثیر الفیض کے متعلق یہی سنا اور دیکھا گیا ہے۔

چوتھے یہ کہ انسان کی فطرت میں یہ بات داخل ہے کہ جب اس کو کسی چیز سے روکا جائے اس کا اشتیاق زیادہ ہو جاتا ہے، اور یہ ایک کلیہ ہے۔ اور جب کسی امر کے متعلق اشتیاق زیادہ ہوگا وہ کام بھی باحسن وجوہ اور جلد پورا ہوگا۔ اس لیے کہ وہ اشتیاق طبیعت اور ہمت کے بالکل متوجہ ہو جانے کا باعث ہو جاتا ہے۔ اور جب کسی کی طبیعت اور ہمت کسی امر کی طرف متوجہ ہو جائے گی فضل الٰہی شامل ہوگا اور کام جلد انجام کو پہنچے گا۔ اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ مُعَالِیَ الْھِمَمْ۔ چنانچہ جس قدر توقف سلوک میں ہوتا گیا اسی قدر حضرت کو اشتیاق اور تمنا حصول مقصد کی بڑھتی گئی۔ اور جب وہ توقف رفع ہوا تو قلیل زمانہ میں وہ پالیا جو انسان بالفرض عمر نوح بھی پائے اور کوشش کرے تو حاصل نہ ہو۔ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ۔

پانچویں یہ کہ حق تعالیٰ کو آپ کا امتحان بھی مقصود تھا کہ آیا ہماری محبت صادق اور طلب پختہ بھی ہے یا نہیں۔ اس لیے کہ سچا عاشق اور حقیقی طالب کسی وجہ سے بھی اپنی طلب کو ترک نہیں کرتا ؎

دست از طلب ندارم تا کام من برآرد یا جاں رسد بجاناں یا جاں زتن برآید

خواہ محبوب کی طرف سے کتنا ہی بظاہر اعراض ہو اور چاہے محبوب کتنا ہی تجاہل برتے اور کتنی ہی اذیت پہنچائے مگر جو دلدادہ اور شوریدہ سر ہوتے ہیں وہ اس سے کہ جس کو دل و جان و ایمان بیک نظر دے بیٹھے ہوں۔ اور اس کی طلب سے تھک کر بیٹھ رہتے ہیں بلکہ ان امور سے تو اور ؎

Marfat.com

آتشِ عشق تیز تر گردد

کسی نے خوب کہا ہے ؎

من از تو روئے نہ پیچم گرم بیازاری کہ خوش بود ز عزیزاں تحمل خواری

چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ اس طرف سے جس قدر توقف ہوتا گیا ہمارے حضرت قبلہ کو اشتیاق بڑھتا گیا اور جب حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے آپ کی خوب جانچ کر لی تو اپنے وصل سے مالا مال فرما دیا۔

چھٹے یہ کہ سلوک میں یہ توقف تربیت جلالی کا رنگ لیے ہوئے تھا۔ سالک کامل ومکمل نورانی ونور بخش وہی ہوتا ہے جس کی تربیت جمالی وجلالی دونوں طریق سے ہوئی ہو۔ فلہٰذا ہمارے حضرت قبلہ کی تربیت بھی دونوں طریق سے ہوئی۔

یہ وہ بھید ہیں کہ ہم جیسے ظاہر بیں اور ناقص از کار دور افتادہ شمہ برابر بھی ان کو پا نہیں سکتے ؎

میان عاشق ومعشوق رمز یست کراماً کاتبیں را ہم خبر نیست

حضرت کا اخلاص اپنے حضرت پیر ومرشد قدس سرہٗ سے

اور بعض واقعات متعلقہ جانشینی وخلافت

حضرت کو اپنے حضرت پیر ومرشد رحمۃ اللہ علیہ سے اس قدر اخلاص تھا کہ آپ ایک منٹ کو بھی اپنے شیخ مقتدیٰ کی جدائی گوارا نہیں فرماتے تھے۔ آٹھ پہر وہیں حاضری رہتی۔ حضرت قطب ارشاد قدس سرہ العزیز بھی آپ کو اپنا سب سے زیادہ مخلص بلکہ یار غار سمجھتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ کسی نے حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ آپ کا کوئی دوست بھی ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ ہاں ہے اور ایک ہی ہے اور و

Marfat.com

حافظ عنایت اللہ ہیں۔ حضرت کے جناب پیر و مرشد قدس اللہ سرہٗ کے مزاج مبارک میں اگرچہ غایت استتار اور نہایت تمکین تھی لیکن اگر کبھی کچھ ارشاد فرماتے تو تنہائی میں ہمارے حضرت ہی سے ارشاد فرماتے۔ اور حلقہ کے بعد خالی اوقات میں حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ اپنے دیوان خانہ میں تشریف رکھتے تو اکثر اوقات حضرت آپ کی خدمت میں حاضر رہتے اور جب کہیں تشریف لے جاتے تو آپ ہمراہ جاتے۔ آپ کے حضرت پیر و مرشد باوجود اس قدر وقار و ہیبت کے آپ سے بہت بے تکلف تھے، ظاہراً و باطناً کسی قسم کا تکلف نہ فرماتے۔ حضرت کے اتحاد نسبت معنوی کی یہ حالت تھی کہ جب حضرت قطب دوراں جناب مولوی محمد ارشاد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلد آشیاں نواب کلب علی خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو بغرض ادائے فریضۂ حج و زیارت مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو لے گئے تو ہمارے حضرت قبلہ بھی ہمرکاب تھے۔ مدینہ منورہ میں حضرت قبلہ انام مرجع ہر خاص و عام قطب زماں غوث دوراں شاہ احمد سعید صاحب قدس اللہ سرّہٗ کے چھوٹے صاحبزادے قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت شاہ محمد مظہر صاحب قدس اللہ سرّہٗ العزیز اپنے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسند ارشاد پر متمکن تھے۔ آپ بڑے زبردست اولیاء اللہ اور بڑے قوی التصرف بلند و اعلیٰ ادراک والے تھے اور بہمہ وجوہ اپنے حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین تھے اور بوجہ اتحاد مشرب و اتباع سنت آپ کو یہ خصوصیت خاصہ حاصل تھی کہ بیشتر حضرت جناب رحمۃ للعالمین سرور کائنات علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیمات کی حضوری رہتی تھی۔ وہ جب ہمارے حضرت قبلہ کو دیکھتے تو بوجہ غایت اتحاد معنوی فرماتے کہ "آؤ مولوی ارشاد حسین صاحب کے صاحبزادے"۔ غرض ہمارے حضرت کو اپنے پیر و مرشد سے جو تعلق تھا اور ان کو حضرت سے جو محبت تھی وہ بیان نہیں ہو سکتی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ اپنے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے حقیقی جانشین منجانب اللہ ہوئے۔ چنانچہ

Marfat.com

اس کی تصدیق علاوہ حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ کی اجازت و خلافت کے وہ واقعات و منام ہیں جو خود حضرت نے دیکھے اور حضرت کے پیر دستگیر نے تصدیق فرمائی۔ چنانچہ ہمارے حضرت فرماتے ہیں کہ جب مدینہ منورہ میں حضرت پیر دستگیر کے ہمراہ حاضری ہوئی تو ارشاد فرما دیا تھا کہ ہر شخص یہاں جو خواب دیکھے ہم سے بیان کرے۔ چنانچہ جو شخص خواب دیکھتا بیان کرتا۔ ایک شب میں نے بھی ایک خواب دیکھا کہ حضرت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم روضۂ اقدس سے باہر تشریف فرما ہیں اور آپ کے مقدس ٹخنے سے ایک نہر جاری ہے جس کی بہت سی شاخیں ہیں اور ہر شخص اپنے اپنے ظرف بھر بھر کر لیجا رہا ہے۔ میں بے انتہا پیاسا ہوں۔ پیاس کے اضطراب سے مجبور ہو کر میں نے حضور انور کے مقدس ٹخنے کی اس جگہ جہاں سے چشمہ جاری ہے اپنا منہ لگا دیا اور تمام چشمہ پی لیا مگر پیاس باقی رہی۔ جب یہ خواب حضرت پیر و مرشد رضی اللہ عنہ سے بیان کیا تو آپ نے متعجب ہو کر میری جانب دیکھا اور فرمایا تم نے خوابوں کا قبلہ گاہ دیکھا۔

فرمایا کہ ایک مرتبہ میں شدید بیمار ہو گیا اور امید زیست باقی نہ رہی۔ حضرت پیر دستگیر بندہ نوازی فرما کر اکثر عیادت کو تشریف لاتے اور تسلی فرماتے کہ تم اچھے ہو جاؤ گے۔ اسی حالتِ بیماری میں خواب دیکھا کہ عطاء اللہ خاں کی مسجد میں ایک مجمع کثیر ہے اور جناب حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف لائے ہیں اور فقیر کے حضرت پیر دستگیر کو طلب فرما رہے ہیں۔ میں حاضر ہونا چاہتا ہوں تو بسبب کثرت مردم جا نہیں سکتا۔ لوگ حضرت پیر دستگیر کی تلاش میں پھر رہے ہیں کہ ایک آدمی نے مجھے لیجا کے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور میں پیش کر دیا۔ مجھے دیکھ کر حضرت نے فرمایا کہ ہم تو مولوی ارشاد حسین صاحب سے ملنا چاہتے تھے، وہ اب نہیں آئیں گے۔ تم آ گئے ہو، اب ہم تم سے ہی

Marfat.com

ل لیتے ہیں۔ ہمارا سلام مولوی صاحب سے کہہ دینا۔ چنانچہ جب اس خواب کو حضرت قبلہ سے بیان کیا تو حضرت نے آنکھیں پھاڑ کر میری طرف دیکھا اور یہ معنی خیز جملہ فرمایا کہ اچھی بات ہے، تم اچھے تو ہو جاؤ۔ اس خواب کے بعد سے حضرت قبلہ میرے ساتھ ایک خاص معاملہ فرمانے لگے جو دوسروں کے ساتھ نہ تھا۔

نیز فرمایا کہ حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال سے چند ماہ قبل خواب دیکھا کہ حضرت پیر و مرشد کے پاس میں مع خاص خدام کے بیٹھا ہوں کہ اتنے میں حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر حضرت پیر و مرشد کی مسندِ ارشاد پر بٹھا دیا۔ جب حضرت پیر و مرشد رضی اللہ عنہ سے یہ خواب بیان کیا تو فرمایا مبارک ہو، تم کو بشارت ہے۔

پھر ایک مرتبہ ہمارے حضرت قبلہ اپنے حضرت پیر و مرشد قدس اللہ سرہٗ کی حیات ہی میں دہلی تشریف لے گئے تو حضرت جناب قبلہ عالم فانی فی اللہ خواجۂ خواجگان باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مقدس پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے۔ حضرت خواجہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً۔ اس واقعہ کو بھی بعد واپسی حضرت پیر و مرشد قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ العزیز سے بیان کیا اور آپ نے اس کو غلط ثابت نہ کیا۔

حضرت جناب قطب ارشاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ حیات کے ان واقعات اور واقعات بعد حیات سے جن کو آگے چل کر لکھا جائے گا سب سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ اپنے حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے حقیقی جانشین تھے۔

اب یہاں چند امور قابل تحریر ہیں۔ وہ یہ کہ آپ نے خواب میں عطاء اللہ خاں کی مسجد میں مجمع کثیر کو دیکھا اس عطاء اللہ خاں کی مسجد کی تخصیص خواب میں کیوں ہوئی؟ اس کی وجہ صاف ظاہر ہے اور وہ یہ کہ امور

Marfat.com

باطنی کا دار و مدار رمز و اشارات پر ہے۔ خواب میں اکثر ایسے شخص یا ایسی جگہ کے نام کے ساتھ واقعہ شروع ہوتا ہے جو ہونے والا ہوتا ہے اور بطریق رمز اس نام سے دلالت کر دی جاتی ہے۔ عطاء اللہ خاں کی مسجد سے مراد وہ خاص مسجد نہیں ہے جو عطاء اللہ خاں صاحب کے گھر میں عطاء اللہ خاں کے نام سے منسوب ہے۔ بلکہ چونکہ حق تعالیٰ آپ کو نسبت نقشبندی مجددی اور ارشاد کی نعمت سے مالا مال فرمانے والا تھا اس لیے اس سے مراد عطائے الٰہی ہے اور مسجد سے مراد خانہ خدا۔ یعنی حق تعالیٰ اپنی جانب سے آپ کو اپنی نعمت خاص عطا فرمانے والا تھا۔ کثیر مجمع سے مراد وہ تعداد کثیر تھی جو آپ کے فیض باطنی سے فیضیاب ہونے والی تھی یعنی مخلوق خداوند تعالیٰ شانہٗ۔ اب رہا یہ امر کہ حضرت جناب عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی تخصیص کس لیے؟ حضرت جناب موسیٰ، حضرت جناب ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت جناب رسالتمآب علیہم الصلوات والتسلیمات میں سے کسی ایک کی خواب میں زیارت کیوں نہ ہوئی؟ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی ولایت زیر قدم حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام واقع ہوئی تھی اور آپ عیسوی المشرب تھے۔ پھر حضرت جناب عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا حضرت جناب قطب ارشاد مولٰنا مولوی ارشاد حسین صاحب قدس اللہ سرہٗ کو بلانا اور بجائے ان کے ہمارے حضرت سے ملاقات کر کے جاتے ہوئے حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت کے ذریعہ سے سلام کہلا بھیجنا اس کی طرف اشارہ تھا کہ آپ کے بعد یہ جانشین ہیں۔ باقی واقعات و خواب صاف ہیں کسی تشریح کے محتاج نہیں۔

اب ایک اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ حقیر کاتب الحروف نے جانشینی کے مسئلہ کو اس قدر شد و مد سے جگہ جگہ کیوں تحریر کیا ہے اور حتی الامکان بدلائل قوی کیوں اس کو ثابت کرنا چاہا ہے؟ اس اعتراض کے چند جواب ہیں:

Marfat.com

اول یہ کہ ہر مفسر اور ہر مصنف کو اس بات کا حق حاصل ہے بلکہ اس کے لیے لازم ہے کہ اپنے دعویٰ کو حتی الامکان قوی دلائل سے ثابت کرے تاکہ تحریر کی گنجلک اور اعتراضات و شبہات کی پیچیدگی سے ناظرین گھبرا نہ جائیں۔ اب جو منصف مزاج اور صاحب فہم ہوں گے وہ تسلیم کر لیں گے اور جو منکر ہوں گے وہ خارج از بحث ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو حضرت حق سبحانہٗ کے علم ہی میں یہ بات تھی کہ قرآن مجید میرا ہی کلام ہے اور حق ہے۔ اور حضرت جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اس زمانہ کے مومنین (صحابہ کرام) رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کلام الٰہی کے حق ہونے پر ایمان ہی لائے ہوئے تھے اور حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ سے ذرہ برابر بھی کوئی امر پوشیدہ نہیں ہے تو پھر حضرت حق جلّ وعلا کو ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ اور قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وغیرہ ارشاد فرمانے کی اور اسی طرح اکثر جگہ اپنے کلام کو اپنا ہی کلام ثابت کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس کی وجہ یہی تھی کہ اس طرح منکرین پر اتمام حجت ہو جائے۔ باقی جو چیز حق ہوتی ہے اس کو سمجھنے والے سمجھتے ہی ہیں کہ حق ہے۔

دوسرے یہ کہ بحیثیت ایک ادنیٰ خادم ہونے کے بھی میرا فرض ہے کہ نفس الامر میں جو فضیلت حضرت کی ذات مبارک میں تھی اس کو بلا کسی غلو اور نسبت کاذبہ کے ظاہر کر دوں۔ اور یہ ہر خادم کا فرض ہونا چاہیے نہیں تو اس کی استعداد ناقص اور اس کا کام ابتر ہے۔ اس فضیلت اور بزرگی کے ظاہر کرنے سے مخلوق کا بھی فائدہ ہے اور وہ یہ کہ اولیاء اللہ کی ولایت کا اذعان و اقرار موجب حسنات و برکات دارین ہے اور سبب حسن خاتمہ اور انکار (نعوذ باللہ من ذٰلک) سبب خسران اور خرابیٔ آخرت ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ جب توحید و رسالت پر انسان ثابت قدم ہے تو اولیاء اللہ کے انکار کی وجہ سے آخرت کی خرابی کا واقع ہونا

Marfat.com

کیا معنی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حکم خدا و رسول اسی طرح ہے جس کی تفصیل اس مختصر رسالہ میں باعث طوالت ہے۔ بہ طریق اختصار یوں سمجھیے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے:

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ کَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝ لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ۔

دیکھو! اللہ کے دوستوں کو نہ کچھ خوف ہے نہ حزن۔ وہ لوگ کہ ایمان لائے اور جنہوں نے پرہیزگاری کی ان کو دنیا و آخرت دونوں میں بشارت ہے۔

مقام غور ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے جن بندوں کی ولایت کو تسلیم فرمائے اور سب کو خبردار کر دے تو اس کے لیے ایسے مقرب بندوں کے انکار کی کیا وجہ؟ اگر اقرار ہے تو سلامتی ہے اور اگر انکار ہے تو خرابی ہے۔ اس لیے کہ یہ انکار درحقیقت اولیاء اللہ کی ولایت کا انکار نہیں ہے بلکہ حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ کے فرمان کو نعوذ باللہ من ذالک ٹھکرا دینا اور تعمیل حکم سے سرکشی کرنا ہے۔ خیال کرنا چاہیے کہ یہ انکار کہاں سے کہاں پہنچتا ہے۔

نیز حق تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ یُّقْتَلُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَمْوَاتٌ، بَلْ اَحْیَآءٌ وَّلٰکِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ۔ "یہ حال ان لوگوں کا ہے جو اللہ کے راستہ میں قتل ہوئے۔ پھر ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اللہ کے واسطے قتیل تیغ عشق و محبت ہیں؟ اور جو اپنی جانیں، اپنے اموال، اپنی اولاد اس کی محبت میں برباد کر چکے، جنہوں نے اپنے نفوس پر عیش و آرام حرام کر لیا۔ ہر وقت و ہر آن مجاہدے میں مصروف ہیں حقیقت یہ ہے کہ اصل مجاہد اکبر یہی لوگ ہیں چنانچہ خود جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ وبارک وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ رَجَعْنَا مِنَ الْجِھَادِ الْاَصْغَرِ اِلَی الْجِھَادِ الْاَکْبَرِ اس سے ثابت ہوا

Marfat.com

کہ جہاد اکبر جہاد بالنفس ہے۔ اور یہ لوگ ہر وقت اس جہاد بالنفس پہ کمر بستہ ہیں۔ اس کے متعلق حضرت سلطان شاہ ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ کیا خوب ارشاد فرماتے ہیں کہ ؎

غازی کہ پئے شہادت اندر تگ و پوست　　غافل کہ شہید عشق فاضل تر ازوست

فردائے قیامت او بدیں کے ماند　　آں کشتۂ دشمن است وایں کشتۂ دوست

لہٰذا وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں شہید ہو جائیں ان کے متعلق یہ ارشاد ہے کہ ان کو یہ بھی نہ کہو کہ مر گئے۔ حق تعالیٰ کو مر گئے کا لفظ بھی سننا گوارا نہیں کہ استعمال کیا جائے۔ پس جن کے متعلق اس انتہائی ادب برتنے کی تعلیم فرمائی جائے ان کو برا کہنا کس درجہ بدبختی و بدنصیبی ہے۔ اور نیز بخاری شریف کی صحیح حدیث ہے:

عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی قَالَ مَنْ عَادٰی لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا اَفْتَرَضْتُ عَلَیْہِ وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ فَاِذَا اَحْبَبْتُہٗ کُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَبَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا وَرِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِھَا وَاِنْ سَاَلَنِیْ اَعْطَیْتُہٗ وَلَاِنِ اسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّہٗ۔"

بس اسی سے اولیاء اللہ کا مرتبہ معلوم کرنا چاہیے کہ کیا ہے۔

اگر کوئی اولیاء اللہ کا منکر ہوتا ہے تو اس کی پاداش یہ دیکھی اور سنی گئی ہے کہ آخر وقت میں توحید و رسالت کے متعلق شبہات پیدا ہوتے ہیں۔ اور جب توحید و رسالت میں شبہات پیدا ہوئے تو خاتمہ بالخیر کا خاتمہ ہو گیا۔ اس لیے کہ ؎

خاصانِ خدا خدا نباشند　　لیکن ز خدا جدا نباشند

Marfat.com

فلہذا ان مذکورہ بالا دلائل قویہ اور براہین قطعیہ سے اچھی طرح ثابت ہوگیا کہ اولیاء اللہ کو (نعوذ باللہ من ذٰلک) برا کہنا کیوں سبب خرابی آخرت ہے۔ حضرت امام وقیوم ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مکتوب شریف میں ارشاد فرماتے ہیں:

"اعتراض براہل اللہ خصوصاً کہ اسم پیری و مرشدی درمیان باشد وراہ افادہ کشادہ باشد نباید کرد وآں را سم قاتل باید انگاشت"۔

نیز خانخاناں کو ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں کہ:

"ایں طائفہ را ذلیل وخوار نہ انگارند۔ رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ ؎

خاکساران جہاں را بحقارت منگر
تو چہ دانی کہ دریں گرد سوارے باشد
ترسم آں قوم کہ بر درد کشاں می خندند
در سر کار خرابات کنند ایماں را

حضرت کا مرتبۂ علم ظاہر

حضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کی حیات ہی میں علوم ظاہر و باطن میں کامل مکمل ہو گئے تھے۔

حضرت قطب ارشاد رضی اللہ عنہ کے اکثر شاگردوں نے حضرت سے بھی علوم عقلیہ و نقلیہ کا استفادہ باجازت حضرت قطب ارشاد کیا ہے۔ آپ تمام کتابیں علم معقول و منقول کی غایت تحقیق و تدقیق سے پڑھاتے تھے۔ یہ ممکن نہ تھا کہ کوئی بڑے سے بڑا مولوی مناظرے اور تقریر میں آپ سے پیش لے جاتا ہو۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ آپ کے استاد حضرت جناب مولوی ارشاد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ جیسے بلند پایہ محقق کامل

Marfat.com

بحر العلوم شخص تھے۔ ان کا نہایت محنت و شفقت اور تحقیق سے ہر فن اور ہر علم کی کتاب کو سبقاً سبقاً پڑھانا اور پھر حضرت قبلہ کا محنت و شوق سے پڑھنا، علاوہ بریں خداداد ذہانت و ذکاوت۔ یہی وجوہ تھے کہ حضرت قبلہ ایک متبحر عالم اور محقق کامل ہو گئے۔ اپنی محنت اور شوق مطالعہ کا حال خود بیان فرماتے تھے کہ ہمارے گھر کے باہر ایک بہت بڑے تناور درخت کی جڑ پڑی ہوئی تھی، اس پر ہم شب کے وقت بیٹھ جاتے تھے اور ایک چراغ جلا کر سامنے رکھ لیتے تھے اور تین بجے رات تک مطالعہ کرتے رہتے تھے بلکہ اکثر صبح ہو جاتی تھی۔ مطالعہ کے وقت اس لکڑی پر کہنی ٹیکتے ٹیکتے ہماری کہنی میں گڑھا پڑ گیا تھا۔ برسوں اسی صورت سے مطالعہ کیا ہے۔ بروقت مطالعہ ہم کو علاوہ کتاب کے کسی چیز کی خبر نہ ہوتی تھی۔

حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کے بعد بھی کچھ زمانے تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہا۔ مگر اب عرصہ دراز سے مصلحتاً اس کو ترک فرما دیا تھا اور ہمہ تن ارشاد باطنی کی طرف متوجہ ہو گئے تھے۔

ارشاد باطنی

حضرت غوث زماں قطب دوراں جناب مولٰنا مولوی ارشاد حسین صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد زبدۃ العارفین، قدوۃ السالکین چشم و چراغ حضرت مجدد الف ثانی جناب شاہ محمد معصوم صاحب ابن حضرت قطب زماں شاہ عبدالرشید صاحب خلف اکبر قیوم دوراں حضرت شاہ احمد سعید صاحب قدس اللہ سرہم العزیز نے تشریف لا کر حضرت قطب ارشاد قدس سرہٗ کے بڑے بھائی صاحب یعنی شاہبازِ طریقت، مروج شریعت، سرخیل اتقیاء، رہبر اولیاء حضرت جناب مولٰنا مولوی محمد امداد حسین صاحب مجددی نقشبندی قدس سرہٗ کو جو حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ و مجاز تھے جانشین کر دیا جناب حضرت

Marfat.com

مولٰنا مولوی امداد حسین صاحب قدس اللہ سرہٗ العزیز کی طرف لوگوں نے رجوع کی۔ آپ نے باصرار تمام بعض کو مرید کر لیا مگر بالآخر ان اپنے مریدین سے بھی اور جو حاضر ہوتے گئے ان سے بھی یہی فرمادیا کہ حافظ صاحب کی خدمت میں جاؤ، یہ کام ان سے ہی متعلق ہے اور وہی اس کام کے لائق آدمی ہیں چنانچہ اس کے بعد سب نے بالاتفاق حضرت پیر دستگیر قدس سرہ کی ہی طرف رجوع کی اور جناب قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مولٰنا مولوی امداد حسین صاحب قدس سرہٗ کا ۸ ماہ بعد وصال ہوگیا۔

حضرت مولٰنا صاحب قدس سرہٗ کے کشف و ادراک کی کوئی انتہا نہ تھی۔ آپ کو معلوم ہو چکا ہوگا کہ بیراز مانہ ارتحال بھی قریب ہے اس وجہ سے بھی لوگوں کو ہمارے حضرت قبلہ کی خدمت ہی میں بھیجا۔ دوسرے یہ کہ بوجہ قرب زمانہ رحلت آپ کی نسبت میں اس قدر علو اور عروج ہوگیا تھا کہ کسی کی طرف متوجہ نہیں ہو سکتے تھے۔ اور یہ نسبت نقشبندی مجددی کا خاصہ ہے کہ آخر زمانہ میں اس طریق کا شیخ خود کسی کو توجہ نہیں دے سکتا ہے بلکہ لوگ خود اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور فیض حاصل کرتے ہیں اور یہ نسبت نقشبندی مجددی کا غایت علو اور محبوب حقیقی کی ذات پاک میں نہایت استغراق ہے۔ یہ استغراق وہ استغراق نہیں ہے جو مقامات قلب و ولایات میں ہوا کرتا ہے بلکہ یہ ایک علیحدہ کیفیت ہے، حق تعالیٰ جس کو نصیب فرمائے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ ایسی حالت میں منتہی جو ہوتے ہیں ان کو ہی فائدہ ہوتا ہے مبتدی جیسا کہ چاہیے مستفید نہیں ہو سکتے

الغرض جب تمام لوگ حضرت کی طرف رجوع ہو گئے تو بڑے اصرار سے باطن کا کام شروع کیا۔ اصرار سے اس لیے کہ حضرت قبلہ کے مزاج میں بے انتہا انکسار اور استتار احوال تھا۔ وہ منجانب اللہ رتبہ کچھ تھے مگر ہمیشہ یہی سمجھتے رہے کہ ہم ہیں کیا اور ہماری ہستی کیا ہے۔ خود فرماتے تھے کہ جب حضرت جناب

Marfat.com

مولوی امداد حسین صاحب قبلہ نے لوگوں کو ہمارے پاس بھیجا اور سب نے اصرار شروع کیا تو ہم کو بڑی شرم آئی حلقہ کے وقت بعد مغرب لوگ تو جمع ہوئے کہ ختم و حلقہ شروع ہوگا مگر ہم ٹال کر کسی طرف چلے گئے۔ مگر کیفیت یہ تھی کہ جو قدم آگے کو پڑتا تھا کوئی گھر کی طرف دھکا دیتا تھا۔ چند قدم تو بڑی مشکل سے چلنا ہوا مگر پھر ممکن نہ ہوا۔ جس سے یہ بات سمجھ میں آئی کہ یہ بار ہم کو ہی اٹھانا ہوگا۔ چنانچہ مجبوراً واپس آنا پڑا اور کام شروع کر دیا ؎

تا یار کرا خواہد و میلے بہ کہ دارد

کسی نے خوب کہا ہے کہ:

من نہ باختیار خود می روم از قفائے او آں دو کمند عنبریں می بردم کشاں کشاں

جب کام شروع کر دیا تو حلقے کی پابندی کی یہ کیفیت تھی کہ جب تک سخت بیمار نہ ہو جاتے اور نشست و برخاست سے معذوری نہ ہو جاتی حلقہ اور ختم ناغہ نہ ہوتا۔ کسی کو یاد نہیں کہ بلا عذر شرعی حلقہ ترک فرمایا ہو۔ سفر و حضر میں حلقہ برابر ہوتا۔ پھر اس حلقے کی کیا کیفیت بیان کی جائے کہ کیا حالت اور کیا کیفیت ہوتی تھی ؎

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

جس وقت آپ توجہ فرماتے تو ہر شخص اپنے مقام اور حال کے موافق عجب کیفیت میں ہوتا تھا۔ کوئی اپنے ذوق میں نالہ بر لب تو کوئی استغراق و بے خودی میں مست۔ کوئی دریائے تحیر میں ڈوبا ہوا تو کوئی جہل و نکارت محض میں سرگردان۔ کوئی کیفیت بے کیفی میں، تو کوئی کیفیت کے تکیف میں۔ کوئی ایک مجہول الکیفیت لطیف نسبت کو محیط پا کر اس شوق میں کہ ؎

جان عزیز کرتے ہیں تم پر نثار ہم! دل کس شمار میں ہے جگر کس حساب میں

Marfat.com

تو کوئی اس حال میں کہ ؎

من شوم عریاں ز تن او از خیال تا نخرامم در نہایات الوصال

کسی کی یہ کیفیت کہ ؎

اتصالِ بے تکیف و بے قیاس ہست رب الناس را با جان ناس

تو کوئی ذوق و شوقِ وصال میں سرشار۔ برخلاف اس کے کوئی اس حالت میں کہ ؎

دل میں ذوقِ وصل و یادِ یار تک باقی نہیں
آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا

جو لوگ ولایات کے مراقبوں میں ذوق و شوق تجلیات اسمائی و صفاتی سے مستفیض ان کی یہ ہمت بڑھی ہوئی ہوتی کہ اب میدان مارا، اور جو ولایات و کمالات حقائق سے گزر کر لاتعین کے لق و دق میدان میں جا پہنچتا وہ یہ کہتا کہ ؎

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں کیں جا ہمیشہ باد بدست است دام را

هَنِيْئًا لِّاَرْبَابِ النَّعِيْمِ نَعِيْمُهَا وَلِلْعَاشِقِ الْمِسْكِيْنِ مَا يَتَجَرَّعُ

دامانِ نگہ تنگ و گلِ حسن تو بسیار گلچیں بہارِ تو ز داماں گلہ دارد

اب رہے وہ لوگ کہ جن کو لاتعین ہی میں کچھ زمانہ گزر چکا ہوتا وہ جو خیال کرتے تو کہاں کا قرب اور کیسا وصل۔ نہ حصول کا نام نہ وصول کا پتہ۔ اپنے کو بعد در بعد اور حرمان در حرمان پاتے بلکہ جو کچھ گھر سے لائے تھے وہ بھی کھو بیٹھے۔ یعنی اب ایسی چہ کنم میں ہیں کہ آیا کبھی اللہ کا نام بھی لیا تھا یا نہیں۔ نہ ادراک باقی نہ بے ادراکی، نہ علم ہی رہا نہ جہل۔ نہ وصل کی خوشی نہ بعد کا غم۔ نہ کوئی کیفیت نہ

Marfat.com

بے کیفی۔ غرض ایسا عجیب معاملہ رونما کہ معقولی بھی تمام عمر اپنی معقول کو لیے ہی بیٹھے رہیں اور خاک سمجھ میں نہ آئے۔ ایک ایسا معمہ:

کہ کس نکشود و نکشاید بہ حکمت ایں معما را

مَنْ لَمْ یُذِقْ لَمْ یَدْرِ۔ اصل تو یہ ہے کہ ؎

ذوق ایں مے نشناسی بخدا تا نچشی!

غرض وہ کیفیت حلقے کی بیان میں نہیں آسکتی۔ جو خوش نصیب اس شرف سے مشرف اور اس بے پایاں فیض سے فیضیاب ہوئے ہیں ان کے ہی دل جانتے ہیں۔ حلقہ طویل اس قدر ہوتا تھا کہ شب کے دس بج جاتے اور پھر خاصکر جاڑے کے زمانہ میں کہ راتیں طویل ہوتی ہیں۔ توجہ مبارک اس قدر قوی تھی کہ کیا بیان کیا جائے۔ اگر کبھی نظر بر سبیل اتفاق زیادتی اور قوت سے پڑ جاتی تو معلوم ہوتا کہ ایک پہاڑ آپڑا ہے اور تمام ہڈیاں ریزہ ریزہ ہوگئیں۔ اچھے اچھے صاحب ظرف و عالی استعداد والے متحمل نہ ہوسکتے تھے۔ پہلی ہی توجہ مبارک میں قلب جاری ہو جاتا تھا اور بالعموم تین روز کے اندر اندر تمام لطائف جاری ہو جاتے تھے اور معلوم کرنے والا معلوم کرتا تھا۔ کار سنین مہینوں اور دنوں میں ہوتا تھا۔ نظر باطنی اس قدر صحیح اور بہتر تھی کہ جس کو ایک نظر دیکھا اس کی کیفیت معلوم فرمالی اور بارہا دیکھا گیا کہ جس کو چاہا بیک گوشۂ چشم التفات ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچا دیا۔ نسبت شریف اس قدر طویل و عریض اور لطیف تھی کہ بڑے سے بڑے صاحب ادراک اور سالہا سال کے کام کرنے والے یہ ممکن نہ تھا کہ درک کر لیتے۔ سلوک نقشبندی اور مقامات مجدّدی میں اس قدر رسوخ و اتصاف حاصل تھا کہ مبتدی و متوسط اور منتہی کو اس کے حال کے موافق بے تکلف یکساں توجہ فرماتے۔ جو صاحب ادراک

Marfat.com

ہوتے تھے وہ ہر ایک مقام کے تبدّل و تغیر اور اس مقام کے حالات کو درک کر لیتے تھے، اور جن کو ادراک نہ ہوتا حضرت قبلہ خود ہی معلوم فرما لیتے تھے کہ اب اس کا یہ مقام اتمام کو پہنچا۔ آگے توجہ فرما کر دوسرے مقام پر پہنچا دیتے تھے۔ غرض طالب کے ہر ایک حال اور خطرات سے اس طرح واقف رہتے تھے گویا سب کچھ چشم سر دیکھتے تھے۔

بیعت کا طریقہ

بیعت کا طریقہ یہ تھا کہ جب طالب حاضر ہوتا تو اوائل ایام میں اس کو استخارۂ مسنون کا امر فرماتے اور اب چند سال سے بمجرد اذعان قلبی حلقۂ شب کے وقت بیعت فرماتے تھے اور حسب دستور مشائخین کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم توبہ اجمالی بایں طور کراتے کہ دونوں ہاتھ طالب کے اپنے دست مبارک میں بطریق مصافحہ پکڑ لیتے اور اپنی زبان مبارک سے بآواز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور پھر اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ تین مرتبہ۔ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ایک بار۔ پھر اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيًّا وَّرَسُوْلًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اپنی زبان مبارک سے کہتے اور طالب بھی ساتھ ساتھ اعادہ کرتا جاتا۔ پھر طالب سے یہ الفاظ ادا کراتے کہ:

"داخل ہوا میں طریقۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ رضی اللہ عنہم میں"۔

پھر طالب کو اپنی انگشت مبارک سے مقام لطیفہ قلب بتا کر ذکر قلبی تعلیم فرماتے اور فرماتے کہ روزانہ ذکر اسم ذات اَللّٰهُ کا پچیس ہزار بار خیال سے اس طرح کرنا چاہیے کہ زبان تالو کو لگا لی جائے اور خیال کی مدد سے قلب سے ذکر مبارک اَللّٰهُ کرنا چاہیے۔ پھر دوزانو بیٹھ کر تسبیح دست مبارک میں لیکر طالب

Marfat.com

کو توجہ دیتے اور لطیفہ قلب میں القائے ذکر فرماتے توجہ مبارک کے وقت کسی قدر سر مبارک کو حرکت دیتے اور یہ شمار انفاس توجہ مبارک ہوتی تھی۔ توجہ شریف اس قدر قوی ہوتی تھی کہ جو صاحب ادراک ہوتے تھے ان کو معلوم ہوتا تھا کہ ایک تیر ہے جو قلب کے پار ہو رہا ہے اور سینہ میں کوئی چیز ہے کہ پھڑک رہی ہے ایسا بھی اکثر اتفاق ہوا ہے کہ بعض طالب کے مقام لطیفہ پر انگشت مبارک رکھتے تو صرف اس قدر اشارہ ہی سے ذکر جاری ہو جاتا۔ گویا آپ کی انگشت مبارک اور نظر دونوں یکساں کام کرتی تھیں اور اسی کا نام کشفِ تام ہے۔ بعض طالب کی تو یہ کیفیت ہوتی کہ پہلی ہی توجہ مبارک میں جب ذکر جاری ہو جاتا تو اس سے فرما دیتے کہ التزام کی ضرورت نہیں۔ جب موقع ملے ذکر کر لینا ورنہ حاجت نہیں چنانچہ حضرت کا یہ خادم جب حاضر خدمت فیض درجت ہوا تو بیعت فرمانے کے بعد ذکر تلبی تعلیم فرمایا پہلی ہی توجہ مبارک میں اس قدر قلب جاری ہوا اور کچھ ایسا جذبہ پیدا ہوا کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ دوسرے حلقے کے بعد دریافت فرمایا کہ ذکر کا ادراک خوب ہوتا ہے؟ جو حال تھا عرض کر دیا۔ فرمایا تجھ کو حاجت التزام کے ساتھ ذکر کرنے کی نہیں۔ چنانچہ اس خادم نے بھی ذکر کا شغل بہ قید تعداد و وقت نہ کیا۔ مگر اجرائے ذکر کی یہ کیفیت تھی کہ ہر وقت ذکر بہ شدت ہوتا رہتا تھا۔ پرورش و بندہ نوازی فرما کر محض توجہ مبارک ہی سے کام پورا فرمایا اور یہ غایت شفقت تھی کہ طالب کو محنت ذکر سے بھی بچا لیتے اور پھر کسی قسم کا نقص واقع نہ ہوتا بلکہ کام میں اس قدر تیزی ہوتی کہ تیسرے روز مراقبہ تعلیم فرما دیتے ؎

یک شکر تو از ہزار نتوانم کرد　　احسان ترا شمار نتوانم کرد

حضرت کے خادم مولوی حکیم حافظ محمد تفضل حسین صاحب جب شرف بیعت سے مشرف ہو چکے تو حضرت قبلہ روحی فداہ کا یہ خادم بضرورت حکیم صاحب سے ان کے مکان پر ملنے گیا جب حکیم صاحب

Marfat.com

مکان سے باہر آئے تو یہ معلوم ہوا کہ کوئی نہایت قوی الاثر مجذوب چلا آرہا ہے۔ جب اس خادم نے حضرت قبلہ کی خدمت میں حکیم صاحب کا یہ حال عرض کیا تو مسکرا کر فرمایا کہ نظر کسی قدر تیز پڑ گئی تھی۔

یہ تو ابتدائی حالت کا بیان ہے۔ انتہائی مراقبوں میں جب توجہ فرماتے تو یہ معلوم ہوتا تھا کہ وہ مقام اُٹھا کر طالب پر لا کر رکھ دیا ہے۔

بعض طالبانِ خدا کو دور دراز مقامات پر غائبانہ توجہ دیتے اور برابر اسی طرح اثر مرتب ہوتا جیسا کہ حضوری میں ہوتا۔ بعض نے یہ عجیب ماجرا بھی دیکھا ہے کہ حضرت قبلہ روحی فداہٗ بیک وقت دو طرف توجہ دے رہے ہیں۔ چنانچہ والدی ماجدی حضرت جناب مولوی حافظ سعید احمد صاحب مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے فراغ حلقہ صبح کے بعد حقیر سے فرمایا کہ حلقہ میں جب پہنچا تو حضرت دوسری سمت میں توجہ مبارک دے رہے تھے۔ خیال ہوا کہ مجھے توجہ کون دے گا۔ اس خیال کے آتے ہی کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت خاص مجھ کو توجہ دے رہے ہیں۔ جب حضرت قبلہ سے یہ کیفیت عرض کی تو فرمایا کہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیک وقت دس جگہ دعوت تھی اور آپ بھی بیک وقت ہر ایک جگہ تشریف لے گئے۔ ہم بھی انہی کے خادم ہیں اور حلقہ بھی انہی کا ہے۔ ہم تو برائے نام بیٹھ جاتے ہیں، جو کچھ ہوتا ہے اسی جانب سے ہوتا ہے۔ اور یہ امر واقعی تھا کہ حضرت کا حلقہ حضرت مجدد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حلقہ تھا۔ بعض مدرک اصحاب نے متعدد مرتبہ دیکھا کہ بجائے حضرت قبلہ کے حضرت جناب شیخ احمد سرہندی فاروقی نقشبندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ رونق افروز ہیں۔

ایک خادم نے تو ایک ہی جلسہ میں سات مرتبہ یہی واقعہ دیکھا کہ حضرت جناب امام ربانی مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے اور حضرت کا وجود فنا ہو گیا۔ اور پھر حضرت کو مسند پر بیٹھا دیکھا اور پھر دیکھا کہ حضرت

Marfat.com

مجدد رضی اللہ عنہ تشریف رکھتے ہیں۔ غرض تمام حلقہ میں اسی طرح یہ واقعہ ہوتا رہا۔

نیز حلقے میں حضرات انبیائے کرام و ملائکہ عظام علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام اور حضرات مشائخین طریقت رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زیارت طالبان خدا کو ہو جاتی تھی

حضرت قبلہ کا قاعدہ تھا کہ ہر طالب کو جدا جدا توجہ مبارک سے سرفراز فرماتے اور سب کو توجہ دینے کے بعد خود مراقب ہو جاتے اور پھر ایسا سناٹا اور سکوت محض ہو جاتا کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ حلقے میں اور علاوہ حلقے کے تمام حاضرین بارگاہ، خدمت مبارک میں ایسے سر ڈالے ساکت و صامت بیٹھے ہوتے تھے کہ یجلسون حولہ خاشعین کانما علی رءوسہم الطیر مقنعی الرءوس غاض البصر و افئدتہم ھواء کا مصداق صادق آتا۔ مراقبہ سے فارغ ہو کر اکثر حلقہ ہی میں قاری سے قرآن مجید کے دو ایک رکوع سنتے۔ دوران استماع قرآن مجید میں حضرت قبلہ روحی فداہ کی عجب کیفیت ہو جاتی تھی، رنگ روئے مبارک متغیر ہو جاتا تھا اور باوجود شدید ضبط و بے انتہا تمکین کے آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے اور نہایت بے تاب و بے قرار ہو جاتے تھے۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ شدید حالت بے قراری و اضطراب میں ہیں مگر ضبط و استقلال سے کام لے رہے ہیں۔ اہل حلقہ بھی عجیب و غریب کیفیت میں ہوتے فیض حقیقت قرآنی کا علی التواتر و تکرات ورود ہوتا تھا۔ غرض ہر شخص ایک خاص کیفیت و حالت میں ہوتا تھا۔ قرآن مجید سننے کے بعد کبھی کبھی بعض آیات کی تفسیر بھی فرماتے۔ وہ تفسیر سلیس زبان اور مختصر مگر جامع الفاظ میں ایسی ہوتی تھی کہ حلقے میں جو مولوی ہوتے تھے وہ بھی ان نکات و تاویلات کو سن کر حیران رہ جاتے تھے۔ کبھی کبھی حلقے ہی میں اشعار پر درد نہایت سوز و گداز سے پڑھتے تھے۔ اور کمال یہ ہے کہ اشعار حضرت کی زبان مبارک سے ادا ہوتے تھے اور اثر اہل حلقہ پر مرتب ہوتا تھا۔ لیکن اب دس گیارہ سال سے بعد

Marfat.com

حلقے کے اکثر یہ اشعار پڑھتے تھے کہ ؎

تو درد گم شود وصال اینست وبس خود مباش اصلاً کمال اینست وبس

کبھی کبھی اس شعر کی تشریح بھی فرماتے۔ نیز کبھی کبھی حلقے سے فارغ ہو کر زبان مبارک سے کچھ دیر کلمات مشتمل بر مواعظ حسنہ ارشاد فرماتے بغرض عجیب صحبت ہوتی اور عجیب جلسہ۔ اب تک مہجور و محروم نصیب اس حلقے اور اس صحبت مبارک کو ترستے ہیں۔

کثرت ارشاد

حضرت قبلہ گاہی قدس اللہ سرہ العزیز کے دست حق پرست پر ہزاراں ہزار اللہ کی مخلوق بیعت ہوئی۔ کوئی دن شاید ہی ایسا خالی جاتا ہو کہ ایک یا چند طالبان خدا حاضر ہو کر بیعت نہ ہوتے ہوں۔ بعض طالب ایسے بھی حاضر ہوتے جن کو یا خواب میں یا بصورت واقعہ امر حاضری کا ہوتا۔ بعض ایسے آتے جو واقعہ میں بامر حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر خدمت ہو کر بیعت ہوتے۔ اجمالاً بعض ایسے اشخاص کے متعلق بیان کیا جاتا ہے:

حضرت والدی ماجدی جناب مولوی حافظ سعید احمد صاحب مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ جناب قطب مدار غوث نامدار حضرت مولانا شاہ محمد فضل الرحمٰن صاحب گنج مراد آبادی قدس سرہ سے بیعت تھے اور کام صرف ولایت صغریٰ تک کیا تھا۔ بعد اپنے پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے اس تردد میں تھے کہ کس سے نسبت نقشبندی مجددی تمام و کمال حاصل کی جائے۔ ہمارے حضرت قبلہ کی طرف خیال پیدا ہوتا تھا مگر کچھ شبہات واقع ہو جاتے تھے۔ سالہا سال اسی خیال میں گزرے۔ آخر ایک شب خواب دیکھا کہ حضرت قطب ارشاد مولوی ارشاد حسین صاحب قدس اللہ سرہٗ العزیز کی

Marfat.com

مسجد مبارک میں ایک کثیر مجمع ہے۔ لوگ امام کی تلاش میں ہیں۔ یکایک حضرت قبلہ تشریف لائے اور امامت فرمائی۔ حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اقتدا کی۔ جب آنکھ کھلی تو حضرت قبلہ کے حلقے میں حاضر ہو گئے اور تمام شبہات رفع ہو گئے۔ یہ واقعہ خود حقیر کاتب الحروف سے بیان فرمایا۔

یہ روسیاہ ننگِ خاندان کاتب الحروف ایک مرتبہ سرہند شریف حاضر ہوا۔ وہاں سے واپس آکر بعد مغرب خاموش بیٹھا تھا کہ غیبت ہو گئی۔ دیکھا کہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازہ مزار مبارک پر یہ غلام حاضر ہے کہ اتنے میں حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ بھی تشریف لائے۔ حضرت جدا مجدا امام ربانی مجدد الف ثانی جناب شیخ احمد سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت قبلہ سے اس خادم کے متعلق کچھ ارشاد فرمایا چنانچہ اس واقعہ کا ذکر اس مکترین نے اپنے والد ماجد حضرت جناب مولوی حافظ سعید احمد صاحب قدس سرہٗ سے کیا۔ آپ نے فرمایا مبارک ہو۔ حضرت کی خدمت میں جاکر بیعت ہو جاؤ۔

میاں جان محمد صاحب خراسانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت قبلہ کے خلیفہ بیان فرماتے تھے کہ حضرت کے دست حق پرست پر بیعت ہونے سے پچیس سال پیشتر ہی میں نے حضرت کو خواب میں دیکھا تھا۔ اور وہ اس طرح کہ میرے والد نے مجھے اپنے شیخ کی خدمت میں بھیجا۔ یہ شیخ نقشبندی مجددی بنوری سلسلہ کے تھے۔ اور فرمایا اگر وہ تجھے بیعت کر لیں تو ان کی خدمت میں رہ جانا اور اگر بیعت نہ فرمائیں تو تجارت کی غرض سے کلکتے چلے جانا۔ چنانچہ میں اُن شیخ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اسی روز شب کو خواب میں دیکھا کہ دو مُرغ سفید زمین و آسمان کے درمیان فضا میں لڑ رہے ہیں۔ لڑتے لڑتے دونوں زمین پر آرہے۔ ان میں کا ایک غالب ہوا اور دوسرا مغلوب۔ جو غالب تھا وہ سورج اور جو

Marfat.com

مغلوب تھا وہ چاند ہوگیا۔ پھر دونوں انسان کی شکل میں ہو گئے۔ جو چاند کی شکل میں تھے وہ تو میرے والد کے شیخ تھے اور جو سورج کی ہیئت سے انسان کی شکل میں ہوئے تھے میں نے ان کو نہ پہچانا اس لیے کہ ان کو دیکھا نہ تھا۔ مگر صورت ذہن نشین ہوگئی۔ پچیس سال تک بغرض تجارت پھرتا رہا اور والد کے شیخ سے بیعت نہ ہوا جس جگہ جاتا اور کسی بزرگ کا سنتا، ان سے ملتا اور ذہن میں جن بزرگ کی صورت تھی ان سے مطابقت نہ پاتا اس لیے کسی سے بیعت نہ ہوتا۔ یہاں تک کہ پچیس سال کے بعد سرہند شریف عرس کے موقع پر حاضر ہوا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت قیوم زمانہ جناب خواجہ محمد زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسجد شریف میں وہی بزرگ تشریف فرما ہیں، اور وہ حضرت قبلہ تھے۔ چنانچہ میں بہزار اشتیاق داخل طریق ہوگیا۔

حضرت قبلہ سرہند شریف میں عرس کے موقع پر حاضر تھے۔ وہاں ایک شیخ بھی بغرض شرکت عرس آئے ہوئے تھے۔ جب حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مقدس پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے تو ارشاد ہوا یہاں کس لیے بیٹھے ہو حافظ صاحب کی خدمت میں جاؤ۔ چنانچہ وہ صاحب حاضر ہوئے اور معذرت کی کہ میں اکثر ادھر سے گزرتا تھا مگر حاضر خدمت نہ ہوا۔ اب حضرت مجدد علیہ الرحمۃ والرضوان کا ارشاد اور امر ہوا تو حاضر ہوا ہوں۔ غرض اسی طرح بلخ و بخارا تک کے لوگ حاضر ہوئے اور فیض سے مالا مال ہو کر اجازت و خلافت سے مشرف ہوئے۔

حضرت قبلہ گاہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کثرت ارشاد بے انتہا ہوا ہے اور اس کثرت ارشاد کی وجہ حضرت کا نزول ہے جو نہایت کا مظہر تھا۔ اس لیے کہ "نزول کا ملتر ارشاد بلبشتر" حقیقت یہ ہے کہ اس مظلم اور تاریک زمانے میں ایسے ہی کامل مکمل شیخ کی ضرورت ہے جو ہمہ تن رجوع بخلق کا مصداق ہو

Marfat.com

ورنہ کام کس طرح چل سکے۔

حضرت قبلہ قدس اللہ سرہ العزیز کے نزول کا کامل تر ہونا دعوی بلا دلیل نہیں ہے بلکہ صرف ایک واقعہ سے اس دعویٰ کی قوی ترین دلیل پیش کی جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک روز سرہند شریف کی حاضری کے موقع پر حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حضرت امام ربانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مبارک سے بعد مراقبہ واپس تشریف لائے تو فرمایا کہ "تین روز سے برابر حاضر ہو رہا تھا۔ آج نظر نے وجود صرف سے عدم صرف کی طرف ہبوط کیا"۔ یہ ایک ایسا جامع جملہ فرما دیا کہ جس کی تشریح کی جائے تو دفتر بھر جائیں اور اس فرمانے سے بفحوائے وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اظہار شکر نعمت الٰہی بھی ہو گیا۔ جو سمجھنے والے تھے وہ اس کا مطلب بھی سمجھ گئے اور ان کے واسطے یہ جملہ باعث ترغیب بھی ہو گیا۔ پھر ان الفاظ میں تمام مطلب بھی ادا فرما دیا اور عام طور پر راز بھی ظاہر نہ ہوا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس جملہ کی حتی الامکان جامع مختصر تشریح کر دی جائے وباللہ التوفیق وبہ نستعین۔

جاننا چاہیے کہ ہر ایک شے کے واسطے ترقی و تنزل لازم ہے اور یہ ایک بدیہی امر ہے جو کسی تشریح و توضیح کا محتاج نہیں اسی طرح سیر باطنی کا بھی حال ہے کہ اس میں بھی ہر مقام اور ہر ایک کیفیت کے لیے اگر عروج ہے تو نزول بھی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ ظاہری حالات و مراتب میں عروج محمود و مبارک ہے اور تنزل مذموم اور مراتب سیر و سلوک میں عروج بھی بہتر اور نزول بھی۔ گویا فی الحقیقت یہ نزول بھی عروج ہی ہے۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ جب کسی انسان پر فضل الٰہی ہوتا ہے اور وہ کسی کامل مکمل شیخ کی خدمت میں جا کر باطن کا کام کرتا ہے تو ابتدا سے لے کر انتہا تک عروج و نزول کی کیفیات وارد ہوتی ہیں لیکن ولایات کا عروج و نزول اس کے حسب مراتب ہے اور کمالات و حقائق وغیرہ کا نزول و عروج

Marfat.com

جداگانہ ہے۔ اس لیے کہ ولایات وغیرہ میں عروج جس قدر بھی ہوگا وہ اسماء وصفات سے آگے نہیں ہوسکتا۔ اور ایسے عروج کے بعد جو نزول ہوگا وہ بھی بمقابلہ اس نزول کے جو کمالات وحقائق وغیرہ کے عروج کے بعد سے ناقص سمجھا جاتا ہے۔ طریقہ نقشبندیہ مجددیہ میں چونکہ انتہائے کار مراقبہ لاتعین اور اس میں انصاف سمجھا جاتا ہے اس لیے یہاں بحث ایسے ہی عروج ونزول سے ہے۔

لیکن یہ یاد رہے کہ ہر سالک کے واسطے یہ ضروری نہیں ہے کہ عروج کے بعد نزول ہی ہو جائے بلکہ بعض کو ایسا بھی ہوتا ہے کہ عروج انتہا کو پہنچا اور سالک اپنے مشہود میں مستغرق ومستہلک ہوگیا۔ البتہ حق تعالیٰ جس سے مخلوق کی ہدایت وارشاد کا کام لینا چاہتے ہیں اس کے لیے نزول لازمی ہے اس لیے کہ عروج میں بالکل روبحق سبحانہٗ ہے اور نزول میں ہمہ تن توجہ بخلق۔ چونکہ ہمارا اصل مطلب عروج ونزول پر بحث کرنا نہیں اس لیے بضرورت عروج ونزول یا صعود وہبوط کا مختصر بیان لکھنے کے بعد اصل مطلب کی جانب توجہ کی جاتی ہے۔

حضرت قبلہ گاہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ فرمایا کہ "وجود صرف سے نظر نے عدم صرف کی طرف یکایک ہبوط کیا۔" پہلے وجود صرف کی تشریح کی جاتی ہے:

جب سالک کی یہ ظلال اسماء وصفات، اصل وسماء وصفات وشیونات سے گزر جاتی ہے تو یہ تمام تعینات قطع کرنے کے بعد اب جو عروج ہوتا ہے وہ وجود صرف میں ہوتا ہے۔ یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ وجود صرف حقیقت واجب الوجود جلت عظمتہٗ ہے۔ اس لیے کہ جناب حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہیں ایک جگہ یہی تحریر فرمایا ہے کہ وجود صرف حقیقت واجب الوجود ہے۔ مگر دوسری جگہ تحریر فرمایا ہے کہ وجود صرف حقیقت واجب الوجود نہیں ہے چنانچہ مخدوم زادۂ کلاں حضرت خواجہ محمد صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Marfat.com

کے نام ایک مکتوب میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"چنانچہ فقیر در بعضے مکاتیب خود نوشتہ است کہ حقیقت حق سبحانہٗ وتعالیٰ وجود محض است از نارسائی خود نوشتہ است بہ حقیقت ایں معاملہ"۔

یعنی وقت تحریر آنحضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اس رمز کا انکشاف نہ ہوا تھا۔ اگرچہ شیخ ابوالحسن اشعری اور دوسرے حکماء وصوفیہ کے نزدیک وجود عین ذات ہے اور جمہور کے نزدیک وجود ذات پر زائد ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تحقیق ایک لحاظ سے جمہور کے مذہب کے موافق ہے یعنی حضرت یہ ثابت فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ اپنی ذات کے ساتھ موجود ہے نہ وجود کے ساتھ۔ اور اس لحاظ سے انتہائے مراتب عروج ہے۔ حضرت قبلہ گاہی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مراد اسی وجود صرف سے تھی۔

اس تمام تقریر سے یہ بات ثابت ہوئی کہ حضرت قبلہ کا عروج انتہا کو پہنچا تھا اور وجود صرف میں پہنچکر استعداد بلند اور فطرت ارجمند کا تقاضا یہ ہوا کہ اس سے بڑھ کر مرتبہ حاصل ہونا چاہیے۔ اسی واسطے تین روز تک مزار مبارک حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حاضر ہوتے رہے۔ بالآخر فضل الٰہی شامل حال ہوا اور بہ برکت توجہ مبارک حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت حق سبحانہٗ وتعالیٰ نے اسی انتہائے عروج کے موافق انتہائے نزول سے مشرف فرمایا یعنی وجود صرف سے عدم صرف کی طرف واپس کیا، اور یہ انتہائی مرتبہ ہے۔ کیونکہ وجود صرف کی نقیض عدم صرف ہے اور مرآتیت وجود صرف کا کام یہی عدم صرف کرتا ہے۔ نیز تعرف الاشیاء باضدادھا قضیہ مقررہ ہے پس جب تک وجود صرف کی ضد یعنی عدم صرف کی طرف بزدل نہ ہو معرفت کامل نہیں ہو سکتی چنانچہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مخدوم زادۂ کلاں حضرت خواجہ محمد صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام ایک مکتوب میں تحریر

Marfat.com

فرماتے ہیں کہ:

"عدم صرف کہ مقابل آں وجود است آں عدم است کہ ہیچ نسبتے و اضافتے باو راہ نیافتہ است و عین ہر شر و نقص است۔ ہر چند ایں عینیت نیز در انجا نمی گنجد کہ بوئے از اضافت دارد و معلوم است کہ ظہور شے بروجہ اتم در مقابل حقیقی آں شے صورت بندد و لضدھا تتبین الاشیاء پس ناچار ظہور وجود صرف بروجہ اتم در مرآت عدم صرف حاصل گردد و مقرر است کہ نزول باندازۂ عروج است پس کسی کہ عروج او بعنایت اللہ سبحانہ بحضرت وجود صرف متحقق شود نزول او ناچار بعدم صرف کہ مقابل اوست خواہد بود لیکن در وقت عروج آنجا استہلاک عارف است کہ حبل آنرا لازم است و در وقت نزول بصحو متحقق است کہ مقام علم و معرفت است دراں مقام صحو اورا بتجلی ذاتی کہ مبراست از شائبہ ظلیت و منزہ از ملاحظہ شیون و اعتبارات ذاتیہ مشرف می سازند و می دانند کہ پیش ازیں ہر تجلی کہ حاصل شدہ بود در پردۂ ظلے از ظلال اسماء و صفات و شیون و اعتبارات بودہ ہر چند عارف آں تجلی را بے ملاحظہ اسماء و صفات و شیوں داند و تجلی حضرت وجود صرف شمرد سبحان اللہ ایں عدم کہ ماوائے ہر شر و نقص است بواسطہ ظہور تام حضرت وجود تعالیٰ معنی حسن پیدا کردہ و آں یافت کہ ہیچ کس نیافت قبیح لذاتہ بواسطہ حسن عارضی مستحسن گشت نفس امارہ انسانی کہ بالذات بشرارت مائل است از ہمہ مناسبت تام بآں عالم دارد لہٰذا در تجلی خاص از ہمہ فائق آمدہ و بر ہمہ ترقی گزیدہ ؎

کہ مستحق کرامت گناہ گارانند

باید دانست کہ عارف تام المعرفت بعد از طے مقامات عروج و مراتب نزول تفصیلاً چوں بعدم صرف نزول فرماید و آئینہ داری حضرت وجود نماید ہر آئینہ جمیع کمالات اسمائی و صفاتی در وے ظہور خواہد یافت و تفصیلاً ہمہ را واخواہد نمود۔ بالائے کہ مقام اجمال متضمن آن ست و ایں دولت غیر او را میسر نیست و ایں آئینہ داری لباسے است

Marfat.com

فاخرکہ برقتد او دوختہ اند و در خزینۂ حضرت علم ہر چند ایں تفصیل صورت یافتہ است اما آں آئینہ داری در مرتبۂ علم است و آئینہ آں عارف در مرتبہ خارج کہ در خارج جمیع کمالات را دا نمودہ است" الخ

مشرب

حضرت قبلہ پیر دستگیر رُوحی فداہ کے مشرب کے بارے میں یہ حقیر کاتب الحروف ناقص و جاہل، محض بے ادراک کیا عرض کرے۔ اس لیے کہ کسی بزرگ کے مشرب کے متعلق قلم اُٹھانا ایک نہایت نازک امر ہے۔ لیکن جب تمام حالات کسی قدر تفصیل سے لکھے جا رہے ہیں تو اس کے ترک کرنے کو بھی دل نہیں چاہتا۔ لہٰذا اپنی سمجھ اور ناقص فہم کے موافق بلکہ محض حضرت قبلہ کی توجہ مبارک کی برکت سے واقعات و آثار کو مرتب کر کے عرض ہے کہ ہمارے قبلہ رضی اللہ عنہ علیسوی المشرب تھے اور ولایت موسوی کا بھی امتزاج تھا۔ خود حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک مرتبہ فرماتے تھے کہ ہمارے حضرت پیر دستگیر یعنی حضرت قطب ارشاد مولانا محمد ارشاد حسین قدس سرہٗ نے فرمایا کہ کوئی ایک نبی کے زیر قدم ہوتا ہے اور تم دو نبیوں کے زیر قدم ہو۔

حضرت اس مشرب میں شان عظیم رکھتے تھے۔ عرصہ نو دس سال قبل وصال سے یہ امتزاج ولایت موسوی مبدل بہ ولایت محمدی ہو گیا تھا اور یہ محض فضل خاص حضرت حق سبحانہٗ ہے اور یہ مافیوماً اس قدر ترقی ہوئی کہ شان العلم تک پہنچے اور پھر کسی قسم کا امتزاج ہی باقی نہ رہا اور مشرب ہی بدل گیا۔

حضرت قبلہ کو جو عشق کہ حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تھا اس کی حد نہ تھی۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت شریفہ میں غایت استہلاک و فنائیت حاصل فرمائی تھی اور چند سال سے متصف بہ شان الجلوۃ و مشرف بہ نسبت احمدی تھے۔ بس اسی سے حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مرتبہ معلوم کرنا

Marfat.com

چاہیے۔ یہ وہ مرتبہ ہے جس کے متعلق حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قبلۂ انام کعبۂ ہر خاص و عام، چارہ ساز بے کساں و دستگیر بے بساں جناب شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن والدیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

نہایت عروج صورت شریعت تا نہایت سلسلۂ ممکنات است بعد ازاں اگر در مراکب وجوب سیر واقع شود صورت با حقیقت ممتزج خواہد بود و ایں معاملۂ امتزاج نیز تا عروج بشان اتم است کہ مبداء تعین سید البشر است علیہ و علیٰ آلہ الصلوات والتسلیمات۔ بعد ازاں اگر ترقی واقع شود صورت و حقیقت ہر دو وداع خواہند نمود و معاملۂ عارف بشان الہیۃ خواہد افتاد۔ ایں شان عظیم الشان را با عالم ہیچ مناسبتے نیست و از شئونات حقیقیہ است کہ گرد اضافت بآں نرسیدہ" الخ۔

اب اگر یہ کہا جائے کہ اس آخر زمانہ میں اور ایسا مرتبہ تو اس کا جواب یہ ہے کہ فضل الٰہی جل شانہ ہر آن و ہر لحظہ برابر جاری ہے کسی ایک فرد یا افراد کے لیے مخصوص نہیں۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ بہ تبعیت حضرت خیر الانام حبیب کبریا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ ازواجہ الصلوٰۃ والسلام و بہ طفیل حضرات پیران کرام رضی اللہ عنہم اجمعین جس وقت جس کو چاہتے ہیں نواز تے ہیں۔ وہ ذات پاک اَلْاٰنَ كَمَا كَانَ ہے۔ یہ کہنا کہ اب اس مرتبہ کے بزرگ نہیں ہو سکتے اس مبداء فیاض کی بارگاہ عالی میں بخل ثابت کرنا ہے اور اپنی دون ہمتی اور پست فطرتی ہے۔ در رہ مثال کے طور پر حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اولاد کرام و خلفائے عظام اور ان کے خلفاء بلکہ خلفا کے خلفا تک جس شان اور جس مرتبہ کے ہوتے رہے ہیں وہ پوشیدہ نہیں ہے۔ اور حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ظہور تو بالکل آخر وقت میں ہوگا۔ اور اصولاً بھی یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ایسے بزرگوں سے تا قیامت

Marfat.com

زمانہ خالی نہیں رہ سکتا۔ اس لیے کہ حق تعالیٰ نے بلحاظ اسباب ظاہر نظام عالم اسی طور سے قائم فرمایا ہے اور مدار دین و دنیا کا اپنے ایسے ہی مقرب بندوں پر رکھا ہے۔ حالانکہ اس قادر مطلق حاکم علی الاطلاق کو نہ کسی کی حاجت نہ کسی کی ضرورت۔ هُوَ اللّٰهُ تَعَالٰى سُبْحَانَهٗ وَاحِدٌ اَلْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَا فِی الْاَسْمَآءِ وَلَا فِی الصِّفَاتِ وَلَا فِی الذَّاتِ۔

نیز آپ کے مرتبہ بلند رسے متعلق بعض اصحاب حدید البصر و دقیق النظر کی رائیں اور دیگر واقعات متعلقہ بھی بیان و تحریر حقیر کاتب الحروف کے موید و ممد ہیں وہو ہٰذا:

حضرت جناب صاحبزادہ شاہ محمد ضیائے معصوم صاحب نقشبندی مجددی کابلی قدس اللہ سرہٗ العزیز اور حضرت پیر دستگیر روحی فداہ کی سرہند شریف میں اکثر ملاقات ہوتی تھی۔ حضرت صاحبزادہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نور محض تھے اور صاحب بصیرت و ادراک۔ حضرت جناب مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روحانیت شریف سے بطور خاص تربیت یافتہ تھے۔ باوجود اس مرتبہ اور بزرگی کے حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بے انتہا احترام فرماتے اور بے حد محبت و اخلاص ظاہر فرماتے۔ اگر کوئی شخص مرید ہونے یا دعا کرانے حضرت صاحبزادہ صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں آتا تو فرماتے کہ یہاں ایک ایسے بڑے نسبت نقشبندی مجددی کے شیخ کامل مکمل موجود ہیں اور تم مجھ سے دریوزہ کرتے ہو۔ اکثر اشخاص کو حضرت قبلہ کی خدمت میں بھیج دیتے۔

حضرت مولوی احمد حسن خاں صاحب للہی کرت پوری رحمۃ اللہ علیہ کہ بڑے کامل السلوک بانسبت اور قوی الادراک تھے، حضرت کی خدمت مبارک میں حاضر ہوتے اور سلوک و مقامات کے متعلق اپنے شبہات رفع فرماتے۔ نیز حلقے میں بھی شریک ہوتے۔ یہی حضرت مولوی صاحب اپنی کتاب "حالات نقشبندیہ"

Marfat.com

یں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"حضرت حافظ صاحب خلیفۂ اجل حضرت مولٰنا ارشاد حسین رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں۔ سلوک مجددیہ تمام وکمال حضرت سے حاصل کیا ہے۔ بوجہ کمال اتحاد معنوی حضرت شاہ محمد مظہر صاحب قدس سرہٗ کہ صاحب فراست وادراک قویہ تھے آپ کو دیکھ کر فرماتے کہ "آؤ مولوی صاحب کے بیٹے"۔ حضرت مولٰنا ارشاد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے تمام مریدین نے آپ ہی کی جانب رجوع کیا اور کسب سلوک باطنی کیا ہے۔ عجب نسخہ، اخلاق ہیں۔ ستر احوال جیسا کہ آپ نے کر رکھا ہے ایسا بھی کم دیکھا ہے"۔ الخ

نیز حقیر کاتب الحروف کے والد ماجد جناب حضرت مولوی حافظ سعید احمد صاحب فاروقی مجددی رحمۃ اللہ علیہ نے بعد فراغ حلقہ کثرین سے فرمایا کہ آج کے حلقہ کی کیفیت بیان نہیں ہو سکتی میں نے دیکھا کہ حضرت پیر و مرشد پر منجانب اللہ تعالیٰ نہایت ہی مکلف و مرصع سبز رنگ کی چادر بطور خلعت فاخرہ ڈالی گئی یہ دلیل بھی محمدی المشرب اور نسبت محمدی میں اتصاف و رسوخ کامل حاصل کرنے کی ہے۔

نیز حضرت والدی ماجدی قدس سرہٗ نے اپنے مرض موت میں دو تین روز قبل رحلت فرمایا کہ "اب تک ہم جس قدر حضرت کو سمجھے ہوئے تھے وہ ایسا تھا کہ گویا بالکل نہ سمجھے تھے۔ اور اب کما حقہٗ انکشاف حال ہوا ہے۔ میں بیان نہیں کر سکتا کہ حضرت قبلہ کس اعلیٰ مرتبہ کے اولیاء اللہ میں سے ہیں"۔

نیز یہ خادم روضۂ مبارک حضرت امام و قیوم ربانی جناب مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر مراقب تھا۔ اس نے دیکھا کہ ایک اعلیٰ درجہ کی عجیب و غریب کرسی غیب سے لاکر رکھی گئی ہے اور ہمارے حضرت قبلہ کو اس پر بٹھایا گیا ہے اور حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ "ہم نے حافظ صاحب کا مرتبہ بہت بلند کر دیا اور پہلے حال کو جدید حال سے بدل دیا"۔

Marfat.com

حضرت جناب پیر دستگیر روحی فداہٗ جب پہلی مرتبہ مدینہ منورہ حاضر ہوئے اور رخصت ہونے سے قبل روضۂ مطہرہ زاد اللہ شرفاً وتعظیماً پر سلام کو حاضر ہوئے تو جناب سید کائنات، مفخر موجودات، شفیع المذنبین، رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وازواجہ افضل الصلوات نے بایں کلمات قدسی آیات کہ "جاؤ بیٹا" حضرت قبلہ کو رخصت فرمایا۔ یہ جملہ بھی دلیل ہے قابلیت اتصاف ذاتی نسبت محمدی واحمدی کی۔

نیز حضرت خواجہ بزرگ فانی فی اللہ خواجہ محمد باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ فرمانا کہ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً ایک بڑی دلیل ہے۔

خود حضرت قبلہ نے ایک مرتبہ حقیر کاتب الحروف سے فرمایا کہ آج حضرت سیدنا صدیق اکبر اور حضرت سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا کہ تشریف لائے ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ حضرت مجھ کو بیعت فرما لیجیے فرمایا کونسی بیعت! میں نے عرض کیا کہ بیعت کی دو ہی قسمیں ہیں۔ بیعتِ توبہ اور بیعت طریق۔ لہٰذا دونوں میں بیعت فرما ہے۔ چنانچہ بکمال بندہ نوازی دونوں حضرات نے دونوں طرح کی بیعت سے مشرف فرمایا۔

اور سب سے بڑی دلیل اللہ کے بندوں کو ظلمت وتاریکی سے نکال کر نور معرفت الٰہی میں مستغرق کر دینا ہے۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ۔ یہ کام خاص حق تعالیٰ کا ہے۔ یا ان کا جو اس کے حکم اور فضل سے دنیا میں بہ تبعیت سید الرسل حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نائب و خلیفۂ خدا ورسول ہیں اور وہ وہی لوگ ہوتے ہیں جن کا مشرب ایسا ہی اعلیٰ اور بلند ہوتا ہے۔

یہ لوگ ہر وقت اور ہر زمانے میں ہوتے ہیں مگر اقل قلیل شاید ایک یا دو چار اور کبھی زمانہ ان سے خالی ہی ہوتا ہے

Marfat.com

ہوں یہ نہیں ہے کہ ہر وہ شخص جو اللہ کا اسم مبارک لیتا ہو یا ہر وہ شخص جو صوفیوں کا لباس پہنے ہوئے ہو اور جس کے مرید بن بکثرت ہوں اسی نسبت اور اسی مشرب کا ہوگا ؎

ایں کار دولت است کنوں تا کرا رسد

نہ ہر کہ آئینہ سازد سکندری داند نہ ہر کہ سر بتراشد قلندری داند

حضرت مجدد رضی اللہ عنہ سے حضرت کا اخلاص

آپ کو حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے غایت اخلاص اور بے انتہا محبت تھی۔ اس محبت و اخلاص کی بنا پر نیز اس وجہ سے کہ آپ کے حضرت پیر و مرشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمادیا تھا کہ حقائق الٰہیہ اور نسبت مجددی میں اتصاف خاص چاہتے ہو تو سرہند شریف حاضر ہوتے رہنا۔ آپ سال میں دو مرتبہ حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مبارک پر حاضر ہوتے تھے ایک مرتبہ تو عرس کے موقع پر اور ایک مرتبہ ہر سال بلا ناغہ رمضان المبارک میں۔ رمضان المبارک کا چاند وہیں دیکھتے اور ایک قرآن شریف حضرت کی مسجد شریف میں منقش نفیس مراویح میں سناتے تھے۔

فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ رخصت ہونے کی غرض سے سلام کے لئے حاضر ہوا تو حضرت جناب مجدد الف ثانی اور حضرت خواجہ محمد صادق اور خازن الرحمۃ خواجہ محمد سعید صاحب رضی اللہ عنہم اجمعین مزارات متبرکہ سے باہر نکل آئے اور بالترتیب مصافحہ کر کے مکتوبین کو رخصت فرمایا۔

نیز فرماتے تھے کہ جب ہماری خانقاہ تعمیر ہو رہی تھی تو ہم نے کہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں یہ ہماری خانقاہ ہے۔

Marfat.com

ایک مرتبہ حضرت قبلہ جب سرہند شریف پہنچے اور روضۂ متبرکہ حضرت مجدد قدس سرہٗ پر حاضر ہوئے تو روضہ شریف کے دروازہ کے پاس پہنچتے ہی ایک چیخ ماری اور قریب تھا کہ زمین پہ گر جاتے مگر بعض خدام نے تھام لیا۔ پھر جب حالت درست ہوئی تو مزار شریف پر حاضر ہو کر مراقب ہو گئے۔ اس واقعہ کے متعلق خود حضرت سے بعض عدام نے جب دریافت کیا تو فرمایا کہ میں جب دروازہ کے پاس پہنچا تو دیکھا کہ حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازہ کے پاس کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں کہ بڑی دیر لگائی، ہم تو تمہارے منتظر تھے۔

حضرت کے خلیفہ مولوی کاظم الدین صاحب بنگالی بیان کرتے تھے کہ تین روز تک میں جب حلقہ میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ بجائے حضرت کے حضرت جناب مجدد رضی اللہ عنہ تشریف رکھتے ہیں۔

غرض اس قسم کے بہت سے واقعات میں طوالت کے خیال سے حتی الامکان بالاختصار تحریر کیے گئے

طریقِ اجازت

حضرت پیر دستگیر رحمۃ اللہ علیہ اجازت طریق کے بارہ میں حضرت قطب وقیوم دوراں جناب شاہ احمد سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متبع تھے یعنی بوجہ بُعد زمانہ نبوت وظلمت کفر طالبوں کی ہمتیں اس زمانہ میں طلب حق سے بالکل قاصر ہو گئی ہیں اس لیے یہی چاہتے تھے کہ حتی الامکان جلد سلوک میں مناسبت پیدا ہو جائے تاکہ کوئی اس نسبت کی برکات سے بے بہرہ نہ رہے۔ اور جس کو مستقیم الاحوال جانتے تھے ان سے کچھ عرض ہی نہ فرماتے، سالہا سال تک خدمت مبارک میں ایسا طالب حاضر رہتا تھا اور بعض تو پندرہ اور بیس بیس سال تک بلکہ تا رحلت حاضر خدمت اقدس رہے ہیں۔ لہٰذا آپ کا طریقۂ تسلیک مقامات تین طریقوں پر تھا: وہ طلبۂ علم ظاہر جو ابھی علم ظاہر سے فارغ نہ ہوئے تھے

Marfat.com

اور عام بے پڑھے لوگوں پر سرسری نظر فرما کر سلوک تمام کرا دیتے تھے۔ مقصود یہ تھا کہ کام کرتے رہیں گے تو یہ عکس سلوک ظلیت پیدا کر لے گا اور آخرت میں یہ لوگ اس کے نتائج سے خوب بہرہ ور ہوں گے۔

دوسرا طریقہ ان لوگوں کو سلوک کرانے کا تھا جو دوسرے ملکوں سے علماء و فضلاء حاضر ہوتے تھے، وہ دو تین سال خانقاہ شریف میں حاضر رہتے تھے اور ان کو خوب التزام سے سلوک تمام کرا کر اجازت مرحمت فرما دیتے تھے۔

تیسرا طریقۂ سلوک ان لوگوں کے ساتھ تھا جو بعد علم ظاہر سالہا سال یعنی پندرہ پندرہ اور اس سے بھی زیادہ حاضر خدمت رہے، اور بعض زمانۂ وصال تک۔ ان کے سیر و سلوک کا کیا کہنا ہے۔

آپ خود فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جناب غلام علی شاہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیادہ سے زیادہ پچیس سال اور کم از کم دس سال میں مرید کو اجازت طریقہ عطا فرماتے تھے۔ مگر اس زمانہ میں ہمتیں بالکل قاصر ہیں۔ میں خیال کرتا ہوں کہ جو آیا ہے محروم نہ رہے۔ مناسبت پیدا ہو جائے، پھر کام کرتے کرتے برکت ہوتی جائے گی اور جو مقصود سیر و سلوک سے ہے وہ ان شاء اللہ پورا ہو گا۔

آپ نے تحریری اجازت نامے بہت کم دیے ہیں۔ نیز آپ فرمایا کرتے تھے کہ جب سلوک ختم ہو جائے بس وہی اجازت ہے۔ انحصار کام کرنے پر ہے۔ جو کام کرے گا وہ پائے گا۔ اس فرمانے میں گویا حضرت جناب غلام علی شاہ صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کا اتباع فرمایا تھا۔ کیونکہ جناب حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بھی فرما دیا تھا کہ ہماری صحبت میں جس کو تزکیۂ نفس و تصفیۂ قلب حاصل ہو جائے اس کو اجازت ہے خواہ ہم زبان سے اجازت دیں یا نہ دیں۔

حضرت اکثر فرمایا کرتے تھے کہ سیر و سلوک سے مقصود اجازت و خلافت نہیں ہے بلکہ اصل مقصد کچھ

Marfat.com

اور ہی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ کام پہ لگا رہے

ملفوظات

فرمایا جہاد کی فضیلت کی تو انتہا ہی نہیں ہے مگر ہمارا کام کفار سے دو بدو تلوار چلا کر لڑنے سے بھی بالاتر ہے اور ہمارے پاس دلیل یہ حدیث شریف ہے کہ: رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ۔ حقیر کاتب الحروف عرض کرتا ہے کہ باوجود اس فرمانے کے ہمیشہ اس تمنا میں رہتے تھے کہ جہاد ہو تو ہم بھی شربت شہادت نوش کریں۔ نیز فرماتے تھے کہ بہت مرتبہ شہر میں طاعون ہوا اور ہم تمنا ہی میں رہ گئے۔ اس لیے کہ طاعون کی موت بھی مثل شہادت کبریٰ کے ہے۔

فرمایا جب تک اللہ کا اسم مبارک حلق سے نیچے نہیں اترتا کبھی تک دنیا کی طلب اور خوف ملامت مخلوق رہتا ہے۔

فرمایا عرصہ تیس سال کا ہوا، اس وقت سرہند شریف میں عرس کے موقع پر بعض بعض بزرگ نسبت مجددیہ سے مالا مال نظر آتے تھے مگر اب مدت سے کوئی نظر نہیں آتا۔

فرمایا فقیر پر حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ لطف و کرم ہے جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔

فرمایا کہ میرے آخر وقت میں خوش الحان حافظ سے قرآن شریف پڑھوانا۔

فرمایا علم ظاہر علم باطن پر مقدم ہے۔ پہلے علم ظاہر سیکھنا چاہیے پھر علم باطن۔

فرمایا اب کچھ ایسی حالت ہو گئی ہے کہ جو کوئی سامنے آتا ہے اس کا حال بغیر التفات بالکل سامنے آجاتا ہے۔ بلکہ اگر کوئی گھر کے باہر دیوار کے پاس سے بھی نکل جاتا ہے اس کا اچھا برا جو حال ہوتا ہے

Marfat.com

معلوم ہو جاتا ہے۔

فرمایا ہمت والا وہ ہے جو ہر سانس میں اللہ کی یاد کرتا رہے۔

فرمایا معارف میں حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکتوبات شریف جس مرتبہ کے ہیں ایسی کتاب اور کسی سے اب تک نہیں لکھی۔

فرمایا آج کل کے پیر روپیہ کی خاطر مریدین میں گشت کرتے ہیں اور کہتے یہ ہیں کہ نیت اصلاح مریدین کی ہے۔ حالانکہ نیت کچھ اور ہوتی ہے۔

فرمایا، جناب حضرت میاں مرشد صاحب رحمۃ اللہ علیہ (حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پرپوتے صاحب کے صاحبزادے) بہت ہی بلند مرتبہ بزرگ ہیں، ان کے مرتبہ کا رامپور میں اور کوئی مزار نہیں ہے۔

فرمایا، ایک مرتبہ جامع مسجد میں بعد فراغ نماز کتے کے بھونکنے کی آواز آئی میں نے حیرت سے چاروں طرف دیکھنا شروع کیا۔ یکایک کیا دیکھتا ہوں کہ ممبر پر ایک مولوی صاحب وعظ فرما رہے ہیں۔ مجھ کو نہایت ندامت ہوئی اور شرم آئی۔ اس دن سے جامع مسجد جانا چھوڑ دیا کہ اللہ کی مخلوق کے عیوب خواہ مخواہ سامنے آتے ہیں۔ حالانکہ ہم ان سے کہیں بُرے ہیں۔

فرمایا، ہمارے حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایسے ہی تھے جیسے حضرت مجدد کے صاحبزادے تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

فرمایا، جب ہم اپنے حضرت پیر و مرشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ حج بیت اللہ الحرام کی غرض سے جہاز میں سوار ہوئے تو کچھ روز کے بعد یہ دیکھا کہ جہاز گویا ایک تاریک پہاڑ میں سے نکل کر روشن سمندر میں

Marfat.com

آگیا۔ یہ واقعہ جب عرض کیا تو حضرت پیر دستگیر نے فرمایا کہ حدود سلطنت انگریزی ختم ہو کر اسلامی سلطنت کے حدود میں جہاز داخل ہوا ہے۔ وہ ظلمت کفر تھی اور یہ نور اسلام۔

فرمایا مکہ معظمہ سے لے کر مدینہ منورہ تک ہر ایک منزل کی کیفیت جداگانہ ہے۔

فرمایا دوسرے حج کے موقع پر جب یہ لاشئ حرم مکہ معظمہ میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ تمام مکان حرم اور حاضرین حرم اس لاشئ کی طرف سر بسجدہ ہیں۔ نہایت حیرت ہوئی۔ بعد کچھ توقف کے سمجھ میں آیا کہ یہ حقیقت کعبہ کا ظہور ہوا ہے۔

راقم الحروف عرض کرتا ہے کہ منجملہ دیگر کیفیات حقیقت کعبہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ یہ کیفیت نادرہ بھی بفضلہ تعالیٰ سالک پر وارد ہوتی ہے۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ نعوذ باللہ من ذلک سالک فی الحقیقت مسجود الیہ ہے اور اس کیفیت کے لحاظ سے یہ امر خلاف شریعت غرا نہیں ہے۔ جو لوگ اس کام کے کرنے والے ہیں وہی اس کو خوب سمجھ سکتے ہیں۔ یہ کیفیت الفاظ میں ادا نہیں ہو سکتی۔ اور اگر کچھ نہ کچھ تشریح تا حدِ امکان ہو سکتی تھی تو بوجہ طوالت اس سے قطع نظر کی گئی۔

فرمایا بعض لوگ یہ شکایت کرتے ہیں کہ ہم کو کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ حالانکہ یہ خیال نہیں کرتے کہ نہ اکل حلال ہے نہ صدق مقال، اور ظلمت کفر تمام جہاں میں پھیلی ہوئی ہے۔ پھر سب سے بڑی بات یہ کہ پہلے لوگوں کا سا نہ اخلاص ہے نہ محبت، نہ محنت و ہمت۔ ہمارا اس میں کیا قصور؟

فرمایا، جس زمانہ میں ہم بیمار تھے اور مہینوں تک منہ سے خون طشت بھر بھر کر آتا تھا اور کوئی علاج اثر نہیں کرتا تھا، اس زمانہ میں ایک روز یہ حالت ہوئی کہ کچھ باقی نہ رہا۔ دل میں خیال آیا آخر وقت ہے، حضرت ملا خوندصاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مزار شریف یہاں سے قریب ہے۔ ان کی روحانیت مبارک سے

Marfat.com

استمداد کرنی چاہیے۔ تھوڑی دیر بعد دیکھا کہ جناب حضرت ملا صاحب خود تشریف لے آئے اور فرمایا مجرد تمہارے خیال کے حکم الٰہی سے ہم کو اطلاع ہو گئی تھی مگر فوراً آنے کی ضرورت اس وجہ سے نہ سمجھی گئی کہ ابھی حق تعالیٰ کو تم سے بہت کام لینے باقی ہیں اور وقت ارتحال نہیں آیا ہے۔

فرمایا کہ جب ہمارے حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سفر حج کا ارادہ کیا تو ہم کو بھی بے انتہا اشتیاق ہوا۔ حضرت سے عرض کیا تو فرمایا والد صاحب سے اجازت لو۔ والد صاحب کسی طرح اجازت نہ دیتے تھے۔ غرض عجب کشمکش اور قلق میں وہ ایام گذر رہے تھے ایک روز جناب حضرت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیمات کی طرف رجوع ہو کر بہت الحاح وزاری کی جب حضرت پیر و مرشد کی خدمت بابرکت میں حاضر ہونے کی غرض سے محلہ چاہ شور جانے کا اتفاق ہوا تو دیکھا کہ حضرت پیر و مرشد کی خانقاہ شریف کے قریب حضور انور سرور دنیا و دین صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم تشریف رکھتے ہیں۔ یہ دیکھ کر اطمینان اور یقین ہو گیا کہ ضرور جانا ہو گا۔ چنانچہ دوسرے روز علی الصباح خود بخود حضرت والد ماجد علیہ الرحمۃ نے تین سو روپیہ دے کر اجازت مرحمت فرمائی۔

فرمایا کہ حضرت شیخ علی ہجویری المعروف بہ گنج بخش قدس اللہ سرہٗ العزیز اس قدر صاحب مرتبہ بزرگ گزرے ہیں جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ نسبت نبوت کا بہت ظہور ہے۔ لاہور جا کر ان کے مزار مبارک پر حاضری ہوئی تو تا دیر مراقبہ کیا مگر کچھ التفات محسوس نہیں ہوا۔ بہت دیر کے بعد دیکھا کہ حضرت بالکل جوانی کی شکل میں تشریف لائے اور سلام میں سبقت فرمائی، اور فرمایا "مزاج عالی"۔ حضرت کے سلام علیک کرنے سے یہ بات معلوم ہوئی کہ بپاس خاطر حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت نے توجہ سے مشرف نہ فرمایا۔ اس لیے کہ ہم حضرت مجدد رضی اللہ عنہ کے پروردہ ہیں کسی اور کی مزید حاجت نہیں۔

Marfat.com

فرمایا، ہر مقام کا ذکر اس مقام کے مناسب ہوا کرتا ہے۔ آخر کار میں کثرت نوافل و زیادتی تلاوت قرآن مجید موجب ترقیات ہے۔ اگر کوئی نفی اثبات اور ذکر اسم ذات شروع کر دے تو اس مقام کی کیفیت میں خرابی واقع ہو جاتی ہے۔

فرمایا، یہ زمانہ اور وقت ہر آن ہوشیار رہنے کا ہے۔

فرمایا، یہ وہ وقت ہے کہ کسی سے کسی امر میں تعرض مصلحت نہیں ہے۔ چپ چاپ اپنے کام میں لگے رہنا چاہیے۔

وصال سے چند روز قبل فرمایا کہ اس وقت کا قطب افغان قوم میں سے ہے۔ حضرت کا یہ فرمانا حکم الٰہی سے تھا، تاکہ لوگ اس کا اذعان کریں۔

فرمایا تیسری مرتبہ جب مدینہ منورہ حاضری ہوئی تو بے اختیار جی چاہتا تھا کہ یہیں کی مٹی ہو جائے۔ اتفاق ایسا ہوا کہ علالت بھی ہو گئی۔ پھر تو اور بھی اشتیاق بڑھا۔ لیکن اسی روز اپنے حضرت پیر و مرشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ایک نہایت عمدہ اونٹنی اعلیٰ قسم کے ساز و سامان اور زیور سے آراستہ لے کر آئے ہیں۔ مجھے اس پر سوار کر کے رام پور بھیج دیا۔ وہ اونٹنی میرے مکان کے قریب قبرستان میں ایک جگہ (جہاں اب حضرت مدفون ہیں) جا کر بیٹھ گئی۔ اور حضرت کا یہ ارشاد ہوا کہ "تمہاری جگہ یہ ہے"۔

راقم کاتب الحروف عرض کرتا ہے کہ اس قبرستان میں خانقاہ شریف تعمیر کرانے کی زیادہ وجہ یہی ہوئی اور حضرت نے اپنی حیات ہی میں خانقاہ شریف کے برابر والی زمین کا احاطہ کرا دیا تھا۔

Marfat.com

مرض موت میں فرمایا جو کوئی ہماری خانقاہ کی نگہداشت وغیرہ کرے گا اجر عظیم پائے گا۔

فرمایا کہ مجھے حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حیات میں ایک روز خیال آیا کہ جناب حضرت خواجہ باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس قوت کے بزرگ تھے کہ ایک ہی توجہ میں باورچی کو اپنا جیسا کر دیا تھا۔ شاید اب کسی میں یہ قوت ہو۔ جب میں صبح کے حلقے میں حاضر ہوا تو بعد فراغ حلقہ جیسے ہی باہر نکلا تو ہر شخص تعظیم کے لیے کھڑا ہو گیا۔ سب کو یہی معلوم ہوا کہ حضرت پیر دستگیر تشریف لا رہے ہیں۔

اس واقعہ کے بعد حضرت نے فرمایا یہ کوئی مشکل امر نہیں ہے۔

فرمایا ایک روز ایک قبرستان میں جانے کا اتفاق ہوا۔ دو قبروں کو عجیب حالت میں دیکھا۔ یعنی یہ کہ ایک میں انوار و برکات بہت تھے معلوم ہوا یہ ایک حافظ کی قبر ہے۔ دوسری قبر میں نجاست بھری ہوئی تھی معلوم ہوا جو شخص اس قبر میں دفن ہے اس میں قدرے توہب تھا۔

فرمایا، سلوک و زمانہ طالب علمی میں حضرت پیر و مرشد کی خدمت میں سے گھر کو جا رہا تھا۔ بازار میں کباب بک رہے تھے۔ خوشبو بہت اچھی معلوم ہوئی۔ ہر چند نفس کو بہلایا مگر مانتا نہ تھا میں آگے بڑھ جاتا اور پھر پلٹتا تھا۔ آخر چار کباب خرید لیے۔ چیل نے جھپٹا مارا، وہ چاروں کباب زمین پر گر پڑے۔ فوراً ہی ایک کتا دوڑا ہوا آیا اور ان کو سونگھ کر چلا گیا۔ ہم گر سمجھ گئے۔ اب جو نفس سے دریافت کیا تو ایسی حالت میں ان کبابوں کے کھانے پر رضامند نہ تھا۔ ہم نے کہا اب انہی کو کھانا ہوگا۔ چنانچہ مسجد میں جا کر ان کو دھویا۔ اور نفس کو جب خوب پریشان کر لیا تو کباب پھینک دیے۔ جب حضرت سے یہ حکایت عرض کی تو فرمایا کہ بعض کی تربیت و اصلاح خاص منجانب اللہ ہوتی ہے۔ تم بھی اسی قبیل سے ہو۔

فرمایا ایک مرتبہ میں اپنے حضرت قبلہ کی مسجد شریف میں بیٹھا تھا کہ یکایک ایک نورانیت ہیبت ناک

Marfat.com

کاندھے پر گزر رکھے ہوئے شخصیت کا ظہور ہوا۔ اس نے میرے پاس آکر کہا تو کل مر جائے گا۔ مجھے بڑا تردد ہوا۔ حضرت قبلہ سے عرض کیا تو حضرت نے فرمایا غم نہ کرد۔ سو برس کے بعد مرنا بھی اس عالم کے لحاظ سے کل ہی کا مرادف ہے۔

فرمایا حضرت جناب شاہ محمد مظہر صاحب قدس اللہ سرہ العزیز نہایت ہی عالی مرتبت مجددی بزرگ تھے۔ قطب دوراں محبوب رب مجید حضرت شاہ احمد سعید قدس اللہ سرہ العزیز کی سب اولاد میں بہترین تھے۔ گویا بہمہ وجوہ مثل اپنے حضرت والد ماجد قدس اللہ سرہ العزیز کے تھے۔

کرامات و تصرفات

سید احمد جان بخاری حضرت کے خلیفہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے وطن سے بغرض تجارت ہندوستان آیا اور پہلے سرہند شریف حاضر ہوا۔ وہاں میری کچھ ایسی کیفیت ہوئی کہ دنیا کے کاروبار سے دل سرد ہو گیا میں نے حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزار مبارک پر دعا مانگی اور عرض کیا کہ اب یہ غلام بجائے تجارت کے کسی رہبر کامل کی تلاش میں یہاں سے رخصت ہوتا ہے۔ یہ عرض کر کے وہاں سے تو ہو گیا، مگر حیران تھا کہ کہاں جاؤں اور کیا کروں۔ جب سرہند اسٹیشن پر پہنچا تو دیکھا کہ ایک بزرگ صورت شخص میرے پاس آئے اور کہا دام لاؤ ٹکٹ لا دوں۔ میں متفکر و متحیر تو پہلے ہی سے ہو رہا تھا۔ ان سے یہ نہ دریافت کیا کہ آپ کون ہیں اور کہاں کا ٹکٹ لائیں گے۔ بغیر دریافت حال کیے کچھ روپے ان کو دے دیے۔ انہوں نے ٹکٹ لا کر دیا اور فرمایا کہ سہارن پور ہوتی ہوئی جو ریل پورب کو جاتی ہے اس میں سوار ہو جانا رام پور شہر کے اسٹیشن پر اتر جانا اور حافظ عنایت اللہ خاں صاحب کا مکان دریافت کر کے اُن کی خدمت

Marfat.com

میں چلے جانا اور انہی سے بیعت ہو جانا چنانچہ جب میں رام پور پہنچ کر خدمت مبارک میں حاضر ہوا تو حیران رہ گیا اس لیئے کہ جن بزرگ نے ٹکٹ لا کر دیا تھا وہ آپ ہی تھے۔

نیز یہی سید احمد جان صاحب بیان کرتے ہیں کہ دوران سلوک میں ایک بزرگ کے مزار شریف پر جا کر مراقب ہوا۔ میری نسبت میں عروج ہونا شروع ہوا اور اس قدر عروج ہوا کہ طبقات فلکی میری نظر سے ہٹا دیے گئے اور ترقی برابر جاری تھی۔ غرض جہاں تک حق تعالیٰ کو منظور تھا ترقی ہوئی اور اسی حالت میں مجھے خطرہ گزرا کہ یہ حضرت کا تصرف نہیں ہے بلکہ صاحب مزار کا ہے۔ بمجرد اس خطرہ کے دیکھا کہ حضرت قبلہ بہت بلند مقام پر ایک نہایت مرصع اور خوشنما کرسی پر رونق افروز ہیں۔

حضرت کے پوتے جناب محمد وحید اللہ خاں صاحب بیان کرتے ہیں کہ میں روزانہ ایک چشتیہ بزرگ کے مزار پر جاتا تھا اور وہاں کے ذوق و شوق سے بے حد مسرور تھا حضرت نے دریافت فرمایا کہاں جایا کرتے ہو؟ میں نے بہانہ کر کے عرض کیا باغ کو روزانہ چلا جاتا ہوں۔ حضرت نے فرمایا اب نہ جانا۔ اور یہ فرمانا اس وجہ سے تھا کہ دوران سلوک میں سبب بے رنگی نسبت کا تھا۔ مگر مجھے کچھ ایسی چاٹ لگ گئی تھی کہ برابر جاتا رہا۔ ایک روز جو اسی مزار پر حاضر ہوا تو ان بزرگ نے کچھ التفات نہ فرمایا بلکہ واقعہ میں یہ فرمایا کہ میاں اب تم نہ آیا کرو۔ ہم کو حافظ صاحب نے منع فرما دیا ہے۔

مولوی صوفی خواجہ احمد بنگالی جو حضرت کے بڑے مخلص اور مستعد خادم ہیں اور حضرت بھی ان کا بہت خیال فرماتے تھے بہت زمانہ حاضر خدمت رہ کر مشرف باجازت ہوئے۔ ان کا بیان ہے کہ جب حضرت حج کی غرض سے دوبارہ تشریف لے گئے تو میں بھی ہمراہ تھا۔ مدینہ منورہ میں جب حاضری ہوئی تو میں نے بہت الحاح و زاری کی کہ حضرت جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہو جائے تو بڑی بندہ نوازی ہے

Marfat.com

اس غم میں کھانا پینا چھوڑ دیا۔ جب حضرت روضۂ مطہرہ پر حاضر ہو کر مراقب ہوئے تو میں بھی عقب میں بیٹھ کر مراقب ہو گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضور سرور انس وجان محبوب یزداں حبیب کبریا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قبر شریف سے باہر تشریف لے آئے اور ایک ظرف کسی شے سے بھرا ہوا دست مبارک میں ہے۔ حضور نے وہ ظرف اس خادم کے منہ سے لگا دیا اور ہمارے حضرت قبلہ اپنے ہاتھ سے جو شے اس ظرف میں تھی اس کو میری جانب کرتے جاتے تھے یہاں تک کہ میں نے خوب سیر ہو کر اس کو پیا جب میں سیر ہو چکا تو حضرت نے مراقبہ ختم فرما دیا اور تشریف لے گئے۔ میں بھی ہمراہ ہو لیا۔ راستہ میں فرمایا "کہو میاں خواجہ احمد! زیارت ہو گئی؟"

حضرت مولانا مولوی محمد سلامت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت قطب ارشاد جناب مولنا ارشاد حسین صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے مجاز و شاگرد تھے بیان فرماتے تھے کہ حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کے وصال سے کچھ زمانہ پہلے میں اور حافظ صاحب دریائے کوسی کی طرف شکار کو گئے۔ شکار کی تلاش میں ندی کے کنارے کنارے کوسوں نکل گئے یہاں تک کہ کاشی پور گاؤں تک پہنچ گئے۔ یہاں تک دیر ہوئی کہ مغرب ہو گئی۔ میں نے کہا کہ حلقہ اب ملنا مشکل ہے۔ حضرت حافظ صاحب نے فرمایا چلو اللہ مالک ہے۔ راستہ میں فرمایا کہ میاں سلامت اللہ! ہم نے بزرگوں سے سنا ہے کہ راستہ قطع کرنا اگر جلد منظور ہو تو آنکھیں بند کر لینی چاہییں، تم بھی ذرا آنکھیں بند کر لو۔ میں نے آنکھیں بند کر لیں۔ ایک گونہ توقف کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ میرا پاؤں گڑھے میں جا رہا ہے۔ گھبرا کر آنکھ کھولی تو کیا دیکھتا ہوں کہ بازار رد آبادی ہے۔ میں نے حافظ صاحب سے پوچھا تو فرمایا دریافت کر لو۔ میں کچھ ایسی حالت میں تھا کہ بالکل شناخت نہ کر سکا۔ لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ کون گاؤں ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ سڑی تو نہیں ہو گئے ہو، رامپور کو نہیں پہچانتے؟ کون سے

Marfat.com

گاؤں میں رہتے ہو کہ شہر کو گاؤں کہتے ہو۔ چند قدم آگے بڑھائے تو محلہ چاہ شور آگیا۔ یہ وہ وقت تھا کہ حضرت پیر و مرشد حلقہ کے لیے خانقاہ شریف میں تشریف لا چکے تھے اور ابھی دروازہ بند نہ ہوا تھا۔

حاجی عبدالرحیم صاحب پشاوری حضرت کے مرید بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت کے کمالات کی نسبت میرے ایک مخلص کو کچھ تردد ہوا۔ واقعہ میں دیکھا کہ حضرت نے ایک دیوار پر توجہ فرمائی اور مجرّد توجہ شریف وہ مثل ریت کے ہو گئی۔

میاں منصف علی صاحب حضرت کے قدیمی خادم و مرید نقل کرتے ہیں کہ مجھے پیشاب کا ایک نہایت شدید اور تکلیف دہ عارضہ ہو گیا تھا۔ حضرت عیادت کو تشریف لے گئے۔ جب واپس تشریف لے چلے تو میں بھی ہمراہ ہو گیا اور حلقہ میں شریک ہو گیا۔ اس کے بعد سے پھر کبھی مجھے وہ عارضہ لاحق نہیں ہوا۔ جب حضرت قبلہ سے عرض کیا تو فرمایا یہ اختیاری امر نہیں ہے۔ اور اگر یہ امر اختیاری ہو تو خویش و اقارب دوست و احباب میں کوئی بیمار ہی نہ ہوتا۔ تمام امور اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہیں۔

مولوی علی رضا صاحب حضرت کے مرید و مجاز رنگون میں مقیم تھے۔ انہوں نے ایک مرتبہ حضرت کے صاحبزادے صاحب کو ایک عریضہ لکھا تھا کہ فلاں روز عصر کے وقت میں مع اپنے چند مخلصوں کے بیٹھا ہوا تھا کہ میں نے چشم سر سے یہ دیکھا کہ حضرت تشریف لائے ہیں۔ ہم سب تعظیماً کھڑے ہو گئے تھوڑی دیر بیٹھ کر حضرت تشریف لے گئے۔ مجھے نہایت تحیّر ہے۔

وصال سے چند زمانہ قبل حضرت کے صاحبزادے میاں عبداللہ خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ اپنے گاؤں سے ایک بکری لائے اور وہ بچے بیاہنے والی تھی۔ ایک روز شب کے وقت اس نے چلانا شروع کیا اور کوئی علامت باقی نہ تھی۔ سب کا خیال یہی تھا کہ صبح تک بچے پیدا ہو جائیں گے۔

Marfat.com

حضرت نے اس کا چلانا سن کر فرمایا خدا کرے اس کے تین بچے ہوں، دو بکرے ایک بکری۔ اس فرمانے کے بعد سے وہ بکری بالکل خاموش ہوگئی اور دو ماہ بعد وسال اس بکری کے بچے ہوئے تو دو بکرے تھے ایک بکری۔

حاجی عبدالرحیم صاحب پشاوری نے بیان کیا کہ میں جب حاضر ہو کر بیعت ہوا تو کچھ زمانہ کے بعد حضرت نے قرآن شریف پڑھنے کے واسطے ارشاد فرمایا۔ میں نے عرض کیا بغیر عینک پڑھ نہیں سکتا اور اپنی نظر کی عینک اپنے وطن میں بھول چھوڑ آیا ہوں۔ فرمایا عینک سے کیا غرض، تم پڑھو تو سہی چنانچہ میں نے قرآن مجید سامنے رکھ کر دیکھا تو عینک کی کچھ ضرورت ہی نہ تھی۔ اس روز سے میری نگاہ درست ہوگئی اور باریک سے باریک تحریر بخوبی و بلا تکلف پڑھتا ہوں۔

حضرت کے باغ میں ایک پٹھان اپنے ڈھور ڈنگر لیجا کر چرایا کرتا تھا اور ڈھور دوسرے درختوں کا بھی نقصان کرتے تھے۔ مالی اگر منع کرتا تھا تو اس کو اریپٹ کرتا تھا۔ ایک روز اس پٹھان نے ایک بزرگ کو دیکھا کہ اس کو تہدید فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ حافظ صاحب کا باغ ہے۔ اگر اب تو نے اس باغ میں قدم دھرا اور بلا اجازت جانور چرانے کو لایا تو سخت نقصان اٹھائے گا۔

مولوی فضل الرحمٰن صاحب بنگالی حضرت کے مرید بیان کرتے تھے کہ ہمارے وطن کے ایک مفلس بنگالی کو حضرت سے غائبانہ بہت اخلاص پیدا ہوا اور وہ رامپور کے ارادہ سے چل کھڑا ہوا۔ پاس ایک دمڑی نہ تھی۔ اسٹیشن پر دیکھا کہ ایک بزرگ تشریف لائے اور رامپور کا ٹکٹ دے کر چلے گئے۔ جب وہ بنگالی رامپور پہنچا اور خدمت مبارک میں حاضر ہوا تو اس کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ اس لیے کہ وہ بزرگ خود حضرت ہی تھے۔

Marfat.com

کاتب الحروف کو کسی ضروری کام کی غرض سے چاٹگام (بنگال) جانے کی ضرورت ہوئی حضرت سے اجازت لے کر روانہ ہو گیا۔ جب گاڑی بنڈل جنکشن کے اسٹیشن کے قریب پہنچی جہاں ریل سے اتر کر جہاز پر سوار ہونے ہیں تو مجھ کو غیبت ہو گئی۔ اس غیبت میں دیکھا کہ کثیر لوگوں کا مجمع ہے اور حضرت مسند پر رونق افروز ہیں اور باواز بلند لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ کا ختم پڑھ رہے ہیں جب وہ غیبت رفع ہوئی تو یہ واقعہ کچھ سمجھ میں نہ آیا غرض جب دریا کے کنارے جہاز میں سوار ہونے کو پہنچا تو دیکھا کہ شدید طوفانی حالت ہے اور بڑی سخت ہوا چل رہی ہے۔ تھوڑی دیر میں تاریکی ہو گئی میں جہاز میں سوار تو ہو گیا مگر تمام جہاز میں بڑی گڑبڑ تھی۔ اس وقت خیال گزرا کہ وہی ختم پڑھنا چاہیے جو واقعہ میں دیکھا تھا چنانچہ تین تسبیح کی قدر ختم پڑھا تھا کہ طوفان رفع ہو گیا۔

مولوی محمد عثمان صاحب بنگالی اپنے وطن سے واپس آ رہے تھے کہ فیض آباد کے قریب ٹرین کا تصادم ہو گیا۔ انہوں نے دیکھا کہ یکایک حضرت تشریف لائے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر باہر کھینچ لیا۔ یہ تو بچ گئے اور اس درجہ میں جس قدر مسافر تھے کچھ مر گئے کچھ سخت زخمی ہوئے۔

الغرض حضرت سے ہزارہا واقعات و تصرفات ظاہر ہوئے ہیں بطور اختصار تحریر کیے گئے

حلیۂ مبارک و اخلاق و عادات

آپ راست قامت، گندم گوں، کشادہ پیشانی، بلند بینی اور قوی ہاتھ پاؤں کے تھے سینہ بے کینہ اور زانو خوب کشادہ اور چوڑے تھے۔ داڑھی شریف خوب چوڑی اور خوبصورت تھی اور حدِّ شرعی سے متجاوز نہ تھی۔ چہرہ مبارک نورانی، وجیہ و باوقار تھا۔ ہمیشہ خندہ پیشانی رہتے تھے۔ نرم گفتار

Marfat.com

تیز رفتار تھے۔ کلام قل و دل۔ لباس ہمیشہ سادہ پہنتے۔ لانبا کرتا سینہ چاک۔ ڈھیلا پاجامہ۔ سر پر دوپلڑی ٹوپی۔ کاندھے پر رومال۔ عصا و تسبیح در دست۔ موسم سرما میں اب بوجہ ضعف و نقاہت کے کبھی کبھی جب زیادہ سردی ہوتی تو تنگ شرعی بجائے ڈھیلے پاجامہ کے اور مرزئی روئی کا انگرکھا پہنتے تھے اور عمامہ باندھتے تھے۔ باوجود اس سادہ پوشش کے وقار ایسا تھا کہ ضرورت سے زیادہ کوئی بات نہ کر سکتا تھا۔ مریدین و مخلصین سے باوجودیکہ غایت شفقت و لینت سے پیش آتے تھے۔ مگر ہر وقت حاضر و غائب حضرت کی ہیبت اُن کے دلوں میں جاگزیں تھی۔ بڑے سے بڑا دنیادار آپ سے مرعوب ہو جاتا تھا ؎

ہیبت حق است ایں از خلق نیست ہیبتِ ایں مرد صاحب دلق نیست

اخلاق اس قدر وسیع تھے کہ کبھی کسی کو بھڑکتے نہ تھے چاہے کیسے ہی خطا ہو جاتی۔ دوست تو دوست دشمن سے بھی مدارات پیش آتے تھے۔

کبھی کسی کے لیئے بددعا نہ فرماتے اور حتی الامکان کسی کے عیب کو ظاہر نہ فرماتے بلکہ مریدین وغیرہ سے کوئی لغزش ہو جاتی تو بصورت واقعہ بانصرف باطنی سے اس کو متنبہ فرما دیتے۔ نہایت متحمل، بردبار صابر متمکین تھے۔ کیسی ہی مصیبت آپڑتی، کیسا ہی صدمہ یا سخت واقعہ پیش آجاتا مگر جنبش نہ ہوتی تھی عجیب کوہِ استقامت تھے۔ دلیر بھی ایسے ہی تھے۔ حق بات کہنے میں کسی سے خوف نہ کھاتے۔ دنیا اور اہلِ دنیا سے کنارہ کشی اختیار فرمائی تھی۔ بیگم بھوپال نے دو مرتبہ باصرار بلایا مگر آپ تشریف نہ لے گئے۔ ہر وقت بجا بدیں رہتے تھے۔ ذرا سے خطرے کا بھی تدارک فوراً فرما لیتے تھے۔ غذا قریب قریب بالکل ترک فرما دی تھی شاید دونوں اوقات میں آدھ پاؤ غذا ہو جاتی ہو۔ اپنی ذات مبارک کے لیے کسی قسم کا کوئی

Marfat.com

اہتمام نہ فرماتے۔ کیسا ہی شدید جاڑا ہوتا اور کتنی ہی گرمی ہوتی، لوہ چلتی، کچھ ہوتا، مگر حضرت کا پلنگ دالان ہی میں رہتا۔ شب کو گاؤ تکیہ لگا کر بیٹھے رہتے۔ اسی حالت میں گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹے کو پاؤں سیدھے کر لیتے۔ ہر آن یہی خیال تھا کہ کہیں نفس آرام طلب نہ ہو جائے۔ کم گفتن و کم خفتن و کم خوردن پر عمل تھا۔ دوسروں کو زیادہ تر تاکید کم کھانے اور قرآن زیادہ پڑھنے کی ہوتی تھی۔ جب کبھی بیمار ہوتے تو دو ایک روز کچھ دوا استعمال فرما لیتے کہ شریعت کی متابعت ہو جائے اور سنت ادا ہو۔ اس کے بعد کبھی دوا استعمال نہ فرماتے۔ باوجودیکہ حضرت قبلہ نہایت نرم دل اور تنہائی پسند تھے مگر کیا مجال تھی کہ اپنے اہل و عیال، عزیز و اقارب، دوست و احباب کے حقوق تلف ہو جاتے۔ نہایت صائب الرائے، صاحب فراست تامہ اور باوضع تھے۔ اکثر اہل معاملہ حاضر ہو کر اپنے اہم معاملات میں مشورہ کرتے تھے بعض بڑے بڑے اہل دنیا اپنے معاملات میں آپ سے مشورہ لیتے تھے۔

غرباء کی پوشیدہ طور پر امداد فرماتے تھے اور کسی شخص کو معلوم نہ ہوتا تھا۔ خصوصاً بعض نادار مخلصوں کی تو ہمیشہ امداد فرماتے رہے یہاں تک کہ گوشت ترکاری خرید کر اس کے گھر دے آتے تھے۔ امین بھی ایسے تھے کہ اکثر لوگوں کی امانتیں آپ کے پاس رہتی تھیں۔ امانت رکھنے سے قبل شرط فرما لیتے تھے کہ اگر کسی کو ضرورت ہوگی تو اس روپے میں سے اس کی ضرورت رفع کر دیں گے۔ تم کو وقت پر تمہارا روپیہ مل جائے گا۔

چشم پوشی، حلم و عفو کے صفات آپ میں بدرجۂ غایت تھے۔ اگر کوئی شخص حضرت کی کوئی چیز چرا لیتا اس سے چشم پوشی کر لیتے تھے اور کبھی زبان پر نہ لاتے تھے۔ بزرگ زادوں خصوصاً حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد امجاد کا بڑا ادب فرماتے، یہاں تک کہ اپنے دست مبارک سے ان کی جوتیاں

Marfat.com

سیدھی کر کے رکھ دیتے تھے اور فرماتے کہ خادموں کا کام تو یہی ہے۔

اظہار درویشی کے سخت مخالف تھے۔ اگر درویشی کا ذکر آتا تو فرماتے تھے کہ ہم تو سپاہی زادے پٹھان ہیں، درویشی سے کیا تعلق۔

غرض کون کون وصف اور کیا کیا صفتیں بیان کی جائیں۔ نمونہ خلق محمدی، آیۃ من آیات اللہ اور رحمۃ من رحمۃ اللہ تھے۔ ایک مخلوق تھی کہ ظاہری و باطنی فیوض و برکات سے مالا مال تھی۔ افسوس ہزار افسوس کہ اب ان کے مخلص و مریدین متعلقین و معتقدین چاروں طرف دیکھتے ہیں تو کوئی نظر نہیں آتا کوئی پوچھے تو ان کا روحانی فیض اب بھی جاری ہے۔ دعا یہی ہے کہ حق تعالیٰ ان کی برکت اور فیض سے ہمیشہ ہم سب کو مالا مال رکھے اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ حضرت پیر دستگیر کی یاد اور تصور ذریعہ عبادت و معرفت حق ہے۔ اس لیے کہ حضرت شیخ الاسلام ہروی قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے ہیں کہ:

"الٰہی چیست اینکہ دوستان خود را کردی کہ ہر کہ ایشاں را شناخت ترا یافت و تا ترا نیافت ایشاں را نشناخت"

اللہ تعالیٰ ہم مجبوروں کو اس یاد اور تصور پر قائم رکھے۔ ہر حرماں نصیب و مجبور زبان حال سے یہی کہتا ہے:

زبان خامہ نداند دبیر بیان فراق — دگر نہ شرح دہم با تو داستان فراق

دریغ مدت عمرے کہ با مجد وصال — بسر رسید و نیامد بسر زبان فراق

مباد کس بجہان مبتلائے فراق — کہ عمرہا ہمہ گذشت در بلائے فراق

غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگرداں — کہ شیوہ تست ایام مجردہائے فراق

کجا روم چہ کنم حال دل کرا گویم؟ — کہ داد من بستاند ز بد جزائے فراق

Marfat.com

زدردِ ہجر و فراقم دمے خلاصی نیست — خدائے را بستاں داد و ده سزائے فراق

من از کجاؤ فراق از کجاؤ غم زکجا — مگر کہ زاد مرا مادر از برائے فراق

بداغ عشق تو حافظ چو بلبل سحری

زند بروز شبان خوں فشاں نوائے فراق

بس دعا یہ ہے کہ اللھم اجعلنا من المحبین الصادقین والمخلصین الراسخین واجعلنا من المؤمنین المتقین ومن المتبعین لسید الاولین والاٰخرین واعطنا الفلاح فی الدنیاء والدین واحشرنا فی زمرۃ الاولیاء والشھداء والصالحین بجاہ سید المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ اٰلہ واصحابہ وازواجہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

اوقات و معمولات

حضرت قبلہ کا دستور تھا کہ نماز فجر باجماعت، ادعیہ ماثورہ، نماز اشراق وغیرہ سے فارغ ہو کر قدرے چائے نوش فرما کر حلقے میں تشریف لے جاتے۔ اس عرصہ میں طالبانِ خدا ختم پیران عظام سے فارغ ہو جاتے۔ حضرت قبلہ کی خانقاہ شریف میں حسب ذیل ختم پڑھے جاتے تھے:

ختم امام ربانی یعنی صد بار اول و آخر درود شریف وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَامَلْجَأَ وَلَامَنْجَأَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ ط پانصد بار و ختم حضرت ایشان ما رضی اللہ عنہ یعنی اول و آخر صد مرتبہ درود شریف و پانصد مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یا من لا الہ الا انت اسئالك ان تحیی بنور معرفتك ابدا و ختم حضرت

Marfat.com

غوث الثقلین رضی اللہ عنہ یعنی یک صد بار اول و یک صد بار آخر درود شریف و حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل پانصد مرتبہ و ختم خواجہ خواجگان پیر پیران، مشکل کشا حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رضی اللہ تعالیٰ عنہ یعنی درود شریف دو صد بار اول و آخر و یا خفی اللطف ادرکنی بلطفك الخفی پانصد مرتبہ و ختم حضرت قبلۂ عالم قیوم ثانی جناب عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ یعنی دو صد بار درود شریف اوّل و آخر و پانصد مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

حلقے سے فارغ ہو کر تھوڑی دیر اپنے مخلصین و محبین سے بات چیت فرماتے اور ہر آنے جانے والے سے بغایت اخلاق شفقت سے پیش آتے۔ اگر کوئی اہل حاجت ہوتا تو اس کی حاجت روائی حتی الامکان فرماتے اس کے بعد زنان خانے میں تشریف لے جاتے اور تلاوت قرآن مجید میں مشغول ہو جاتے۔ پھر بقدر سد رمق کچھ تناول فرما کر قدرے قیلولہ فرماتے اور اول مستحب وقت میں نماز ظہر باجماعت ادا فرما کر بازار کا ایک چکر لگاتے اور خود سودا سلف خرید فرما کر جلد واپس تشریف لے آتے اور پھر تلاوت قرآن مجید فرماتے۔ پھر عصر کی نماز باجماعت ادا فرما کر مغرب تک تلاوت میں مشغول رہتے۔ نماز مغرب و اوّابین وغیرہ سے فارغ ہو کر حلقے میں تشریف لے جاتے۔ اس عرصہ میں بعد نماز مغرب طالبان خدا تعالیٰ ختم خواجگان پڑھتے تھے، اور وہ یہ ہے:

بعد فاتحہ پوری الحمد شریف ۷ مرتبہ۔ درود شریف سو مرتبہ۔ الم نشرح ۷۹ مرتبہ۔ قل ہو اللہ ایک ہزار مرتبہ درود شریف سو مرتبہ اور حسب ذیل اسمائے مبارک سو سو مرتبہ: یا قاضی الحاجات، یا کافی المہمات یا شافی الامراض، یا دافع البلیات، یا احل المشکلات، یا رافع الدرجات، یا مجیب الدعوات، یا ارحم الراحمین۔ اگر آدمی زیادہ ہوں تو درود صلوٰۃ تنجینا پڑھنا چاہیے۔

Marfat.com

شب کے حلقے سے فارغ ہو کر نماز عشاء باجماعت ادا فرما کر قدرے طعام تناول فرماتے۔ اور پلنگ پر گاؤ تکیہ لگا کر بیٹھے رہتے اور تلاوت میں مشغول ہو جاتے، تمام شب اسی صورت سے گزارتے تھے۔ جب نیند کا غلبہ ہوتا تو بہ نیت سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھوڑی دیر کو پاؤں دراز فرما دیتے پھر جلد اٹھ بیٹھتے۔ نماز تہجد و تلاوت میں تا سحر مشغول رہتے تھے۔ اکثر عصر و بعد عشا اگر کچھ مخلص حاضر ہوتے تو روبرو خاموش بیٹھے رہتے، حضرت تلاوت کرتے رہتے تھے۔ ایک ہزار مرتبہ درود شریف بھی اسی وقت پڑھتے تھے۔ شب و روز میں ۲۷۔۲۷ پارے پڑھتے بلکہ بعض مرتبہ پورے قرآن شریف کا ختم کرتے تھے۔

آخر میں اب ضعف بیحد ہو گیا تھا مگر حتی الامکان نماز جماعت ترک نہ فرماتے الا ماشاء اللہ اور عشاء کی نماز بعد حلقے کے باجماعت خانقاہ شریف ہی میں پڑھ لیتے تھے۔ اس کا سبب یہ تھا کہ اب اس قدر طاقت ہی نہ تھی کہ حلقے کے بعد مسجد کو تشریف لے جاتے۔ سالہا سال بنفس نفیس خود امامت فرمائی ہے۔ ایک روز نماز عشا میں خود امام تھے۔ فرض کی پہلی رکعت میں سورۂ بروج پڑھ رہے تھے جب لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پر پہنچے تو نہایت ہیبت ناک آواز سے بے ساختہ لَهٗ کی ہائے ہوز کو نادیدہ کھینچا گویا مرجع ضمیر سے اتصال واقع ہو گیا اور اس طرح معانی لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ کو ثابت فرما دیا۔ خود حضرت اور مقتدی بے خود و بیتاب ہو گئے، بلکہ اکثر بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑے۔

اسی طرح ایک مرتبہ رمضان المبارک میں قرآن سنا رہے تھے۔ جب اس آیت پر پہنچے کہ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا تو نہایت دردناک جگر خراش ایک چیخ ماری۔ تمام مسجد

Marfat.com

متزلزل ہوگئی اور مقتدی بیہوش ہوکر گر پڑے یہاں تک کہ مسجد کے باہر جو لوگ تھے وہ بھی بیہوش ہوگئے بعد نماز تراویح فرمایا کہ ہمارے حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر بھی بعینہ یہی واقعہ ایک روز واقع ہو چکا ہے۔

غرض آپ نہایت کثیر العبادات والمجاہدات تھے۔ صوفیہ کا قول ہے کہ بعض کا وصول مجاہدے سے ہوتا ہے اور بعض کا عبادت سے۔ آپ نے دونوں کو جمع فرمایا تھا۔

باوجودیکہ حضرت قبلۂ عالم سیدنا ومولانا ومرشدنا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت مجذوبی ومرادی تھی مگر ہمیشہ سے محنت ومجاہدے کے خوگر تھے۔ دوران سلوک کی محنت کے متعلق خود فرماتے تھے کہ جب ہم کو ہمارے حضرت نے نفی اثبات حبس دم کے ساتھ تعلیم فرمایا تو ہم ایک سانس میں پانچ سو مرتبہ نفی اثبات حبس دم کے ساتھ کر لیتے تھے۔ اللہ اللہ! اب وہ وقت ہے کہ ۲۱ مرتبہ حبس دم کے ساتھ ذکر نفی اثبات طالبان طریق کو مشکل اور دوبھر معلوم ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ کسی مصلحت کی بنا پر غذا ترک فرمادی تھی۔ صرف چار پر دو سال تک بسر کی اور معمولات وواقعات میں کسی قسم کا فرق واقع نہ ہوا۔ سمجھ کام نہیں کرتی اور یہ امر خارج از طاقت بشری معلوم ہوتا ہے لیکن یہ امور ورائے طور عقل وفکر ہوتے ہیں ؎

در نیابد کار بخت ہیچ خام پس سخن کوتاہ باید والسلام

وفات حسرت آیات

حق تعالیٰ کو آپ کی ذات مبارک سے جو کام لینے تھے جب وہ پورے ہوگئے، اور جو مراتب کے آپ کو

Marfat.com

عطا فرمائے تھے ان سے آپ کو مالا مال کر دیا تو مآل زندگی حاصل ہو گیا۔ پھر اس صورت میں دنیائے فانی کی چند روزہ زندگی کب تک۔ نقل مرتبۂ اصل حاصل نہیں کر سکتی۔ جو شخص کہ ہزاروں تباہیاں اور لاکھوں بربادیاں قسم قسم کی مصیبتیں اور طرح طرح کی آفتیں جھیل کر حیات ابدی کو بخوشی و رغبت قبول کر چکا ہو۔ پھر اس کا مبارک وجود آخرت کی جاودانی زندگی اور دنیا کی عارضی اور فانی چند روزہ نقش شماری ان دو متناقض چیزوں کی کشمکش میں مبتلا نہیں رہ سکتا۔ انسان کی شرافت ذاتی اور طبیعت اصلی مقتضی بھی اسی امر کی ہے کہ باوجودیکہ یہ چلتا پھرتا پرزہ اور قدرت و صنعت الٰہی کا بہترین نمونہ مجموعۂ جمیع موجودات اور خلاصۂ تمام کائنات ظلمانی و نورانی، ملکی و حیوانی، گرم و سرد، خشک و تر، باکیف و بے کیف، وجود و عدم ہر طرح کی متناقض اشیاء میں مبتلا ہے، مگر ان تمام گوناگوں اور رنگا رنگ توہمات و اضداد سے نکل کر ایک رنگ ہو جائے ؎

دو رنگی چھوڑ کر یک رنگ ہو جا سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

حقیقتاً انسان پیدا ہی اس لیے ہوا ہے کہ معرفت الٰہی حاصل کرے، وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ، ای لیعرفون نص قطعی ہے۔

پس جب وہ افراد انسانی جو دنیا میں آکر اس معرفت کی تکمیل کی طرف متوجہ ہوئے اور علی تفاوت درجاتہم حسب استعداد و حسب لیاقت ذاتی یہ معرفت حاصل کر چکے تو اب ان کو اس امر فرمانے والے جل جلالہ و عم نوالہ کے حضور میں اپنا کارنامۂ زندگی پیش کرنے کے لیے حاضر ہونا ہے۔ ایسے لوگوں کے انتقال جسمانی کو دنیا کے رہنے والے موت سے تعبیر کرتے ہیں لیکن فی الحقیقت وہ حیات ہے۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ لوگ ہم سے جدا ہو گئے اور ان لوگوں

Marfat.com

یہ حال کہ الموت جسر یوصل الحبیب الی الحبیب۔ دنیا اور کاروبار دنیا سے خلاصی پانا اور اس جہان سے گذرنا اور مرنا اصل کار ہے۔ صوفیائے کرام اور ارالنہر و عراق کا مقولہ ہے:

"تانرہی نیابی وتانیابی نرہی"

چنانچہ سیدی و مرشدی و وسیلتی فی الدارین محبوب خلاق کونین، قطب جہاں، غوث زماں قدس اللہ سرہ العزیز جب یہ مآل زندگی یعنی معرفت و قرب الٰہی حاصل کر چکے تو بحکم الٰہی کوچ کی ٹھیرادی۔

ہر کام کی کچھ نہ کچھ علامات ہوا کرتی ہیں۔ بظاہر اسباب موت کے قرب کی علامت بیماری ہے۔ لہٰذا چھ ماہ پیشتر سے آپ کو علالت لاحق ہوئی۔ اگرچہ کثرت عبادت و مجاہدوں کے باعث بدن کا نحیف و نزار ہو جانا اور بوجہ کبر سنی ضعف و نقاہت کا بڑھ جانا ہی خود ایک مستقل بیماری تھی مگر تپ لرزہ وغیرہ عوارض ہونے پر سہاگہ کا کام کر گئے۔ حضرات صاحبزادگان و خدام ہر ممکن خدمت و تیمارداری بجا لائے مگر بالکل بے سود۔

کئی روز یہ کیفیت رہ کر بس ایک خاص ضعف کی حالت طاری ہو گئی اور کئی ماہ تک اس حالت نے طول کھینچا۔ بالکل فریش ہو گئے۔ رہا سہا ۷ تولہ کھانا جو روزانہ کسی نہ کسی وقت پیٹ میں پہنچ جاتا تھا وہ بھی ترک ہو گیا۔ کبھی کچھ چائے پی لی یا کسی وقت سب کے اصرار سے قدرے شوربا تیر کر لیا، ورنہ وہ بھی نہیں۔ ہڈی سے چمڑا لگ گیا اور صرف ہڈیوں کا ایک ڈھانچہ ہی ڈھانچہ رہ گیا۔ قدرت الٰہی نظر آتی تھی۔ جب یہ اللہ کے ولی جو اپنے طالب علمی کے زمانہ میں بوجہ قوت جسمانی پہلوان کہلائے جاتے تھے اپنے جسم کی کھال کھینچ کھینچ کر دکھاتے اور مسکراتے۔ کبھی اپنی پسلیوں کی طرف اشارہ کرتے اور مسکرا کر فرماتے کہ ان پر چار چار انگل گوشت تھا۔ یہ فرمانا کچھ بطریق افسوس نہ تھا بلکہ دوسروں کو اس

Marfat.com

بات کی تعلیم تھی کہ اللہ کی راہ میں جب تک یہ حال نہ ہو جائے کام نہیں چلتا۔

ضعف کی تو یہ حالت تھی کہ ہاتھ ہلانا بھی مشکل تھا مگر ہمت اور روحانی طاقت کی یہ کیفیت تھی کہ یوم وصال تک چوکی پر جب بیٹھے یہ مجال نہ تھی کہ کوئی دوسرا ستر دیکھ لیتا۔ خود ہی استنجا کر لیتے اور کپڑا وغیرہ درست کر کے آواز دیتے کہ اُٹھاؤ۔ جب اُٹھنے کی ضرورت ہوتی تو دو تین خدام بہ سہولت اُٹھا کر بٹھاتے تھے۔ مگر بارہا ایسا ہوا کہ نماز کے وقت خود ہی اُٹھے اور تیمم کر کے نماز ادا فرمالی۔ علاج معالجہ کی بہت کوشش کی گئی، دوائیں بھی بہت تیار ہوئیں مگر وہاں دوا کا گزر ہی نہ تھا۔ بہت ہی اصرار کیا جاتا تو بہ کراہت نوش فرما لیتے ورنہ نہ دوا کی پروا تھی نہ غذا کی فکر۔ جب آنکھ بند کر لی تو اسی حال میں دو دو روز گزر گئے حکیم صاحب نبض دیکھتے تھے تو ان کو یہ تحیر ہو جاتا تھا کہ ضعف بدن کی یہ کیفیت ہے، اعضاء رئیسہ قریب قریب جواب دے چکے مگر نبض اس شدت تڑاکے سے چل رہی ہے کہ بحالت صحت قوی سے قوی آدمی کی بھی نہ ہوگی۔

حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا مشہور قصہ ہے کہ جب کوئی طبیب آتا آپ فرماتے ہماری نبض دیکھو۔ وہ طبیب نبض دیکھ کر عرض کرتا کہ حضرت کو شدید تپ محرقہ ہے۔ یہ سن کر کبھی ہنس کر اور کبھی با چشم پُر آب عاشقانہ ایک شعر پڑھتے اور فرما دیتے یہ وہ تپ نہیں ہے جو تم لوگوں نے کتابوں میں پڑھی ہے بلکہ یہ تپ تپ عشق ہے ؎

آہ مِنَ الْعِشْقِ وَحَالَاتِہٖ اُحْرِقَ قَلْبِیْ بِحَرَارَاتِہٖ

یہی کیفیت ہمارے حضرت قبلہ کے نبض کی تھی۔ قلب میں وہ قوت تھی کہ بیان سے باہر۔ قصہ مختصر اس ضعف کی حالت بڑھتی ہی گئی۔ اس نے مہینوں طول کھینچا۔ صاحبزادے اور خدام جو ممکن تیمارداری

Marfat.com

اور خدمت حتی الامکان ہو سکتی تھی وہ کرتے رہے مگر وقت تو آچکا تھا اس کو کون روک سکتا تھا۔ رجب کے مہینے سے علالت شروع ہوئی اور ذی الحجہ کا مہینہ شروع ہوگیا۔ اکثر فرماتے تھے کہ اب زمانہ قریب ہے۔ اور یہ بھی فرماتے تھے کہ اب دنیا جہان کی کوئی خواہش باقی نہ رہی یعنی شوق رفیق اعلیٰ غالب تھا۔

دہم ذی الحجہ کو بعد نماز فجر اس کمترین حقیر خادم سے فرمایا کہ آج بچنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔ سب سے کہہ دے کہ نماز عید وغیرہ سے جلد فراغت حاصل کرلیں۔ چنانچہ سب لوگ نماز سے فارغ ہو کر اس آفتاب ولایت کے گرد کہ غروب ہونے والا تھا جمع ہو گئے۔ پلنگ کو ٹھے میں کرا دیا اور ۱۲ بجے دوپہر سے حالت نزع شروع ہوگئی۔ اس قدر کرب و بے چینی تھی جس کا بیان نہیں ہو سکتا۔ یہ قاعدہ ہے کہ اکثر اولیاء اللہ پر تکلیف زیادہ ہوا کرتی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ روح جسم خاکی سے مفارقت گوارا نہیں کرتی کیونکہ مورد فیض الٰہی یہی عنصر خاکی ہے ——— ضرورت تو اس امر کی تھی کہ اس کے متعلق خوب تفصیل سے لکھا جاتا مگر طوالت کے خیال سے اسی قدر اشارہ کافی سمجھا۔

غرض یہ حالت ۱½ بجے ظہر تک رہی اور پھر دفعۃً سکون کی حالت ہوگئی اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ آپ خاموش لیٹے ہوئے منہ سے کوئی شے آہستہ آہستہ چھوڑ رہے ہیں۔ یہاں تک کہ دو بجے یکایک آپ خوب مسکرائے اور اہا ہا منہ سے نکلا اور دہم ذی الحجہ ۱۳۴۵ھ روز شنبہ ۲ بجکر ۳ منٹ پر بوقت ظہر واصل بحق ہوگئے حضرت جناب مولنا حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرزند جانشین حضرت قبلہ نے فرمایا اپنا مقام دیکھ کر خوش ہوئے۔ حضرت قبلہ کی اس قسم کی موت سے اس امر کا مشاہدہ ہوگیا کہ ؎

یاد داری کہ وقت زادن تو ہمہ خنداں بدند و تو گریاں
ہمچناں زی کہ بعد مردن تو ہمہ گریاں بوند تو خنداں

Marfat.com

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۔

دوسرے روز ۸ بجے صبح کے وقت عیدگاہ میں نماز جنازہ ادا کی گئی۔ ہزارہا مخلوق نماز میں شریک تھی۔ بعد نماز خانقاہ شریف کی برابر والی زمین میں جس کا احاطہ حضرت نے اپنی حیات ہی میں کرادیا تھا سپرد زمین کیا گیا۔ تاریخ وصال ذیل کے جملہ سے ظاہر ہوتی ہے۔

خواجہ خلق وصال نمود

۱۳۴۵ھ

قطعہ تاریخی

از مولٰنا مولوی صاحبزادہ رشید احمد عرف پیارے میاں صاحب مجددی رحمۃ اللہ علیہ

آج کیوں چشم حقیقت میں سے ہیں آنسو رواں
کس کے غم میں علم و فضل و معرفت ہیں نوحہ خواں

اہل ظاہر اہل باطن سب کے سب ہیں بدحواس
ان کو سکتہ ہے تو ان کے لب پہ ہے آہ و فغاں

طالبان دیں کا شیرازہ ہے کیوں بکھرا ہوا!
کر رہے ہیں زہد و تقویٰ کیا بہم سرگوشیاں

آج دنیا میں ہوا ایسا نیا کیا انقلاب
ہے تحیر سے ہر اک انگشت حیرت در دہاں

کس سے پوچھوں اس کا باعث ہے یہی حیرت مجھے
کان میں آواز یہ آئی کسی کی ناگہاں

پیشوائے اہل باطن مقتدائے اہل دیں!
راز دار سر وحدت، سرگروہ عارفاں

وارث علم لدنی، کاشف اسرار غیب
آج دنیا سے ہوئے راہی سوئے دار جناں

ہو رہے تھے ذات سے جن کی ہزاروں مستفید
شرق سے تا غرب تھا اک فیض کا دریا رواں

ہو سکے کیا ان کے اوصاف حمیدہ کا شمار
ظاہر و باطن کی تھیں موجود ساری خوبیاں

Marfat.com

پاک باطن، صاف طینت، خوش سیر، قدسی صفات
برگزیدہ ایسے اب دنیا میں ہوتے ہیں کہاں

ہائے! کیسے مرشدِ کامل کا سایہ اُٹھ گیا!
اہلِ دل اب درد دل اپنا کریں کس سے بیاں

ٹکڑے ٹکڑے ہو جو دل اس رنج سے ہے کیا بعید
کیا تعجب ہے جو ہوں اس غم سے آنکھیں خوں فشاں

اے دلِ رنجور آخر آہ و زاری تا کجا!
صبر کر اب اس قدر اچھی نہیں بے تابیاں

کشتگانِ عشق زندوں سے بھی اچھے ہیں کہیں
ان کو ملتی ہے فنا ہو کر بقائے جاوداں

موت ایسی ہو تو اس کا رنج کیا، ہاں یوں کہو
کر گئے بیتاب ہم کو ہو کے نظروں سے نہاں

اب مناسب ہے رشیدِ زار قصہ ختم کر
پڑھ وہ مصرع جس سے سالِ فوت ہو سب پر عیاں

ہے بیانِ حال بھی اور مصرعِ تاریخ بھی
سالکِ یکتا - امامِ اتقیا، قطبِ زماں

۱۳۴۵ھ

دیگر فارسی

از جناب صابر رضا خان صاحب محشر رامپوری

صوفی و عالم، عنایت شاہ دہر! ذی حشم، ذی مرتبت، عالی مقام
روز شنبہ، دہ مہ ذی الحجہ حیف کرد رحلت جانبِ دار السلام

گفت محشر مصرعِ سالِ وفات
ہم جلیسِ قدسیاں فخرِ انام

۱۳۴۵ھ

Marfat.com

اہل وعیال

حضرت قبلہ روحی فداہ کی تین بیبیاں تھیں۔ پہلی بی بی صاحبہ کے بطن سے ۵ صاحبزادے امداد اللہ خاں صاحب، ہدایت اللہ خاں صاحب، حمایت اللہ خاں صاحب، عبدالرحمٰن خاں صاحب ایک صاحبزادے اور ایک صاحبزادی کا ایام طفولیت ہی میں انتقال ہوگیا۔

بڑے صاحبزادے مخدوم زادہ حضرت مولٰنا مولوی حافظ محمد امداد اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت کے نکاح سے ۹ سال بعد پیدا ہوئے۔ جب نکاح کو ۸ سال کا عرصہ ہوچکا اور حضرت کے کوئی اولاد نہ ہوئی تو حضرت کے جناب والد ماجد نے ارادہ کیا کہ دوسری شادی کرنی چاہیے اور حضرت کے پیر ومرشد قدس سرہٗ سے یہ قصہ عرض کیا۔ حضرت نے فرمایا ہم دعا کریں گے۔ چنانچہ حضرت قطب ارشاد قدس سرہٗ کے اس ارشاد کے بعد اسی زمانہ میں حضرت نے خواب میں دیکھا کہ مشرق سے آفتاب طلوع ہوا ہے اور اس کے پیچھے پیچھے ایک ہلال بھی ہے۔ وہ آفتاب تیزی سے تمام آسمان کو طے کرکے مغرب میں جا چھپا اور ہلال آسمان کی سیر کرتا رہا۔ حضرت نے جب اپنے حضرت پیر ومرشد رحمۃ اللہ علیہ سے یہ واقعہ عرض کیا تو فرمایا تمہارے دو لڑکے پیدا ہوں گے، ایک مثل آفتاب کے ہوگا اور جمیع کمالات کو تمہارے سامنے تیزی سے طے کریگا اور وہ ہمارا بیٹا ہے۔ اور دوسرا مثل ہلال کے ہوگا۔ چنانچہ اسی سال آپ پیدا ہوئے۔ جب سن شعور کو پہنچے قرآن مجید حفظ کیا اور تمام علوم معقول ومنقول حضرت قطب ارشاد اور حضرت جناب مولوی امداد حسین صاحب اور خود اپنے پدر بزرگوار رحمہم اللہ علیہم اجمعین سے پڑھے۔ نیز حضرت جناب قطب ارشاد

Marfat.com

کے درس مکتوبات امام ربانی رضی اللہ عنہ و دیگر کتب تصوف میں شریک رہے اور اپنے حضرت والد ماجد قدس سرہ بھی مکتوبات امام ربانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مطالب بلند حل کیے۔ اور حضرت قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد اپنے حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے دست مبارک پر بیعت کی اور اسرع اوقات میں تمام و کمال سلوک نقشبندی مجددی طے کیا۔ حضرت قبلہ آپ کی بلند استعداد و ادراک کی بیحد تعریف فرماتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ امداد اللہ اور مولوی ارشد علی جب سے بیعت ہوئے اور ہمارے حلقے میں بیٹھے تو ہر مقام پر جب توجہ کی جاتی تھی تو معلوم ہوتا تھا کہ مدت کا طے ہو چکا ہے۔ اور یہ حضرت پیر و مرشد رحمۃ اللہ علیہ کا فیض و تصرف تھا۔ نیز حضرت یہ بھی فرماتے تھے کہ یہ محمدی المشرب ہیں اور بھائیوں میں اس مشرب کا ہونا ایک عجیب بات ہے۔

حضرت صاحب قبلہ کی ان پر ہمیشہ نظر عنایت و مرحمت بیش از بیش رہی۔ ان سے ہی اپنے خدام کے احوال بھی دریافت فرماتے اور اپنے امور باطنی میں بھی انہی کو راز دار فرمایا تھا اور مختلف بشارات سے سرفراز فرمایا تھا۔ نیز بامر حضرت قبلہ مسجد کی امامت وغیرہ بھی آپ ہی کرتے تھے۔ اور جب حج بیت اللہ کو تشریف لے گئے تو اپنا جانشین فرما گئے تھے چنانچہ آپ نے باحسن وجوہ حضرت کی واپسی تک اس خدمت کو ادا کیا۔ بعد واپسی آپ کے کام کو بہت پسند فرمایا حضرت قبلہ نے اپنے دست مبارک سے اجازت نامہ بھی تحریر فرما کر صاحبزادے صاحب کو مرحمت فرمایا تھا۔

حضرت قبلہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ جب امداد اللہ حلقے میں آجاتے ہیں تو تمام لوگوں پر ان کی نسبت غالب آجاتی ہے اور ہم بھی متاثر ہوتے ہیں۔

آپ بہت ہی خلیق اور خوش اطوار تھے۔ سادگی اور اخفائے احوال مزاج میں بیحد تھا۔ حضرت

Marfat.com

جناب قطب دوران مولنا ارشاد حسین قدس اللہ سرہُ العزیز بھی آپ کو مثل اولاد کے سمجھتے تھے اور آپنے بھی حضرت کے وصال تک حضرت کی خدمت نہایت خلوص سے کی۔ آپ اپنے حضرت والد بزرگوار قدس سرہ کے ہمراہ سرہند شریف برابر حاضر ہوتے تھے اور ماہ رمضان المبارک میں دوسرا ختم قرآن شریف آپ ہی سناتے تھے۔ افسوس ہے کہ آپ کی عمر نے وفا نہیں کی اور آپنے اپنے حضرت والد بزرگوار قدس سرہ العزیز کی حیات ہی میں ۱۳ روز بیمار رہ کر دہم ذی الحجہ ۱۳۳۵ھ کو ۵۲ سال کی عمر میں انتقال فرمایا۔ حضرت قبلہ کو ان کے انتقال کا جس قدر بھی صدمہ ہوا وہ بیان نہیں ہو سکتا۔ ان کے انتقال سے پہلے حضرت نے خواب دیکھا تھا کہ میری خانقاہ بالکل منہدم ہو گئی ہے۔ جب صاحبزادہ صاحب کا انتقال ہو گیا تو فرمایا یہی تعبیر تھی۔

غرض یہ صاحبزادہ صاحب عجب کامل مکمل جامع کمالات ظاہری و باطنی اور عجیب نسخہ اخلاق تھے رحمۃ اللہ علیہ۔ آپ کا سن وفات مکترین کے حسب ذیل اشعار سے ظاہر ہے ؎

چہ کنم حال رنج و غم اظہار — دل شدہ داغدار و سینہ فگار

از جہاں آہ انتقال نمود — بندۂ حق، ولی خوش اطوار

۳۸ ۱۳ ۸

بڑے صاحبزادے صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ۴ صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں تولد ہوئیں جن میں سے بڑے فرزند شفیع اللہ خاں صاحب صاحبزادہ صاحب کی زندگی ہی میں بعمر بست و چہارم انتقال کر گئے۔ صالح اور نیک تھے۔ تین صاحبزادے محمد احسان اللہ خاں و محمد وحید اللہ خاں و محمد سعید اللہ خاں اور تین صاحبزادیاں حیات ہیں۔ فرزند دوم حافظ احسان اللہ خاں صاحب حافظ قرآن مجید، خوبرو و خوش خلق ہیں۔ حضرت ایشان مارضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت ہو کر سلوک طے کیا۔ فرزند سیوم گرامی مرتبت عالی مناقب

Marfat.com

مخدومنا حضرت محمد وحیداللہ خاں صاحب دامت برکاتہ وسلمہ اللہ تعالیٰ۔ آپ حضرت جناب مولٰنا حافظ محمد امداداللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے تیسرے صاحبزادے ہیں۔ بڑے سخی، بڑے شجیع اور بڑے فہیم وسلیم الطبع ہیں۔ بعد علم ضروری اپنے جد بزرگوار حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ تمام وکمال سلوک نقشبندی اور سلوک مجددی تا اولوا العزم حضرت قدس اللہ سرہ سے طے فرمایا۔ دوران سلوک میں ذکر اشغال میں بڑی محنت ومجاہدہ سے کام لیا۔ اپنے پیر دستگیر سے عشق تھا، اور وہ بھی ان کی خصوصیت سے رعایت وتوجہ بلیغ مرعی رکھتے تھے۔ ان کے بعد اپنے عم بزرگوار حضرت مولٰنا حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب قدس اللہ سرہ العزیز سے بقیہ سلوک مجددی ومقامات احمدی طے کیے۔ شروع سے اخیر تک ان کا سلوک گویا سلوک علی البصیرۃ تھا۔ بڑے بدرک، بڑے قوی النسبۃ وقوی العرف ہیں۔ فقیر کی نظر میں ہر حیثیت سے بعد حضرت پیر دستگیر اور حضرت حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب قدس اللہ سرہما کار باطنی اور نسبت کے لحاظ سے ان جیسا دوسرا نہیں ہے۔ ان کے کمالات انہی کی حد تک محدود رہ گئے ہیں اس لیے کہ عجب ستر احوال کیا ہے اور کوئی سمجھ ہی نہیں سکتا کہ کس مرتبہ اور کس نسبت کے بزرگ ہیں۔ حضرت جناب مولٰنا حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے صحیح جانشین اور نسبت مجددی کے حامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر شریف میں برکت عطا فرمائے۔ آپ کے چار صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں ہیں۔ بڑے صاحبزادے مولوی عزیز اللہ خاں صاحب سلمہ اللہ نوجوان اور درس نظامی مدرسہ عالیہ ریاست رامپور کے منتہی ہیں۔ باقی صاحبزادے تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ سلمہم ربہم۔

حضرت کے دوسرے صاحبزادے جناب مخدوم ومکرم حضرت مولوی مولٰنا محمد ہدایت اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔ تمام علوم معقول ومنقول نہایت محنت وکوشش سے حضرت قطب ارشاد وحضرت جناب

لہ صد حیف کہ جب یہ کاپی لکھی جا چکی تھی، ماہ ذیقعدہ میں حرکت قلب بند ہو کر دفعۃً آپ کا انتقال ہو گیا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

Marfat.com

مولٰنا محمد امداد حسین صاحب و مولوی عبدالغفار خاں صاحب اور مولوی سلامت اللہ صاحب رحمہم اللہ اجمعین سے پڑھیں۔ علم ظاہر میں آپ کی استعداد خاص کر علم فقہ میں ایسی ہے کہ حضرت قبلہ کے پاس بھی جب کبھی کوئی فتویٰ آجاتا تو فرما دیتے کہ ہدایت اللہ خاں کے پاس لے جاؤ۔ حضرت کی مہر بھی آپ ہی کے پاس رہتی تھی۔ آپ کو حضرت کی طرف سے مہر کرنے کی اجازت تھی۔ دو مرتبہ سلوک نقشبندی و مجددی بھی تمام کمال حضرت قبلہ قدس اللہ سرہ العزیز سے طے کیا اور مشرف باجازت طریق ہوئے۔ حضرت قبلہ جب بیمار ہوتے تو وصایا وغیرہ بھی آپ ہی سے فرمایا کرتے تھے۔ آپ کے مزاج میں تصنع بالکل نہیں تھا۔ نہایت خلیق اور حلیم الطبع تھے۔ خود حضرت قبلہ ان کی تعریف فرمایا کرتے تھے کہ "ہدایت اللہ خاں بہت ہی حلیم مزاج ہیں۔ شیخی اور پیری سے بہت بچتے تھے۔ انزوا زیادہ پسند تھا۔ اپنے برادر خورد حضرت مولانا حافظ حمایت اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد آپ خانقاہ شریف میں حضرت کے سجادہ نشین ہوئے اور برس تک باحسن وجوہ کار سلوک باطنی انجام دے کر تاریخ ۲۹ جمادی الاول ۱۳۵۷ھ کچھ عرصہ مرض اسہال میں بیمار رہ کر انتقال فرمایا رحمۃ اللہ علیہ رحمۃ واسعۃ۔ اور اپنے حضرت والد ماجد قدس اللہ سرہ العزیز کے گنبد شریف کے باہر سرہانے کی طرف مدفون ہوئے۔

آپ کے ۳ صاحبزادے تھے۔ بڑے صاحبزادے صاحب کا جوانی میں انتقال ہو گیا۔ اور ایک صاحبزادی اور دو صاحبزادے حیات ہیں۔ ان دو صاحبزادوں میں بڑے عالی مناقب حضرت مولٰنا محمد اللہ خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ ہیں بچپن ہی سے رشد و صلاحیت کے آثار نمایاں تھے۔ قرآن مجید اور کتب فارسی سے فارغ ہونے کے بعد علوم عقلی و نقلی تمام و کمال پورے کر کے مرتبۂ مولویت کو پہنچے اور مرض وصال ہی میں اپنے جد بزرگوار حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ بعد وصال اپنے عم بزرگوار حضرت

Marfat.com

مولنا حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب اور اپنے والد بزرگوار حضرت مولنا محمد ہدایت اللہ خاں صاحب سے نیز اپنے والد بزرگوار کے مجاز بخاری صاحب سے اتمام سلوک کیا اور اس طرح بعد تکمیل ظاہری و باطنی اپنے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے بعد جانشین و سجادہ نشین خانقاہ شریف مجددیہ عنائتیہ قرار پائے۔ الحمد للہ بقید حیات ہیں اور خدمت طریقہ عالیہ فرما رہے ہیں۔ نہایت منکسر المزاج، حلیم، کشادہ پیشانی، خندہ رو ہیں۔ ان کو دیکھ کر ان کے اسلاف کبار قدس اللہ سرہم العزیز کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ تا دیر زندہ و سلامت رکھے اور ان کے فیوض و برکات سے مخلوق کو فیضیاب فرمائے۔ آمین چھوٹے صاحبزادے میاں صبغۃ اللہ خاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

تیسرے صاحبزادے مخدومنا جناب معظم و مکرم حضرت مولوی مولنا حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب قدس اللہ سرہ العزیز۔ حفظ کلام اللہ اور فارسی سے فراغت کے بعد اپنے حضرت والد بزرگوار سے عربی شروع کی اور کتب معقول و منقول مولوی سلامت اللہ صاحب و شمس العلماء مولوی محمد ظہور الحسین صاحب فاروقی رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھیں۔ آپ کی ذہانت کے سبب سے آپ کے اساتذہ آپ کو بہت چاہتے تھے مکتوبات شریف کا بھی حضرت قبلہ سے استفادہ کیا ہے۔ معقولات سے خاصکر آپ کو بہت مناسبت تھی اور بہت خوش تقریر تھے۔ آپنے سلسلۂ درس جاری رکھا تھا۔ اکثر طلبۂ علم ظاہر نے آپ سے استفادہ کیا ہے۔ علم ظاہر سے فارغ ہونے کے بعد آپ اپنے حضرت قبلہ والد بزرگوار قدس سرہٗ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور سلوک نقشبندی مجددی تمام و کمال از ابتدا تا انتہا طے کیا۔ علم باطن بھی خوب محنت اور پابندی سے سیکھا صاحب نسبت عالی و ادراک قویہ اور بلند استعداد تھے۔ بعد وصال حضرت قبلہ قدس سرہٗ کے بالاتفاق آپ ہی جانشین قرار پائے۔ اگرچہ آپ خود اس کو منظور نہیں فرماتے تھے مگر سب نے آپ کو آمادہ کیا اور اس بار کو اٹھایا بھی خوب، اور

Marfat.com

باحسن وجوہ ارشاد کا کام انجام دیا اور حقیقتاً حضرت کی نسبت خاصہ ان ہی کی طرف منتقل ہوئی اور صحیح معنیٰ میں ظاہراً و باطناً حضرت پیر و مرشد قدس اللہ سرہ العزیز کے حقیقی جانشین آپ ہی تھے۔ حلقے کے ملتزم اور نہایت مستقیم الاحوال و پابند اوقات تھے۔ حضرت صاحب قبلہ قدس سرہٗ کے قدم پر قدم ڈالا تھا۔ ایک مرتبہ سرہند شریف میں حضرت صاحب قبلہ سے حال عرض کیا تو حضرت قبلہ نے فرمایا کہ یہ ضمنی ہونے کی علامت ہے اور فرمایا یہ ہمارے ضمنی ہیں۔ نیز جب کوئی خاص امر باطنی ظاہر ہوتا تو حضرت آپ سے ہی اس کا تذکرہ فرماتے۔

جب کوئی شخص کوئی مسئلہ تصوف دریافت کرتا تو اس کو حضرت قبلہ آپ ہی کے پاس بھیج دیتے کہ حمایت اللہ خاں سے یہ مسئلہ حل کر لو۔ بڑے صاحبزادے صاحب کے انتقال کے بعد حضرت نے آپ ہی کو امر امامت فرمایا اور سرہند شریف میں بھی ماہ رمضان المبارک میں بامر حضرت قبلہ ختم قرآن شریف پر مامور ہوئے۔ اور حضرت سرہند جاکر حضرت مجدد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مسجد شریف میں ایک ختم کرتے تھے۔ نیز حضرت قبلہ نے رہتک وغیرہ کے بعض اشخاص کو اپنی حیات ہی میں آپ کے سپرد فرمایا تھا۔ اور ان لوگوں سے یہ فرمایا تھا کہ ان کو ہمارا ہی قائم مقام سمجھو۔ چنانچہ آپ نے بامر حضرت صاحب قبلہ حضرت کی حیات ہی میں طالبان خدا کو بیعت کرنا شروع کر دیا تھا۔ غرض بہمہ وجوہ آپ حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ کے جانشین تھے۔ خانقاہ شریف آپ ہی کے دم سے بارونق تھی۔ آپ کے زمانہ میں خانقاہ شریف کی ظاہری حالت بھی پہلے سے بہت اچھی ہو گئی تھی۔ وسیع الاخلاق، حلیم الطبع اور بڑے سخی تھے۔ حضرت کے وصال کے چند سال بعد مرض استسقائے لحمی میں مبتلا رہ کر بعمر ۵۶ سال ۶ ربیع الاول ۱۳۵۰ھ انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ آپ کے ایک خورد سال صاحبزادہ میاں حجۃ اللہ اور بڑی صاحبزادی

Marfat.com

کا حضرت کی حیات ہی میں انتقال ہو گیا۔ ۳ صاحبزادیاں اور تھیں جن میں سے اب دو باقی ہیں۔

حضرت قبلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دوسری بی بی صاحبہ کے بطن سے دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی تھیں۔ صاحبزادی کتخدا حضرت کی حیات ہی میں انتقال کر گئیں۔ بڑے صاحبزادے میاں محمد عبداللہ خاں صاحب بقید حیات ہیں۔ چھوٹے صاحبزادے معظم و مکرم حضرت جناب محمد عطاء اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ ہمیشہ حضرت ہی کی خدمت میں رہے۔ حضرت کو ان سے بہت انس تھا اور ان کے ہر معاملے اور ہر امر کا خاص طور پر خیال رکھتے تھے۔ حضرت قبلہ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور خوب التزام سے سلوک طے کیا۔ اپنے کام کے ملتزم اور نہایت متروی تھے۔ اگر حضرت کا کوئی خادم کبھی کوئی شے نذر پیش کرتا تو آپ کبھی قبول نہ فرماتے۔ سب سے بے غرض زندگی بسر کرتے تھے۔ نہایت سادہ مزاج اور خلیق تھے۔ افسوس کہ حضرت کے وصال کے بعد ہی انتقال فرمایا۔ آپ کے ۳ صاحبزادے حافظ خلیل اللہ خاں صاحب و میاں رفیع اللہ خاں صاحب و میاں سمیع اللہ خاں صاحب اور ایک صاحبزادی ہیں۔

حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تیسری بی بی صاحبہ سے ایک صاحبزادے حافظ حفیظ اللہ خاں صاحب تھے۔ یہ صاحبزادے نہایت ہی ہونہار و ذکی و ذہین تھے۔ حضرت اکثر ان کی تعریف فرماتے تھے۔ افسوس ہے کہ حضرت کی حیات ہی میں نوجوان انتقال فرمایا اور ایک صاحبزادی صاحبہ تھیں۔ ان صاحبزادی صاحبہ سے حضرت کو بے انتہا محبت تھی اور فرمایا کرتے تھے کہ ہماری اس لڑکی کو ہم سے جس قدر خلوص و محبت ہے ہماری اولاد میں ہم سے اس قدر کسی کو نہیں ہے۔ افسوس کہ کتخدا انتقال فرمایا۔

Marfat.com

حضرت کی تینوں بیبیوں کا حضرت کی حیات ہی میں انتقال ہو گیا تھا۔ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی۔

مخدوم زادہ صاحب مکرم و معظم جناب مولٰنا مولوی میاں محمد معوان حسین صاحب مجددی نقشبندی رامپوری رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِ

آپ حضرت قطب زمان غوث دوران جناب حضرت مولٰنا محمد ارشاد حسین صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے منجھلے صاحبزادے تھے۔ آپ عین عید الفطر کے روز پیدا ہوئے۔ آپ کا نسب بواسطہ حضرت محمد یحییٰ حضرت مجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ملتا ہے۔ آپ کچھ ماہ پانچ سال کے تھے کہ حضرت قطب ارشاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے والد بزرگوار نے وصال فرمایا۔ مگر آپ حضرت قطب ارشاد رضی اللہ عنہ کے مریدین و مخلصین کے چشم و چراغ تھے۔ آپ کی تعلیم و تربیت میں کسی قسم کا نقصان واقع نہ ہوا۔ حضرت قطب ارشاد قدس اللہ سرہ العزیز کے وصال کے بعد آپ کے عم بزرگوار حضرت جناب مولٰنا مولوی محمد امداد حسین مجددی قدس اللہ سرہ العزیز آپ کی ظاہری تربیت و تعلیم کے نگران تھے مگر آٹھ ماہ بعد اُن کا بھی وصال ہو گیا۔ فارسی مولوی خادم حسین صاحب شاگرد حضرت جناب قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھی اور حضرت مولوی سلامت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے آپ کی تعلیم علوم عربیہ میں رکاوٹ نہ ہونے دی۔ چنانچہ آپ نے تمام کتب معقول و منقول حضرت مولوی سلامت اللہ صاحب و مولوی محمد عبد الغفار خاں صاحب وغیرہ رحمہم اللہ سے پڑھیں۔ سب نے آپ کو بہت محنت سے پڑھایا اور آپ نے بھی خوب پڑھا۔ جب آپ علم ظاہر سے فارغ ہو گئے تو حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہ العزیز نے آپ کی تربیت باطنی فرمائی۔ آپ بھی خوب ملتزم رہے اور تمام و کمال سلوک نقشبندی مجددی حاصل فرمایا۔ حضرت نے خود فرمایا تھا کہ کام ہو چکا اب آپ کو التزاماً حلقے میں آنے کی ضرورت نہیں جب آپ حلقے

Marfat.com

ہیں ہوتے تو حضرت قبلہ ہمہ تن آپ ہی کی طرف متوجہ رہتے تھے بلکہ اس قدر رعایات و آداب برتتے تھے کہ خود حضرت قبلہ کے صاحبزادے مخدومی و مکرمی جناب مولوی محمد حمایت اللہ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ آپ کے ساتھ ہی ساتھ سلوک کا کام کرتے تھے۔ جب تک اپنے مرشدزادے کا مقام تکمیل کو نہ پہنچتا ان کا مقام بھی نہ بدلتے تھے۔ حضرت قبلہ کو آپ کی بہت ہی خاطر و رعایت و آداب مدنظر تھے اور یہ حضرت کے انتہائی کمال اور غایت آداب مدنظر رکھنے کی بات تھی کہ مرض وصال میں جب یہ حضرت مرشدزادہ صاحب ایک روز حاضر ہوئے تو حضرت گھبرا گئے اور خدام سے فرمایا کہ مجھے جلد اُٹھاؤ۔ چنانچہ سب نے اُٹھا کر بٹھا دیا تو حضرت قبلہ نے دونوں ہاتھ جوڑے اور بہت ہی روئے اور آپ سے فرمایا کہ یہ سب کچھ آپ ہی کی جوتیوں کا طفیل ہے۔ صاحبزادے صاحب اور جملہ حاضرین خدام اس بے نفسی اور انتہائی خلوص کو دیکھ کر از خود رفتہ ہو گئے اللہ اللہ کیا وقت تھا اور کیا مبارک وجود سایہ فگن تھا، بیہمات بیہمات ؎

عمر بگذشت و حدیثِ دردِ ما آخر نہ شد

ایک روز بعد حلقۂ شب فرمایا کہ حضرت میاں معوان حسین صاحب نے عجیب و غریب اپنا حال بیان فرمایا آخر حضرت پیر دستگیر رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔

آپ نے سلسلۂ درس و تدریس خوب جاری رکھا تھا۔ جودت طبع و ذکاوت بدرجۂ اتم تھی ایک مدرسہ بھی ارشاد العلوم کے نام سے تعمیر کرایا، باقاعدہ تعلیم علوم عربیہ کی ہوتی تھی۔

حضرت جناب قطب ارشاد قدس اللہ سرہٗ العزیز کے خلیفہ مولوی محمد احمد اللہ صاحب نے واقعہ میں دیکھا کہ جناب قطب ارشاد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اب مولوی سلامت اللہ وعظ نہیں کہیں گے، معوان حسین سے کہو وعظ کہا کریں۔ چنانچہ آپ نے وعظ شروع کر دیا۔ اور وعظ نہایت روانی سے فرماتے

Marfat.com

تھے۔ آواز نہایت بلند تھی اس لیے ہزاروں آدمیوں کے مجمع میں آپ کی آواز خوب دور تک پہنچتی تھی۔ خواہ کتنا ہی مجمع ہو آپ میں ذرہ برابر بھی جھجک پیدا نہیں ہوتی تھی۔ دور دور آپ کے وعظ کی شہرت تھی۔ بعض اوقات تو آپ کو دم لینے کی فرصت نہیں ملتی تھی۔ غرض آپ اپنے کام پر لگے ہوئے تھے۔ حلیم الطبع، بہت وجیہ، خوش رو و خوش خو تھے۔ اکثر امور میں حضرت قطب ارشاد قدس اللہ سرہ العزیز سے بہت مشابہ تھے۔

آپ کی عمر ۴۳ سال کی تھی اور کچھ زمانے سے لاہور میں قیام تھا۔ وہاں سلسلۂ وعظ جاری تھا کہ بربنا تعصب مذہبی کسی دوسرے عقیدے والے نے آپ کو زہر دے دیا۔ لاہور سے فوراً رامپور لایا گیا اور وہیں انتقال فرما کر درجۂ شہادت پایا۔ حضرت قطب ارشاد رضؓ کے برابر سپرد زمین کیا گیا۔ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ رَحْمَۃً وَّاسِعَۃً۔

ہمارے حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلفاء کا مختصر بیان

اصحاب حضرت ایشاں رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس حقیر نے دو حصوں میں منقسم کیا ہے۔ ایک وہ طبقہ اوّل جو حضرت قطب ارشاد جناب مولانا محمد ارشاد حسین صاحب قدس سرہٗ کی خدمت میں کام کرنے والے اور ان کے مجاز تھے، بعد حضرت کے انتقال کے ہمارے حضرت قبلہ کے حلقے میں آکر شریک ہو گئے اور ایک وہ گروہ ہے جو خاص حضرت ہی سے بیعت ہوا اور از ابتدا تا انتہا حضرت ہی سے سلوک کا کام کیا۔

طبقہ اوّل کے اسماء گرامی:

حضرت مولوی عبدالقیوم خاں صاحب شاہجہان پوری۔ میاں سید گوہر علی صاحب رامپوری و

Marfat.com

مولوی ابوالذکاء محمد سلامت اللہ صاحب اسلام پوری، ومولوی محمد قمر الدین خاں صاحب رام پوری وغیرہم، رحمہم اللہ علیہم اجمعین۔

طبقۂ ثانیہ

اس میں وہ گروہ ہے جس نے اول سے آخر تک حضرت ہی کے دست حق پرست پر بیعت ہو کر کام کیا ہے۔ اس کی کثرت کی کوئی انتہا نہیں ہے۔ ہزاراں ہزار مخلوق خدا حاضر ہوئی اور کام کر کے چلی گئی۔ حضرت کے صاحبزادگان عالی شان اور حضرت کے پاس رہنے والے خدام کو ایسے لوگوں کے نام اور ان کا پتہ بھی معلوم نہیں۔ البتہ بعض بعض کے متعلق کچھ احوال معلوم تھے، لہٰذا ان کو بھی بطریق اختصار لکھا جاتا ہے، وھو ھٰذا

والد ماجد حضرت جناب مولٰنا مولوی حافظ **سعید احمد صاحب** مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا سلسلہ نسب حضرت امام ربّانی مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے۔ حفظ قرآن مجید کے بعد کتب فارسی وغیرہ سے فراغت حاصل کر کے عربی شروع کی اور تمام وکمال کتب معقول ومنقول حضرت جناب مولٰنا مولوی محمد امداد حسین صاحب اور حضرت جناب قطب ارشاد قدس اللہ سرہما کی خدمت میں پڑھیں اور بعض کتابیں مولوی عبد العلی صاحب وغیرہ سے بھی پڑھی ہیں۔ سعادت ازلی لے کر ہی پیدا ہوئے تھے۔ چنانچہ حضرت قطب ارشاد قدس اللہ سرہ العزیز فرمایا کرتے تھے کہ میاں سعید احمد سعید ازلی ہیں۔ آپ کو حضرت جناب قطب ارشاد قدس اللہ سرہ العزیز سے عشق تھا۔ فرمایا کرتے تھے کہ جب حضرت کا وصال ہو گیا تو رنج وغم کے باعث کتنے دنوں تک میں نے منہ سے خون ڈالا۔ حضرت قطب ارشاد قدس سرہٗ بھی غایت شفقت فرماتے تھے۔ آپ حضرت قطب ارشاد اور حضرت مولٰنا محمد امداد حسین صاحب

Marfat.com

قدس اللہ سرہما کے قریبی رشتہ دار بھی تھے اور جناب حضرت مولٰنا محمد امداد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے داماد بھی۔ زیادتی تعلق کا یہ امر بھی ایک سبب ہو گیا۔ بچپن ہی سے آپ کو بزرگوں سے ملنے کا نہایت شوق تھا۔ ویرانوں اور مزاروں پر بہت پھرا کرتے تھے۔ بالآخر بہ تقریب، گنج مراد آباد شریف جانے کا اتفاق ہوا اور آپ حضرت قطب مدار جناب مولٰنا محمد فضل الرحمٰن صاحب قدس اللہ سرہ العزیز کے دست حق پرست پر بیعت ہو گئے۔ حضرت جناب مولٰنا صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی نہایت شفقت فرماتے تھے اور اگرچہ آپ باقاعدہ سیر و سلوک کا کام نہیں کرایا کرتے تھے مگر آپ کو باقاعدہ ولایت صغریٰ تک گیارہ توجہات میں کام کرایا تھا۔ حضرت کی خدمت مبارک میں رہ کر آپ کو کشف وغیرہ زیادہ ہو گیا تھا اور نسبت میں ایک تیزی اور جلال کا رنگ تھا۔ پھر آپ بحکم اپنے پیر دستگیر حیدر آباد تشریف لے گئے اور سالہا سال وہیں مقیم رہے۔ شہر کے عمائدین و امراء آپ کے بہت مخلص و معتقد تھے۔ آخر میں نواب میر محبوب علی خاں صاحب مرحوم والی ریاست حیدر آباد دکن کو آپ سے بہت اخلاص ہو گیا تھا، اور بے انتہا عقیدت رکھتے تھے مگر کسی مصلحت کی بنا پر آپ نے حیدر آباد کی سکونت ترک فرما دی اور رام پور تشریف لے آئے اور حضرت پیر دستگیر قدس اللہ سرہ العزیز کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور از ابتدا تا انتہا سلوک نقشبندی مجددی طے کیا۔ حضرت قبلہ آپ سے مخصوص معاملہ فرماتے تھے اور آپ کی بلند استعداد اور عالی ادراک کی بہت تعریف فرمایا کرتے تھے۔ یہ بھی فرماتے تھے کہ جب میاں صاحب حلقے میں ہوتے ہیں تو کیفیت آتی ہے۔ ایک مرتبہ حضرت قبلہ کسی ضرورت سے ایک ہفتہ کے واسطے کسی جگہ تشریف لے گئے تھے تو آپ سے فرما گئے تھے کہ آپ حلقہ دونوں وقت میری جگہ کیا کریں۔ حضرت قطب زمان سیدی و مرشدی قدس اللہ سرہٗ العزیز فرمایا کرتے تھے کہ میاں صاحب کاملین میں سے

Marfat.com

ہیں۔ غرض عجیب بانسبت اللہ کے ولی تھے۔ افسوس ہے کہ حضرت قبلہ کی حیات ہی میں ۱۷ روز اسہال کبدی میں مبتلا رہ کر ۱۴ رمضان المبارک ۱۳۳۹ھ بوقت ۴ ۱/۴ بجے صبح بعمر ۶۷ سال اس عالم سے انتقال فرمایا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

حَسُنَتْ مُرْتَفَقًا اور
۱۳۳۹ھ

چراغ مجدّد ہوا ہائے گُل
۱۳۳۹ھ

مادۂ تاریخ ہے۔

حضرت قطب الارشاد قدس اللہ سرہ العزیز کے مزار مبارک (واقع محلہ چاہ شور) کے احاطہ میں متصل گنبد شریف آپ کو سپرد زمین کیا گیا۔

آپ کے ۶ فرزند تولد ہوئے۔ سدید احمد[۱] حبیب احمد[۲] محمود احمد[۳] مقصود احمد[۴] ظہور احمد[۵] شکور احمد[۶]

فرزند اکبر جناب اخوی حضرت مولٰنا سدید احمد صاحب مجددی مدظلہ۔ آپ اپنے بزرگوار نانا حضرت مولٰنا محمد امداد حسین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے زیر پرورش و تربیت رہے۔ بچپن ہی سے شب و روز ان کے ہی پاس رہتے اور حضرت قطب ارشاد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر باشی رہتی تھی۔ دونوں حضرات غایت محبت و شفقت فرماتے تھے ——— آپ کی خداداد ذہانت و جودت طبع کے باعث آپ کی طرف دونوں کی خاص توجہ تھی۔ علوم معقول و منقول از ابتدا تا انتہا حضرت مولانا امداد حسین قدس سرہٗ سے اور ان کی رحلت کے بعد حضرت مولٰنا شاہ سلامت اللہ صاحب اور شمس العلماء حضرت مولٰنا ظہور حسین صاحب رحمہما اللہ تعالیٰ حاصل کیے۔ فقاہت میں درجۂ علیا حاصل ہے اور افتا میں ید طولیٰ۔ حضرت قطب ارشاد اور حضرت مولٰنا امداد حسین صاحب قدس سرہما کے انتقال کے وقت آپ کی عمر ۱۵

Marfat.com

سال تھی۔ نہایت ذہین، ذکی، صائب الرائے، سخی، کنبہ پرور، حلیم و سلیم الطبع ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ اس وقت تک حیات ہیں اور عمر شریف اسّی ۸۰ سے متجاوز ہے۔ ضعف و نقاہت نے گوشہ نشینی پر مجبور کر دیا ہے۔

دوسرے فرزند مولوی حبیب احمد صاحب مجددی جو بڑے تیز طبع، ذکی، ولی صفت اور نہایت خوش رو جوان تھے، عین جوانی میں جبکہ نہایت تن دہی سے علوم معقول و منقول کی تحصیل میں مشغول تھے، اپنے والد ماجد کی حیات ہی میں انتقال فرما گئے۔

تیسرے فرزند میاں محمود احمد کا بعمر ۴ سالگی انتقال ہو گیا۔

چوتھا فرزند یہ کمترین کاتب الحروف مقصود احمد ہے۔

پانچویں اور چھوٹے فرزند میاں ظہور احمد صاحب و میاں شکور احمد صاحب بھی بقید حیات ہیں، سَلَّمَهُمُ رَبُّهُمْ۔ اور دو صاحبزادیاں تھیں، دو کنتخدا ہو کر اور تین خورد سال انتقال کر گئیں۔

حضرت مولوی حافظ سیّد محمد ارشد علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سید جلال الدین بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد میں تھے اور اس طرح صحیح النسب سادات میں سے تھے اور حضرت قطب ارشاد قدس سرہ العزیز کے حقیقی بھانجے اور داماد تھے۔ جامع علوم ظاہر و باطن، حافظ قرآن، خوش لحن اور جیّد حفّاظ میں سے تھے۔ آپ بعد وصال حضرت جناب قطب ارشاد رضی اللہ عنہ کے حضرت جناب مولٰنا محمد امداد حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دست مبارک پر بیعت ہوئے اور انہوں نے بیعت کرنے کے بعد آپ کو ہمارے حضرت قبلہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیج دیا اور بہت جلد سلوک نقشبندی مجددی تمام و کمال طے کر لیا۔ حضرت قبلہ فرمایا کرتے تھے کہ میاں ارشد علی اور فرزندی امداد اللہ کی جانب بیعت ہونے کے بعد جس مقام پر نظر کی تو معلوم ہوا کہ یہ مقام مدتوں کا طے شدہ ہے۔

Marfat.com

اور یہ حضرت پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت مبارک کا اثر تھا۔ آپ حضرت قبلہ کے مخصوص اصحاب میں سے تھے۔ سلوک طے کرنے کے بعد آپ کو بے انتہا عروجی کیفیت پیدا ہو گئی اور نظر فوق سے تحت کی طرف رجوع ہی نہ ہوئی۔

آپ حج کی غرض سے مکہ معظمہ گئے اور بعد فراغ حج مدینہ منورہ کو جاتے ہوئے منزل وادی بنی فاطمہ میں معمولی علالت کے بعد انتقال فرمایا، رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِ۔ حضرت قبلہ نے خلافت مطلقہ سے آپ کو بھی سرفراز فرمایا تھا۔

آپ کے دو صاحبزادے مولٰنا حافظ سید مرشد علی صاحب اور مولوی سید شرافت علی صاحب بقید حیات ہیں۔

مخدومی و مکرمی اخوی حضرت مولوی **نور الحسین** صاحب فاروقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
ابن شمس العلماء حضرت مولوی مولٰنا محمد ظہور الحسین صاحب فاروقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ حضرت بابا فرید الدین گنج شکر قدس اللہ سرہٗ العزیز کی اولاد میں تھے اور اس طرح صحیح النسب فاروقی ہیں۔ تمام علوم معقول و منقول اپنے والد ماجد حضرت مولٰنا محمد ظہور الحسین صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ و دیگر اساتذہ سے حاصل کیے۔ نہایت ہی محنتی اور مستعد تھے۔ اس زمانہ کے فارغ التحصیل علماء میں جیسا کہ آپ نے مطالعہ کتب کو جاری رکھا تھا کم کسی نے جاری رکھا تھا۔ شب کے دو دو تین تین بجے تک کتابیں دیکھتے رہتے تھے۔ فقہ میں زیادہ تو غل تھا اور افتا کا کام خوب کرتے تھے حضرت قبلہ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ دوران سلوک میں جونپور وغیرہ چلے گئے تھے مگر حضرت کے وصال کے چند سال پیشتر سے ملتزم حلقہ ہوئے اور سلوک طے کیا۔ نہایت ہی مرنجاں مرنج، خوش

Marfat.com

اخلاق، محنتی، دیانتدار، متشرع اور صاف گو تھے۔ ماہ رمضان المبارک میں آپ کے دم سے آپ کے محلہ کی مسجد خوب بارونق رہتی تھی اور شوکت اسلامی کا مظاہرہ ہوتا تھا۔ افسوس! چند سال ہوئے کہ لاولد انتقال فرمایا۔ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ وَإِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْن۔

مخدوم و مکرم حضرت حافظ میاں محمد حبیب النبی صاحب مجددی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

آپ حضرت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین اسم بامسمیٰ مولانا شاہ ولی النبی مجددی قدس سرہٗ خلیفہ و مجاز حضرت قطب وقیوم زمان جناب شاہ احمد سعید صاحب قدس اللہ سرہٗ کے فرزند اصغر تھے اور اس طرح آپ کا سلسلہ نسب بواسطہ خازن الرحمۃ محمد سعید صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ سے ملتا ہے۔ آپ اپنے حضرت والد بزرگوار رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے خدمتی تھے اور وہ آپ سے نہایت خوش تھے اور بیعت بھی فرمایا تھا۔ بعد وصال اپنے والد بزرگوار کے حضرت قبلہ رحمۃ اللہ علیہ کے حلقہ میں حاضر ہو کر اپنا آبائی کام شروع کیا۔ حضرت قبلہ نے اپنے زمانہ حیات میں آپ سے فرما دیا تھا کہ آپ اپنے حضرت والد بزرگوار رحمۃ اللہ علیہ کی مسجد شریف میں بیٹھ کر ملتزم ذکر و فکر ہو جائیں کہ موجب ترقیات ہے۔

آپ نہایت ہی نرم طبیعت، وضع کے پابند، بے نفس و خوش اخلاق تھے۔ ہر چھوٹے بڑے سے حسب مراتب برتاؤ کرتے تھے کسی سے کچھ مطلب نہیں، چپ چاپ اللہ اللہ کیے جاتے تھے اور زندگی بسر فرما رہے تھے۔ آپ کے حضرت والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ کے مریدین بھی زیادہ تر آپ ہی کو چاہتے تھے اپنے حضرت والد بزرگوار رحمۃ اللہ علیہ کا عرس شریف خوب اہتمام سے کرتے تھے۔ آپ حضرت قطب ارشاد قدس سرہٗ کے داماد بھی تھے۔ چند سال ہوئے کہ لاولد انتقال فرمایا۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

Marfat.com

مہربان و مخلص بندہ حضرت میاں منصف علی صاحب گلاوٹھی رحمہ اللہ تعالیٰ

آپ گلاوٹھی ضلع بلند شہر کے رہنے والے تھے۔ حضرت قبلہ کے سب سے پہلے خادم و مرید ہیں۔ حضرت قبلہ ان سے مثل اولاد کے معاملہ فرماتے تھے اور آخر دم تک ان کے متعلق سعی بلیغ صرف فرمائی۔ جس شخص نے کہ تیس سال سے زیادہ خدمت کی ہو اس کے سیر و سلوک کا کیا حال لکھا جائے۔ نہایت ہی مسکین طبع واقع ہوئے تھے۔ بہر حال و بہر وقت ایک وضع پر قائم تھے۔ حضرت رضی اللہ عنہ کے وصال کے بعد انتقال فرمایا، رحمہ اللہ تعالیٰ۔

رامپور میں دیگر مخلصین و مریدین حضرت قبلہ موجود تھے۔ مثلاً جناب حکیم مولوی محمد تفضل حسین خاں صاحب و جناب حافظ محمد عزیز حسن خاں صاحب و مولوی حافظ علی رضا صاحب اور حکیم غلام حضرت خاں صاحب حضرت کے خاص مخلصین میں سے تھے۔ افسوس ہے کہ سب کا انتقال ہو گیا۔ رحمہم اللہ تعالیٰ۔

حضرت سید میاں جعفر علی صاحب

پہلے حضرت شاہ ابو الخیر صاحب ابن حضرت جناب شاہ محمد عمر صاحب مجددی نقشبندی قدس اللہ سرہما کے مرید تھے۔ بعد وصال حضرت جناب شاہ صاحب قدس اللہ سرہٗ سے بیعت ہوئے اور کار سلوک کیا۔ سکونت رام پور ہی میں اختیار کر لی تھی مگر اب علی گڈھ میں قیام تھا، وہیں انتقال فرمایا۔

حضرت مولوی محی الدین صاحب بخاری رحمۃ اللہ علیہ

آپ بھی بخارا کے رہنے والے تھے۔ رامپور آکر علم ظاہر حاصل کیا۔ بڑے ذہین و ذکی و فطین تھے حضرت قبلہ کے دست حق پرست پر بیعت ہو کر سلوک تمام و کمال انجام کو پہنچایا۔ سلوک نقشبندی اور مقامات مجددی میں آپ کا حال یکساں تھا۔ صاحب کشف و ادراک اور قوی النسبت تھے۔ ان کے متعلق

Marfat.com

حضرت فرمایا کرتے تھے کہ یہ جب حال بیان کرتے ہیں تو اصول مقام کا پتہ لاتے ہیں۔

بڑے حدید النظر تھے۔ حضرت قبلہ نے اجازت وخلافت سے مشرف فرما کر بخارا شریف کو روانہ فرمایا۔ وہاں ایک مخلوق آپ کی طرف رجوع ہوگئی مگر عمر نے وفا نہ کی اور حضرت قبلہ کی حیات ہی میں انتقال ہوگیا۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت مولوی سیّد عبد الحلیم صاحب بخاری رحمۃ اللہ علیہ۔

آپ بخاری النسل، صحیح النسب سادات میں سے تھے۔ آپ کے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ بخوریہ سلسلہ کے مشاہیر شیوخ میں سے تھے۔ بعد انتقال اپنے والد ماجد کے آپ جانشین قرار پائے۔ آپ کے والد کے قریب ایک لاکھ کے مرید تھے، سب نے آپ ہی کی جانب رجوع کی۔ آپ سرہند شریف حاضر ہوا کرتے تھے۔ حضرت قبلہ سے شرف ملاقات حاصل ہوا تو چونکہ آپ صاحب ادراک تھے، اس لیے حضرت کے مرتبہ کو تاڑ گئے اور حضرت قبلہ کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے اور پھر متعدد مرتبہ رامپور حاضر ہو کر سلوک نقشبندی مجددی تمام وکمال طے فرمایا۔ حضرت نے آپ کو اجازت وخلافت سے مشرف فرمایا اور آپ کے ادراک کی بہت تعریف فرماتے تھے۔ نہایت عابد وزاہد، مستقیم الاحوال تھے۔ اشاعت طریق میں اکابر کے طریق پر مشغول ومصروف حلقہ وختم وغیرہ رہے۔ نسبت باطنی میں خوب ترقی فرمائی تھی۔ آپ کا قیام ڈیرہ اسمٰعیل خاں کے قریب رہتا تھا۔ افسوس کہ انتقال فرما چکے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

حضرت سیّد در جلال صاحب قندہاری رحمۃ اللہ علیہ

آپ بھی صحیح النسب، خاندانی سید اور اپنے وقت کے شیخ تھے۔ قندھار وکابل میں ہزارہا آپ کے

Marfat.com

مرید ہیں۔ پیری چھوڑ کر مریدی اختیار کی اور حضرت قبلہ کی خدمت میں سلوک نقشبندی و مقامات مجددی طے کیے۔ عجب صاحب استعداد تھے۔ آپ کے اخلاق بھی نہایت وسیع تھے۔ افسوس ہے کہ حضرت کی حیات ہی میں انتقال ہوگیا۔

حضرت صاحبزادہ محمد سعید صاحب مجددی جلال آبادی:

آپ نسباً مجددی ہیں۔ سکونت جلال آباد (کابل) ہے۔ حضرت کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور خانقاہ شریف میں قیام فرما کر ملتزم ذکر و فکر ہوئے۔ حضرت قبلہ نے ان کو بعد اتمام کار اجازت سے مشرف فرما کر جلال آباد روانہ کر دیا۔ اب ان کا حال معلوم نہیں کہ حیات ہیں یا انتقال فرمایا۔

حضرت مولوی شاہ محمد صاحب بخاری شہید رحمۃ اللہ علیہ

آپ نوجوانی کے زمانہ میں رامپور آئے۔ پندرہ سولہ سال سے زیادہ قیام رہا۔ علوم ظاہری علمائے رام پور سے تکمیل پہنچائے اور حضرت قبلہ سے بیعت ہو کر از ابتدا تا انتہا نقشبندی مجددی سلوک کیا۔ آپ جامع علوم ظاہر و باطن تھے۔ بڑے مستعد اور حضرت کے بڑے مخلص تھے۔ اجازت و خلافت سے مشرف ہو کر حضرت کی حیات ہی میں بخارا شریف چلے گئے۔ وہاں روسیوں سے جہاد ہوگیا۔ اس میں آپ شہید ہو گئے۔

حضرت سیّد صاحب ہراتی

آپ ہرات کے سادات عظام میں سے تھے۔ رامپور حاضر ہو کر حضرت قبلہ سے بیعت ہوئے۔ ہمیشہ حجرہ بند کیے ذکر و فکر میں مشغول رہتے تھے۔ کام خوب کیا۔ حضرت قبلہ نے جو مقام تعلیم فرمایا اس کا حال تمام و کمال ان پر منکشف ہو جاتا تھا۔ بڑے مجاہد اور عابد تھے۔ بعد اجازت و خلافت

Marfat.com

ہرات تشریف لے گئے۔ اب ان کا بھی کچھ حال معلوم نہیں۔

حضرت عبدالرحیم شاہ صاحب پشاوری

آپ پشاور کے شیوخ میں سے تھے۔ آپ کے بھی بہت مرید تھے مگر توفیق الٰہی شامل حال ہوئی، اور حضرت قبلہ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر سلوک طے فرما کر اجازت سے مشرف ہوئے۔

حضرت مولوی شیخ محمد صالح صاحب سندھی

آپ اپنے خاندان کے صاحب سجادہ تھے۔ ہزارہا مرید تھے مگر یکایک جذب الٰہی سے مغلوب ہو کر رامپور میں حضرت قبلہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہر وقت روتے رہتے تھے۔ حضرت قبلہ نے ہمہ تن متوجہ ہو کر ان کی تربیت فرمائی۔ آخر کار میں گریہ وزاری موقوف ہو گئی اور اضمحلال نسبت نقشبندی نے اپنا رنگ جمایا۔ حضرت نے اجازت سے مشرف فرما کر روانہ فرما دیا۔ ارشاد کا کام خوب چلا مگر جلد انتقال ہو گیا۔ ان کا وطن قصبہ پاٹ ضلع دادو (سندھ) تھا۔

آپ کے صاحبزادے شیخ محمود صاحب بھی حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرصہ تک خانقاہ شریف میں رہ کر اجازتِ طریق حاصل کی اور چلے گئے۔

حضرت مولوی محمد کاظم الدین صاحب بنگالی

آپ سلہٹ (بنگال) کے رہنے والے تھے۔ رامپور میں علم ظاہر اور حضرت قبلہ سے علم باطن حاصل کیا۔ ابتدائے احوال میں جذب غالب ہو گیا تھا۔ پھر اس سے افاقہ ہو گیا اور سلوک تمام کیا۔ بڑے صاحب ادراک تھے۔ حضرت قبلہ فرمایا کرتے تھے کہ بنگالیوں میں یہ فرد ہیں۔ اجازت سے مشرف ہو کر بنگالے گئے اور وہاں ان سے خوب اشاعتِ طریق ہوئی۔ ہزاروں کام کرنے والے مرید ہیں۔

Marfat.com

ان کے گرد اس قدر اجتماع رہتا تھا کہ جنگ عظیم کے زمانہ میں گورنمنٹ کو ان کی خاص طور پر نگرانی کرنی پڑتی تھی۔ جوش اسلامی بے انتہا تھا اور کسی طاقت سے مرعوب نہیں ہوتے تھے۔ افسوس کہ اب انتقال ہو چکا۔

حضرت مولوی صوفی خواجہ احمد صاحب چاندپوری (بنگالی)

انہوں نے بھی رام پور ہی میں علم ظاہری تکمیل کی اور حضرت قبلہ کے دست حق پرست پر بیعت ہو کر خاص خدام میں داخل ہو گئے۔ حضرت صاحب کے بڑے خدمتی اور مخلص تھے۔ حضرت جب کہیں سے تشریف لاتے یہ اپنے کرتے اور انگرکھے کے دامن سے نعلین کی گرد اور کیچڑ صاف کر دیتے حضرت قبلہ کو بھی ان سے محبت اور انس تھا۔ حج کو بھی حضرت قبلہ کے ہمراہ گئے تھے۔ اجازت سے مشرف ہو کر اپنے وطن گئے۔ آپ کے بہت مرید ہیں باقاعدہ حلقہ ختم ہوتا تھا۔ حضرت کے وصال کے بعد بھی تشریف لائے تھے۔ اب انتقال ہو چکا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ۔

نوعمر طلبہ میں حضرت ایشاں رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دو حضرات مخصوص تھے۔ ایک مولوی حافظ عبدالواحد خاں صاحب: بہت ذہین، ذکی، خوبرو، خوش خلق۔ تمام علوم عقلی و نقلی اور دورۂ حدیث مدرسہ عالیہ رامپور میں حاصل کیا اور حضرت سے بیعت ہو کر سلوک نقشبندی مجددی طے کیا۔ اپنے آخر ایام میں جبکہ بوجہ ضعف ماہ مبارک رمضان میں سرہند شریف کی حاضری نہ ہو سکی تو حضرت نے دو مرتبہ تراویح میں انہی کا قرآن مجید سنا۔

دوسرے حضرت مولانا حامد علی خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ: تمام علوم ظاہری عقلی و نقلی مع دورۂ حدیث مدرسہ عالیہ رامپور میں حاصل کیے اور بعض کتب معقول حضرت مولانا محمد حمایت اللہ خاں صاحب

Marfat.com

رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھیں۔ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دوران طالب علمی ہی میں سلوک تا مقام حقیقت قرآن حاصل کیا۔ بعد وصال بقیہ سلوک حضرت حافظ محمد حمایت اللہ خاں صاحب قدس سرہٗ سے طے کیا۔

آپ نے علم ظاہر کو درس و تدریس کے ذریعہ جاری رکھا ہے۔ آپ کا شمار قابل علماء میں ہے اور بہت محنتی، متدین، حلیم اور خوش اخلاق ہیں۔ آپ کو اجازت طریق غالباً حضرت مولنا محمد ہدایت اللہ خاں صاحب قدس سرہٗ اور حضرت مولنا محمد اللہ خاں صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ سے ہے۔ رہتک کے بہت لوگ آپ سے بیعت ہیں اور تقسیم ہند سے پہلے رہتک کے مدرسہ خیر المعاد میں درس علوم ظاہری دیتے رہے ہیں۔ آج کل رامپور میں مقیم اور مدرسہ عالیہ کے شیخ التفسیر ہیں۔ سلمہ اللہ تعالیٰ۔

حضرت کے اور بھی خلفاء ہیں جن کے ناموں پر ہی اکتفا کیا جاتا ہے۔ مثلاً:

حاجی غلام رسول صاحب قندھاری، و مولوی غلام رسول صاحب قندھاری، و مولوی سید احمد جان صاحب قندھاری، و مولوی محمد حسین صاحب قندھاری، و سید ابراہیم صاحب بخاری، و مولوی اکرام الدین صاحب بخاری مہاجر، و مولوی سعدی صاحب بخاری، و مولوی عبداللہ صاحب بخاری، و حاجی خدائے نما صاحب میانوالی (پنجاب) و مولوی حکیم محب الحق صاحب سواتی (سرحد) و مولوی شیر محمد صاحب غزنوی، و سید جان محمد صاحب خراسانی، و مولوی یوسف صاحب سورتی، و حکیم عبدالحی صاحب شاہجہان پوری، و مولوی غلام محمد خاں صاحب، و مولوی رئیس الدین صاحب مہمی، و حکیم سید عبداللہ صاحب بھوپالی، و مولوی سعید الرحمن صاحب بنگالی، و مولوی قاری عبدالحکیم صاحب بنگالی، و مولوی صوفی امداد اللہ صاحب بنگالی، و مولوی محمد عمر صاحب بنگالی وغیرہم۔

یہ سب اصحاب عالم علوم ظاہر و منتہی سلوک نقشبندی مجددی تھے۔

Marfat.com

ضمیمہ

بقیہ مقامات ارشادیہ

دربیان بعض از اعمال و حرزہائے معمولہ ایں خاندان فیض نشان بجہت امراض وغیرہ

حاجات پوری ہونے کے واسطے سورۂ یٰس کا اس طور سے پڑھنا بہت مفید ہے کہ اوّل تین بار درود شریف پڑھ کر لفظ یٰس تین بار پڑھے اور ہر ایک مُبِیْن کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ تک پڑھے اور انگشت شہادت کھڑی کر کے کلمات اذان کہے۔ اور جب ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ پر پہنچے تو یہی آیت سات بار پڑھے اور یَا قَدِیْرُ، یَا عَزِیْزُ، یَا عَلِیْمُ سات سات دفعہ پڑھے۔ اور جب سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ پر پہنچے تو یہی آیت سات بار پڑھ کر یَا سَلَامُ، یَا رَبُّ، یَا رَحِیْمُ سات سات بار پڑھے۔ اور جب مِثْلَھُمْ پر پہنچے تو اس کلمہ کو تین بار پڑھے۔ پھر سورۂ فاتحہ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ تک پڑھ کر انگشت شہادت کے اشارہ سے کلمات اذان کہے اور سورۂ فاتحہ تمام کر کے ایک سو بار درود شریف اور ایک سو بار لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور ایک سو بار یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اور ایک سو بار لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ پڑھ کر تین بار درود شریف پڑھے اور اس کا ثواب جناب امام ربانی کی رُوح پر فتوح کو ہدیہ کر کے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا اس سورہ کے وسیلہ سے جناب باری میں کرے۔ اگر درمیان میں کام ہو جائے

Marfat.com

تو بہتر ورنہ چالیس روز تک پڑھے۔

سُوْرَۃُ مُزَّمِّلْ بھی واسطے کاربرآری کے اس طریقہ سے پڑھے کہ نماز فجر کے بعد یا عصر مغرب کے درمیان یا مغرب وعشاء کے درمیان یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ پڑھ کر زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ زَمِّلْنِیْ بِقُدْرَۃِ الْخَفِیِّ وَاَدْرِکْنِیْ فِیْ قَضَاءِ حَاجَتِیْ یَا اَحْمَدُ اکتالیس بار پڑھے۔ اور اگر تمام سورہ کا وظیفہ کرنا چاہے تو مع مؤکلات اس طرح ہے کہ اولا پڑھے یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ یَا اَللّٰہُ یَا اِسْرَافِیْلُ یَا مِیْکَائِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ یَا اَللّٰہُ یَا بُدُّوْحُ یَا جِبْرَئِیْلُ۔ اس کے بعد پڑھے قُمِ الَّیْلَ اور جب رَبُّ الْمَشْرِقِ پر پہنچے تو وَکِیْلًا تک گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اور جب سَبِیْلًا پر پہنچے تو یَا عَزِیْزُ الْوَھَّابُ پانچ سو بار پڑھے۔ اور سورہ کو تمام کرے۔ اور اول و آخر سینتالیس سینتالیس مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور اسی طرح سورۂ مذکور چالیس مرتبہ پڑھے اور کسی طرح کبھی اپنی حاجت کسی سے نہ چاہے مگر اللہ تعالیٰ سے کہ وہ پوری کردے گا۔

دردسر کے واسطے اس طرح پڑھے کہ عمل کرنے والا اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ اِسْمُہٗ بَرَکَۃٌ وَّشِفَاءٌ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ بِیَدِہِ الشِّفَاءُ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تین یا سات بار۔

جن دفع کرنے کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر گردن میں لٹکائے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اِلٰی مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِیْنَ اِلَّا طَارِقًا یَّطْرُقُ بِخَیْرٍ یَا رَحْمٰنُ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَۃً فَاِنْ تَکُ

Marfat.com

عَاشِقًا مُوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُقْتَحِمًا اَوْ رَاعِيًا حَقًّا اَوْ مُبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِيْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَبُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۔ تُقَلَّبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تُفَرَّقُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

بھاگے ہوئے کو لوٹانے کا یہ عمل ہے کہ لوہے کے قفل پر اکیس بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کا نام لے کر قفل بند کرے اور مٹی کی نئی ہانڈی میں پانی کر کے قفل اس میں ڈال دے اور چولہے پر رکھ کر نرم آگ تمام دن جلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاضر ہو جائے گا۔

ھو نماز کے بعد یہ رباعی ساٹھ مرتبہ پڑھے جو حاجت ہو پوری ہو جائے گی۔ رباعی یہ ہے

اے زلفِ سیاہ تو بلائے دلِ من — وے لعل بست گرہ کشائے دلِ من

من دل نہ دہم بکس برائے دلِ تو — تو دل نہ دہی بکس برائے دلِ من

کسی کا پیشاب رک جائے یا پاخانہ بند ہو جائے یا مثانہ میں پتھری اٹک جائے تو یہ آیتیں لکھ کر پلائے جاری ہو جاوے گا۔ وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا وَحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۔

اسی طرح یہ آیت بھی وہی تاثیر رکھتی ہے: وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۔ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۔

Marfat.com

اور بھی یہ آیت اس کے مانند ہے: قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا أَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِي صُدُورِكُمْ فَسَيَقُولُونَ مَن يُعِيدُنَا قُلِ الَّذِي فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هُوَ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ قَرِيبًا۔

اور بھی پیشاب جاری کرنے کے واسطے یہ آیت مفید ہے۔ لکھ کر گلے میں ڈالے: فَفَتَحْنَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُّنْهَمِرٍ وَفَجَّرْنَا الْأَرْضَ عُيُونًا فَالْتَقَى الْمَاءُ عَلَىٰ أَمْرٍ قَدْ قُدِرَ۔

کسی کا پیشاب جاری رہتا ہو، یا حیض کثرت سے ہو، یا نکسیر بہتی ہو تو یہ آیتیں لکھ کر ہمارہ کو پلائے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ قِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ۔ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَاءٍ مَّعِينٍ۔

لڑکا بدخو ہو تو یہ آیت لکھ کر گردن میں ڈال دے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا۔ يَوْمَئِذٍ يَتَّبِعُونَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهُ وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا۔

کسی کو نظر بد ہو جائے تو ہلدی کی چند گرہ پر کلمہ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْكُفْرُ بَاطِلٌ تین تین مرتبہ پڑھ کر پھونکے اور گرہوں کو آگ میں ڈال کر اس کا دھواں مریض کو پہنچائے۔

چیچک کا عمل یہ ہے کہ سات چاول ثابت لے کر ہر ایک چاول پر سات مرتبہ سورۂ کوثر پڑھے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے، اور چاول بچہ کو کھلائے۔

بُرے ہمسایہ کو دور کرنے کے واسطے سورۂ کوثر پرانی قبر کی مٹی پر جو سات قبروں سے لی گئی ہو، سات مرتبہ ہر ایک قبر کی مٹی پر جدا جدا پڑھے اور کسی پارچہ میں باندھ کر اس کے مکان میں ایسی جگہ ڈال دے

Marfat.com

کہ وہاں کسی کی جھاڑو نہ پہنچتی ہو۔ یہ عمل متواتر کرے روز کرے۔

دردسر کے واسطے سر پر یا باسط لکھے، دفع ہو جائے گا

اگر کوئی کسی سے ناراض ہو جائے اور اُسے راضی کرنا چاہے تو ہر روز ہزار بار یَاوَدُوْدُ پڑھے اور اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے بفضل الٰہی راضی ہو جائے گا۔

حاجت پوری ہونے اور غائب کو حاضر کرنے اور شفائے مریض کے لیے سورۂ فاتحہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ سنت اور فرض فجر کے درمیان پڑھے۔

